Dictionary of Literary Terms
(ENGLISH-URDU)

KALIMUDDIN AHMED

فرہنگ ادبی اصطلاحات

پروفیسر کلیم الدین احمد



Dictionary of Literary Terms
(ENGLISH-URDU)

KALIMUDDIN AHMED

فرہنگ ادبی اصطلاحات

پروفیسر کلیم الدین احمد

ترقی اردو بیورو، نئی دہلی

BUREAU FOR PROMOTION OF URDU
MINISTRY OF HUMAN RESOURCE DEVELOPMENT
GOVERNMENT OF INDIA

Dictionary of Literary Terms
(ENGLISH-URDU)

فرہنگ ادبی اصطلاحات
(انگریزی - اردو)

Year of Publication : 1986 (1907 Saka)

سنہ اشاعت : جنوری تا مارچ

First Edition : 3000
Price Rs. 27.00

پہلا ایڈیشن :
قیمت : 27/=

Published by the Director, Bureau for Promotion of Urdu, Ministry of Human Resource Development, West Block-8, R.K. Puram, New Delhi and printed at Supreme Offset, K-5 Malviya Nagar, New Delhi-17

پیش لفظ

بیسویں صدی عیسوی میں دیگر علوم کے ساتھ سائنسی علوم نے برق رفتاری سے ترقی کے منازل طے کیے ہیں۔ ان کے ذخیرہ علوم کی عصری افادیت اور اہمیت کے پیش نظر سائنسی ایجادوں اور کارناموں سے متعلق تصانیف کا دنیا کی اہم اور ترقی یافتہ زبانوں میں ترجمہ کیا جا رہا ہے۔ ترقی اردو بورڈ کے قیام کے بعد مختلف علوم کے ساتھ سائنسی، تکنیکی اور طبی علوم کی کتابوں کے ترجموں کا کام شروع کیا گیا تو اصطلاحات کا مسئلہ درپیش ہوا۔ سائنسی علوم میں جامعیت اور اختصار سے کام لیا جاتا ہے۔ اس لیے اصطلاحات کے ذریعے معنی و مطالب کے جہان کی افہام و تفہیم کی جاتی ہے۔ بقول پروفیسر وحید الدین سلیم :

"اصطلاحیں درحقیقت اشارے ہیں جو خیالات کے مجموعوں کی طرف ذہن کو فوراً منتقل کر دیتے ہیں۔"

ایسی ہی حقیقتوں اور رمز وروں کے پیش نظر ترقی اردو بورڈ نے اپنے قیام کے ابتدائی دور میں ہی سائنسی اور سماجی علوم کے مختلف شعبوں کے ماہروں پر مشتمل ۱۸ اصطلاح ساز کمیٹیاں قائم کیں اور اصطلاح سازی کے سلسلے میں عثمانیہ یونیورسٹی کے دارالترجمہ میں ہوئے کام اور اسی طرح کے دوسرے سرمایہ سے استفادہ کرتے ہوئے ترقی اردو بیورو نے کچھ رہنما اصول وضع کیے تاکہ اصطلاح سازی کے کام میں سہولت ہو اور ان کے لسانی مزاج اور معیار میں یکسانیت رہے۔ ان رہنما اصولوں میں مندرجہ ذیل اصول اساسی اہمیت کے حامل ہیں۔

۱۔ ایسی اصطلاحوں کو ترجیح دی جانی چاہیے جو مروج یا مقبول ہو چکی ہوں۔ چاہے ان میں کوئی لسانی یا معنوی سقم ہی کیوں نہ ہو۔

۲۔ اگر کوئی اصطلاح ایک سے زائد معنوں میں مستعمل ہے تو ایسی صورت میں اس کے مختلف مفاہیم کو علاحدہ علاحدہ الفاظ/اصطلاح سے واضح کیا جانا چاہیے۔

۳۔ اصطلاحوں اور عام الفاظ میں فرق کیا جانا چاہیے۔ عام الفاظ کو فرہنگ میں شامل نہیں کیا

جانا چاہیے۔

۴۔ کون سا لفظ اصطلاح ہے اور کون سا محض ایک عام لفظ، اس کا فیصلہ مضمون کے ماہرین کی رائے اور حسب ضرورت معیاری انگریزی لغات کی مدد سے کیا جانا چاہیے۔ اگر ایسی لغت یا لغات میں کسی لفظ کے کوئی خاص معنی یہ کہ کر دیے گئے ہیں کہ یہ معنی کسی فن یا کسی علم سے مخصوص ہیں، تو اس فن یا علم کے مقاصد کے لیے اس لفظ کو اصطلاح تصور کیا جائے گا۔

۵۔ جہاں تک ممکن ہو سکے، ایک اصطلاح کا ہی اردو متبادل دیا جائے، بشرطیکہ وہ اصول نمبر ۲ کی ذیل میں نہ آتا ہو۔

۶۔ جہاں تک ممکن ہو سکے، اصطلاح یک لفظی ہی ہونی چاہیے۔ ناگزیر صورتوں میں یہ دو لفظی بھی ہو سکتی ہے۔ ایسی اصطلاحیں کم سے کم وضع کی جائیں جو دو سے زائد الفاظ پر مشتمل ہوں۔

۷۔ ہندی اصطلاحوں کے اختیار کرنے کو (اگر ایسی اصطلاحیں اردو میں باسانی تلفظ اور تحریر کی جا سکتی ہوں) عربی اصطلاحوں کے اختیار کرنے پر مراجع سمجھا جائے۔

۸۔ اگر کسی اصطلاح کو ایک سے زائد الفاظ کے ذریعے ادا کرنے کی ضرورت پیش آئے تو حسب ذیل ترکیبات کو نیچے دی ہوئی ترتیب کے اعتبار سے ترجیح دی جائے گی۔

ا۔ وہ ترکیبات جن میں اضافت یا حروف ربط و جار کی قسم کے الفاظ و علامات نہ ہوں۔

ب۔ وہ ترکیبات جن میں یائے نسبتی ہو۔

ج۔ وہ ترکیبات جن میں اضافت ہو (بشرطیکہ ان میں ایک سے زائد اضافتیں ہوں تو ان میں کم سے کم ایک کو 'کا' 'کی' 'کے' سے بدل دیا جائے۔)

د۔ وہ ترکیبات جن میں کا، کی، کے وغیرہ استعمال کیے گئے ہوں۔

۹۔ اگر کوئی اصطلاح ایک سے زائد علم یا فن میں مشترک ہے اور ان سب علوم و فنون میں ایک ہی مفہوم میں استعمال کی جاتی ہے، تو اس کا اردو متبادل بھی ہر جگہ ایک ہی رکھا جائے گا۔

۱۰۔ الفاظ کو وضع کرنے کے اصولوں میں اتنی کشادہ دلی ہونی چاہیے کہ ہندی، عربی فارسی، عرب فارسی یا فارسی عربی اور پراکرت ترکیبات بھی قابل قبول ٹھہریں۔

۱۱۔ اگر کوئی انگریزی اصطلاح مروج ہو اور عام فہم ہو تو اسے برقرار رکھا جائے۔ ایسی عام فہم اصطلاحوں کے لیے اردو متبادلات بنانے یا تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

۱۲۔ اعلام کو ایسا ہی لکھا جائے جیسے کہ وہ اردو میں مقبول ہو چکے ہیں۔ البتہ ایسے اعلام جو ابھی

مقبول نہیں ہوئے ہیں، ان کو اردو حروف تہجی کے حدود کا لحاظ رکھتے ہوئے ممکن صحت کے ساتھ لکھا جانا چاہیے۔

۱۴۔ اگر کوئی علم کسی اصطلاح کا حصہ بن چکا ہے تو اس علم کا اصول نمبر ۱۲ کی روشنی میں اردو میں ترجمہ کیا جانا چاہیے۔

اصطلاح سازی کا کام ایسے مشکل اور صبر آزما ادبی کاموں میں سے ہے جس کی تکمیل کے لیے وقت، لگن اور محنت درکار ہے۔ اصطلاح سازی کی اس اہم ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونے کے لیے ترقی اردو بیورو نے ملک کے ممتاز مشاہیر اور ماہرین کا تعاون حاصل کیا ہے۔ مختلف اوقات میں اصطلاحوں کے فنی اور لسانی پہلوؤں پر بھی عمیق غور و فکر ہوتا رہا۔ اس سلسلے میں ہوئے آج تک کے کام کو بھی پیش نظر رکھا گیا۔ اس طرح ان کمیٹیوں کے جلسے طلب کیے گئے۔ کسی کمیٹی نے اپنا کام بیس اجلاس میں ختم کیا ہے تو کسی نے اس سے زیادہ میں۔ ان جلسوں میں اصطلاح سازی کے دوران ماہرین نے اپنے وسیع مطالعہ اور تجربے کے ساتھ ان کے صوری حسن اور معنوی پرتوں پر بھی دھیان دیا ہے اور اپنی فکری، ذہنی اور دانشورانہ صلاحیتوں سے خوب کام لیا ہے۔ بہتر سے بہتر اصطلاحیں وضع کرنے کی کوشش کی ہے۔ پھر بھی دعوی ہرگز نہیں ہے کہ یہ وضع کردہ اصطلاحیں اپنے مضمون میں قول آخر کی حیثیت رکھتی ہیں۔ کیونکہ علم اور تحقیق کے میدان میں نئے مواد اور ترقی اور تبدیلی کے لیے دروازے ہمیشہ کھلے رہتے ہیں اور رہنا چاہیے۔ جس کے نتیجے میں مناسب ترمیم اور اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ تکنیکی اور سائنسی تصانیف اور ان علوم کی درس و تدریس کی زبان ہونا اردو کے خمیر میں موجود ہے۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ اردو زبان کو اس مقصد کے لیے طویل مدت تک تواتر کے ساتھ پورے خلوص سے استعمال نہیں کیا گیا اگر ایسا ہوتا تو ادبی اور تہذیبی تناظر کے ساتھ ساتھ سائنسی اور علمی میدانوں میں بھی اردو زبان میں پنہاں صلاحیتوں کا اندازہ ہو جاتا۔ ان حالات میں اصطلاح سازی کا کام بظاہر مشکل معلوم ہوتا ہے۔ مگر اردو میں اصطلاح سازی کا مسئلہ زیادہ سنگین نہیں۔ کیونکہ ابتدا ہی سے اس زبان کے خمیر میں سنسکرت، عربی اور فارسی جیسی عظیم زبانوں کی مٹی شامل ہے۔ عہد قدیم میں یہ تینوں زبانیں سائنسی، ادبی اور فنی کارناموں کے اظہار کا ذریعہ رہ چکی ہیں۔ اور یہ وہ زبانیں ہیں جنھوں نے علمی اور سائنسی معلومات کے ساتھ معنی آفریں تراکیب و مرکبات اور علمی و سائنسی اصطلاحیں بھی عہد جدید کے سائنسدانوں اور مفکرین کو دیں، جن کی تفصیل ان تینوں زبانوں کی علم و ادب اور تاریخ کے صفحات میں موجود ہے۔ یہ موقع نہیں کہ ان کی تفصیلات سے

بحث کی جائے۔

جابر بن حیان (۷۷۶ء) نے جو یورپ میں (Geber) کے نام سے مشہور ہے۔ ۲۷ کتابیں علم کیمیا اور دیگر سائنسی علوم پر لکھی ہیں۔ ان کا ترجمہ مختلف یوربین زبانوں میں ہو چکا ہے۔ اس نے نائٹرک (Nitric) سلفیورک ایسڈ (Sulphuric Acid) دریافت کیا تھا اور لیڈ کاربونیٹ (Lead Carbonate) تیار کرنے کے لیے آرسینک (Arsenic) اینٹی نومی، (Antinomy) کو سلفائڈس (Sulphides) سے الگ کرنے کا طریقہ بھی دریافت کرنے میں امتیاز حاصل کیا تھا۔ البرونی نے ہندوستان میں ۴۰ سال قیام کیا اور سنسکرت زبان پر عبور حاصل کیا تاکہ دیگر علوم کے ساتھ علم کیمیا اور علم نباتات بھی ہندوستان میں حاصل کرے۔ ہندوستان نے علم ریاضی میں وہ کمال حاصل کیا تھا کہ ہندوستان کے عہد قدیم کے کارنامے عہد جدید کے ترقی یافتہ ممالک میں آج بھی باقاعدہ تحقیق کا موضوع بنے ہوئے ہیں۔ مطلب یہ کہ جس زبان کے ورثے میں سائنس اور دیگر علوم موجود ہیں۔ اس میں بہتر سے بہتر اصطلاحیں وضع کرنے کے لیے صرف ریاض اور خلوص سے باقاعدہ غور و فکر کی ضرورت ہے۔ آزادی کے بعد اس کام کی تکمیل کا بیڑا ترقی اردو بیورو نے اٹھایا اور خوشی و مسرت کا مقام ہے کہ ترقی اردو بیورو نے مختلف مضامین میں کام تقریباً مکمل کر لیا ہے۔ ایسی علمی اصطلاحوں کی کچھ فرہنگیں چھپ کر منظر عام پر آ چکی ہیں اور امید ہے کہ باقی فرہنگیں بھی جلد ہی شائع ہو جائیں گی

فرہنگ ادبی اصطلاحات کی قابلِ ذکر خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس فرہنگ کو دوسری فرہنگوں کی طرح ماہرین کی کسی کمیٹی نے نہیں بلکہ تنہا پروفیسر کلیم الدین احمد نے اسے مرتب کیا ہے۔ ترقی اردو بیورو نے پروفیسر کلیم الدین احمد کو یہ کام ۱۹۷۸ء میں تفویض کیا تھا جو انھوں نے دو سال کی قلیل مدت میں مکمل کر دیا۔ ہمیں اس بات کا بے حد قلق ہے کہ بعض تکنیکی دشواریوں کی وجہ سے ادبی اصطلاحات کی یہ فرہنگ پروفیسر کلیم الدین احمد صاحب کی زندگی میں شائع نہیں کی جا سکی۔

ڈاکٹر فہمیدہ بیگم
ڈائرکٹر ترقی اردو بیورو

پیش لفظ

ترقی اردو بیورو کے لٹریری کریٹی سزم پینل (LITERARY CRITICISM PANEL) نے یہ کام میرے ذمہ سپرد کیا کہ میں ادبی اصطلاحات کی فرہنگ تیار کروں۔ ابتدا میں خیال یہ تھا کہ ایسے ادبی اصطلاحات اور تصورات کی فہرست بنائی جائے جو انگریزی سے اردو تنقید میں آگئے ہیں اور جن کے لیے کوئی متعین اصطلاحیں ابھی تک وضع نہیں ہوئی ہیں۔ نتیجہ یہ ہے کہ ہر نقاد اپنے اپنے طور پر ان اصطلاحات کا ترجمہ کر لیتا ہے۔ ظاہر ہے کہ ایسی صورت حال میں پراگندگی، ابہام اور غلط فہمی کا امکان ہے۔ میں فہرست بنانے لگا تو میں نے مقصد کو کچھ وسعت دی اور اس فرہنگ میں ان سارے اصطلاحات، ان بوقلموں تصورات کو سمیٹنے کی کوشش کی جو مغربی ادب میں پائے جاتے ہیں۔ اس طرح اس فرہنگ کا دامن وسیع ہو گیا اور نتیجہ شاید زیادہ مفید اور دلچسپ ہے۔ عام قارئین کو یہاں ایسی اصطلاحیں ملیں گی جن سے وہ واقف ہیں اور انہیں بعض نئی اصطلاحوں کی جانکاری بھی ہوگی۔ رہے ادیب، وہ تخلیق میں دلچسپی رکھتے ہوں یا تنقید میں، تو انہیں غور و فکر کے لیے کافی مواد ملے گا اور شاید وہ نئے نئے تجربے کرنے کی طرف توجہ کریں گے۔

مثالیں تو انگریزی میں دی گئی ہیں چونکہ یہ ناگزیر تھا ورنہ مقصد فوت ہو جاتا۔ لیکن بہت سے ناقدوں کی رایوں کا ترجمہ یا خلاصہ بھی دے دیا ہے۔ ان میں ایسی باتیں ہیں جو معلومات سے بھرپور بھی ہیں اور فکر انگیز بھی۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ قارئین کی دلچسپی کا باعث ہوگا۔

پٹنہ

کلیم الدین احمد

A

Abbey theatre

دیکھو Irish Dramatic Movement

ABC

ایسی نظم جس کی سطریں یا جس کے بند بہ ترتیب حروفِ تہجی شروع ہوں۔

Abecedarians

STORCH کے متبعین کا نام جو حروفِ تہجی کے پہلے چار حرفوں سے بنا ہے۔ یہ فرقہ پڑھنے سے پرہیز کرتا تھا کیوں کہ اس کا عقیدہ تھا کہ مقدس روح (HOLY SPIRIT) براہِ راست بائبل کا علم عطا کرتی ہے۔

Abecedarius

ایک قسم کی نظم جس کی متواتر سطروں کی ترتیب حروفِ تہجی کی ترتیب کے مطابق ہوتی ہے۔

An Australian army awfully array'd,
Boldly by battery besieged Belgrade.
Cossack commanders cannonading come
Dealing destruction's devastating doom.
(Alaric Watts)

Aberration

کج روی، کجی، انحراف، طبعی حالت سے انحراف۔

Aberration, mental

ذہنی کج روی، خبطِ دماغ۔

Ability

قابلیت، اہلیت (ذہنی یا جسمانی)۔

Ability, Aesthetic

جمالیاتی قابلیت۔

Ability, artistic

فنی قابلیت۔

Ability, constructive

تعمیری قابلیت۔

Ab novo

شروع سے، مفصل۔ یہ لفظ HORACE نے ARS POETICA میں استعمال کیا ہے۔ وہ TROJAN WAR کے بیان پر نکتہ چینی کرتا ہے۔ کیوں کہ یہ اکتا دینے والا بیان LEDA کے انڈے سے شروع ہوتا ہے جس سے HORACE پیدا ہوئی تھی۔

Abracadabra

ایک باطنی لفظ جو پہلی بار Q. SEVERUS SAMMONICUS نے استعمال کیا تھا۔ یہ مثلث کی شکل میں لکھ کر اور تعویذ بنا کر گردن میں پہنا جاتا ہے اور اس سے بخار اور لرزہ کا علاج ہوتا ہے اور ناپاک روحوں سے نجات بھی ملتی ہے۔

Abreaction

(تحلیلِ نفسی) باز آفرینیِ جذب۔ اختباس شدہ جذبے کی تسکین کے لیے اس کی تخیل میں باز آفرینی۔

Abridged edition

تلخیص شدہ ایڈیشن

Absolute

مطلق۔

Absolutism

مطلقیت۔

Abstract

(۱) خلاصہ، مجمل۔ (۲) CONCRETE کی ضد۔ کسی جملے میں اشخاص یا اشیاء سے متعلق عام بیان ہو (انسان فانی ہے) تو اسے ABSTRACT کہتے ہیں یا اشیاء کی صفت یا کیفیت کا بیان جیسے حسن، دولت، گہرائی۔ 'ایمان داری بہترین طرزِ عمل ہے' عام جملہ ہے۔ 'زید چور ہے' عام جملہ نہیں کیوں کہ یہ ایک خاص شخص سے متعلق ہے۔

Abstract art

تجریدی فن، تجریدی کلیہ۔ تجریدی فن کی بنیاد۔ یہ مفروضہ ہے کہ فنی قدریں خصوصی طور پر شکلوں اور رنگوں سے وابستہ ہیں اور وہ مصوری یا نقاشی کے موضوعات سے بالکل آزاد ہیں۔ یہ نظریہ نیا نہیں ہے۔ اس کا جواز افلاطون کا یہ قول ہے، "اب حسن اشکال سے میرا وہ مقصد نہیں جو زیادہ سے زیادہ لوگ سمجھتے ہیں یعنی زندہ خلائق اور تصویروں کا حسن بلکہ میرا مقصد خطوط مستقیم اور خطوط منحنی اور ان سطحوں اور ٹھوس اشکال کا حسن جو ان خطوط سے خراد، بدھ، کشی اور مثلث (کنیا) کی وساطت سے پیدا ہوتا ہے ..... یہ چیزیں دوسری چیزوں کی طرح نسبتاً حسین نہیں بلکہ ہمیشہ طبعاً اور مطلقاً حسین ہوتی ہیں۔" (PHILEBUS)

Abstraction, Abstractionism

تجرید، انتزاع۔ کسی شے کو اس کے مادے اور لواحقات سے علاحدہ کرنا جیسے شکر، شہد اور شربت سے ان کی صفت شیرینی کو ان کی دوسری خصوصیتوں سے الگ کر سکتے ہیں۔ تجریدیت۔

Abstract Expressionism

تجریدی آزاد باطن نگاری۔ تجریدی فن اور آزاد باطن نگاری کا امتزاج جس کا ماحصل ایسی مصوری ہے جس میں تحت الشعور کو فاش ہونے کا موقع دیا جاتا ہے اور نتیجہ بظاہر غیر ارادی اشکال کی تخلیق اور رنگوں کی چھینٹوں سے زیادہ نہیں ہوتا۔

Abstruse

دقیق۔

Absurd, Absurdity

مہمل، مہملیت

Abuse

دشنام، سخت کلامی۔ وحشی لوگوں میں دشنامی نظمیں پائی جاتی ہیں خصوصاً لڑائی سے پہلے۔ اس میں تعلّی بھی ہوتی ہے۔ اس قسم کی نظم کو FLYTING بھی کہتے ہیں۔ WILLIAM DUNBAR کی نظم THE FLYTING OF DUNBAR AND KENNEDIC اسی قسم کی ہے۔

Academic

درس افلاطون سے متعلق، عالمانہ، اندھا پیرو، تقلیدی رسمی، غیر عملی۔

Academy

اکادمی، ایتھنس (ATHENS) کے نزدیک ایک باغ جہاں افلاطون درس دیا کرتا تھا، افلاطونی نظام فلسفہ، انجمن دانش وران اور علما کی انجمن، کسی خاص فن کی تربیت گاہ۔

فنون لطیفہ کی پہلی اکادمی ۱۵۶۲ء میں فلورنس (FLORENCE) میں VASARI نے قائم کی تھی۔ ACADEMIE FRANCAISE ۱۶۴۸ء میں قائم ہوئی۔ لندن میں ROYAL ACADEMY ۱۷۶۸ء میں قائم ہوئی اور پہلی امریکی اکادمی PHILADELPHIA میں ۱۸۰۵ء میں قائم ہوئی۔ انیسویں صدی میں ہر ملک میں اکادمی فن میں نئے خیالات کی مخالفت کا مرکز بن گئی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ہر جگہ اکادمی بدنام ہو گئی اور لفظ ACADEMIC تعصب، رجعیت، بے لطفی کا مرادف ہو گیا۔

Acatalectic

نظم کی ایسی سطر یا مصرع جس کے سب ارکان باعتبار وزن مکمل ہوں، اس کو ACATALECTIC کہتے ہیں۔ ایک ایسی ہجاء کی کمی ہو جس پر تاکید یا تکیہ نہ ہو تو اسے CATALECTIC یا TRUNCATED کہتے ہیں۔ اگر کسی سطر میں ابتدائی ہجاء نہ ہو تو اسے HEADLESS کہتے ہیں اور اگر کسی سطر میں ہجاء زیادہ ہو تو اسے HYPER CATALECTIC، EXTRA METRICAL یا HYPER METRICAL کہتے ہیں۔ بلیک (BLAKE) کا ایک بند ہے:

When Sĭr/Jōsh ŭa/Rēynŏlds/dīed
Āll nā/tūre wăs/dĕgrād/ĕd,
Thĕ Kīng/drŏppd ă tēar/īntŏ/thĕ Quēen's ēar,
& ăll/hĭs pĭc/tūres fād/ĕd.

اس مثال میں پہلی سطر CATALECTIC ہے، تیسری

سطر ACATALECTIC ہے اور دوسری اور چوتھی سطریں HYPERCATALECTIC ہیں۔

Accent

تاکید و تکیہ، زور، دباؤ، بل۔ نظم کی سطروں میں بعض ہجاؤں پر تاکید ہوتی ہے۔ تاکید کسی لفظ کی ہجاء پر ہوتی ہے اور اس سے وزن سے کوئی واسطہ نہیں ہوتا جیسے CONDUCT اگر اسم ہو تو تاکید اول ہجاء پر ہوگی CONDUCT. اور اگر فعل ہو تو دوم پر CONDUCT ۔ خطیبانہ تاکید پورے لفظ پر اس کی اہمیت کی وجہ سے ہوتی ہے اور وزن میں تاکید کے مختلف سانچے ہوتے ہیں۔ کبھی تاکید کا سانچہ جو وزن سے بنتا ہے اور لفظی تاکید میں تصادم ہوتا ہے اور لفظی تاکید اپنے مقام سے ہل جاتی ہے۔ جب ایسا ہوتا ہے تو اسے WRENCHED ACCENT کہتے ہیں۔ کبھی شاعر کی ناقابلیت کی وجہ سے ایسا ہوتا ہے لیکن کبھی کبھی اچھی نظموں میں بھی ایسی مثالیں مل جاتی ہیں،

That come from a far countrée

Coleridge: The Rime of the Ancient Marine.

Accidence

تعریف: گردان۔

Acmeism

بیسویں صدی کی ایک روسی تحریک جس نے علامت نگاروں کی "دوسری دنیا" سے منہ موڑ کر جانی پہچانی دنیا کو اپنے رنگوں، اپنی اصوات اور اپنی شکلوں کے ساتھ ترجیح دی۔ اس میں مشہور شعراء N.GUMILEV S.GORODETSKI,O. MANDELSHTAM اور ANNA AKHMATOVA ACROSTIC تھے۔ ان کا خیال تھا کہ شاعری کو ٹھوس ہونا چاہیے۔

Acquired

اکتسابی مادہ، صفت، خصلت، خصوصیت یا ذوق جو خلقی نہیں ہو ٹھوس ہونا چاہیے۔

Acquisitiveness

حصول اشیاء کا میلان، بعض اشیاء کو کسب کرنے اور جمع کرنے کی انگیزش۔

Acroama

وہ خطاب یا اصول جو منتخب شاگردوں تک محدود کیے جائیں۔ وہ درس جو کہ تعلیم زبانی ہو۔

Acronym

دیکھو ACROSTIC

Acrostic

ایسی نظم جس کی سطروں کے پہلے حروف ایک لفظ یا کئی الفاظ بناتے ہیں۔ اگر سطروں کے درمیانی حرف سے لفظ بنتا ہے تو اسے MESOSTICH کہتے ہیں۔ اگر سطروں کے آخری حروف سے لفظ یا الفاظ بنتے ہیں تو اسے TELESTICH کہتے ہیں۔ اگر پہلی سطر کے پہلے حرف دوسری سطر کے دوسرے حرف وغیرہ سے لفظ سامنے بنتا ہو اس کا نام CROSS ACROSTIC ہے۔

Act

ڈراما یا ناٹک کے پانچ حصوں یا فصلوں میں سے ایک حصہ یا فصل یا ایکٹ۔ IBSEN کے ڈراموں میں چار ایکٹ ہوتے ہیں اور دور حاضر کے ڈراموں میں ایکٹ کی تعداد تین ہوتی ہے۔ کبھی کبھی دو ایکٹ بھی ہوتے ہیں یا ایکٹ ہوتا ہی نہیں ہے، صرف مناظر (SCENES) ہوتے ہیں۔

Acting

اداکاری، ناٹک کھیلنا۔

Action

عمل، سلسلہ واقعات: ڈراما یا ناول میں حقیقی یا خیالی واقعات کا سلسلہ، واقعات کا مجموعی بیان یا واقعات کی رفتار۔

Action in drama

عمل ڈراما۔ DRYDEN نے لکھا ہے: یہ بات سچ ہے کہ فرانسیسی ڈراموں میں اسٹیج پر ایسا کوئی حصہ پیش نہیں کیا جاتا ہے۔ خاص کر تبدیلی اور قتل، جو ڈراما کا حصہ ہوتا ہے اس کی وضع عمل کا حصہ ہے اور اعلیٰ حصہ ہے۔ اور بات یہ کہ اس سے جلدی مرد و عورت ایسے ہو کر کردار آپس میں دخل اندازی کریں۔ گویا شاعر موضوع یا کردار کے دماغ کی مصاحب نہیں بلکہ اس کی جسمانی حالت ہے (AN ESSAY ON DRAMATIC POESY)

Action pointing

پردۂ مصوری پر رنگوں کی منتشر چھینٹیں یا دھبے۔ بنیادی مفروضہ یہ ہے کہ لاشعور مو قلم ہاتھ میں لے کر ایک فنی کارنامے (فن پارے) کو وجود میں لائے گا۔ کہا جاتا ہے کہ اس تکنیک کا موجد LEONARDO DA VINCHI ہے۔ اس نے کہا تھا کہ دیوار پر جو دھبے پڑ جاتے ہیں انھیں نقطۂ آغاز بنایا جا سکتا ہے۔ لیکن اس کے خیال میں یہ طرزِ عمل تخلیقی تخیل کو ابھارنے کا ذریعہ تھا، اصل مقصد نہ تھا۔

Activism

فعالیت۔ انسانی معاملات میں سرگرمی سے حصہ لینا۔ یہ رویہ پہلی جنگِ عظیم کے بعد جرمنی میں ابھرا۔ FRAN Z PFEMFERT, LUDURG RUBINER اور KUHTHILLER نے تبلیغ کی کہ عملی طور پر سرگرم ہونا چاہیے۔ HILLER نے لکھا کہ ممکن ہے کہ ہم لوگ دنیا کو سمجھ نہ سکیں لیکن ہمارا فرض ہے کہ اسے بہتر بنائیں۔ اس تحریک میں HEINRI MAN، ERNST TOLLER, CARL STERNHEIM اور W. PAULSEN بھی شریک تھے۔

Actual, actuality

واقعی؛ حقیقی؛ صحیح؛ اصلی۔ واقعیت۔ حقیقت۔

Acuity

تیزی؛ خصوصاً کم شدت رکھنے والے ہیجے کا تیز حسی ادراک۔

Acuity, auditory

سمعی تیزی۔

Acuity, visual

بصری تیزی۔

Acyrology

ضرورت سے زیادہ (انتہائی) حسن تعبیر۔ جیسے،

'I have to see a man about a dog'

'limbs of a table'

Adaptation

(نفسیات) مطابقت۔ (ادب) کسی تصنیف کو دوسری صنف کا روپ دینا۔ مثلاً کسی ناول کا روپ بدل کر اسے ڈراما بنا دینا۔

Addendum, (pl) Addenda

ضمیمہ؛ اضافہ۔

Addisonian

سادہ، واضح، شستہ اور نفیس اسلوب۔ ایسی تحریر جس میں معانی، پاکیزگی اور جلا ہو۔ انگریز انشا پرداز JOSEPH. ADDISON کے اسلوب میں یہی خوبیاں تھیں۔

Address

تصنیف میں یہ اشارہ کہ روئے سخن کس کی طرف ہے یا کسی خاص شخص یا جماعت یا عام لوگوں کی طرف اس کا روئے سخن ہے۔

Adjustment

مطابقت۔ توافق۔ ہم آہنگی۔

Adlibitum, adlib

جی بھر کے؛ حسبِ خواہش؛ بلا مقصد؛ خود بخود۔

Adlocum; adloc

اسی جگہ۔

Admiration

تحسین و توصیف؛ پسندیدگی۔

Adonic

ایک مخصوص وزن جس میں ایک DACTYL کے بعد ایک SPONDEE یا TROCHEE ہو۔ (// - - / //) یا (/ - - / - /)

Adult

بالغ؛ جوان؛ سیانا۔

Adynaton

ایک قسم کا مبالغہ جیسے،

My love will last "Till the sun grows cold, and the stars are old"

Aeolic

ایک وزن جو DACTYL اور TROCHEE یا IAMB سے مرکب ہوتا ہے اور جس میں تبدیلیاں ہوتی ہیں

یا ایسا وزن جس میں ہر ایک رکن چار ہجاؤں کا ہوتا ہے اس کی مختلف قسمیں ہوتی ہیں، GLYCONIC، ALCAIC، ADONIC اور SAPPHIC

Aeschylean

تیرہ و تار، کوہ ساماں شان و شوکت۔

Aesthetic

جمالیاتی؛ جمال سے متعلق؛ ایسا جمال جو معمول دل پذیری سے مختلف بلند سود مندی اور مادیت سے علاوہ اور ممیز ہو۔

Aesthetic, Transcendental

ماورائی جمالیات۔

Aesthetic attitude

جمالیاتی رویہ۔

Aesthetic distance

جمالیاتی بُعد یا دوری۔ کسی فنی کارنامے کی فنی کامیابی کے لیے یہ ضروری ہے کہ مشاہدہ کرنے والے کو فن کے غیر واقعی ہونے کا احساس ہو۔ اس احساس کی وجہ سے مشاہدہ کرنے والا فنی کارنامے سے دور ہو جاتا ہے۔ مثلاً کسی ناٹک میں وہ بدمعاش کی افسوسناک حرکتوں پر اظہار تاسف کرتا ہے لیکن وہ ہیروئن کی مدد نہیں کرتا ہے مشاہدہ کرنے والے اور فنی کارنامے کے درمیان ایک قسم کی ناگزیر علیحدگی ہوتی ہے اور اس ناگزیر علیحدگی کو نفسیاتی یا جمالیاتی بُعد کہتے ہیں۔

Aesthetic enjoyment

جمالیاتی لطف۔۔

Aesthetic experiment

جمالیاتی تجربہ۔

Aesthetic intuitionism

جمالیاتی وجدانیت

Aestheticism

جمالیاتیت۔ جمال پرستی۔ یہ نظریہ کہ اصول جمال بنیادی ہیں اور خیر یا حق کے اصول انہیں سے ماخوذ ہیں۔ فنی اور جمالیاتی خود مختاری کی علامت۔ جمالیاتی تجربوں پر ضرورت سے زیادہ زور اور انسان کی تلاش حسن خصوصاً فنون لطیفہ میں اور دوسری انسانی سرگرمیوں اور دلچسپیوں سے کنارہ کشی۔

اس لفظ کا اطلاق اس انگریزی ادبی تحریک پر ہوتا ہے جو انیسویں صدی کے دوسرے نصف میں ہوئی تھی۔ اس تحریک کی جڑیں اس حسن پرستی میں ہیں جو KEATS اور PRE-RAPHAELITES فن کاروں نے سکھائی تھی۔ جمالیات کے پیغمبر OSCAR WILDE نے اپنے استاد WALTER PATER سے یہ نکتہ سیکھ کر تلقین کی کہ جمالیاتی تقاضے اخلاق سے بالکل آزاد ہیں۔ فن برائے فن (ART FOR ART'S SAKE) پر جمال پرستوں کا ایمان تھا لیکن TENNYSON جیسے شعراء اس سے برگشتہ تھے۔

Art for Art's sake Hail truest lord of Hell!
Hail Genius, Master of the Moral Will!
"The filthiest of all paintings painted well
Is mightier than the purest painted ill!"
Yes, mightier than the purest painted well,
So prone are we toward the broad way to Hell.

اس تحریک میں WILDE کی سب سے نمایاں شخصیت تھی لیکن وہ اس کا پورا نمائندہ نہ تھا۔ DOBSON، LANG اور GOSSE جمال پرست تھے اور حسن صورت کے پرستار بھی لیکن WILDE کی طرح غیر اخلاقی نہ تھے۔

Aesthetic judgment

جمالیاتی فیصلہ، جمالیاتی پرکھ۔

Aesthetic morality

جمالیاتی اخلاق۔۔

Aesthetic movement

جمالیاتی تحریک۔ دیکھو AESTHETICISM

Aesthetics

جمالیات؛ فن کا سائنس یا فلسفہ، خصوصاً وہ سائنس جس کا موضوع فنون لطیفہ، فنی مظاہرات اور جمالیاتی تجربوں کی تشریح

ہے۔ اور اس سائنس میں نفسیات، سماجیات، علم الانسان، فنون کی تاریخ، سبھی چیزیں کھنچ آتی ہیں۔ فلسفی اور جمال کی ماہیت کی کھوج لگاتا ہے اور یہ بتاتا ہے کہ فن اور جمال اور خیر اور حق میں کیا تعلق ہے۔ نفسیات سے تخلیق فن اور فنکاری سامع یا دیکھنے والے کے ردعمل پر روشنی پڑتی ہے۔ مختصر طور پر یہ کہہ سکتے ہیں کہ جمالیات جمال کا علم اور اس کا مطالعہ ہے۔

Aesthetic self-expression

جمالیاتی خود اظہاری۔

Aesthetic sense theory

نظریۂ حسِ جمال۔

Aetiology

نظریۂ علت علیات۔

Affect

تأثر۔

Affect, Displacement of

انتقالِ تأثر۔

Affect, Fixation of

انجمادِ تأثر۔

Affectation

ظاہر سازی، بناوٹ، تصنع۔

Affective affinity

تاثراتی کشش۔

Affective experience

تاثراتی تجربہ۔

Affective fallacy

تاثراتی مغالطہ۔ نظم اور اس کے نتائج میں خلط ملط۔ نظم کیا ہے۔ اس کی عکاسی کیا ہے۔ ان دونوں کو گڈمڈ کرنا تاثراتی تنقید کی ابتدا، معیارِ تنقید کو نظم کے نفسیاتی اثرات میں تلاش کرنے سے ہوتی ہے اور اس کی انتہا تاثر پرستی اور نسبتیت سے ہوتی ہے۔ اور نظم بذاتِ خود تنقیدی فیصلے کا موضوع نہیں بن پاتی۔

Affirmation

اثبات۔

Afflatus

القا، الہام، اعلیٰ امنگ۔

After image

مشہودِ مابعد۔

After sensation

احساسِ مابعد۔

Age of Reason

[illegible] سے [illegible] تک کا عہد۔ اس عہد کی خصوصیتیں ہیں توازن، تناسب، کلاسیکی تنظیم اور ترتیب۔ یہ عقل کا، ہوش و ضبط کا اور احساسِ حقیقت کا عہد تھا۔ ساتھ ہی ساتھ پیداواری مادی دنیا سے وفاداری کا بھی دور تھا۔ اس عہد کے لکھنے والوں میں LOCKE اور HOBBES فلسفی تھے، SWIFT، ADDISON، JOHNSON اور GIBBON نثر نگار تھے اور POPE شاعر تھا۔

Agglutination

آمیزش، چسپیدگی۔

Aggression

جارحیت، کسی کے خلاف جارحانہ کارروائی، جارحیت جو عزم و قصد یا خواہش کی صورت کا اظہار ہو۔

Agon

مقابلہ یا لفظی مقابلہ۔ یونانی ڈرامے کا وہ حصہ جس میں دو کرداروں میں لفظی مقابلہ ہوتا ہے اور طائفہ سرود خواں (CHORUS) بھی دو گروہوں میں منقسم ہو جاتا ہے۔

Agrarian movement

زمین کی طرف لوٹو: یہ تحریک بیسویں صدی میں جنوبی اور شمالی امریکہ میں ہوئی اور SHERWOOD ANDERSON ایک بوڑھے کے شہر میں ایک مثالی فارم قائم کرنے کے لیے پہنچ گیا۔ یہ بھگوڑا گروپ (FUGITIVE GROUP) تھا۔ اس نے اپنا ایک مجموعۂ مضامین I'LL TAKE MY STAND میں دیہات

کی خوبیوں کی تعریف کی۔

Aidos

یونان کا خانہ بدوش منفی۔

Aischrologia

دیکھو CACOPHONY

Alazon

شیخی باز کپتان (یونانی کامیڈی کا ایک کردار) PLAUTUS میں MILES GLORIOSUS۔ اسی قسم کا کردار ہے۔

Alba

عاشق و معشوق کی صبح دم جدائی کا گیت۔ اس موضوع کو فرانسیسی TROUBADOURS نے ایک علاحدہ صنف بنایا۔

Alcaic

وہ وزن جو ALCAEUS نے ایجاد کیا۔ کچھ تبدیلی کے ساتھ یہ وزن HORACE نے بھی استعمال کیا ہے TENNYSON نے اس وزن کی نقل کی ہے۔

Ŏ/mĭghtў/mōuth'd ĭn/vĕntŏr ŏf/hărmŏn/ĭĕs
Ŏ/skĭll'd tŏ/sĭng ŏf/Tĭme ŏr Ē/tĕrnĭt/ў,
Gŏd/gĭftĕd/ŏrgăn/vōĭce ŏf/Ĕnglănd,
Mĭltŏn ă nămetŏ rĕ/sŏŭnd fŏr/ăgĕs.

Alcamanic verse

چار رکنی DACTYLIC وزن جسے ALCMAN نے ساتویں صدی قبل مسیح میں استعمال کیا تھا۔

Alertness

مستعدی۔ چوکسی۔ ہوشیاری۔

Alexandrianism

یونانی شاعری کا مرصع اسلوب جو ۳۰۰ ق م سے ۱۲۰ قبل مسیح میں رائج تھا۔

Alexandrine

فرانسیسی زبان میں اس نظم کو کہتے ہیں جس کی ہر سطر میں بارہ ہجائیں ہوتی ہیں اور چار اور کبھی کبھار تین تاکیدیں۔ انگریزی میں IAMBIC وزن کی اس سطر کو کہتے ہیں جس میں چھ ارکان ہوتے ہیں۔

Alienation

فن کار کا سماج اور اس کے معاملات سے علاحدگی۔

Allegory

تمثیل؛ تمثالیہ؛ قصہ رمزیہ۔ ایسا قصہ جس میں سطحی یا ظاہری معنی کے در پردہ دوسرا اور اصل معنی ہوتا ہے۔ تمثیل کے کرداروں کی اپنی انفرادی شخصیت نہیں ہوتی بلکہ ہر فرد کسی مجرد خیال کی تجسیم ہوتا ہے۔ اور ان کے ناموں سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے۔ زناکاری، غرور، عفت، علم وغیرہ۔ تمثیل نثر میں بھی ہوتی ہے اور نظم کی شکل میں بھی۔ BUNYAN کی PILGRIM'S PROGRESS نثر میں ہے۔ SPENSER کی THE FAERIE QUEENE نظم ہے اور EVERY MAN ڈرامہ ہے۔

Allegro

تیز تیز۔ یہ موسیقی کی اصطلاح ہے۔ اسلوب کی تیزی پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے جیسے MILTON کی نظم L'ALLEGRO

Haste thee Nymph, and bring with thee
Jest and youthful jollity,
Quips and cranks, and wanton wiles,
Nodes and becks, and wreathed smiles,.

Sport that wrinkled Care derides,
And Laughter holding both his sides
Come and trip it as ye go
On the light fantastic toe.

Alliteration

تجانس حرفی۔ وہ ادبی صنعت جس میں کسی جملے یا شعر کے دو یا دو سے زیادہ الفاظ ایک ہی حرف سے شروع ہوں اسے HEAD RHYME بھی کہتے ہیں۔

To sit in solemn silence in a dull, dark, dock,
In a pestilential prison, with a life-long lock,
Awaiting the sensation of a short, sharp, shock,
From a cheap and chippy chopper on a big, black block

W.S.Gilbert: The Mikad

(ANGLO-SAXON VERSE) قدیم انگریزی شاعری میں
میں ہر سطر میں تین یا تین سے زیادہ ہجائیں ایک ہی صامت یا ایک ہی
نوع کے صامتوں سے شروع ہوتی ہیں اور ان ہجاؤں پر تاکید
بھی ہوتی ہے۔ اس کو ALLITERATIVE VERSE
کہتے ہیں۔

In a somer seson whan soft was the sonne
I shope me in shroudes as I a shepe were,
In habite as an hermite vnholy of workes,
Went Wyde in þis world wondres to here.

Allonym

فرضی نام۔ کسی دوسرے کا نام جو مصنف نے اختیار کیا ہو۔

All-pervasive

ہمہ موجود۔ ہر جگہ۔ ہر چیز میں سرایت کرنے والا۔

Allusion

تلمیح / کسی شے، واقعے یا شخص کی طرف مختصر اشارہ۔

Or like stout Cortez - when with eagle eyes
He stared at the Pacific, and all his men
Look'd at each other with a wild surmise -
Silent upon a peak in Darien

(Keats)

Almanac

تقویم۔

Als ob

HANSVAIHINGER کا یہ نظریہ کہ جو چیزیں
ہمارے رویے یا نقطہ نظر کے لئے ضروری ہیں وہ ایسی ہیں
جیسی کہ وہ نظر آتی ہیں۔ یہ گویا COLERIDGE کے نظریہ
WILLING SUSPENSION OF DISBELIEF" کی دوسری
شکل ہے۔

Alogical

غیر منطقی۔ غیر استدلالی۔

Altar poem

دیکھو CARMEN FIGURANTUM

Altercatio

تیز سوال و جواب۔ تیسری صدی عیسوی میں یہ مقبول صنف ادب تھی۔

Alternate alliteration

COLERIDGE نے "A GREAT SECRET IN-
MELODY" کہا ہے۔ تجانس حرفی کی ایک صورت۔ یہ ایک
مثال ہے: THOUGH FROSTS MAY BLIGHT THE
FRESHNESS OF ITS BLOOM

Alternate Rhyme

باری باری قافیہ جیسے اب اب:

The curfew tolls the knell of parting day,
The lowing herd wind slowly o'er the lea,
The ploughman homeward plods his weary way,
And leaves the world to darkness and to me.

Gray's Elegy.

Altruism

نظریہ فلاح عامہ۔ جذبۂ فلاح عامہ۔ بے نفسی۔ ایثار۔

Altruistic hedonism

ہمہ فلاحی لذتیت۔

Ambiguity

ایہام / ذومعنی بات۔ WILLIAM EMPSON نے
اس موضوع پر ایک سیر حاصل کتاب لکھی ہے جس کا نام ہے
SEVEN TYPES OF AMBIGUITY — انگریزی احتیاطی
کی وجہ سے ایک معنی کی جگہ دو یا تین معانی پیدا ہو جاتے ہیں۔
AMBIGUITY کا یہ مفہوم نہیں بلکہ شعر میں زبان کی
گہرائی اور لطافت کی طرف اشارہ ہے جس میں لفظوں کا ہلکا شائبہ
یا باریک فرق بھی ایک شعر سے مختلف ردعمل کا باعث ہوتا ہے۔
EMPSON نے AMBIGUITY کی سات
قسمیں بتائی ہیں۔

(۱) کوئی لفظ یا ترکیب نحوی ایک سے زیادہ طریقوں میں موثر ہو سکتا یا ہو سکتی ہے۔
(۲) مصنف کا ایک معنی دو یا زیادہ معنوں سے مرکب ہو سکتا ہے۔
(۳) ذو معنی لفظ (PUN) کے استعمال سے بیک وقت دو خیال پیش کیے جا سکتے ہیں۔
(۴) کسی شعر کے مختلف معانی سے شاعر کے دماغ کی پیچ در پیچ کیفیت ظاہر ہو سکتی ہے۔
(۵) کوئی تشبیہ یا نقش دو خیالوں کے درمیان واقع ہو سکتا ہے۔
(۶) شعر میں تضاد ہو سکتا ہے۔ اس لیے قاری تشریح کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔
(۷) دو معنوں میں تضاد ہو اور ان سے شاعر کے دماغ کا بنیادی تضاد ظاہر ہوتا ہے۔

AMBIGUITY کی استخفافی تعبیر کی وجہ سے بعض نقادوں نے MULTIPLE MEANING یا PLURISIGNATION کو ترجیح دی ہے۔

Amblysia

کشش و دفاع۔ وہ جذباتی کیفیت جس میں کسی فرد سے باری باری سے محبت اور نفرت ہو۔

Ambivalence

ایسی تقریر جو دھیمے طور پر شروع ہوتی ہے اور آہستہ آہستہ سننے والے کو خبر بد کے لیے تیار کرتی ہے۔ قاصد جو خبر لے کر آتا تھا تو اسی طرح کی تقریر کرتا تھا۔ یہ طریقہ قدیم ڈراموں میں عام تھا۔

Amoral

لا اخلاقی۔ اخلاق سے بے تعلق۔ خیر و شر سے بے تعلق۔

Amorality

لا اخلاقیت۔

Ampersand

AND PER SE AND کی بگڑی ہوئی شکل

Amphiboly, Amphibology

ایہام جو بندش کے ڈھیلے پن یا لفظوں کے ذو معنی ہونے کی وجہ سے ہو۔ جیسے اس جملے میں: I STOOD BY MY FRIEND CRYING یہ بات واضح نہیں ہوتی کہ رونے والا کون تھا۔ یہ جملہ A DARK HORSE HAS WON THE TRIPLE CROWN دو معنی رکھتا ہے۔ گھوڑ دوڑ میں غیر معمولی کامیابی کی طرف اشارہ ہو سکتا ہے یا یہ کہ ایک گمنام ARDINAL پوپ منتخب ہوا۔ دو معنی پیش گوئی بھی اس ضمن میں آتی ہے۔ جیسے MACBETH میں جادوگرنیوں کی پیش گوئی،

Sec.App
Be b oody, bold and resolute; laugh to scorn
The power of man, for none of woman born,
Shall harm Macbeth.

لیکن MACDUFF اسے قتل کرتا ہے کیوں کہ:

Macduff was fron his mother's womb
Untimely rippd.

Amphibrach

وزن کا وہ سہ ہجائی رکن جس میں دو چھوٹی ہجاؤں کے درمیان ایک بڑی ہجا ہوتی ہے۔ یا ایسا رکن جس میں دو بے تاکید ہجاؤں کے درمیان ایک تاکید دار ہجا ہوتی ہے،

Ĭ spráng tŏ/thĕ stirrŭp/ănd Jóris/ănd hé
Ĭ gállŏped/Dĭrck gállŏped/wĕ gállŏped/ăll the
(Browning)

Amphigory

بے معنی نظم۔ ایسی نظم جس میں بظاہر کچھ معنی نظر آتا ہو لیکن جو حقیقتاً بے معنی ہوتی ہے۔

Amphimac, (er)

وہ سہ ہجائی رکن جس میں دو لمبی ہجاؤں کے درمیان ایک چھوٹی ہجا ہوتی ہے یا دو تاکید دار ہجاؤں کے درمیان ایک بے تاکید ہجا ہوتی ہے جیسے TENNYSON - MÉRCHĂNDÍSE

کی ایک نظم THE OAK اسی وزن میں لکھی گئی ہے:

Live thy life
Young and old
Like yon oak
Bright in spring
Living gold,

Amphisbaenic Rhymes:

Backward Rhymes

الٹا قافیہ جیسے EDMUND WILLSON کے اس بند میں:

But tonight I came lone and belated
Foreseeing in every detail,
And resolved for a day to sidestep
My friends and their guests and their pets.

'PETS-STEP', 'DETAIL-BELATED' الٹے قوافی ہیں۔

Amplification

ایک صنعت جس سے بیان یا خیال کو وسیع یا زیادہ پر اثر بنایا جاتا ہے۔

'You with such a throat, such flanks,
such hurly strength in every limb of
your prize-fighter's frame" (Shakespeare)

Amplitude

وسعت۔ فراخی۔ شان۔

Anabasis

بالا روی۔ عروج۔ یونانی ڈراموں میں سلسلہ واقعات کا نقطہ عروج۔

Anachronism

غلط زمانی۔ سہو زمانی۔ کوئی چیز یا کوئی واقعہ ایسے زمانے میں ہو جس زمانے میں اس کا ہونا ناممکن ہو۔ یہ سہو زمانی غیر ارادی بھی ہو سکتی ہے جیسے JULIUS CAESAR میں گھڑی کا وجود اور ارادی بھی ہو سکتی ہے جیسے SHAW نے ANDROCLES AND THE LION میں شہنشاہ (EMPEROR) کو حامیِ دین THE DEFENDER OF THE FAITH کہا ہے۔

Anaclasis

لمبی اور چھوٹی ہجاؤں میں تبدیل مقام۔

Anacoluthon

قواعدی بے ترتیبی۔ ایسا جملہ جس میں قواعد صرف و نحو کی رو سے ترتیب بے ربط ہو۔ مثلاً یہ جملہ جس میں فاعل WATER ہے حالانکہ فاعل HOTCHKISS ہونا چاہیے۔

"Going down for the third time,
the water closed over Hatchkiss' head"

اور کبھی جملے کو ایک ڈھنگ سے شروع کیا جاتا ہے پھر بیچ میں اس کا رخ بدل جاتا ہے:

"You really ought-well, do it in your
own way"

Anacreontic verse

لذت انگیز شاعری؛ خیامی شاعری۔ ایسی شاعری جس میں شراب، عشق اور لذتیت کی تعریف ہو۔ یونانی شاعر ANACRION اپنی نظموں میں لذتیت کی تلقین کرتا تھا اور شعر، شراب اور عشق کی مدح کیا کرتا تھا۔ اس لیے جس نظم میں شراب، عشق اور لذتیت کی تعریف ہو اسے ANACRIONTIC VERSE کہتے ہیں۔ جیسے ALEXANDER BROOME کی یہ نظم:

Leave off, fond hermit, leave thy vow,
And fall again to drinking:
That beauty that won't [illegible] allow,
Is hardly worth thy thinking.
Dry love or small can never hold,
And without Bacchus Venus soon grows cold.

Alexander Broome.

عمر خیام FITZ GERALD کے ترجمے میں:

Here with a loaf of Bread beneath the Bough
A Flask of Wine, a Book of Verse - and thou
Beside me singing in the Wilderness -
And Wilderness is Paradise enow.

Anacrusis

ایسی سطروں کی ابتدا میں بے تاکیدی ہجا (یا ہجاؤں) کا مجموعہ جن کی ابتدا تاکیدار ہجاؤں سے ہوتی ہے۔ جیسے TO چوتھی سطر میں:

Seamen three what men ye be ?
Gōtham's three wise men we be.
Whither in your bowl so free ?
Tŏ rake the morn from out the sea.

Peacock: <u>Three Men of Gotham.</u>

Anadiplosis

تکرار لفظی۔ کسی فقرے، جملے یا سطر کے آخری لفظ کی تکرار

Rely on his honour-honour such as this?

Anagnorisis

شناسائی، آگہی۔ ارسطو نے اس لفظ کا POETICS میں استعمال کیا ہے۔ اس کا مفہوم وہ لمحۂ آگہی ہے جب کوئی کردار عدم آگہی کی حالت کے بعد آگہی حاصل کرتا ہے۔ SOPHOCLES کے OEDIPUS REX میں OEDIPUS پر یہ انکشاف ہوتا ہے کہ وہ خود ہی اپنے باپ LAIUS کا قاتل ہے۔

Anagram

صنعت مقلوب۔ فقروں، لفظوں یا حروف کا ردو بدل کر کے نئی عبارت یا نیا لفظ بنانا۔ لفظ یا نام جو حروف کے ردو بدل سے بنا ہو جیسے SAMUEL BUTLER کا لفظ EREWHON، NOWHERE کا مقلوب ہے۔

Analects

منتخبات، ادبی کشکول / بیاض۔ کسی ایک مصنف کی تصنیف سے منتخب اقتباسات۔

Analogue

مشابہ / مماثل۔

Analogy

مماثلت / دو چیزوں میں مماثلت یا مشابہت۔ کبھی یہ مماثلت تشبیہ کی شکل میں ہوتی ہے۔

'Tis with our judgments, as our watches, none
Go just alike, Yet each believes his own.

(Pope: <u>An Essay on Critics</u>)

Analysed Rhyme

قافیوں کی ترتیب جن کا تجزیہ کرنے سے ان کے حسن کا اظہار ہوتا ہے۔

That night when joy began
Our narrowest veins to flush,
We waited for the flash
Of morning's leve · 1 gun.

GUN-FLUSH' یا FLASH-BEGAN اور۔
'GUN'BEGAN' یا 'FLASH-FLUSH' قوافی ہیں۔

Analysis

تجزیہ / تحلیل۔

Analysis, transcendental

ماورائی تجزیہ۔

Analytical

تجزیاتی۔

Analytical criticism

تجزیاتی تنقید۔ وہ تنقید جس میں عام باتیں نہیں کی جاتیں بلکہ کسی فنی کارنامے کا تجزیہ کر کے اس کے حسن یا اس کی خامی کی مدلل تشریح و توضیح کی جاتی ہے۔

Analyticrhedonism

تجزیاتی لذتیت۔

Anamnesis

یاد؛ یاد آوری؛ پچھلے جنم کی یاد۔

Ananym

فرضی نام جو اصلی نام کی مقلوب صورت ہو۔ بلاغ غالب کی مقلوب صورت ہے۔

Anapest, Anapaest

وہ وزن جس کا ہر رکن سہ ہجائی ہوتا ہے۔ پہلی دو ہجائیں بے تاکید ہوتی ہیں اور تیسری ہجا تاکید دار۔

Ŏh,hĕ flíes/thrŏugh thĕ aír/wíth thĕ
great/ĕst ŏf éase,
This yŏung mán/ŏn thĕ flў/ĭng trăpéze.
Hĭs fíg/ŭre ĭs hánd/sŏme, ăll gírls/hĕ
căn pléase.
And mў lóve/hĕ pŭrlóined/hĕr ăwáy.

اس بند میں دوسری اور تیسری سطروں کے پہلے رکن کے علاوہ سبھی ارکان ANAPAESTS ہیں۔

Anaphonema

غم انگیز چیخ۔

Anaphora

صنعت اعنات یا لزوم مالا یلزم۔ ایک لفظ یا فقرے کی تکرار (متواتر جملوں یا سطروں میں)۔

I gave her cakes and I gave her Ale
I gave her sack and sherry;
I kissed her once and I kissed her twice
And we were wondrous merry

(Anonymous)

Anarchism, anarchist

نراج پسندی۔ نراجی۔

Anastrophe

سخن واژگوں، قلب عبارت، لفظوں کی نحوی ترتیب میں

ردّو بدل،

He took his Vorpal sword in hand,
Long time the manxome foe he Sought,
So rested he by the Tumtum tree,
And stood awhile in thought.

Lewis Carroll: Jabberwocky.

پہلی اور چوتھی سطروں میں جملوں کی ساخت نحوی ہے لیکن دوسری اور تیسری سطروں کی نحوی ترتیب میں تبدیلی ہوتی ہے۔

Anatomy

تشریح۔

Ancients and Moderns, quarrel of

قدما اور نئے مصنفوں کا جھگڑا۔ فرانس اور انگلستان میں یہ سوال اٹھا تھا کہ ان دونوں میں کون زیادہ اچھے ہیں۔ SWIFT نے اس جھگڑے سے متعلق THE BATTLE OF THE BOOKS لکھی۔

Andy Capp

RAY SMYTHE کا مشہور کارٹون جس میں موجودہ زمانے کے ہیرو کی تصویر کشی ہے جو ایک دن بھی کام کرنا نہیں چاہتا ہے اور اپنی خواہش میں کامیاب ہوتا ہے۔

Anecdote

حکایت، قصہ، نقل۔ کسی منفرد واقعے کا بیان۔

Angry young men

مشتعل نوجوان۔ یہ LESLIE PAUL کی خود نوشت سوانح عمری کا عنوان تھا۔ شاید اس قسم کی سب سے اچھی مثال JIMMY PORTER ہے جو JOHN OSBORNE کے ڈرامے LOOK BACK IN ANGER کا ANTI-HERO ہے۔ مصنف فرسودہ سماجی اور سیاسی رویّوں سے اپنی نفرت کا اظہار کرتا ہے اور بورژوا قدروں کے خلاف ردّعمل بھی۔

Angst, Anguish

کرب۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد کا مریضانہ کرب جو JEAN-PAUL SARTRE اور ALBERT CAMUS جیسے مصنفوں میں نمایاں ہے۔

Anima
روح؛ جان؛ اندرونی شخصیت جو بقول JUNG لاشعور
سے براہ راست تعلق یا رابطہ رکھتی ہے۔

Animadversion
نکتہ چینی؛ انتقاد۔

Animism
مظاہر پرستی۔ بے جان چیزوں میں روح ہونے کا اعتقاد،
ہمہ روحیت۔

Animus
عناد؛ خصومت۔

Annual, annals
تاریخی واقعات کا سال وار بیان؛ وقائع؛ اخبار۔

Annotation
تحشیہ؛ شرح۔ یہ قاری کے پنسل سے لکھے ہوئے حواشی بھی ہو سکتے ہیں اور مؤلف کے مطبوعہ حواشی بھی جن میں کتاب کے معانی کی وضاحت ہوتی ہے۔

Anomaly
بے قاعدگی؛ بے ربطی؛ عدم یکسانی۔

Anomoiosis
مقابلہ۔

Anonym
فرضی نام۔

Anonymous
گمنام مصنف۔ مخفف ANON.

Anonymuncule
ایک ادنیٰ گمنام مصنف۔

Anopisthographic
سب سے پہلے چھاپی جانے والی کتابیں جن کے ہر ورق کا ایک صفحہ سادہ رہتا تھا اور دو ورقوں کو سا ٹ دیا جاتا تھا۔

Antagonist
حریف؛ مخالف۔ کسی ڈرامے یا افسانے میں ہیرو کا مخالف۔

Antanaclasis
دیکھو REPETITION

Antepenult
لفظ کے آخر سے دو ہجاؤں کے بعد والا ہجا۔ ASTRU
MUSICAL میں MU ، ANTEPENULT ہے۔

Anthem
ترانہ؛ مدحیہ یا طربیہ ترانہ یا بھجن یا ایسا ترانہ یا بھجن جو سوال و جواب کے طور پر باری باری گایا جائے۔

Anthology
مجمع الانتخاب؛ منتخب نظموں یا نثر پاروں کا مجموعہ؛ بیاض؛ گلدستہ؛ سفینہ۔ انگریزی میں PALGRAVE'S GOLDEN TREASURY منتخب نظموں کا مشہور مجموعہ ہے۔

Anthropocentrim
انسان مرکزیت۔ یہ عقیدہ کہ انسان اشرف المخلوقات اور عالم وجود کا مرکز ثقل ہے۔

Anthropolatry
انسان پرستی۔ تقدیس انسان۔

Anthropology
انسانیات؛ علم الانسان؛ بشریات۔

Anthropomorphism
مسلک تشبیہ۔ یہ عقیدہ کہ خدا بھی انسانی شخصیت یا شکل سے متصف ہے۔

Anthropopathia
دیوتا، جانور اور بے روح چیز سے متعلق اس طرح گفتگو کرنا کہ گویا وہ ذی روح انسان ہیں جیسے ؛
The Lord was wroth

Anthropopathism
انسانی احساسات و خواہشات کو خدا سے منسوب کرنا۔

Anthy pophora
اپنی دلیل کا آپ جواب۔ دلیل اس لیے پیش کی جاتی ہے کہ اسے غلط ثابت کیا جائے۔

Antibacchius

وزن کا وہ سہ ہجائی رکن جس میں پہلی دو ہجائیں لمبی ہوتی ہیں اور تیسری ہجا چھوٹی ہوتی ہے یا وہ سہ ہجائی رکن جس کی پہلی دو ہجاؤں پر تاکید ہوتی ہے اور تیسری ہجا بے تاکید ہوتی ہے۔

Anticlimax

ریخت قہقرائی؛ بیانِ قہقرائی؛ تنزل؛ حضیض؛ اتار۔ بلند خیالات سے پست خیالات کی طرف دفعتاً اتار۔

A love of God, justice and sports Care

یا زخم مرد، یا علم یا بر وند وسگ ہم گم شد۔

Antic masque

دیکھو ANTI-MASQUE

Anti-hero

ضدی ہیرو؛ ہیرو کا دوسرا چہرہ۔ وہ شعوری طور پر ہیرو کی اچھی خصوصیات سے مبرا ہوتا ہے۔ ANTI-NOVEL ناول کی روایت کے خلاف احتجاج ہے اور ضدی ہیرو ناول کے موضوع کے خلاف احتجاج کی ایک شکل ہے۔ CERVANTES نے اپنے پیش لفظ میں لکھا ہے کہ DON QUIXOTE شجاعت اور جانبازی کی کتابوں پر طنز ہے۔ HONORE' D'EURPE' کی کتاب ASTREE میں HYLOUS ضدی ہیرو ہے۔ دور حاضر میں وہ JOHN WAIN کے ناول HURRY ON DOWN میں CHARLES LUMLEY کی شکل میں نمودار ہوا اور پھر وہ KINGSLEY AMIS کے ناول LUCKY JIM میں نمودار ہوتا ہے۔

Anti-individualism

نا انفرادیت پرستی

Anti-intellectualism

نا دانش پرستی؛ نا عقل پرستی

Antilogy

تناقض؛ تناقض الفاظ و خیالات۔

Antimasque

دیکھو MASQUE

Antimaterialism

نا مادیت۔

Antimony

تناقض نظریات؛ تناقض معنوی؛ قول متناقض؛ قول محال۔

Anti novel

ناول کی روایتوں کے خلاف احتجاج۔ دیکھو ANTI-HERO۔

Antipathy

تنفر۔

Antiphon

جوابی نغمہ یا راگ۔

Antiphrasis

لفظوں کا برعکس معنی میں استعمال۔ لفظوں کا ارادی طور پر غلط استعمال (ظریفانہ یا طنزیہ مقصد سے) "A GIANT OF THREE FEET AND SIX INCHES" یا کسی بخیل سے کہا جائے کہ تم حاتم وقت ہو۔

Antiplay

ایک قسم کا ڈراما جس میں مسلسل پلاٹ نہیں ہوتا اور نہ مستقیم کردار اور مناسب مکالمے ہوتے ہیں۔ EUGENE IONESCO کے ڈرامے THE BALD SOPRANO اور VICTIMS OF DUTY اسی قسم کے ہیں۔ اس کے ڈراموں کی بنیاد دو شخصوں کے درمیان ایسے مکالمے پر ہوتی ہے کہ ایک شخص دوسرے شخص کی باتیں بالکل نہیں سمجھتا اور سامعین بھی ان کی باتوں کو نہیں سمجھ پاتے۔ لیکن وہ اس قسم کے مکالمے کے ذریعہ جذبات کو ابھارنا چاہتا ہے یا مضحکہ خیزی حاصل کرنا چاہتا ہے۔

Anti-social

سماج دشمن۔

Antistoichon

متضاد خیالات کا متوازن اظہار۔ The good shall flourish but the evil shall die.

Antistrophe

PINDARIC ODE کے تین بندوں میں دوسرا بند۔ دیکھیے ODE
(رقص میں) بائیں جانب سے داہنی جانب حرکت رجعی، وہ اشعار جو اس وقت پڑھے جائیں جب گانے کی نوبت بائیں جانب سے دائیں جانب آ رہی ہو۔ بازگرداں اشعار۔

Antithesis

صنعت تضاد۔ متضاد الفاظ۔ فقروں یا خیالات یا متوازن جمع میں استعمال،

They promised freedom but provided slavery.

یا POPE، کی یہ سطر،

Worth makes the man, and want of it, the

Antithetical parallelism

ایک بیت جس میں پہلے مصرع کا خیال دوسرے مصرع کے خیال کے مقابل، مخالف یا متوازی ہو۔

Every good tree bringeth forth good fruit,
But the corrupt tree bringeth forth evil fruit.

Antonomasia

کسی کردار کا ایسا نام رکھنا جس سے اس کی شخصیت یا اہم خصوصیت ظاہر ہو۔ جیسے 'DOCTOR SAWBONES'، 'ALLWORTHY' SQUIRE
کسی کو نام کے بدلے لقب سے مخاطب کرنا جیسے کسی بادشاہ کو HIS MAJESTY یا کسی جج کو HIS HONOUR کہنا۔
مجاز مرسل۔

Antonym

ضد۔ وہ لفظ جو کسی دوسرے لفظ کا معنوی طور پر ضد ہو۔ بھاری ہلکے کا، مضبوط کمزور کا ANTONYM یعنی ضد ہے۔

Anxiety

تشویش، اندیشہ؛ ایک پیچیدہ جذباتی حالت جس میں خدشہ اہم ترین عنصر ہوتا ہے۔

Aorist

مضارع۔

A per se

حرف الف بجائے خود

Aphaeresis

ابتدا کے حرف، ہجا یا صدا کو حذف کر دینا جیسے: AROUND سے ROUND، ESPECIAL سے SPECIAL۔ یونانی عروض میں کسی سطر کی ابتدا میں ایک یا ایک سے زیادہ ہجاؤں کو حذف کر دینا۔

Aphesis

غیر ارادی طور پر اور بتدریج کسی لفظ کی ابتدا سے بے تاکید حرف علت کا گر جانا جیسے ESQUIRE سے SQUIRE۔

Aphorism

کلام موجز؛ جامع کلمہ، مثل؛ ایک مختصر جامع اور پر مغز بیان (کسی حقیقت یا نظریے کا) جیسے POPE کی اس سطر میں۔

The proper study of mankind is man.

Apocalypse

الہام، مکاشفہ؛ القا۔ خاص کر وہ جو یوحنا کو جزیرۂ پیٹموس میں ہوا تھا۔

Apocalyptic

الہامی، کشفی؛ آنے والی آفتوں اور تباہ کاریوں کا ملہم۔

Apocopated Rhyme

کسی قافیے کے آخری حصے کو کاٹ دینا۔

Fly around, my pretty little Miss,
Fly around I say,
Fly around, my pretty little Miss
You'll drive me almost crazy.

Apocope

ترخیم۔ کسی لفظ کے آخری حرف یا ہجا یا صوت کو حذف کر دینا۔ جیسے CURIOSITY سے CURIO

Apocrypha

اسفار محرفہ، کتب غیر معتبر۔ عہد نامۂ قدیم کی کتابیں جو عبرانی زبان میں ابتداً نہیں لکھی گئی تھیں لیکن جو یونانی زبان کے عہد
[illegible] معتبر سمجھتے ہیں۔ [illegible]

غیر معتبر، جھوٹی، مشکوک، کوئی ایسی کتاب جس کا مصنف مشکوک ہو۔ بعض ناقدوں کا خیال ہے کہ PERICLES, PRINCE OF TYRE کا مصنف SHAKESPEARE نہیں بلکہ کوئی دوسرا شخص ہے۔

Apodosis

خاتمہ، کسی جملے کا آخری ٹکڑا۔

Apokoinos

ایسے لفظ کا استعمال جو گذشتہ اور آئندہ دونوں پر حاوی ہے۔

Apolloni and Dionysian

NIETZSCHE نے اپنی کتاب "المیہ کی پیدائش" میں ان دو لفظوں سے عقل اور جبلت، تہذیب اور عدم تہذیب کے تضاد کو ظاہر کیا ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ یہ دونوں عناصر یونانی المیے میں متحد ہو جاتے ہیں۔ سرود خوانوں کے نغمے DIONYSIAN عنصر کی نمائندگی کرتے ہیں اور مکالمے APPOLONIAN عنصر کی۔ ان دونوں لفظوں کے معنوں میں تقریباً اسی قسم کا فرق ہے جیسا GLASSICISM اور ROMANTICISM یا HELLENISM اور HEBRAISM کے معنوں میں ہے۔

Apologetics

مسلکِ اعتذار۔

Apologue

اخلاقی قصہ، اخلاقی حکایت، اخلاقی تمثیل۔ دیکھو FABLES

Apology

دفاع، استعذار۔ ایسی تحریر یا تصنیف جس میں مصنف اپنے خیالات کا اثبات جواز پیش کرتا ہے یا کسی مسئلے کی مزید وضاحت یا تائید کرتا ہے۔ افلاطون کی APOLOGY جس میں سقراط ATHENS کی مجلسِ ملتظمین کے سامنے اپنا دفاع پیش کرتا ہے۔ اس صنف کی شاید سب سے زیادہ مشہور کتاب ہے۔ انگریزی میں SIDNEY کی APOLOGIE FOR POETRIE جس میں وہ شاعری اور شعری عمل سے بحث کرتا ہے کافی مشہور ہے۔ اور NEWMAN اپنی کتاب APOLOGIA PRO VITA SUA میں اپنے اعتقادات کا اثبات جواز پیش کرتا ہے۔

Apophasis

بظاہر نفی کرنا لیکن حقیقتاً اثبات کرنا۔

Apopthegm, Apothem

موجز کلام، جامع کلام، پرمغز کلمہ۔

Aposiopesis

قطع سخن۔ دوران تقریر یا تحریر میں دفعتہً رک جانا (جذبات کے دباؤ یا کسی اور وجہ سے) جملے یا خیال کو نامکمل چھوڑ دینا۔

His behaviour was-but I blush to mention it

یا ہیملٹ (HAMLET) CLAUDIUS کے خلاف ملامت آمیز تقریر کرتے ہوئے رک جاتا ہے۔

Hamlet :

A king of shreds and patches,

Enter Ghost

Save me, and hover oer me with your wings,

You heavenly guards

Apostrophe

خطابت، وہ صنعت جس میں کسی غائب شخص یا مشخص صفت کی طرف خطاب ہوتا ہے۔

Oh Hunca munca, Huncamunca, oh

گریز، عطف توجہ۔ سامعین سے روگردانی کر کے کسی دوسرے شخص یا شخص غائب یا مُردے کی طرف خطاب۔

Apotheosis

تقدیس، استاکشہ، اغراق آمیز۔

Appearance

مشہود، ظاہری شکل۔

Appendix

ضمیمہ۔

Apperception

ضاف بینی، اکتسابِ علم کا بنیادی طریق عمل، تعقل۔

Appetite
اشتہا؛ بھوک؛ فوری خواہش۔ خلقی یا اکتسابی معمر انگیزش؛ جبلی انگیزش۔

Apprehension
خدشہ؛ ادراک۔

Approach
طرز نظر۔

Approach formal
رسمی یا صوری طرز نظر۔

Approach, logical
منطقی طرز نظر۔

Approach, objective
معروضی طرز نظر۔

Approach, psychological
نفسیاتی طرز نظر۔

Approximate Rhyme
دیکھو NEAR RHYME

Apron stage
اسٹیج کا وہ حصہ جو PROSCENIUM کے باہر نکلا رہتا ہے۔

Aptronymic
نام جو شخصیت یا پیشے کے مناسب ہو۔ شیشہ باز کا نام MR.GLASS ؛ نام سے کردار کے خاص اوصاف ظاہر ہوں؛

DOTHEBOYS HALL; BECKY SHARP; DR. DRY AS DUST; MR. ALLWORTHY.

Aquatint
تانبے پر نقاشی کا ایک طریقہ جس میں ایک عرق اور شورے کا تیزاب استعمال کیا جاتا ہے۔

Arabesque
طغرائی شکل کی گلکاری؛ پیچ در پیچ خطوط یا پتی کا ابھرواں یا رنگین کام۔

Arabian numerals
اعداد۔ ۱، ۲، ۳، ۴ وغیرہ۔

Arcadia
دہقانی فردوس۔ PELOPONNESUS میں ایک کوہستانی علاقہ لیکن دیہی شاعری خصوصاً VIRGIL کے ECLOGUES میں سادگی اور ہم آہنگی کی علامت ہے جو ایک خیالی ست جگ میں پائی جا سکتی ہے۔ آرکیڈیا میں گڈریے اور گڈرنیاں دیہی اور شہری زندگی کی پیچیدگیوں اور بکھیڑوں سے دور اپنے گلوں اور اپنے گیتوں کے علاوہ اور کسی چیز سے تعلق نہیں رکھتے ہیں۔ نشاۃ ثانیہ میں دیہی رومانس کی ترقی ہوئی جس کے دو نمونے SANNAZARO اور SIR PHILIP SIDNEY کی ARCADIA میں ملتے ہیں۔

Archaism
قدامت پسندی؛ کہنگی؛ متروک لفظ یا فقرے کا استعمال۔ انیسویں صدی تک متروک الفاظ اور فقروں کا استعمال بطور صنعت ہوتا آیا ہے۔ COLERIDGE نے لکھا ہے۔

He holds him with his skinny hand,
There was a ship, quoth he,
Hold off unhand me, grey-bearded loon
Eftsoons his hand dropted he.

جس زمانے میں یہ سطریں لکھی گئی تھیں اس وقت QUOTH، EFTSOONS اور DROPT متروک ہو چکے تھے۔

Archaic
متروک؛ متروک الاستعمال؛ نادر الاستعمال۔

Archetype
صورت اولین؛ نقش اول؛ نمونۂ اعلیٰ؛ ابتدائی نمونہ؛ اصل؛ ام؛ یونانی لفظ۔ ARCHE = اصل یا قدیم + TYPE = شکل۔ یہ لفظ C.G.JUNG نے استعمال کیا ہے اور نئی تنقید NEW CRITICISM

میں اس کا استعمال ۱۹۳۰ء سے ہوتا آیا ہے۔ ایسے قصے یا کردار سے متعلق جو نسلی حافظے کو ابھارتا ہے۔ مثال کے طور پر کہہ سکتے ہیں کہ THE RIME OF THE ANCIENT MARINER میں بحری سفر اُس روحانی سفر کا نقشِ اول ہے جس کا ہر شخص کو تجربہ ہوتا ہے۔ اسی طرح وہ بوڑھا جہازراں ہر گنہگار کا نقشِ اوّل ہے۔ یہ اولین نقوش (PRIMORDIAL IMAGES) بقول JUNG اجتماعی شعور (COLLECTIVE UNCONCIOUS) میں رہتے ہیں اور یہ اجتماعی شعور نسلِ انسان کے تجربوں کا خزانہ ہے۔

Archilochian Verse

وہ شعری سانچہ جو ARCHILOCUS کی ایجاد ہے۔ اس کی ہر پہلی سطر میں چار ارکان ہوتے ہیں اور ہر رکن DACTYL (/ ˘ ˘) ہوتا ہے اور دوسری سطر میں تین ارکان ہوتے ہیں اور ہر رکن TROCHEE / ˘ ˘ / ہوتا ہے۔ اسے GREATER ARCHILOCHIAN کہتے ہیں۔ یا سہ رکنی TROCHEE - جس کی آخری ہجا نہیں ہوتی ہے۔ اسے LESSER ARCHILOCHIAN کہتے ہیں۔ ARCHILOCHIAN STROPHE میں شش رکنی DACTYL کے بعد سہ رکنی CATALECTIC TROCHEE ہوتی ہے۔

Architectonics

تنظیم / تشکیل؛ صورت کا وہ عنصر جو کسی فن پارے کے اجزا کو ایک دوسرے اور کُل سے مربوط کرتا ہے۔

Archive

محافظ خانہ جہاں سرکاری کاغذات اور تاریخی دستاویزیں رکھی جاتی ہیں۔

Argot

بولی / زبان / کسی خاص سماجی طبقے کی زبان۔

Argument

خلاصہ / تلخیص؛ کسی ادبی تصنیف یا اس کے ایک حصے کا خلاصہ جو شروع میں ہوتا ہے۔ DRYDEN نے VIRGIL کی AENEID کے ترجمے میں ہر باب کی ابتدا میں اس باب کا خلاصہ لکھ دیا ہے۔

Argumentation

ARGUMENT = ثبوت / دلیل سے ARGUMENTATION ثبوت کرنے کا عمل۔ پہلا یقین دلاتا ہے۔ دوسرا ترغیب عمل ہے۔ پہلے کی اپیل عقل سے ہے، دوسرے کی جذبات سے۔

Argumentum ad

بہت سے فقروں میں استعمال ہوتا ہے جیسے :—

ARGUMENTUM AD BACULUM = لاٹھی کے زور سے منوانا۔

ARGUMENTUM AD CRUMENAM = مادّی دلچسپیوں کے ذریعے متاثر کرنا۔

ARGUMENTUM AD HOMINEM = جذبات کے ذریعے متاثر کرنا۔

ARGUMENTUM AD POPULUM = عوامی جذبات کو برانگیختہ کرنا۔

ARGUMENTUM AD IGNORANTIUM = کسی کی جہالت سے فائدہ اٹھا کر اسے متاثر کرنا۔

ARGUMENTUM AD VERECUNDIAM = ایسی دلیل جس کا جواب غیر مہذب ہو۔

Arlechino

دیکھو P[illegible]

Armarian

خانقاہ کا کتاب خانہ۔

Ars est celare artem

آرٹ وہ ہے جو ظاہر نہ ہو۔ OVID نے کہا ہے، آرٹ پوشیدہ رہتا ہے تو کامیاب ہوتا ہے۔

Arsis

کسی رکن کی چھوٹی ہجا۔ (یونانی) کسی رکن کی تاکیدار ہجا (لاطینی)۔ دیکھو THESIS

Art

فن / آرٹ۔ (جمع میں) فنون۔ FINE ARTS فنونِ لطیفہ۔

Art, Graphic

ترسیمی فن یا آرٹ

Art, plastic

تشکیلی فن یا آرٹ

Arte menor and arte mayor

دو قسم کی ہسپانوی نظم جس کا JUAN DEL FUCINA نے سب سے پہلے ذکر کیا ہے۔ پہلی قسم آٹھ ہجاؤں کی سطر ہے اور دوسری بارہ ہجاؤں کی جو فرانسیسی ALEXANDRINE کے برابر ہے۔

Art for art's sake

فن برائے فن۔ دیکھو AESTHETICISM — SHAW نے کہا ہے کہ میں فن برائے فن کے لیے ایک لفظ بھی لکھنے کی زحمت گوارا نہیں کروں گا۔ اس کا نظریہ تھا فن برائے زندگی اور اس نے فن کار محض اور فلسفی فن کار میں فرق کیا ہے۔

Article

اخبار یا رسالے میں ایک آزاد مکمل ادبی تحریر جو کسی خاص موضوع پر ہو۔

Artifact

مصنوع۔ ایسی چیز جو یکقلم فطری نہ ہو بلکہ جس میں انسانی کارسازی، کاریگری ہو۔

Artifice

استادی؛ ہنر؛ اختراع؛ تدبیر۔

Artificial

مصنوعی؛ بناوٹی؛ غیر فطری؛ غیر طبعی۔

Artificial comedy

دیکھو COMEDY OF MANNERS

Art impulse

فنی انگیزش۔ فنی میلان۔

Artist

فن کار؛ حسن کار؛ آرٹسٹ؛ صناع۔

Artistic

فن کارانہ؛ صنعت کارانہ؛ باصنعت۔

Artless

بے تصنع؛ سادہ؛ فطری۔

Arty

فن کار نما؛ پُر تصنع؛ روحِ فن سے ناآشنا اور ظاہری نمائش کرنے والا۔

Ascending rhythm

دیکھو Rising Rhythm

Asclepiad

وزن جس میں ایک SPONDEE دو یا تین CHORIAMB اور ایک IAMB ہو۔ //|/⏑⏑/|/⏑⏑/|⏑/|

Lóok nów/óvĕr thĕ híll/spéedĭng bĕyónd/lóst ĭn thĕ clóud/ĭt flíes.

پہلا رکن SPONDEE ۔ دوسرا، تیسرا اور چوتھا رکن CHORIAMB اور پانچواں رکن IAMB ہے۔

Aside

وہ الفاظ جو الگ بولے جائیں۔ وہ الفاظ جو اسٹیج پر آہستہ بولے جائیں اور جو سامعین سن لیں لیکن دوسرے کردار نہ سن سکیں۔ یہ ایک قسم کا رواج تھا جو انیسویں صدی کے اواخر سے ترک کر دیا گیا ہے لیکن پہلے کثرت سے استعمال ہوتا تھا۔

Aspiration, level of

سطح آرزو۔

Assimilation

ایک حرف کا دوسرے قریب الصوت حرف میں جذب ہو جانا جیسے GODSIBB سے GOSSIP اور INPIUS سے IMPIUS (IMPIOUS)

Association

ائتلاف؛ تلازم

Association, affective

جذباتی تلازم۔

Association, free

آزاد ایتلاف ، آزاد تلازم۔

Associationism

ایتلافیت ، تلازمیت۔

Association of ideas

ایتلافِ خیالات : تلازمِ خیالات

Assonance

ہم صوتی ، تجنیسِ صوتی ؛ مماثل حروفِ علّت کی تاکید دار ہجاؤں میں تکرار۔ تاکید دار حروفِ علّت کے اعتبار سے ہم قافیہ ہونا۔

Twinkle, twinkle little star
How I wonder what you are
Up above the world so high
Like a diamond in the sky
(Anonymous)

اس بند کی ہر سطر میں تجنیسِ صوتی ہے۔

Assumption

مفروضہ۔

Asteism

شائستہ ، خوش سلیقہ استہزار ، تضحیک جیسے ایک جج نے کسی چور سے متعلق جس نے صرف دو شلنگ کی چوری کی تھی کہا:

I warrant you he wished it were 16 pounds.

Asterisk

ستارہ یا نجم جو نشان یا حوالے کے لیے لفظوں پر بنا دیا جاتا ہے۔

Asymbolic

بے علامتی ؛ غیر رمزی۔

Asymmetrical, Asymmetry

بے تناسب ، ؛ عدمِ تناسب ؛ بے تناسب۔

Asynartete

ایسی سطر جس میں دو مختلف آہنگ کی اکائیاں ہوں اور ان کے درمیان ایک وقفۂ شعری (CAESURA) ہو۔

Asyndeton

وصلی یا ہم مرتبہ جملوں کے درمیان حروفِ عطف کو حذف کر دینا۔ یہ بلاغت کی صنعت ہے۔ اگر یہ مختصر ہو تو اسے DIALYTON کہتے ہیں جیسے : VENI, VIDI, VICI یا SIGHTED SUB, SANK SAME

Asyntactic

خلافِ قاعدۂ نحوی۔ ڈھیلی ڈھالی بے قاعدہ ترکیب۔ دیکھو۔ ANACOLUTHON

Atmosphere

فضا (ذہنی) ؛ وہ کیفیت جو کسی ادب پارے کی مجموعیت سے پیدا ہوتی ہے۔ آنے والے واقعات کی جھلک FORESHADOWING فضا سے مماثلت رکھتی ہے۔ لیکن وہ سلسلۂ واقعات کو پیش کرنے کی ایک ترکیب ہے۔ MACBETH کے پہلے ایکٹ میں تین جادوگرنیوں کا وجود فضا کی تخلیق کرتا ہے جو تاریک اور مہیب ہے لیکن جادوگرنیوں کے الفاظ آنے والی بدی کی جھلک دکھاتے ہیں۔

Atmosphere of the mind

یہ HENRY JAMES کی اختراع ہے۔ غلی ناول نگار قارئین کے لیے 'دماغی فضا' پیش کرتے ہیں۔ اشارہ ، چشمۂ شعور کی تکنیک کی طرف ہے۔

Atonic

بے تاکید ؛ غیر مؤکد۔

Attachment

لگاؤ ؛ وابستگی۔ INFENTILE ATTACHMENT بچکانہ لگاؤ یا وابستگی۔

Attention

توجہ ؛ ذہنی زندگی کی انتخابی سرگرمی۔

Attention, fluctuation of

توجہ کا اتار چڑھاؤ

Attention, span of

وسعتِ توجہ

Attic

دیکھو ATTICISM

Attic salt, attic wit

لطیف بذلہ سنجی؛ اعلیٰ درجے کی ظرافت؛ استہزا، ظرافت یا بذلہ سنجی۔

Atticism

فصاحت؛ شیرینیٔ گفتار؛ عبارت زیبا و فصیح۔ ایتھنس کا طرز (اسلوب)۔

Aubade

رخصتی گانا اور گانا جو جدا ہونے والے عاشق و معشوق صبح کو گاتے ہیں۔ انگریزی میں اس صنعت کا ممتاز نمونہ ROMEO AND JULIET میں ملتا ہے۔ جب شادی کی رات کے بعد دونوں جدا ہوتے ہیں؛

Juliet :

Wilt thou be gone? it is not yet near day;
It was the nightingale and not the lark,
That pierc'd the fearful hollow of thine ear;
Nightly she sings on yon pomegranate tree;
Believe me, love, it was the nightingale.

Romeo:

It was the lark, the herald of the morn,
No nightingale: look love, what envious streaks
Deface the severing clouds in yonder east:
Night's candles are burnt out, and jocund day
Stands tiptoe on the misty mountain tops.

Aube

دیکھو Old French Forms

Audience

سامعین یا قارئین۔ کولرج نے کہا ہے کہ نظم کا مقبول نہ ہونا اس کی عسیر الفہمی کی دلیل نہیں۔ یہ کافی ہے کہ جن کے لیے یہ لکھی گئی ہے وہ اسے سمجھ سکیں۔

A poem is not necessarily obscure because it does not aim to be popular. It is enough if a work be perspicuous to those for whom it is written and fit audience find, though few.

Auditorium

کمرہ یا ہال جہاں لوگ بیٹھ کر تقریریں یا لیکچر سنتے ہیں۔ یا تھیٹر کا وہ حصہ جہاں سامعین و ناظرین بیٹھتے ہیں۔

Aufklarung

نشاۃ ثانیہ جس نے ادب اور فن کو نئی زندگی اور انسانی روح کو آزادی بخشی۔ چودھویں صدی سے سولھویں صدی تک اس نشاۃ ثانیہ کا جرمنی میں ابھار رہا۔ اٹھارھویں صدی میں اس نشاۃ ثانیہ کے ممتاز افراد LESSING, KANT اور LEIBNIZ تھے۔

Augustan Age

کسی قوم کی زندگی میں عظیم الشان کلاسیکی عہد۔ یہ نام شہنشاہ AUGUSTUS پر پڑا جس کے دور حکومت میں VIRGIL, HORACE, OVID اور TIBULLUS مشہور تھے۔ انگلستان میں یہ لفظ ADDISON اور POPE کے عہد پر منطبق ہوتا ہے۔

Aunt Edna

یہ پہلے پہل TERENCE RATTIGAN کے پیش لفظ میں نمودار ہوئی۔ یہ تھیٹر کی ریڑھ کی ہڈی ہے اور ہمیشہ حسن مذاق کی پیرو ہے۔ اس کی لیڈر نہیں۔

Authorised version

مصدقہ ترجمہ بائبل جو ۱۶۱۱ء میں کیا گیا۔

Autobiography

آپ بیتی؛ خود نوشت سوانح عمری۔ آپ بیتی کا مصنف اہم واقعات (اور کبھی جزئیات) کا مسلسل بیان کرتا ہے۔ آپ بیتی اور روزنامچے (DIARY JOURNAL) میں یہ فرق ہے کہ روزنامچے میں تسلسل نہیں ہوتا ہے

اور اسے مصنف نجی مقصد کے لیے لکھتا ہے - دیکھو
CONFESSIONAL LITERATURE

Autochthonous

آزاد و غیر متعلق خیالات جو خود بخود ذہن میں آجاتے ہیں اور جو سلسلۂ خیالات سے تعلق نہیں رکھتے ہیں بلکہ فطری طرز خیال کے لیے اجنبی سے ہوں - ایسے خیالات پر اس لفظ کا اطلاق ہوتا ہے۔

Autoclesis

درخواست سے پہلے ہی انکار کر کے کسی خیال کو سننے والوں کے ذہن میں ڈال دینا تاکہ ان کی مانگ جاگ اٹھے - دیکھو APOPHASIS

Automatism, automatic writing

بے مقصدی اور غیر ارادی تحریر، خاکہ یا نقش - آنکھ بند کر کے خاکہ بنانا - غیر ارادی طور پر لکھنا کیوں کہ لاشعور قلم یا موقلم کو ہاتھ میں لے کر تصویر یا تصنیف کو مکمل کر دے گا - SURREALIST فن کاروں کی یہ مقبول تکنیک ہے۔

Autosacramental

ایک ایکٹ کا متبرک (عشائے ربانی سے متعلق) ڈرامہ جو عید جسد کے روز کھیلا جاتا ہے۔

Auto-suggestion

خود ایمائی

Autotelic

فن کا اپنی علّت غائی خود ہونا اور اپنے سے الگ کوئی مقصد نہ رکھنا: POEM SHOULD NOT MEAN BUT BE. اس جملے میں ARCHIBALD MACLEISH نے اس نقطۂ نظر کی وضاحت کی ہے۔

Auxesis

دیکھو: Amplification

He lost beside his children and his wife,
His reel, renoun, liege, liberty and life,

Avant garde

نقیب - ادب میں اس لفظ کا اطلاق ایسے مصنفین پر ہوتا ہے جو نئے خیالات، نئے طرز عمل، تجرباتی تحریک کے علم بردار ہوتے ہیں یا جو روایت اور تقلید پسندی سے کنارہ کش ہو کر نئی روایت، نئے تجربوں کی بنیاد ڈالتے ہیں۔

Axiology

اقدار کا نظریہ، خصوصاً اعلا اقدار کا نظریہ (جیسے اخلاقیات جمالیات اور مذہب) اور ان کے ساتھ معاون اقدار کا مطالعہ (جیسے معاشیات) خصوصاً اس مقصد سے کہ انہیں کیسے جانا اور تجربہ کیا جائے اور ان کی ماہیت، ان کی قسموں اور ان کی وجودی حیثیت کا کھوج لگایا جائے۔

Axiom

اصول موضوعہ؛ اوّلیات؛ بدیہیات؛ جامع کلمہ یا قول۔

B

Babery; Babewynnery

یہ لفظ قلمی کتابوں کو مطلاّ اور مذہب کرنے کے معنی میں چودھویں صدی میں استعمال ہوتا تھا۔

Bacchius

وزن کا وہ رکن جس میں تین ہجائیں ہوتی ہیں - پہلی چھوٹی اور دوسری اور تیسری بڑی ہوتی ہیں - وہ سہ ہجائی رکن جس کی پہلی ہجا پر تاکید ہوتی ہے اور دوسری اور تیسری ہجاؤں پر تاکید ہوتی ہے۔

Backward Rhymes

دیکھو AMPHISBAENIC RHYMES

Balance

توازن۔

Balanced sentence

متوازن جملہ - ایسا جملہ جس کا ایک حصہ دوسرے حصے کے متوازن ہوتا ہے، جس میں ٹکڑے ہوتے ہیں۔

By incommodious encampments and unwholesome stations, were courage is useless and enterprise impracticable, fleets are silently dispeopled, and armies sluggisly melted away.
(Dr.Johnson)

Balancing of sounds

اصوات کا متوازن ہونا - یہ ہجاؤں کی تعداد پر منحصر نہیں ہے۔ ممکن ہے کہ ایک سطر میں ہجائیں زیادہ ہوں اور دوسری میں کم لیکن دونوں متوازن الصوت ہو سکتی ہیں۔

Ballad

سادہ اور مختصر بیانیہ نظم جو ابتدا میں گیت کے طور پر لکھی جاتی تھی۔ یہ نظم یکایک بے ربط طور پر شروع ہوتی ہے، جو واقعات ہو چکے ہیں ان کی طرف اشارہ کرتی ہے، قصے کو مکالے اور عمل کے ذریعہ بیان کرتی ہے اور ترجیع REFRAIN، کا استعمال کرتی ہے۔ سولھویں صدی اور سترھویں صدی میں انگلستان میں اس صنف کی عوامی نظمیں اپنے عروج پر تھیں اور وہ زبانی طور پر منتقل ہوتی تھیں۔ اس وجہ سے ان کے مختلف نسخوں میں فرق ہے۔ اس صنف کی ادبی نظم عوامی نظم کی تقلید میں شعوری طور پر شاعروں نے لکھیں اور عوامی نظم کی بہت سی ترکیبوں اور روایتوں کو انہوں نے برقرار رکھا۔ اس صنف کی تین ادبی نظمیں مشہور ہیں:۔

1. Coleridge : The Rime of the Ancient Mariner.
2. Keats : La Belle Dame Sans Mercie
3. Wilde : The Ballad of Reading Gaol

KEATS کی نظم کا پہلا بند ہے:۔

O what can ail thee, knight-at arms,
Alone and palely loitering?
The sedge has wither'd from the lake
And no birds sing.

Ballade

ایک معین شعری سانچہ جو قدیم فرانسیسی شاعری سے اخذ کیا گیا ہے۔ عموماً اس قسم کی نظم میں تین بند ہوتے ہیں، ہر بند میں آٹھ سطریں ہوتی ہیں اور آخر میں چار سطروں کا ایک مختصر بند ہوتا ہے جسے ENVOY کہتے ہیں اور جس میں کسی ممتاز شخصیت سے خطاب ہوتا ہے۔ وزن چہار رکنی IAMB یا ANAPEST، ہوتا ہے اور پہلے تین بندوں میں قوافی کی ترتیب اب اب ب ج ب ج ہوتی ہے اور آخری بند میں قوافی کی ترتیب ب ج ب ج ہوتی ہے۔ آخری سطر کی ہر بند میں تکرار ہوتی ہے۔ بعض نظموں میں دوہرا REFRAIN ہوتا ہے یعنی چوتھی سطر کے پہلے تین بندوں میں تکرار ہوتی ہے اور آخری بند میں قوافی کی ترتیب ب ب ج ب ہوتی ہے اور دوسری اور چوتھی سطریں وہی ہوتی ہیں جو ہر بند کی چوتھی سطر ہوتی ہے۔ کبھی یہ بھی ہوتا ہے کہ پہلے تین بندوں میں دس سطریں ہوتی ہیں اور آخری بند میں پانچ اور قوافی کی ترتیب اب اب ب ج ج د ج د اور ج ج د ج د ہوتی ہے۔ DOUBLE BALLADE میں چھ بند ہوتے ہیں اور ہر بند میں آٹھ یا دس سطریں ہوتی ہیں۔ قوافی تین یا چار ہوتے ہیں اور آخری بند حذف کر دیا جاتا ہے۔ CHANT ROYAL میں پانچ بند ہوتے ہیں اور ہر بند میں گیارہ سطریں ہوتی ہیں اور آخری بند (ENVOY) میں پانچ سطریں۔ قوافی کی ترتیب اب اب ج ج د د ہ د ہ ہوتی ہے۔ انگریزی شاعری میں CHANT ROYAL۔ کمیاب ہے۔ اس صنف کو ہلکی پھلکی شاعری کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

Ballad opera

اوپرا کی ایک قسم۔ GAY کا BEGGAR'S OPERA اس قسم کی پہلی مثال ہے۔ اس میں مقبول کورسوں کی کافی تعداد ہے۔ مکالمہ نثری ہے اور اچھی خاصی تعداد میں گیت ہیں۔

Ballad stanza

مربع۔ اس میں باری باری چار رکنی اور سہ رکنی سطریں ہوتی

ہیں اور قوافی کی ترتیب اب اب ہوتی ہے:

Ben Battle was a soldier bold,
And used to war's alarm,
But a cannonball took off his legs,
So he laid down his arms.

Thomas Hood : Faithless Nellie Gray.

Barbarism

لفظ کی تشکیل میں غلطی، خصوصاً مختلف زبانوں کے عناصر کو ملا دینا۔ CABLEGRAM میں اس قسم کی غلطی ہے کیونکہ انگریزی مادے کے ساتھ یونانی سابقہ جوڑ دیا گیا ہے۔ لفظ کی تشکیل میں کسی قسم کی غلطی کو بھی BARBARISM سے کہہ سکتے ہیں۔ جیسے SPOKE کی بجائے SPEAKED

Bard

شاعر۔ یہ لفظ ابتداءً کلٹی شاعروں کے لیے استعمال ہوتا تھا، جو نظمیں بھی لکھتے تھے اور انہیں گاتے بھی تھے۔ اور جو اپنی نظموں میں امیروں اور سورماؤں کے کارہائے نمایاں کو قصیدہ پڑھتے تھے۔

Baroque

یہ لفظ موسیقی اور بصری فنون (مصوری اور صورت گری) سے تعلق رکھتا ہے اور اس کا اطلاق اس طرز پر ہوتا ہے جو فن تعمیر یا مصوری یا صورت گری میں سولھویں صدی کے اواخر سے اٹھارھویں صدی کے اواخر تک رائج تھا اور جس کی خصوصیت پیچیدہ اور عجیب و غریب آرائش تھی جو BERNINI کے مجسموں اور RUBENS کی تصویروں میں پائی جاتی ہے۔ ادب میں اس کا اطلاق ایسے اسلوب پر ہوتا ہے جو ضرورت سے زیادہ تفصیلی ہے اور جس میں قصداً اوٹ پٹانگ، اختراعی، انوکھے تصورات، استعارات اور الفاظ کا استعمال ہوتا ہے۔

Barsetshire Novels

ANTHONY TROLLOPE کے وہ ناول جو ایک فرضی انگریزی ضلع کی زندگی کی تصویر کشی کرتے ہیں۔ جیسے THE WARDEN BARCHESTER TOWERS اور DOCTOR THORNE۔

Basbleu

وہ خاتون جو ادب کے ماہر ہونے کی مدعی ہوتی ہے۔

دیکھو BLUESTOCKING

Basic English

وہ زبان جو G.K. OGDEN اور I.A. RICHARD نے انگریزی زبان کی ابتدائی فرہنگ کو پیش نظر رکھ کر بنائی تھی۔ ان کا مقصد تھا کہ باتوں کو تجویز شدہ الفاظ کی حدود میں رکھا جائے اور اس طرح خیالات واضح طور پر بیان ہوسکیں۔

Basis

(۱) وزن کی اکائی جس میں بڑی اور چھوٹی ہجاؤں کی نسبت میں فرق نہیں ہوتا ہے لیکن ان کی ترتیب میں فرق ہوسکتا ہے۔ مثال کے طور پر کہہ سکتے ہیں کہ TROCHEE اور IAMB میں ایک BASIS (وزنی اکائی) ہے۔ (۲) دو رکنوں کی نظم جو کورس کے ناچ کے ساتھ پڑھی جاتی تھی۔

Bastard title

کوئی چیز جو معیار سے مختلف ہو، جو اصل نہ ہو، اسی لیے مختصر عنوان کہی جاتی ہے۔

Batch

بند۔ دیکھو STANZA

Bathos

ترفع معکوس۔ بلندی سے یکایک پستی میں گرنا۔ بلند خیالات کے بعد یکایک پیش پا افتادہ اور فرسودہ خیالات کا استعمال کرنا۔ خصوصاً جب مصنف شان دار یا رقت انگیز اسلوب کا قصد کرے لیکن نتیجہ مضحک ہو۔ اس لفظ کو اس معنی میں پہلی بار POPE نے اپنے مقالے ON BATHOS, OR THE ART OF SINKING IN POETRY میں استعمال کیا۔ یہ ایک ظریفانہ کنایہ تھا جس کے لکھنے کا خیال LONGINUS کی ON THE SUBLIME کو پڑھ کر ہوا تھا۔ BATHOS

اور ANTICLIMAX کو مرادف خیال کیا جاتا ہے لیکن جہاں ANTICLIMAX عموماً ارادی ہوتا ہے۔ BATHOS ہمیشہ غیر ارادی ہوتا ہے۔ کبھی کبھی اس لفظ کا اطلاق جذبات کی نری نمائش اور حد سے زیادہ سوز و گداز پر بھی ہوتا ہے۔

Battle of the Books

دیکھو ANCIENTS AND MODERNS

Beach-la-Mar

PIDGIN ENGLISH ۔ بگڑی ہوئی انگریزی۔

Beast epic

رزمیۂ جانوران۔ قرون وسطیٰ میں ایک سلسلۂ قصص ہوتا تھا جس میں کردار جانور ہوتے تھے جو انسانی خصوصیتیں رکھتے تھے۔ تمثیل کی شکل میں رزمیۂ جانوران معاصرانہ زندگی خصوصاً دربار اور کلیسا کی ہجو ہوتی تھی۔ یہ صنف کب اور کیسے ایجاد ہوئی یہ راز ابھی سربستہ ہے۔ غالباً کسی حد تک یہ AESOP'S FABLES کی مرہون منت ہے۔ خصوصاً چالاک لومڑی اور بیمار شیر کی حکایت جو پہلے رزمیۂ جانوران ECBASIS CAPTIVI (قیدی کی فراری) کا مرکزی قصہ ہے۔ اس کے بعد یہ چالاک بدمعاش (جس کا انگریزی میں نام REYNARD THE FOX ہے) اس قسم کی رزمیہ کا مرکزی کردار بن گیا۔ اور اس کے ساتھ ساتھ NOBLE, THE LION, THE COCK THE WOLF اور YSENGRIM CHANTICLEER بھی تھے۔ اگر تمثیل کے پس پردہ دیکھا جائے تو لومڑی کلیسا ہے، شیر بادشاہ اور بھیڑیا امراء ہیں۔

اس صنف کی سب سے مشہور مثال بارھویں صدی کا LE ROMAN DE RENARD ہے۔ اس صنف سے واقفیت انگلستان میں اس وقت عام ہوئی جب اس کے ایک ترجمے کا ترجمہ CAXTON نے ۱۴۸۱ء میں شائع کیا۔ اس سے پہلے چوسر CHAUCER نے اپنے قصے THE NUNS PRIESTS TALE میں مرغ (CHANTICLEER) اور لومڑی کے قصے کو علاحدہ طور پر لکھا تھا۔ نشاۃ ثانیہ میں SPENSER نے MOTHER HUBBARD'S TALE میں اس صنف کی روایت کو جاری رکھا اور ۱۷۹۳ء میں GOETHE نے REINEKE FUCHS میں اس صنف کو سیاسی اور سماجی ہجو کے لیے استعمال کیا۔

Beat

تاکید، زور، دباؤ۔ شاعری کی وزنی اکائی میں، خصوصاً نمودار اور باضابطہ تاکید جیسے THE RAVIN میں۔

Beat generation

وہ گروپ یا جماعت (جس کا ایک رکن BEATNIK کہلاتا ہے) جس نے دوسری جنگ عظیم کے بعد اپنے سماج کو مردود قرار دیا اور ALLEN GINSBERG, JACK KEROUAC اور GREGORY CORSO کی قیادت میں ان لوگوں نے امریکی تاثرات کو چھوڑ کر مشرقی تاثرات کو اپنایا اور سماجی ذمہ داری سے کنارہ کشی اختیار کر کے بغیر کسی روایتی ذریعہ معاش کے زندگی بسر کرنے کا فیصلہ کیا۔ ان کی تحریریں (مثلاً THE BEATS) سادہ ہیں لیکن بغاوت آمیز اور جنسیت سے بھرپور۔ اسی جماعت کی بڑھتی ہوئی موجوں کے سہارے چاروں BEATLES نے بھی شہرت حاصل کی اور کتابیں، غنائی نظمیں اور غزلیں لکھیں۔

ایک تشریح ان کی تحریروں کی یہ ہے کہ وہ قوت حیات کا اظہار کرنا چاہتے ہیں۔ یہ یقین کہ میں زندہ ہوں۔ اور یہ تیقن حسن صورت سے زیادہ اہم ہے۔ قوت حیات کا سب سے بڑا مظہر جنسیت ہے جو مستحکم روایتوں کے خلاف بغاوت ہے۔ اس کے علاوہ اس دنیا میں جرم ضروری ہے جسے خدا کی ظالمانہ غیر موجودگی نے انسان کے لیے اس لیے ضروری بنا دیا کیوں کہ یہی ایک ذریعہ ہے جس سے وہ ثابت کر سکتا ہے کہ وہ انسان ہے۔ مادے کا ایک ٹکڑا نہیں۔ یہ جرائم نفرت کا نتیجہ نہیں ہیں بلکہ قدروں کی تمنا کا۔ تشدد اور جنسیت کو برقرار رکھتے ہوئے لیکن صلح اور محبت کا دم بھرتے ہوئے سنہ ۱۹۶۰ء کے بعد BEATNIKS کی جگہ

HIPPIES نے لے لی۔

Beatnik

BEAT GENERATION کا ایک رکن

Bede - roll, Bead-roll, obituary-roll

چرمی کاغذ کا لپٹا ہوا بنڈل جس پر مُردوں کے لیے دعائیں لکھی ہوتی ہوتی ہیں۔ SPENSER نے لکھا ہے:

Don Chaucer, well of English undefiled,
On Fame, eternal bead-roll worthy to be filed.

Beginning Rhyme

سطروں کی ابتدا میں قوافی کا استعمال۔ اب اس قسم کے قوافی شاذ ہیں۔

Behaviourism

کرداریت؛ نظریہ کرداریت۔

Belief, the problem of

ادب کی جمالیاتی قدر اور وہ عقیدہ جو اس میں موجود ہے۔ ان دونوں میں کیا ربط ہے اور اس عقیدے کو قبول کرنا ضروری ہے یا نہیں۔ یہ مسئلہ فلسفیانہ اور مذہبی شاعری کی قدر و قیمت کا تعین کرنے کے وقت اٹھتا ہے۔ وہ DANTE اور LUCRETINS ہوں یا MILTON ، SHELLEY اور ELIOT بہت سے نقادوں کا کہنا ہے کہ پڑھنے والا کسی نظم کو بلند مرتبہ سمجھ سکتا ہے حالاں کہ اس کا عقیدہ قابلِ قبول نہیں (جیسے ایک عیسائی HARDY کی نظم NATURE'S QUESTIONING کو) لیکن ایک نظم سطحی، مضحک یا پُرفریب ہے تو وہ ناقابلِ قبول عقیدہ نظم کی کم قدری کا سبب ہوگا۔ سوال یہ ہے کہ عقیدے کے قابلِ قبول ہونے کا کیا معیار ہے۔ کوئی کہتا ہے یہ معیار SINCERITY ہے۔ کسی کے لیے یہ PLAUSIBILITY ہے اور کوئی MATURITY کا خواہاں ہے۔

Belles-lettres

ادبِ لطیف۔ یہ لفظ LITERATURE (ادب) کے مرادف کے طور پر استعمال ہوتا آیا ہے لیکن عصرِ حاضر میں اس کے معنی کو ہلکی پھلکی تحریروں یا ادبی حسن پر توصیفی مقالوں تک محدود کر دیا گیا ہے۔

Bestiary

(قرونِ وسطیٰ میں) نظم و نثر میں ایسی تصنیف جس میں حقیقی یا خیالی جانوروں کی ظاہری شکلوں اور ان کے خصائل کو تمثیل کے ڈھنگ پر بیان کیا جاتا تھا اور جس میں جانوروں کی حرکتوں اور خصلتوں سے عیسائی عقیدوں کی تشریح کی جاتی تھی۔

Bergerette

شبانی نغمہ۔ سولھویں صدی کا دیہی گیت یا رقص۔ اٹھارھویں صدی کا فرانسیسی نغمہ جس کا موضوع دیہاتی زندگی تھا۔

Best-seller

وہ کتاب جو خوب بکے۔ کم سے کم ۲۰ ہزار کاپیاں۔ ایسی کتاب کا مصنف۔

Bezonian, Besonio

نیا سپاہی، حاجت مند، بدمعاش۔

Under which king Bezonian? speak or die.
(Shakespeare)

Bias

کسی نظریے، مفروضے یا تشریح کی حمایت یا مخالفت کا رویہ جو غیر شعوری طور پر کسی فرد کے فیصلے پر اثر انداز ہوتا ہے۔ تعصب۔ بے جا مخالفت یا طرفداری (قدیم کھیل میں) گیند کا وہ بوجھ جس کی وجہ سے وہ اپنے رستے سے ہٹ جائے۔

Bibelot

بہت چھوٹی کتاب۔

Biblioclasm

کتابوں یا بائبل کو نیست و نابود کر دینا (مذہبی مقصد سے)

Biblioclast

کتابوں کو نیست و نابود کرنے والا۔

Bibliognost

کتاب شناس جو کتاب کے سرورق، اس کے خاتمے اور اس کی ساری جزئیات سے واقف ہو۔

Bibliogony

کتابوں کی پیداوار۔

Bibliography

کتابیات۔ کسی خاص مبحث سے متعلق کتابوں کی مدوّن اور مرتّب فہرست۔ کسی مصنف کی تصنیفوں کی فہرست۔

Bibliolatry

کتابوں کی پرستش یعنی بائیبل کے لفظی معنی کو ماننا۔

Bibliomancy

بائیبل سے پیش گوئی کرنا۔

Bibliomania

کتابوں کو جمع کرنے اور ان کے مالک ہونے کا جنون۔

Bibliophile

کتابوں کا عاشق۔

Bibliophobia

کتابوں سے خوف و نفرت۔

Bibliopole

کتب فروش

Bibliotaph

وہ جو کتابوں کو دفن کر دیتا ہے (یعنی تالہ کنجی میں بند کرکے)۔

Bibliotheca

کتابوں کا ذخیرہ، کتب خانہ، کیٹلوگ۔

Biblus, Byblus

پپیرس (PAPYRUS) کے بنے ہوئے اوراق۔ نرسل کی قسم کا درخت جو پانی میں ہوتا ہے۔

Biedermeier

جرمن ادب کا دور (۱۸۱۵ء سے ۱۸۴۸ء تک)۔ یہ لفظ فرنیچر کے ایک طرز سے لیا گیا ہے۔ یہ عہد بورژوا ترقی کا تھا اور تبدیلی کے خلاف تھا۔ غنائی نظموں اور ناولوں میں خوب صورت آراستہ باغ، گھریلو سکون اور اچھائی کی تعریف تھی۔ محدود مصنوعی، بے لطف، رسمی اور ذہنی اور سماجی طور پر منجمد۔

Bienseances, les

VRAISEMBLANCE کا ذیلی اصول۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) BIENSEANCES EXTERNES ڈرامائی اور افسانوی کرداروں کو زمانے کے طرز اخلاق کے مناسب ہونا چاہیے۔ (۲) BIENSEANCES INTERNES کسی کردار کے اعمال اس کی شخصیت کے مطابق ہوں۔ وہ شخصیت جو ناول میں دکھائی گئی ہے۔

Bigotry

تعصب

Bildungsroman

ایسا ناول جس میں مرکزی کردار کی نوخیز نشو و نما کی لفظی تصویر ہو جیسے DICKENS' کے ناول DAVID COPPERFIELD، MANN کے ناول THE MAGIC MOUNTAIN اور BUTLER کے ناول THE WAY OF ALL FLESH میں۔ کبھی اس قسم کے ناول کو ERZIEHUNGROMAN بھی کہتے ہیں یعنی وہ ناول جس میں مرکزی کردار کی ابتدائی زندگی اور تعلیم کا بیان ہو۔

Biography

سوانح عمری، سرگذشت، کسی ایک شخص کی زندگی کے حالات کا تذکرہ۔ نئی قسم کی سوانح عمریوں میں تخلیق سے کام لیا جاتا ہے اور ان میں نسبتاً بے لاگ رویہ ہوتا ہے۔ کلاسیکی اور عہد وسطیٰ کی سوانح عمریوں میں کسی نظریے کی تشریح و توضیح ہوتی ہے مثلاً کسی ولی کی سوانح عمری میں عیسائی ولی کی صفات کی توضیح ہوتی ہے۔ نشاۃ ثانیہ کے زمانے سے انفرادی شخصیت کی اہمیت اجاگر ہونے لگتی ہے اور BOSWELL نے جو DR. JOHNSON کی سوانح عمری لکھی اس سے گویا نئی

قسم کی سوانح عمری کا آغاز ہوتا ہے۔ رومانی مصنفوں کی داخلیت
اور FREUD کے نظریوں نے ایک نئی قسم کی سوانح عمری
کی بنیاد ڈالی جس میں کسی شخص کی اندرونی (داخلی) زندگی کی بھی
تخلیق ہوتی ہے۔ موجودہ زمانے میں ناول کی نئی تکنیک سے
بھی یہ صنف متاثر ہوئی ہے جس کی مثال ANDRE' MAUROIS
کی تصنیفوں میں ملتی ہے۔

Birth symbolism

محبوب چیز سے پہلی علاحدگی کی علامت، وہ علاحدگی جو نوزائیدہ
بچہ پیدائش کے وقت محسوس کرتا ہے

Birth trauma

پیدائشی مجروحیت، تشویش یا خوف جو بچہ پیدائش کے وقت
محسوس کرتا ہے۔ یہی تشویش یا خوف ہمارے خوف کی فیصلہ کن
اساس ہے۔ صدمۂ پیدائش۔

Black comedy

ایک قسم کا ڈرامہ جس میں کسی چیز کا اثبات نہیں ہوتا، جس کی بنیاد
یہ یقین ہے کہ کوئی چیز قابلِ یقین نہیں۔ جتنے مقاصد ہیں دھوکہ
ہیں۔ انسان ایک ان جانے سمندر پر بہتا جا رہا ہے جسے
ایسی طاقتیں بہائے لے جا رہی ہیں جنہیں وہ سمجھ نہیں سکتا
ہے۔ اس کے کردار بغیر کسی محرک کے عمل کرتے ہیں اور واقعات
ہوتے تو ہیں لیکن ان کے اسباب نامعلوم ہیں۔ زور ہے تو بدنما
چیزوں پر، غلیظیت خودنما اور بے رحم ہے۔ اخلاقی قدریں بالکل معدوم
ہیں۔ مثلاً JEAN GENIT کی THE BLACKS
HAROLD PINTER کی THE HOME COMING
اور F MARCUS کی THE KILLING OF SISTER GEORGE

Black humour

ایسی ظرافت جو بے رحمی پر مبنی ہے، اخلاقی قدروں کو الٹ پلٹ
کردیتی ہے اور مہیب چیزوں پر مسکراتی ہے۔ مثلاً W.S.GILBERT
کی BAB BALLADS جس میں خون ہے، قزاقی ہے،
آدم خوری ہے۔ ایک بچہ اپنی بہن کو آگ میں پھینک دیتا ہے،
'AIN'T HE CUTE, HE'S ONLY SIX'.

Black letter

ایک قسم کا ٹائپ جیسے OLD ENGLISH GOTHIC اور
FRAKTUR بھی کہتے ہیں۔

Blank verse

بے قافیہ نظم، نظمِ معرّا۔ وہ نظم جس میں قوافی نہ ہوں اور جو پنج
رکنی IAMBIC وزن میں ہو۔ انگریزی میں اس
صنف کا استعمال سب سے پہلے SURREY نے کیا
تھا۔ GORBODUC پہلا ڈرامہ تھا جو اس
BLANK VERSE میں لکھا گیا۔ پھر ملکہ ایلزبتھ کے زمانے
میں اس کا استعمال عام ہوگیا۔ MILTON نے اپنی
رزمیہ نظم فردوسِ گم شدہ (PARADISE LOST) بلینک
ورس میں لکھی کیونکہ یہ اس کے سنجیدہ اور بلند موضوع کے
لیے مناسب تھی۔ اور اس کے بعد سنجیدہ شاعری میں اس کا
استعمال ناگزیر ہوگیا۔

Blazon

خوبیوں اور محاسن کی تفصیل۔ PETRARCH کے
پیرو اپنی سانٹوں میں معشوق کے جسمانی حسن کو با تفصیل بیان
کرتے ہیں۔

Bleed

کسی تصویر کو صفحے کے آخر تک لے جانا اور کوئی مارجن نہ چھوڑنا۔

Blind tooling

کتاب کی جلد پر غیر مطلا نقش و نگار

Bliss

روحانی مسرت۔ مہا آنند۔ مسرتِ کامل۔ سعادت

Block-books

کتابیں جو ورق کے ایک طرف چھاپی جائیں

Bloomsbury Group

VIRGINIA WOOLF — اس گروپ کا مرکز تھی جس کے
ارکان BLOOMS BARY میں رہتے تھے۔ اس کے
دوسرے ممبران DUNCAN GRANT, MAYNARD KEYNES,

LEONARD WOOLF, LYTTON STRACHEY, CLIVE BELL,
اور E.M.FORSTER تھے۔ پہلی جنگ عظیم کے بعد
اس گروپ میں CHRISTOPHER ISHERWOOD اور
DAVID GERNETT کا اضافہ ہوا۔

Blue book

سنسنی خیز، سستا ناول

Blue flower, the

رومانی آرزو کی علامت NOVALIS کی HEINRICH VON OFTER
JINGEN سے یہ علامت ماخوذ ہے۔

Blueprint

بلوپرنٹ، خاکہ۔

Blue stocking

عالمہ، وہ عورت جو ذہنی اور ادبی دلچسپیاں رکھتی ہو یا ان کا دعویٰ کرتی ہو۔

Blurb

کتاب کی مختصر تعریف جو ناشر سرورق پر چھاپتا ہے۔
متشدد واعظ۔ یہ نام حضرت عیسیٰ نے JAMES اور JOHN (دیکھو MARK 111, 17) کو دیا تھا کیونکہ دونوں چاہتے تھے کہ آسمان سے آگ آ کر SAMARITANS کا خاتمہ کر دے۔

Boasting poem

رجز۔ وہ نظم جس میں مقرر جنگ میں اپنے کارہائے نمایاں کی تعریف کرتا ہے۔ عربی ادب میں اس قسم کی نظمیں عام تھیں اور یہ BEOWULF میں بھی پائی جاتی ہیں۔

Body

کسی کتاب کا مرکزی حصہ جو مقدمے اور خاتمے کے درمیان ہو؛ اسلوب کی خصوصیت، ٹھوس۔

Bold face

ٹائپ جو بھاری اور سیاہ رو ہوتا ہے۔

Bombast

روئی یا گھوڑے کے بالوں کا وہ بھراؤ جو فیشن کے تحت ضروریا
کی وجہ سے ملکہ الزبتھ کے عہد میں عورتیں ابھار بنانے کے لیے استعمال کرتی تھیں۔ پھر اس لفظ کا اطلاق اس مغلق اسلوب یا بے جا عبارت آرائی پر ہونے لگا جو اس زمانے کے ڈراموں میں پائی جاتی تھی۔ MARLOWE اپنے ڈرامے TAMBURLAINE, THE GREAT میں لکھتا ہے۔

Jove, viewing me in arms, looks pale and wan,
Fearing my power should pull him from his throne,

Where'er I come the Fatal sister sweat,
And grisly Death, by running to and fro,
To do their ceaseless homage to my sword,

Bomphilogy

مغلق الفاظ، پرشکوہ تقریر BOMBAST

Book-making

کتابیں بنانا۔ ناشر کسی خاص قسم کی کتاب کی ضرورت دیکھتا ہے یا سمجھتا ہے کہ فلاں موضوع پر کتاب بکے گی یا اسے کچھ تصویریں مل جاتی ہیں اور وہ چاہتا ہے کہ ان کے گرد ایک کتاب لکھی جائے۔ اس طرح ناشر سوچتا ہے اور پیشہ ور مصنف لکھتا ہے۔ اس طریقے کا نتیجہ بے کار کتاب بھی ہو سکتی ہے اور مفید کتاب بھی۔ لیکن یہ طریقہ بڑھا تو تخلیقی اور علمی کام ناممکن ہو جائے گا۔

Borachio

مست شرابی۔

Boredome

بیزاری، اکتاہٹ۔ وہ حالت جب توجہ بھٹکنے لگتی ہے اور کارگزاری کم ہو جاتی ہے۔

Boulevard, boulevardier

روح، انسان یا تصنیف جو فرانس میں SECOND EMPIRE کے زمانے میں پھولی پھلی۔

Boulevard drama

وہ ڈرامے جو انیسویں صدی کے اواخر میں LABICHE

اور HALEVY اور دوسرے ڈرامہ نگاروں نے پیرس کے اہم تھیٹروں کے لیے لکھے تھے۔ اب اس اصطلاح کا اطلاق اس قسم کے طربیہ ڈراموں پر ہوتا ہے جن میں کچھ تصنع ہوتا ہے اور جو تجارتی نقطۂ نظر سے لکھے جاتے ہیں۔ موجودہ زمانے میں انگریزی میں NOEL COWARD نے اسی قسم کے ڈرامے لکھے۔

Bourgeois, bourgeois illusion

بورژوا؛ متوسط طبقہ۔ بورژوا وہم یا فریب۔ بورژوا ذہنیت

Bourgeois drama

بورژوا ڈرامہ۔ عصر حاضر کے حقیقت نگارانہ ڈرامے جن کا موضوع متوسط طبقے کے کرداروں کے مسائل ہوتے ہیں۔

Bourgeoisie

امرا اور مزدوروں کے درمیان کا طبقہ۔ اسے مارکس (MARX) نے حاکم طبقہ قرار دیا ہے جو سرمایہ دارانہ نظام میں ابھر آتا ہے۔

Boustrophedon

قدیم یونانی لکھنے کا طریقہ۔ پہلی سطر بائیں جانب سے دائیں جانب اور دوسری سطر دائیں جانب سے بائیں جانب اور اس طرح باری باری۔

Bouts-rimes

غیر منسلک قوافی۔ ایسے قوافی جو بیتوں سے منسلک نہ ہوں۔ سترھویں صدی سے وقتاً فوقتاً غیر منسلک قوافی یا پہلے سے سوچے ہوئے قوافی پر فی البدیہہ اشعار یا نظم کہنا ایک دلچسپ مشغلہ رہا ہے۔

Bowdlerize

کسی عبارت سے فحش عبارت کا خارج کرنا؛ THOMAS BOWDLER نے THE FAMILY SHAKESPEARE سے ایسی مکروہ عبارتوں کو خارج کر دیا تھا جنہیں کوئی شریف آدمی کسی خاتون کے سامنے نہیں پڑھ سکتا تھا۔

Brachycatalectic

کسی سطر کی آخری دو ہجاؤں کو حذف کر دینا بشرطیکہ اس سطر کے ہر رکن میں تین یا تین سے زیادہ ہجائیں ہوں۔

Brachylogy, brachiology

مختصر؛ مجمل۔

Bragadoccio

بزدل شیخی باز۔ ایک کردار جو عام طور سے ڈراموں اور دوسری ادبی صنفوں میں پایا جاتا ہے۔

Braille

نابیناؤں کے لیے ایک نظام تحریر جس کا موجد LOUIS BRAILLE تھا۔

Breviary

رومن کیتھولک کتاب جس میں ہر روز کی دعائیں لکھی رہتی ہیں۔

Brief

خلاصہ؛ لب لباب؛ نچوڑ؛ فہرست؛ پوپ کا خط؛ کسی مقدمے کے واقعات اور قانونی امور کا خلاصہ جو وکیل کے لیے لکھا جاتا ہے۔

Brilliance, brilliant

طباعی؛ ذکاوت؛ آب وتاب۔ طباع؛ تابناک؛ ذکی؛ مت...

Broadside

بڑا اکہرا چھپا ہوا کاغذ جو بانٹا یا بذریعہ ڈاک بھیجا جاتا تھا۔

Brochure

چھوٹا رسالہ؛ چھوٹا پمفلٹ۔

Broken rhyme

وہ لفظ جو توڑ کر قافیہ بنایا گیا ہو۔

Brut

انگلستان میں عہد وسطیٰ کا کوئی روزنامچہ (CHRONICLE) جس میں فرضی ہیرو BRUTUS کی جانبازیوں کی داستان ہو جیسے LAYAMON'S BRUT

Buçolic

دیہاتی؛ گلہ بانوں اور گڈریوں سے متعلق VIRGIL کی مشہور نظمیں (BUCOLICS) دیہی زندگی سے متعلق ہیں۔

Bucclic diaresis

چھ رکنی DACTYLIC سطر میں چوتھے رکن کے بعد

وقفہ جہاں ہو اختتام رکن بھی ہو اور اختتام لفظ بھی۔

Bugarstice

SERBO-CROATIAN لمبی سطروں والی نظم جس میں پندرہ ہجائیں ہوتی ہیں اور ساتویں ہجا کے بعد وقفہ ہوتا ہے۔ کبھی تین TROCHEE کا ترجیع ہوتا ہے۔ موضوع عموماً جنگ ہوتا ہے خصوصاً ترکوں سے۔ اب اس کی جگہ چھوٹی سطروں والی نظم نے لے لی ہے۔

Bull

مضحک غلطی، گفتار متناقض۔ جیسے 'HIS BROTHER AND SISTERS ARE MUCH ALIKE ESPECIALLY HIS SISTER

Bunkum

فضول بکواس

Burlesque

تمسخر آمیز نقل یا تنقید۔ کسی رویّہ، اسلوب یا موضوع کا مذاق اڑانا۔ کسی بلند موضوع کو پست یا خفیف طرز میں یا، کسی ادنیٰ موضوع کو سنجیدہ طرز میں بیان کرنا۔ اس صنف کی آغوش میں بہت سی ہجویہ نقلیں کھنچ آتی ہیں لیکن BURLESQUE اور PARODY میں فرق کرنا ضروری ہے جیسے GILLBERT SULLIVAN نے PATIENCE میں جمالیاتی رویّوں کا مذاق اڑایا ہے لیکن کسی تصنیف کی تمسخر آمیز نقل نہیں ہے۔ لیکن بخلاف اس کے اس مثال میں LEWIS CARROLL نے SOUTHEY کی PARODY کی ہے۔

"You are old, Father William, the young man cried:
The few locks which are left you are grey:
Yc   hale, Father William,-a hearty old man:
Now tell me the reason, I pray".

"In the days of my youth,Father William replied,
"I remembered that youth would fly fast,
And abused not my health my and vigour at first,
That I never might need them at last" (Southey)

"You are old, Father William , the young man said,
'And your hair has become very white,
And yet you incessantly stand on your head -
Do you think, at your age, it is right?'
"In my youth, Father William replied to his son,
"I feared it might injure the brain,
But now that I am perfectly sure I have none,
Why, I do it again and again" (Carroll).

TRAVESTY بھی PARODY سے مماثل ہے لیکن اس میں لطافت کم ہے اور یہ زیادہ بے تکی ہجویہ نقل ہے۔

Burletta

مختصر طربیہ ڈرامہ جو موسیقی کے ساتھ کھیلا جاتا ہے۔ اس کا رواج انگلستان میں اٹھارھویں اور انیسویں صدی میں تھا۔ موسیقی کا جزو لازمی تھا کیوں کہ اس زمانے میں ڈرامے صرف مستند تھیٹروں تک محدود تھے۔ انیسویں صدی کے ایک مشہور و معروف BURLETTA کا نام TOM AND JERRY OR LIFE IN LONDON ہے۔

Burns stanza

یہ ایک خاص قسم کے چھ سطروں والے بند کا نام ہے جس میں قوافی کی ترتیب اا اب اب ہوتی ہے۔ اس کا موجد ROBERT BURNS تھا۔

Ha! whare ye gaun, ye crawlin' ferlie?
Your impudance protects you sairly;
I canna say but ye strunt rarely;
Ower gauze an' lace
Though, faith! I fear ye dine but sparely
On sic a place.

"To a louse"

Buskin

موٹے تلے کا تقریباً گھٹنوں تک کا جوتا جو قدیم یونانی المیہ

میں ایکٹر پہنا کرتے تھے۔ اس لیے اس فقرے،
TO PUT ON BUSKIN کے معنی ہیں المیہ لکھنا یا
المیہ میں اداکاری کرنا۔

Bylina

روسی عوامی رزمیہ یا بیانیہ نظم۔

Byronic Stanza

دیکھیو OTTAVA RIMA

Byzantine age

بزنطینی عہد جس میں قاموسی اور فاضلانہ تبحر علمی پائی جاتی ہو لیکن اختلاق اور رزوکی کی ہے ۔ یہ قدیم یونانی ادب اور علم کا بہترین مظہر ہے ۔

C

Cacemphaton

بھونڈا لفظ ؛ ذومعنی مبہم فقرہ ؛ پرشہوت اشارہ

Cacoethes scribendi

لکھنے کی خواہش (برے معنی میں)

Cacophony

بدآوازی ؛ ناگوار اور کرخت اصوات کا استعمال (شعری اثر کے لیے)۔ یہ بدآوازی دشواری تلفظ کا نتیجہ ہو سکتی ہے۔ لیکن شاعر جو تصویر پیش کرتا ہے وہ موثر ہوتی ہے۔ براؤننگ کی دو سطریں ہیں :

A tap at the pane, the quick sharp scratch
And blue spurt of a lighted match.

Meeting at Night

بے جوڑ آہنگیں اور کرخت اور ناگوار حروف صحیح کی ریل پیل ۔ دونوں مل کر بدآوازی پیدا کرتی ہیں لیکن تاریکی میں ناگہانی شعلے کی تصویر بہت موثر ہوتی ہے۔

Cacozelia

مرصع اسلوب اپر تکلف طرز ادا۔

Cadence

زیروبم ؛ پڑھنے یا بولنے میں آواز کا اتار چڑھاو جو تاکید دار اور بے تاکید اجزاؤں کے فطری تبادل کی وجہ سے ناگزیر ہو جاتا ہے۔ شاعری میں بول چال کے فطری زیروبم کی پیچیدہ اور منظم ترکیب کو CADENCE کہتے ہیں۔

Cadmean Victory

ایسی فتح جس میں اپنی تباہی ہو۔ دیکھیو PYRRHIC VICTORY

Caesure (Cesura)

وقفہ۔ نظم کی کسی سطر میں وقفے کا ہونا جس کی وجہ وزنیات نہ ہوں بلکہ بول چال کا فطری زیروبم ہو۔ کسی سطر میں دس یا دس سے زیادہ ہجائیں ہوتی ہیں اس میں ایک وقفہ ضرور ہوتا ہے اور فنکار شاعر وقفوں کے تغیر سے آہنگی تنوع پیدا کرتا ہے ۔

پوپ ذیل کی سطروں میں وقفوں کو مختلف مقاموں میں لاکر اپنی صناعی کا ثبوت دیتا ہے :

A little learning/is a dangerous thing;
Drink deep/or taste not the Pierian spring;
There shallow draughths/intoxicate the brain,
But drinking largely/sobers us again.

An Essay on Criticism.

Calamus

نرسل کا قلم۔

Calligraphy

خطاطی ۔

Calmness

سکون۔ قرار۔ ٹھہراو۔

Calypso

فی البدیہہ۔ مختصر بیانیہ نظم جسے امریکی انڈین میلے اور جشن کے موقع پر گاتے ہیں۔

Cambridge School of criticism or critics دیکھو

Canaanite poetry

کنعانی شاعری جس کی ایک خصوصیت متوازیت ہے۔ یہ بعد میں PHOENICIAN کتبے سے ملتی ہے۔

Snatched be the sceptre of his sovereignty
Upset be the throne of his kingship!

اس متوازیت میں مختلف خیالات ہو سکتے ہیں۔

A wise son gladdens a father
But a foolish son is the bane of his mother.

Cancionero

کسی عہد کے گیتوں اور غنائی نظموں کا مجموعہ۔ دو مشہور مثالیں CANCIONERO OF LOPE DE STUÑIYA اور CANCIONERO OF ALONSE DE BAENA ہیں۔

Cancrine

مقلوب مستوی۔ وہ لفظ یا شعر جو الٹ کر پڑھنے سے بھی یوں کا توں رہے۔

Canon

مسلمہ تصنیفات۔ اناجیل کی فہرست مسلمہ کلیسا۔ اسی طرح اس لفظ کا اطلاق کسی مصنف کی مسلمہ تصانیف پر ہوتا ہے جیسے شیکسپیر کے مسلمہ ۳۷ ڈرامے۔

Canso, Canson, Chanson

غزل وعشقیہ نظم۔ قدیم ترین PROVENÇAL فنا کی نظمیں VERS کہلاتی تھیں۔ پھر اس لفظ کی جگہ CANSON یا CHANSON نے لے لی۔

Cant

کسی طبقے یا فرقے یا پیشے کی مخصوص بولی۔ پر تکلف یا رواجی طرز ادا جو خلوص سے جدا ہوتا ہے۔

Cantica Canticum

لاطینی ڈراموں کے وہ حصے جو موسیقی کے ساتھ گائے یا الاپے جاتے ہیں۔

Canticle

چھوٹا بھجن

Cantiga

پرتگالی زبان میں قدیم گیت۔ یہ تین قسموں کے ہوتے ہیں۔ (۱) CANTEGAS DE AMOR محبت کے گیت جس میں عاشق (خصوصاً KNIGHT) اپنی ناکام محبت کا رونا روتے ہیں۔ (۲) CANTEGAS DE AMIGO جس میں لڑکیاں اپنی محبت کا محبت آمیز ترجیع میں بیان کرتی ہیں۔ (۳) CANTEGAS DE ESCARNIO جو منظوم ہجویں ہیں۔

Canting mark

تابع کا نشان جس میں نقشے میں نام کی رعایت رکھی ہے جیسے JOHN DAY کا نشان طلوع آفتاب اور یہ جملہ:

ARISE FOR IT IS DAY.

Canto

نظم کا باب یا فصل دانتے کی DIVINE COMMEDIA سپنسر SPENCER کی THE FAERIE QUEENE اور بائرن کی DON JUAN یہ سب CANTOS میں لکھی گئی ہیں۔

Canzone

اطالوی یا PROVENCAL نظم جو کسی بھی ساز کے ساتھ گائی جاتی ہے۔

Canzonet

ایک مختصر یا ہلکا پھلکا گیت۔

Capay Espada

ہسپانوی زبان میں اس کے معنی "لبادہ اور شمشیر" سے طربیہ ڈرامے جو سولھویں اور سترھویں صدی میں ہسپانوی ڈرامہ نگار مثلاً LOPE DE VEGA اور CALDERON DE LA BARCA لکھتے تھے اور جن کا موضوع طبقہ امرا کی عشق بازی اور سازش ہوتا تھا۔

Capitalism, Capitalistic system

سرمایہ داری / سرمایہ دارانہ نظام / سرمایہ دارانہ شاعری
انحطاط سرمایہ داری۔

Caption

دیکھو HEADLINE

Caricature

مسخ کردار۔ ادب میں وہ کردار جس کی چند منتخب خصوصیات کو مبالغہ آمیز طور پر مضحک اثر پیدا کرنے کے لیے پیش کیا جاتا ہے۔ ایتھرنج کے ڈرامے THE MAN OF MODE میں SIR FOPLING جیسا کہ نام سے ظاہر ہے ایک بانکے کی مبالغہ آمیز اور مضحک تصویر ہے۔ ڈکنس کے بیشتر کردار اس فن میں آتے ہیں۔ جو کرداروں کی چند منتخب خصوصیتوں کو بڑھا چڑھا کر پیش کرتے ہیں۔ جیسے:

MR. MICAWBER MR. PECKSNIFF, MR. JINGLE.

Carlylean

THOMAS CARLYLE کا اسلوب جس میں بے ضابطہ جملوں کی ترکیب، زوردار استعارے، الفاظ کی تراش خراش اور جرمن الفاظ اور فقرے ہوتے ہیں۔

Carmen

کوئی چیز جو رسوم کے موقع پر کہی جائے۔ گیت۔ بے لفظ کے نغمے۔ شاعری۔

Carmen Figuratum

سانچے میں ڈھلی ہوئی نظم۔ اس قسم کی نظم میں سطروں کی مخصوص ترتیب سے صفحے پر ایک نقشہ بنایا جاتا ہے۔ اگر نقشہ کسی چیز جیسے صلیب یا قربان گاہ کا ہے تو موضوع بھی وہی ہوتا ہے۔ ڈائلن تھامس کی نظم جس کا عنوان ہے: 'VISION AND PRAYER' اسی قسم کی نظم ہے۔ لیکن اس قسم کی نظم کا ایک مشہور و معروف نمونہ جارج ہربرٹ کی نظم THE ALTAR (قربان گاہ) ہے:

A broken Altar, Lord, thy servant reares,
Made of a heart, and cemented with teares,
Whose parts are thy hand did frame;
No workman's tool hath touch'd the same.
A heart alone
Is such a stone
Thy power doth cut,
Wherefore each part
Of my hard heart
Meets in this frame,
To praise thy name,
That if I chance to hold my peace
These stones to praise thee may not cease
O let thy blessed Sacrifice be mine
And sanctifie this Altar to be thine.

Carol

خوشی کا گیت۔ خصوصاً عیسائیوں کے بڑے دن یا عید کا گیت۔

Caroline

چارلس اوّل کے عہد کے شعرا جن میں HERRICK, HERBERT, CAREW, CRASHAW اور VANGHAR تھے جنہوں نے عشقیہ اور مذہبی نظمیں لکھیں۔ SIR JOHN SUCKLING اور RICHARD LOVE LACE نے عشقیہ نظمیں اور جنگ سے متعلق نظمیں لکھیں۔ انہیں CAVALIER POETS کہا جاتا ہے۔

Carpediem

شبابیات۔ شباب، حسن، عشق پا برکاب ہیں، اس لیے اس قسم کی نظموں میں یہ تلقین ہوتی ہے کہ آج جو خوشیاں میسر ہیں ان سے لطف اندوز ہو لو کیوں کہ شباب جلد گذر جائے گا۔

What is love? 'Tis not hereafter;
Present mirth hath present laughter
What's to come is still unsure.
In delay there lies no plenty;

Then come kiss me, sweet and twenty,
Youth's a stuff will not endure.

(Shakespeare)

Cartoon

موٹے کاغذ پر خاکہ۔ کوئی بڑی مزاحیہ اور طنز آمیز تصویر (رسالے میں)؛ پیچیدہ تصویر، چلتی پھرتی بولتی چالتی تصویریں جن کی فلم بنائی جاتی ہے۔

Cartouche

بیلیں جو با تصویر کتابوں اور کتاب کی تختیوں میں بنائی جائیں۔

Cast off

طباعت میں مسودہ کتنی جگہ لے گا، اس کا اندازہ لگانا۔

Catachresis

تحریف لفظی۔ لفظوں کا بے جا استعمال۔ کسی لفظ کا ایسی چیز پر اطلاق جس پر اس کا اطلاق نہیں ہوتا ہے۔ اگر PERSON کی جگہ INDIVIDUAL یا SEVERE کی جگہ CHRONIC کہیں تو یہ تحریف لفظی ہوگی۔ کوئی استعارہ یا صنعت لفظی جس میں آورد ہو، جس میں کھینچ تان ہو، جو غیر فطری ہو۔ CRASHAM نے اپنی ایک نظم میں حضرت عیسیٰ کے خون کو جامہ اور ان کے جسم کو توشہ خانہ کہا ہے:

Th' have left thee naked Lord! O that had!
This Garment too I would they had deny'd.
Thee with thyselfe they have too richly clad,
Opening the purple wardrobe of thy side.
O never could bee found garment too good
For thee to weare, but these, of thine owne Blood.

On our crucified Lord Naked and Bloody.

Catalectic

دیکھو ACATALECTIC

Catalects

مختصر نظموں کا ایک گروپ جسے کہا جاتا ہے کہ VIRGIL نے لکھا ہے۔

Catalogue verse

وہ نظم جس میں چیزوں یا ناموں کی فہرست ہوتی ہے۔ وحشی قوموں کی تمثیل آمیز نظموں میں ایسی فہرست ملتی ہے۔

Catastasis

تقریب کی تمہید کا بیانیہ حصہ۔ المیہ کا تیسرا حصہ۔ اس کے چار حصے ہوتے ہیں: (۱) PROTASIS (۲) EPITASIS (۳) CATASTASIS (۴) CATASTROPHE۔ المیہ کے اس تیسرے حصے میں نقطۂ عروج ہوتا ہے۔ اس کے بعد المیہ کا انجام ہوتا ہے۔

Catastrophe

المیہ انجام۔ کسی ڈرامے یا قصے کا المیہ انجام۔ SOPHOCLES کے ڈرامے OEDIPUS REX میں المیہ انجام کا منظر ہے جس میں OEDIPUS اپنی خود ساختہ جلاوطنی سے پہلے اس حالت میں دکھائی دیتا ہے کہ اس کی آنکھیں نکالی ہوئی ہیں۔

Catch

ایسی فاصل بے تاکید ہجا جو کسی سطر کی ابتدا میں ہو جو عام طور سے تاکید دار ہجا سے شروع ہوتی ہے:

New-born flocks, in rustic dance,
Frisking ply their feeble feet;
Forgetful of their wintry trance,
The birds his presence greet.

Catch-word

ترک۔ صفحے کے آخر کا لفظ جو دوسرے صفحے پر دہرایا جاتا ہے۔

Catechesis

زبانی تعلیم۔ سقراط کا طریقۂ تعلیم سوالات کے ذریعہ۔

Categorical imperative

امر غیر مشروط

Catharsis

تنقیہ، اصلاح، تزکیہ۔ ارسطو نے POETICS میں

کہا ہے کہ ٹریجڈی میں رحم اور خوف کے ذریعہ جذبات کا تنقیہ ہوتا ہے۔ اس لفظ اور اس کے معنی سے متعلق نقادوں میں اختلاف رائے ہے۔ ارسطو نے صرف اسی قدر کہا تھا کہ "ٹریجڈی رحم اور خوف کے ذریعہ جذبات کا تنقیہ کرتی ہے۔" اس عمل کی ابھی تک کوئی ایسی تشریح نہیں ملتی جس پر سب نقاد متفق ہوں۔

Caudate

ایک بند جس میں کچھ فاضل سطریں ہوں۔ خصوصاً سانٹ جس کے آخر میں FRANCESCO BERNI نے ایک آدھی سطر اور پھر دو سطریں بڑھا دیں۔ MILTON نے سولہ سطروں کی سانٹ لکھی جیسے ON THE NEW FORCERS OF CONSCIENCE

Causerine

ادبی بات چیت۔ اخبار یا ادبی رسالے کا مضمون جو غیر رسمی طور پر اور گفتگو کے پیرائے میں لکھا جاتے۔

Cavalier

سترھویں صدی میں انگلستان میں شاہی کا طرفدار۔ ان طرفداروں میں کچھ شعراء بھی تھے جو وفاداری اور شجاعت سے متعلق لکھتے تھے اور ان کے گیتوں میں عورت اور شراب کا ذکر ہوتا تھا اور زندگی کے عارضی ہونے کا بھی۔

Cavalier drama

CHARLES II کی ملکہ HENRIATTE-MARIE نے اپنی سرپرستی میں ایک خاص طرز کے ڈراموں کو دربار میں کھیلنے کی اجازت دی تھی جسے CAVALIER DRAMA کہتے تھے۔ اس قسم کے ڈراموں کا مواد یونانی رومانوں سے ماخوذ ہوتا تھا اور انہیں لوگ شوق سے پڑھتے تھے۔ ڈرامے کے پس منظر میں دو یا تین حکومتوں میں سیاسی اور فوجی تصادم ہوتا ہے۔ پلاٹ پیچیدہ ہوتا ہے۔ بحری قزاق مرکزی کرداروں کو گرفتار کر لیتے ہیں یا ڈوبتے ہوئے جہاز سے ان کی جانیں بچا لیتے ہیں۔ باعصمت اور حسین خواتین جانباز اور شریف مردوں سے محبت کرتی ہیں۔ ہوسناک بدمعاش، جو اس قسم کے ڈراموں میں ہمیشہ پائے جاتے ہیں اور دوسرے مزاحم شادی میں مانع آتے ہیں لیکن آخرکار ساری دشواریاں دور ہو جاتی ہیں اور ڈرامے کے اختتام پر شادی انجام پاتی ہے۔ مکالمہ مصنوعی، مغلق، پرتکلف اور نثر میں ہوتا ہے اور سطروں کی ترتیب سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا بے قافیہ نظم ہے۔ THOMAS KINGSTON اور SIR JOHN SUCKLING اس صنف کے دو مشہور ڈرامہ نگار تھے۔

Cavalier Poetry

CHARLES I کے درباریوں کی لکھی ہوئی شاعری۔ یہ نظمیں نفیس اور مختصر ہیں جن میں عشق، نغمہ، شراب اور بادشاہ کی تعریف ہوتی ہے۔ SUCKLING ، LOVELACE اور CAREW اس عہد کے مشہور شاعر ہیں۔

Cedilla

ایک نشان جو 'C' کے نیچے لگایا جاتا ہے یہ دکھلانے کے لیے کہ اس کا تلفظ 'س' ہے۔

Celtic Renaissance

کلٹی نشاۃ ثانیہ۔ دیکھو IRISH LITERARY RENAISSANCE

Celtic Twilight

کلٹی دھندلکا یا جھٹ پٹا۔ انیسویں صدی کے کچھ آئرش شعراء آئرستان کے رومانی ماضی سے دلچسپی رکھتے تھے اور وہ اپنی تصنیفوں میں کلٹی اساطیر اور داستانوں پر مبنی ایک حسین دھندلی فضا کی تخلیق کرتے تھے مثلاً YEATS نے THE WANDERINGS OF OISIN میں قدیم جانبازانہ زمانوں کی افسانوی کرداروں کے ذریعہ تخلیق کرتا ہے اور خواب اور سایہ وغیرہ کی باتیں کرتا ہے۔ کلٹی دھندلکے کے شاعروں کا موضوع ایک غیر حقیقی دنیا ہے جو حقیقی دنیا سے زیادہ حسین ہے۔ YEATS نے جو آئرش ادبی نشاۃ ثانیہ کا رہنما تھا، اپنی ایک کتاب کا نام THE CELTIC TWILIGHT

(کلیٹی دھندلکا) رکھا تھا۔ JAMES JOYCE نے اس کا مذاق اڑایا تھا اور اسے CELTIC TWILIGHT کہتا تھا۔

Censorship
سرکار سے کتابوں، تماشوں، خبروں کو مخرب اخلاق قرار دینا۔

Cento
وہ مضمون جو مختلف مصنفوں کی خوشہ چینی کا نتیجہ ہو۔

Cerograph
موم پر نقش۔ تحریر جو موم لگے تانبے کے تختے پر ہو اور جس پر ترشہ لگانے کے بعد ایک پلیٹ بن جائے جس سے نقش اتارا جا سکے۔

Cerotype
دیکھو CEROGRAPH

Certitude
تیقن۔

Chain reflex
سلسلۂ فعل اضطراری۔

Chain verse
زنجیری نظم۔ وہ نظم جس میں مختلف بند (اور کبھی کبھار سطریں) قوافی یا تکرار کی مختلف صورتوں سے ایک دوسرے سے منسلک ہوں۔ فرانسیسی نظم VILLANELLA اسی قسم کی ہے۔

Chair ode
دیکھو EISTEDDFOD

Chalcography
تانبے اور پیتل پر لکھنے کا فن۔

Cham
KHAN کی متروک شکل۔

Chanson
شعری تصنیف۔ پرانی فرانسیسی اور پرووانسالی غنائی شاعری خصوصاً عشقیہ نظمیں جن میں معشوق سے خطاب ہو یا صرف گریہ زاری ہو۔

Chanson de Geste
نغمۂ جانبازی۔ ایک قسم کا فرانسیسی رزمیہ جس میں واقعی یا افسانوی ہیرو کی جانبازی کی داستانیں ہوتی ہیں۔ بہت سے قصوں کا مرکز CHARLEMAGNE اور اس کے نائیٹ ہیں۔ بہت سی نظموں میں اہل اسلام سے جنگوں کا بیان ہے اور بہت سی نظمیں CHARLEMAGNE کے امراء کی بغاوت، سرکشی اور بے وفائی سے متعلق ہیں۔ بعد کی نظموں میں رومانی عناصر جیسے دیو، پری، عیسائی نائیٹ اور مسلم خاتون کا عشق داخل ہو گئے۔ یہ صنف گیارھویں صدی سے چودھویں صدی تک بہت مقبول تھی۔ اس قسم کی نظموں کے اسّی نمونے ملتے ہیں جن میں سب سے زیادہ مشہور CHANSON DE ROLAND ہے۔

Chansonnier
PROVENCAL نظموں کا قلمی مجموعہ

Chant
بھجن۔ دیکھو HYMN

Chantefable
نثری قصہ جس میں نظمیں بھی ہوں جیسے AUCASSIN ET NICOLETTE

Chantey (chanty, shantey)
ملاحوں کا گیت۔

Chant Royal
دیکھو BALLADE

Chapbook
رسالہ جو لندن کی گلیوں میں دست فروش بیچا کرتے تھے۔ خصوصاً سولھویں صدی سے اٹھارھویں صدی تک اس قسم کے رسالوں میں نظمیں، رومان، بدنام مجرموں کے قصے ہوتے تھے۔

Character, The
خاکہ۔ ایک ادبی صنف جو سترھویں اور اٹھارھویں صدی میں مقبول تھی اور جس کی بنیاد THEOPHRASTUS کے CHARACTERS

پرستی۔ یہ خاکہ مختصر مقالہ ہے جس میں کسی خاص سماجی نمونے کی خوبیوں یا خامیوں کا بیان ہوتا تھا جیسے بانکا۔ جاگیردار وغیرہ

Characterization

کردار نگاری - ARNOLD BENNETT کا قول ہے کہ اچھے ناولوں کی بنیاد کردار کی تخلیق کے سوا کچھ نہیں۔ اسے دو طرح پیش کیا جا سکتا ہے۔ (۱) براہ راست قارئین کو اس کی خصوصیات سے آگاہ کر دیا جائے۔ (۲) عمل کے ذریعہ۔

Charientism

حملہ یا توہین جو ایسے لفظوں میں ہو کہ جس کی طرف روئے سخن ہو وہ اسے حملہ یا توہین نہ سمجھے۔

Charivari

برتن، کیتلی، تشتری بجا کر عوامی خفگی کا اظہار۔ پیرس کے ایک طنزیہ رسالے کا نام۔

Charlatan

علم یا مہارت کا جھوٹا مدعی۔ آرنلڈ ARNOLD نے لکھا ہے:
"علم یا مہارت کا جھوٹا دعا ہمیشہ بہتر اور کمتر، معقول اور نامعقول، حق اور ناحق یا نیم حق میں فرق نہیں کرتا ہے... سب چیزوں سے زیادہ شاعری میں اس کی مطلق اجازت اور گنجائش نہیں کہ ہم اس فرق کو مٹا دیں یا ان میں خلط ملط کر دیں کیوں کہ شاعری میں اس امتیاز کی...... انتہائی اہمیت ہے۔"

Chaucer stanza,
Chaucerian st:anza

سات سطروں کا بند جس میں وزن پنج رکنی IAMB ہوتا ہے اور ترتیب قوافی اب اب ب ج ج ہوتی ہے۔ دیکھو RHYME ROYAL

Chauvinism

جنگجویانہ وطن پرستی NICOLUS CHAUVIN نپولین کے زمانے کا بہادر تھا اور SCRIBE کے ڈرامے SOLD AT LABOUREUR میں اور دوسرے ڈراموں میں بھی اس کی تصویر کشی ملتی ہے۔ بعدہ اس قسم کی وطن پرستی کو معنکہ

خیز سمجھا گیا۔

Cheville

وہ لفظ یا فقرہ جو کسی جملے یا شعر کو اچھی طرح ختم کرنے کے لیے استعمال کیا جائے۔

Chevy Chase stanza

BALLAD STANZA = وہ بند جو BALLAD میں پایا جاتا ہے۔

Chiaroscuro

دھوپ چھاؤں (تصویر کشی یا ادب میں)۔

Chiasm, chiasmus

صنعت تقلیب - وہ عبارت جس میں دو متوازی جملے ہوتے ہیں جن کے عناصر مقلوب یا معکوس ہوتے ہیں جیسے:

FLOWERS ARE LOVELY LOVE IS FLOWERLIKE یا

...flame lawless through the void
Destroying others, by himself destroyed

Pope: An Essay on Man.

Chichevache

ایک اعجوبہ عورت جو صابر بیویوں کو کھاتی تھی اس لیے چرمرا سوکھا ہو گئی تھی۔ اس کا شوہر BYCORNA اچھے اور صابر شوہروں کو کھا کر موٹا تازہ ہو گیا تھا۔ CHAUCER نے لکھا ہے:

O noble wyves, ful of heigh prudence,
Let noon humilitie your tongues nayle....
Lest Chichevache you swolwe in her entrayle.

Chimerat

قصہ جس کے زمان و مکان نا معلوم ہوں۔

Chinoiserie

چینی اخلاق، فن اور دلچسپیاں۔

Choleric

صفراوی۔ غصیلا۔ تیز مزاج۔ محرور المزاج۔

Choliamb

سہ رکنی IAMB جس کے آخری رکن میں TROCHEE یا SPONDEE ہو۔ ‎/˘˘/ ˘/ ‎/˘/‎ یا ‎"˘/ ˘/ ‎-/‎ ‎-‎ ‎ ‎ اسے ہجو یا مزاحیہ نظم کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اسے SCAZON بھی کہتے ہیں۔

Chopine

اونچا جوتا۔ HAMLET میں ہے:

'By'r lady, your ladyship is nearer to heaven than when I saw you last by the altitude of a chopine.

Choree

وہ رکن جس میں بڑی ہجا کے بعد چھوٹی ہجا ہو ‎/ ˘ - /‎ اسے TROCHEE بھی کہتے ہیں۔

Choriamb, choriambus

وزن کا وہ رکن جس میں دو بے تاکید ہجاؤں کے درمیان دو تاکید دار ہجائیں ہوتی ہیں:

Sweét thĕ/kissĕs ŏf déath/sét ŏn thy̆ lips/
cóldĕrăre théy/ thăn mine;
Cóldĕr/súrelȳ thăn påst/kissĕs thăt lóve/
póured/fŏr thy̆ lips/ăs wine.

SWINBURNE

CHORIAMBIC سطر میں پہلا رکن TROCHEE اور آخری ہوتا ہے۔ ان دونوں سطروں میں ایسا ہی ہوتا ہے۔

Chorus

کورس ؛ طائفہ سرود خواناں۔ مذہبی تہواروں میں ناچنے والوں کا طائفہ۔ اسی پر یونانی ڈرامے کی بنیاد پڑی۔ ڈرامے کی ترقی کے ساتھ ساتھ اس کی اہمیت بتدریج کم ہوتی گئی۔ AESCHYLUS کے ڈراموں میں یہ طائفہ سرود خواناں ڈرامے کے عمل میں حصہ لیتا تھا۔ SOPHOCLES کے ڈراموں میں اس کی حیثیت مبصر کی ہے اور EURIPIDES کے ڈراموں میں اس کا کام نغمہ سرائی ہے۔ رومیوں نے اسے یونانیوں سے اخذ کیا اور ملکہ الزبتھ کے عہد کے ڈرامہ نگاروں نے رومی ڈرامہ نگاروں کی تقلید کی لیکن انگریزی ڈرامہ نگاروں کا یہ کبھی کل جزو نہ بن سکا۔ SHAKESPEARE کے ڈرامے HAMLET میں صرف ایک فرد بن کر رہ گیا ہے اور دورِ حاضر کے ڈراموں میں یہ شاذ ہے

Chrestomathy

کشکول۔ چیدہ نثری یا شعری عبارتوں کا مجموعہ خصوصاً وہ جو کسی زبان کو سکھانے کے لیے مستعمل ہوتا ہے۔ اسے ANTHOLOGY بھی کہہ سکتے ہیں۔

Christabel Metre

COLERIDGE نے CHRISTABEL میں قدیم انگریزی شاعری کے اصول کو برتا ہے جس میں ہر رکن میں صرف تاکیددار ہجاؤں کی اہمیت ہے۔ اس کی سطروں میں ہجاؤں کی تعداد گھٹتی بڑھتی رہتی ہے۔

There ís not wínd enóugh to twírl
The óne red léaf, the lást of its clán,
That dánces as óften as dánce it cán,
Hánging so líght and hánging so hígh;
On the tópmost twíg that looks úp at theský

ہر سطر میں چار تاکیددار ہجائیں ہیں۔ بے تاکید ہجاؤں کی تعداد مختلف ہے۔

Chronicle

روزنامچہ۔ واقعات کا مسلسل بیان ان کی تاریخی ترتیب کے مطابق JEAN FROISSART کے CHRONIQUES بہت مشہور ہیں۔

Chronicle Play

ڈرامہ کی ایک قسم جس میں انگلستان کے وقائع یا روزنامچوں سے مواد لے کر اسے ڈرامائی تشکیل دی جاتی تھی HOLINSHED کے روزنامچے مقبول ماخذ تھے اور اس قسم کے ڈرامے ملکہ الزبتھ کے عہد میں بہت مقبول تھے۔ پہلے ان ڈراموں کی تعمیر میں یکسانی کی کمی ہوتی تھی لیکن آہستہ آہستہ ان کی تعمیری

خوبیوں میں اضافہ ہوا اور ان کے علاوہ کردار نگاری کے حسن میں بھی اضافہ ہوا اور یہ تاریخی ڈرامے (HISTORICAL DRAMAS) کہلانے لگے۔ MARLOWE کا ڈرامہ EDWARD II اور SHAKESPEARE کا ڈرامہ HENRY V دو مشہور انگریزی تاریخی ڈرامے ہیں۔

Chronogram

مادۂ تاریخی۔ کتبے میں بعض حروف نمایاں ہوتے ہیں جو رومن اعداد بھی ہوتے ہیں اور ان حروف کے اعداد مل کر تاریخ بناتے ہیں۔

Ciceronian

CICERO کا اسلوب۔ اس کا اسلوب مترنم، صاف، استعاروں سے اور متوازن حصوں سے بھرپور ہوتا ہے۔

Ciceronian sentence

CICERO کا قول تھا کہ نثر میں وزن ہونا چاہیے لیکن پوری عبارت میں وزن نہ ہو ورنہ یہ نظم ہو جائے گی۔ آہنگ کو پورے جملے پر حاوی ہونا چاہیے خصوصاً جملے کے آخر میں۔

Cinquain

ADELAIDE CREPSEY کی ایجاد ہے۔ اس نظم میں پانچ سطریں ہوتی ہیں۔ پہلی اور آخری سطروں میں دو IAMBIC ہجائیں ہوتی ہیں، دوسری میں چار ہجائیں، تیسری میں چھ ہجائیں اور چوتھی میں آٹھ ہجائیں ہوتی ہیں۔ بائیس ہجاؤں کا یہ مختصر سانچہ جذبات کو مرکوز کرنے اور آسانی سے ترسیل کرنے کے لیے بنایا گیا ہے۔ اس میں نفاست ہے لیکن ذرا تصنع ہے۔ اس کی بنا شاید جاپانی ہائیکو پر ہے۔

Cipher

خفیہ تحریر۔ تحریر جس میں خفیہ طریقہ استعمال کیا جاتا ہے۔ عموماً حروف تبدیل کر دیے جاتے ہیں یا صرف تبدیلی کل ہوتی ہے۔ SWIFT کے JOURNAL TO STELLA میں ہے:

....you must cly Lele and Hele, and aden.
Must loo imitate Pdfr, pay ?
Iss, and sola shall. And soleles folee rettle.
Dood mollow.

[....YOU MUST CRY THERE AND HERE, AND HERE AGAIN. MUST YOU IMITATE PRESTO, PRAY? YES AND SO YOU SHALL. AND SO THERE'S FOR YOUR LETTER. GOOD MARROW.]

اور تبدیلیوں کے علاوہ SWIFT نے R کو L میں تبدیل کر دیا ہے۔

Circa:circiter:circum

تقریباً۔

Circumambages

طول کلام کے طریقے یا ترکیبیں۔

Circumlocution

زیادہ گوئی، طول کلام۔

Circumstance, Tragedy of

وہ المیہ جس میں کوئی خارجی قوت۔ تقدیر یا زندگی کا طنز۔ غیر مستوجب بربادی کا سبب ہوتی ہے۔

As flies to wanton boys are we to the gods,
They kill us for their sport

(King Lear)

Clarity

صفائی، وضاحت۔

Class

طبقہ۔

Class, ruling

حکمراں طبقہ۔

Class consciousness

طبقاتی شعور۔

Class differentiation

طبقاتی تفریق۔

Classless Society

بے طبقاتی سماج۔

Class struggle

طبقاتی کشمکش۔

Classic

اعلیٰ درجے کا ، مستند ؛ جس میں انفرادیت بھی ہے اور عالمگیری بھی۔

Classical

کلاسیکی۔اس لفظ کے مختلف زمانوں میں مختلف معنی رہے ہیں۔اس لیے اب اس کا کوئی ایک مخصوص مفہوم باقی نہیں رہا ہے۔پہلے SCRIPTER CLASSICUS اس کو کہتے تھے جو اعلیٰ طبقوں کے لیے لکھتا تھا۔برخلاف SCRIPTER PROLETARINA کے جو نچلے طبقوں کے لیے لکھتا تھا۔پھر قابل مطالعہ اور قابل تحفظ تصنیفوں پر اس لفظ کا اطلاق ہونے لگا۔اس کے بعد یونانی اور رومی ادب پر ہونے لگا اور پھر اس ادب پر جو یونانی یا رومی ادب کی تقلید میں لکھے گئے تھے۔اور CLASSICAL اس ادب کو بھی کہتے ہیں جو قدیم ادب سے تصور و تشکیل میں مختلف ہوتے ہوئے بھی بلندی اور تکمیل میں نمایاں ہے۔عام اصطلاح میں کلاسیکی ادب اس ادب کو کہتے ہیں جس میں توازن ، وحدت ، تناسب ، اعتدال ، نفیس سادگی اور پرسکوت عظمت پائی جاتی ہے۔

Classicism

وہ اصول جن پر کلاسیکی فن کی بنیاد ہے۔ کلاسیکیت۔

Classic Versification

کلاسیکی نظم گوئی۔اس کے تین رخ ہیں : تاریخی ، جمالیاتی ، عملی۔

Classification, literary

ادبی درجہ بندی۔استنفاف۔

Clearness

وضاحت بیان۔

Clef

کنجی ، کلید۔دیکھو LIVRE Á CLEF

Clench

رعایت لفظی ، لفظوں کا کھیل۔

Clerihew

مضحکہ خیز دو بیتی نظم۔اس کا موجد EDMUND C. BENTLEY ہے۔اس میں دو بیتیں ہوتی ہیں جن میں کسی شخص کا مضحکہ اڑایا جاتا ہے اور اس کا نام بھی ایک قافیہ ہوتا ہے۔

Sir Humphrey Davy
Abominated gravy
He lived in the odium
Of having discovered sodium.

Cliche

فرسودہ یا پامال فقرہ۔ایسا فقرہ کو کثرت استعمال سے اپنا اثر کھو بیٹھتا ہے اور اکثر اس کا اصلی معنی بھی مفقود ہو جاتا ہے :

BECKSON AND GANZ BUSY AS BEES ARE WORKING LIKE DOGS TO OBTAIN FILTHY LUCRA

اس جملے میں تین CLICHE یا پامال فقرے ہیں۔کبھی کبھی اس قسم کے فقروں کو مسخ کر کے مضحکہ خیز اثر پیدا کیا جاتا ہے :

Sally, having swallowed cheese,
Directs down holes the scented breeze
Enticing thus with baited breath
Nice mice to an untimely death.

Goffrey Taylor.

اس مثال میں فرسودہ فقرے BATED BREATH کی جگہ پر BAITED BREATH کا استعمال ہوا ہے۔ BATED اور BAITED کا تلفظ ایک ہے لیکن معنی مختلف ہیں اور یہی اختلاف معنی اسے مضحکہ خیز بنا دیتا ہے۔

Climate of opinion

خیالات ، تصورات و طرز ادا جو روح عصری سے ہم آہنگ ہوں۔

Climax

نقطۂ عروج۔وہ لمحہ جب کوئی ڈراما یا افسانہ اپنے عروج کمال یعنی اپنی انتہائی شدت پر ہوتا ہے۔اس مخصوص اہم ترین نقطۂ عروج سے پہلے چھوٹے چھوٹے (کم اہمیت رکھنے والے) نقطہائے

عروج ہو سکتے ہیں۔

Cloak and dagger

جاسوسی ڈرامے جن میں آج کل کی جاسوسی کے خطرے، دھوکے، چھپے دکھائے جاتے ہیں۔

Cloak and sword Play

دیکھو CAP ...

Cloak without dagger

GRAHAM GREENE نے کہا ہے کہ WILLIAM LE QUEUX نے دنیا کو از سر نو بنایا ہے۔ جاسوسی افسانے سنسنی خیز قصوں سے نکلے ہیں۔

Clock of history

ساعت تاریخ۔

Clog almanac

لکڑی کی جنتری۔ ایک مربع لکڑی کے چاروں کونوں پر تاریخیں کھودی جاتی تھیں۔

Clootie

شیطان کا ایک نام۔

Closed heroic couplet

دیکھو HEROIC COUPLET

Closet drama

وہ ڈرامہ جو پڑھا جاتا ہو، کھیلا نہیں جاتا جیسے KEATS کا OTTO THE GREAT وہ ڈرامہ جو تھیٹر کے لیے لکھا جائے لیکن جس کا شمار ڈرامائی نظموں میں ہو جیسے SHELLEY کا ڈرامہ THE CENCI -

Clou

وہ مقام یا واقعہ جس پر پورا واقعہ مرکوز ہو۔ عروج -

Cloud-cuckoo-Land

دیکھو NEPHELO COCCYGIA

C.M.

COMMON MEASURE کا مخفف ۔

Cock-and-bull story

طویل بغیر واضح۔ غیر مسلسل قصہ -

Cockaigne, cockayne

عیش و آرام کی خیالی دنیا۔ شاید یہ THE FORTUNATE ISLES کا دوسرا نام ہے۔

Cockney School

یہ لقب BLACKWOOD MAGAZINE نے KEATS ، WILLIAM HAZLITT ، LEIGH HUNT اور ان کے دوستوں کے لیے گھڑا تھا۔ اس فہرست میں SHELLEY کے نام کا بھی اضافہ کر دیا گیا تھا۔ صرف ایک بُرے قافیے کی وجہ سے ؛ TIME - NAME - ذوق اور اسلوب کی بدنمائی خصوصًا LEIGH HUNT میں پائی جاتی ہے۔ اسی لیے وہ خاص نشانہ تھا۔

Cockney rhymes

... تلفظ کی وجہ سے رونما ہوں جیسے KEATS
اور SPIKE-END - WEAKENED

Coconscious

شعور۔

Coda

خاتمہ (دو یا زیادہ سطروں میں) جس کا سانٹ میں اضافہ کر دیا ہو۔ یہ ملٹن کی سانٹ کا خاتمہ ہے جس میں چودہ سطروں کے بعد :

That so the Parliament
May with their wholsom and preventive shears
Clip your Phylacteries, though bauk your Ears,
And succour our just Fears
When they shall read this clearly in your charge
<u>New Presbyter</u> is but <u>Old Priest</u> writ Large.

Codex

مخطوطہ۔

Coffee-Table book

بڑی اور چکیلی آرٹ کی کتاب جو سماجی موقعوں پر STATUS SYMBOL کی طرح دکھائی جاتی ہے۔

Coherence

پیوستگی۔ مختلف حصوں کا ایک دوسرے سے ایسا مکمل ربط کہ تصنیف یا نظم ایک اکائی معلوم ہو۔

Cohesion

پیوستگی۔

Coin

الفاظ تراشی۔ نئے الفاظ ایجاد اور استعمال کرنا۔ شیکسپیر میں ایسے فقرے ملتے ہیں،

'MIND'S EYE , 'THIS TOO TOO SOLID FLESH'
'THE PRIMROSE PATH' SPEAK DAGGERS'

ملٹن نے 'PANDEMONIUM ANARCH MOON-STRUCK جیسے الفاظ ایجاد کیے۔

Coincidence

دو غیر متوقع واقعات کا بیک وقت ہونا۔ مصنوعی طور پر کرداروں یا واقعات کو کسی افسانے میں یکجا کرنا (خصوصاً خاتمے کو مؤثر بنانے کے لیے)۔

Collage

ترشیں اقتباسات (دوسرے مصنفوں سے)، تلمیحیں، اجنبی الفاظ کسی نظم کا جزو لاینفک بن جاتے ہیں اور اس کے افق کو وسیع تر بناتے اور حیرت پیدا کرتے ہیں۔ یہ ترکیب ELIOT ، JOYCE اور POUND میں پائی جاتی ہیں۔

I sat upon the shore
Fishing, with the arid plain behind me
Shall I at least set my lands in order?
London Bridge is falling down falling down
falling down
Pois'ascase nel foco che gli affina
Quando fiamati chelidon - O swallow swallow
Le Prince d'Aguitaine a la tour abolie
These fragments I have shored against my ruins
Why then Ile fit you. Hieronymo's mad againe.
Datta.Dayadhvam.Damvata.
Shantih shantih shantih

T.S.Eloit:
The Waste Land.

Collate

کتاب کے مختلف نسخوں کا مقابلہ کرنا۔

Collective freedom

اجتماعی آزادی۔

Collective mind

اجتماعی نفس۔

Collective speech

اجتماعی زبان۔

Collective unconscious

اجتماعی لاشعور۔

Collins, William

ایک خود پسند، بد دماغ جوان کشیش جس کا کردار JANE AUSTEN نے اپنے ناول PRIDE AND PREJUDICE میں پیش کیا ہے۔ بھاری بھرکم شکریے کا خط جو اس نے MR. BENNET کو لکھا اسی وجہ سے اس قسم کے خطوط کو گفتگو میں اس نام سے یاد کرتے ہیں۔ انہیں ROOFERS بھی کہتے ہیں۔

Colloquial

عام بول چال کا، روزمرے کا۔

Colloquy

مکالمہ، غیر رسمی بحث، میٹنگ، عنوان۔

Colophon

ناشر کا نشان یا تجارتی مارکہ جو سرورق پر یا کتاب کے آخر میں پایا جاتا ہے یا ناشر یا مصنف کی لکھی ہوئی تحریر جس میں کتاب کی اشاعت یا تصنیف سے متعلق معلومات ہوں۔ پہلے اس قسم کی باتیں کتاب کے آخر میں ہوتی تھیں لیکن اب کتاب کے سرورق یا بائیں ہاتھ کے صفحے پر ہوتی ہیں۔

Colour

مرئی فنون سے یہ لفظ اخذ کیا گیا ہے۔ استعارۃً لفظ کو مجازی معنی

میں استعمال کرنا امرئی نقوش پیش کرنا؛ تعصب؛ مبالغہ یا
رنگین عینک یا کسی خاص نقطۂ نظر سے دیکھنا۔ مقامی رنگ۔

Colporteur

پھیری والا؛ کتب فروش؛ انجیل فروش۔

Columbine

اطالوی کامیڈی کا ایک کردار جو PANTALOON کی بیٹی
اور HARLEQUIN کی معشوقہ۔ اب انگریزی ناٹکوں
میں بھی نظر آتی ہے۔

Comedia de capa y espada

لبادہ اور شمشیر کی ہسپانوی کامیڈی جس میں جانباز بلند مرتبہ
خاتونوں سے محبت کرتے ہیں۔ ان کے لیے لڑتے مرتے ہیں جو
عزت (HONOUR) کے پجاری ہیں اور کچھ بھی شبہ ہونے
پر معصوم بیویوں کو قتل کرتے ہیں۔ اس کامیڈی میں اہم ہوتی
ہے، عشق بازی ہوتی ہے، نفاست ہوتی ہے، خادموں کی نکتہ
سنجی ہوتی ہے اور حسین نقاب پوش عورتوں کی چالاکیاں ہوتی ہیں۔

Comedia erudita

علمی طربیہ۔ نشاۃ ثانیہ میں ARCTINO, ARIOSTO,
MACHIAVELLI نے کلاسیکی طربیہ ڈراموں کی عالمانہ تقلیدیں
کی تھیں۔ ان ڈراموں میں رومی طربیہ ڈراموں کی پیچیدہ سازشوں
کو نیا روپ دے کر پیش کیا گیا تھا۔ MACHIAVELLI
کا ڈرامہ MANDRAGOLA اس صنف کا
مشہور نمونہ ہے۔

Comedie

پہلے اس کا فرانسیسی زبان میں عام اطلاق تھا بطرف طربیہ ڈراموں
پر ہی نہیں۔ سنجیدہ ڈرامہ جس میں اخلاق و رسوم کی تصویر کشی ہو
اسے COMEDIA کہتے ہیں۔

Comedie de moeurs

ایسا ڈرامہ جس میں کوئی مسئلہ پیش کیا جاتا ہے جیسے A.DUMAS
FIBS کا LA DAMEAUX CAMELIAS

Comedie Larmoyante

اشک آلود طربیہ ڈرامہ۔ فرانس میں اٹھارھویں صدی میں ایک
نئی قسم کی مغلوب الجذبات کامیڈی کی بنیاد پڑی۔ زمانے کا
مذاق بدلا اور طربیہ ہنسی کے بدلے خوش گوار افسردگی کی مانگ
ہوئی۔ یہ آنسو کسی باعصمت اور نیک ہیروئن کی مصیبتوں پر
نکلتے ہیں۔ آج کل یہ اشک آلود کامیڈی بالکل مقبول نہیں ہے۔
لیکن بہت سارے دور حاضر کے ڈرامے جن کی بنیاد جذبات پر ہوتی ہے
اس عنصر سے کام لیتے ہیں۔ اس ضمن میں PHILIPPE DESTOUCHES
کا نام لیا جا سکتا ہے۔

Comedy

کامیڈی/ طربیہ/ ناٹک جس کا انجام خوشی پر ہو/ کوئی ادب پارہ
خصوصاً ڈرامہ جو المیہ سے کم بلند اور سنجیدہ ہو اور جس کا انجام خوشی
پر ہو۔ اس لفظ میں کافی لچکیلا پن ہے۔ ARISTOPHANES
کی طنزیہ ہنسی DANTE کی رفعت TCHEKOV کی
الم ناک ہنسی پر اس لفظ کا اطلاق ہوتا ہے۔

Comedy of commonsense

وہ کامیڈی جس میں انسانی اخلاق کے اصولی معیار اور سماج کی عملی
باتوں کے درمیان اچھا توازن ملتا ہے۔

Comedy of Humours

دیکھو HUMOURS

Comedy of Intrigue

دیکھو INTRIGUE

Comedy of manners

طربیہ ڈرامے کی وہ قسم جس کا تعلق اعلا طبقے کے نکتہ سنج اور پرتصنع افراد
کی عشقیہ سازشوں سے ہوتا ہے۔ جو لوگ ان افراد کی چالبازیوں کی
مخالفت کرتے ہیں یا ان کی بول چال، ان کے اخلاق و اطوار کی
نقالی کرتے ہیں وہ تمسخر کا نشانہ بنائے جاتے ہیں۔ اس قسم کے
ڈراموں کی مثالیں ETHERAGE اور CONGREVE
میں ملتی ہیں۔

Comedy of Morals

اخلاقی کامیڈی جس میں اخلاقی کمزوریوں کا مذاق اڑا کر انہیں درست
کیا جاتا ہے۔ MOLIERE کا ڈرامہ TARTUFFE اس
طرح کا مشہور ڈرامہ ہے۔

Comic Relief

تفریحی تنوع۔ تفریحی یا طربیہ عنصر جو المیہ میں تناؤ کو وقتی طور پر دور کرنے، اس کی وسعت کو بڑھانے، المیہ جذبے کو شدید تر کرنے کے لیے داخل کیا جاتا ہے۔ اس قسم کی مشہور مثال SHAKESPEARE کے ڈرامے MACBETH میں مست دربان کی تقریر ہے۔

Commedia dell'arte

پیشہ ور اداکاروں کا طربیہ۔ یہ پیشہ ور اداکاروں کا گروہ اطالیہ میں سولھویں صدی کے وسط میں کافی مقبول تھا۔ یہ گروہ مناظر ناموں کے خاکوں کو لے کر اسٹیج پر برجستہ مکالموں اور اداکاری سے ان میں رنگ بھرتا تھا۔ اس گروہ میں تقریباً بارہ اداکار ہوتے تھے جو مخصوص بندھے ٹکے پارٹ کھیلا کرتے تھے۔ مثلاً PANTALONE بڑھا آدمی (پیر مرد) ہوتا، ILCAPITONE شیخی باز سپاہی ہوتا، ARCHELINO زندہ دل مسخرہ ہوتا۔ مسخرے اور پیر مرد روایتی پوشاک اور نقاب پہنتے۔ ان مناظر ناموں میں جن کی بنیاد رومی طربیوں پر ہوتی، نوجوان عاشق و معشوق اپنے چالاک خادموں کی مدد سے اپنے بڑے بوڑھوں سے بازی جیت لیتے اور دولت اور خوشی حاصل کرتے تھے۔

COMMEDIA DELL'ARTE کی روایتیں سولھویں اور سترھویں صدی کے ڈراموں پر اثر انداز ہوئیں اور ان کا اثر اب تک باقی ہے۔

Common

ایسی بحار جو وزن کے لحاظ سے بڑی بھی ہو سکتی ہے اور چھوٹی بھی۔ عام بحر جیسے BALLAD METRE معمولی روزمرے کا اسلوب؛ پست؛ بے ہودہ؛ نامعقول۔

Common Measure

دیکھو HYMNAL STANZA

Commonplace

عام موضوع۔

Commonplace book

بیاض یا کشکول جس میں خیالات یا اقتباسات کو موضوع کے اعتبار سے جمع کر کے ترتیب دیا جاتا ہے۔

Common Rhythm

دیکھو RUNNING RHYTHM

Communication

ترسیل۔ CLEANTH BROOKS کا خیال ہے کہ شاعر کا کام ترسیل نہیں۔ کسی نظم کا مکمل جمالیاتی تجربہ اہم ہے نہ کہ وہ خیالات جن کا اس میں بیان ہو۔ بخلاف اس کے J.A.RICHARDS نے لکھا ہے،

"فنون ترسیل صلاحیت کی سب سے اہم شکل ہے۔"

اور F.R.LEAVIS نے رچرڈز کی تائید کی ہے؛ شاعر کے تجربہ کرنے کی صلاحیت اور اس کی قوت ترسیل میں فرق کرنا ناممکن ہے۔ اور یہ صرف اس لیے نہیں کہ الفاظ کے ذریعہ اظہار کی قوت اور شاعر کی آگہی جذبات میں فرق کرنا مشکل ہے۔

Communication, Fallacy of

ترسیلی مغالطہ۔ انگریزی نقاد ALLEN TATE کا کہنا ہے کہ ایسے خیالات و جذبات کی شاعری کے ذریعہ ترسیل کرنا جو غیر شاعرانہ ذرائع سے ترسیل کیے جا سکتے ہیں ترسیلی مغالطہ ہے۔ یہ شاعری میں بڑا پروپیگنڈہ ہوتا ہے اور جس کا مقصد ایسے جذبات کو ابھارنا ہے جن کا براہ راست شعر سے تعلق نہیں اور جن کی بنیاد ایسے رویوں پر ہوتی ہے جو جمالیاتی تجربے سے کوئی تعلق نہیں رکھتے ہیں۔ ایسی شاعری میں ترسیلی مغالطہ ناگزیر ہے۔

Communication, Heresy of

بدعتی ترسیل۔ یہ غلط نظریہ کہ شعر اس خیال کا جو شاعر بیان کرنا چاہتا ہے صرف ایک آرائشی لباس ہے۔ قاری کو شعر کے مجموعی تجربے کو سمجھنا چاہیے نہ کہ صرف شاعر کے خیالات کو کیونکہ CLEANTH BROOKS کا قول ہے کہ شاعر پیامی نہیں ہے۔ یہ نقطہ نظر ARCHIVALD MACLEISH کی نظم ARS POETICA میں واضح طور پر ملتا ہے۔

A poem should not mean
But be.

Commus

قدیم یونانی ڈرامے میں وہ مکالمہ جس کو کورس شدید جذبات کی حالت میں گاتا ہے۔

Comparative linguistics

دیکھو LINGUISTICS

Comparative literature

تقابلی ادب۔ مختلف ادبوں کے باہمی رشتے کا مطالعہ۔

Comparison

مقابلہ، موازنہ۔

Compensation

تلافی۔ حذف شدہ بے تاکید ہجاؤں کی تلافی کا طریقہ۔ حذف شدہ ہجا کی تلافی کبھی دوسری سطر میں ہوتی ہے اور کبھی اسی سطر میں یا اس کے عوض میں وقفہ ہوتا ہے۔ TENNYSON کا ایک بند ہے۔

Break, break, break,
On thy cold grey stones, O sea!
And I would that my tongue could utter
The thoughts that arise in me.

چاروں سطروں میں تین ارکان ہیں۔ پہلی سطر میں تاکیدیں اور وقفے حذف شدہ ہجاؤں کی تلافی کرتے ہیں۔

Compound adjective

مرکب صفت۔

Complaint

شکوہ۔ نشاۃ ثانیہ میں اس قسم کا شکوہ عام تھا۔ مختصر سی نظم میں شاعر یا بولنے والا جس کا محبوب غیر حاضر یا بے درد ہے۔ اپنی بدنصیبی کا رونا روتا ہے۔

O happy dames, that may embrace
The fruit of your delight,
Help to bewail the woeful case
And eke the heavy plight
Of me, that wonted to rejoice
The fortune of my pleasant choice;
Good ladies, help to fill my mourning voice.

Earl of Surrey: Complaint of the Absence of Her Lover Being Upon the Sea.

کبھی کبھار یہ شکوہ طنز آمیز ہوتا تھا جیسے؛

Complaint to his Empty Purse

To you, my purse, and to non other wight
Compleyne I, for ye be my lady dere!
I am sory now that ye be light.

Complex

گتھی، گرہ۔ فطری خواہشات کو اخلاقی یا قانونی مزاحمت یا ممانعت کی وجہ سے دبانے سے شعور میں گتھیاں پڑ جاتی ہیں۔

Composition, four forms of

خطابت کی کتابوں میں تحریر یا خطبہ کی چار صورتوں کا ذکر ملتا ہے اور یہ ہیں۔ (۱) EXPOSITION (تشریح)۔ (۲) ARGUMENT (دلیل) (۳) DESCRIPTION (ذکر) (۴) NARRATION (بیان)

Comprehension

فہم، جامعیت۔

Comprehensive vision

جامع تصور۔

کسی مصنف کی تحریر کا تجزیہ (ریاضی اور COMPUTER کی مدد سے)۔ بنیادی طور پر اسلوب کے ان عناصر کا تخمینہ جن کا اندازہ کیا جا سکے۔ الفاظ کا اکثر واقع ہونا، جملوں کی نحوی ترکیب کا تجزیہ یا ضابطہ ترکیبوں سے انحراف۔ الفاظ کی لمبائی وغیرہ۔

Comstockery

احتساب۔

Conceit

خیال دور رس، خصوصاً ایک تفصیل یا چونکا دینے والی تشبیہ۔ PETRARCH کی تقلید میں روایتی تشبیہیں عام ہو گئی تھیں۔ SHAKESPEARE نے ایک سانیٹ میں ان کا مذاق اڑایا تھا:

My mistress' eyes are nothing like the sun;
Coral is far more red than her lips' red.

DONNE اور دوسرے METAPHYSICAL شاعروں نے چونکا دینے والے، دور کے استدلال اور پر تکلف استعاروں کی بنیاد

ڈونی جنہیں METAPHYSICAL CONCEITS کہتے ہیں اور جن میں دو بظاہر غیر مشابہ چیزوں کی مشابہت تفصیلی طور پر پیش کی جاتی ہے۔ DONNE نے دیکھا کہ ایک کھٹمل نے اس کا خون چوس کر اس کی محبوبہ کا خون چوس لیا اور وہ اسے مارنے لگی ہے تو وہ کہتا ہے:

Oh stay, three lives in one flea spare,
Where we almost, yea, more than married are.
This flea is you and I, and this
Our marriage bed, and marriage temple is.

(The Flea)

Concept

خیال۔ تصور۔

Conclusion

کسی ادب پارے کا آخری حصہ۔ اس میں عموماً تین حصے ہوتے ہیں: (۱) INTRODUCTION (ابتدا یا مقدمہ)۔ (۲) BODY (مرکزی حصہ)۔ (۳) CONCLUSION (اختتام)۔

Concordance

حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق کسی کتاب کے الفاظ کا اشاریہ جیسے بائیبل کا لفظی اشاریہ۔ SHAKESPEARE کے ڈراموں کے لفظی اشاریے میں ان لفظوں کی جو ان ڈراموں میں پائے جاتے ہیں فہرست ہوگی اور اس بات کی بھی کہ کس ڈرامے میں کس جگہ وہ ملیں گے نشان دہی ہوگی۔

Concrete

حقیقت کے فوری تجربے کا اظہار۔ واقعی چیزوں اور واقعات سے متعلق۔ خاص۔

Concrete universal

مخصوص کلی۔ یہ اصطلاح W.R.WIMSATT نے اپنی کتاب THE VERBAL ICON میں اختراع کی ہے۔ اس کا اطلاق اس عام خیال پر ہے کہ کسی فن پارے میں جزو اور کل میں فرق باقی نہیں رہتا ہے۔ ایک نقطۂ نظر یہ ہے کہ ایک فن پارہ مختلف جزئیات کا مجموعہ ہوتا ہے اور اس طرح مخصوص ہوتا ہے لیکن اگر فن کار کامیاب ہوتا ہے تو جزئیات ایک مجموعیت میں متحد ہو جاتی ہیں اور ایک مرکزی تجرید بن جاتی ہیں جو مخصوص نہیں کلی ہوتی ہیں اور جس کا اظہار اس فن پارے میں ہو سکتا ہے۔

Confessional literature

اقبالی یا اعترافی ادب۔ یہ ایک قسم کی خود نوشت سرگزشت ہے جس میں مصنف ایسے واقعات یا جذبات پر سے پردہ اٹھاتا ہے جو عموماً راز سربستہ ہوتے ہیں۔ روح کی گہرائیوں اور بلندیوں کی جستجو رومانی رجحان کا تقاضہ ہے اور اس لیے اعترافی ادب اکثر و بیشتر رومانی عہد کی پیداوار ہے۔ اس قسم کے ادب کی تین مثالیں یہ ہیں۔

1. Jean Jacques Rousseau: Confessions.
2. Thomas Dequincey: Confessions of an English Opium-Eater
3. George Moore: Confessions of a young Man.

Confessional Novel

اعترافی ناول۔ ناول جس میں اینٹی ہیرو (ANTI-HERO) ظاہر کرتا ہے کہ وہ مصیبت زدہ دنیا سے آگاہ تاریک اور بے رحم دنیا میں گھومتا پھرتا ہے۔ وہ تکلیف اور درد کو خوش آمدید کہتا ہے۔ اس لیے کہ ان سے اس کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ زندہ ہے۔ وہ بغاوت سے خود آزادی کی طرف مائل ہوتا ہے۔ اس کا مقصد ہے کہ وہ اپنی خودی کو پہچان سکے۔ اس قسم کے ناول کی تین مثالیں یہ ہیں:

1. Gide: The Immoralist: 2. Satre: Nausea:
3. Camus: The Fall

Confidant, confidante

ہم راز: محرم۔ ڈرامہ یا ناول میں وہ جگری دوست جس سے ہیرو اپنے دل کی باتیں، اپنے منصوبے کہہ دیتا ہے۔ ایک مثال HORATIO کی ہے جو HAMLET کا جگری دوست ہے اور SHAKESPEARE اس کی زبانی ہیملٹ کے منصوبوں کو فاش کرتا ہے۔ یہ ترکیب اس قدر روایتی اور فرسودہ ہوگئی کہ اٹھارھویں صدی میں SHERIDAN نے اپنے ڈرامے THE CRITIC میں اس کا مذاق اڑایا ہے:

Enter Tiburnia, stark mad in white satin, and her confidente, stark mad in white linen.

Conflict

تصادم؛ کشمکش۔ ڈرامے اور ناول میں دو مختلف قوتوں اور کرداروں میں تصادم۔ تصادم کبھی اندرونی ہوتا ہے، کسی کردار کے مخالف جذبات میں ہوتا ہے جیسے MACBETH ایک طرف DUNCAN کی عزت کرتا ہے اور دوسری طرف اسے قتل کرنا چاہتا ہے۔ کبھی یہ فرد اور سماج کے درمیان ہوتا ہے جیسے HARDY کے ناول JUDE THE OBSCURE میں جوڈ سماجی دشواریوں کی وجہ سے جامعہ میں تعلیم حاصل نہیں کرسکتا ہے۔ اور کبھی یہ تصادم دو کرداروں میں ہوتا ہے جب ایک کردار دوسرے کردار پر سبقت جانا چاہتا ہے۔

Conflict, infantile

طفلانہ کشاکش

Connotation

تعبیر۔ وہ مفہوم، اشارہ یا کنایہ جو کسی لفظ سے ہمارے ذہن میں ابھرتا ہے۔ کبھی یہ مفہوم یا اشارہ بہت انفرادی ہوتا ہے اور یہ اس شخص کے خوش گوار یا ناگوار تجربوں سے وابستہ ہوتا ہے اور کبھی یہ عام اور تہذیبی عوامل کی وجہ سے ہوتا ہے جیسے ANARCHIST کے لفظ سے ایک سیاہ داڑھی والے شخص کی تصویر نظر کے سامنے ابھرتی ہے جس کے ہاتھ میں بم بھی ہو۔

Consistency

استقامت؛ یک رنگی؛ یکساں روی۔ کسی ادب پارے کے مختلف حصوں اور اس کے لہجے یا مزاج کی یک رنگی۔ اگر کوئی مصنف المیہ میں انجام بد سے گریز کرے تو یہ فنی نقص ہوگا۔ اسے استقامت یا یک رنگی کی کمی کہیں گے۔ اگر کسی کردار کے اعمال اور اس کی باتیں اس تصویر کے مطابق ہوں جو مصنف نے بنائی ہے تو اسے استقامت کردار کہیں گے۔

Consonance

تجنیس صوتی۔ ہم آہنگی۔ ایک ہی حرف صحیح کی تکرار مختلف حروف علت کے پہلے اور بعد "FEEL-FILL" FLIP-FLOP بعض شعراء تجنیس صوتی کا استعمال صرف الفاظ کے آخر میں کرتے ہیں جیسے 'EAST-WEST'، 'MID-BED' اکثر شعراء قوافی کے بدلے تجنیس صوتی کا استعمال کرتے ہیں جیسے EMILY DICKINSON کی اس نظم میں:-

'Twas later when the summer went
Than when the cricket came,
And yet we know that gentle clock
Meant nought but going home.

'Twas sooner when the cricket went
Than when the winter came
Yet that pathetic pendulum
Keeps esoteric time.

Emily Dickinson

CAME-HOME اور CAME-TIME میں تجنیس صوتی ہے۔

Consonantal assonance

دیکھو CONSONANCE

Consonantal dissonance

اصوات کی کرخت یا ناگوار ترکیب۔ قریب المخرج لیکن مختلف حروف علت اور قریب المخرج حروف صحیح کو قوافی بنانا۔

To miss the march of the retreating world
Into vain citadels that are not walled

WALLED-WORLD کا قافیہ درست نہیں۔

Consonantal Rhyme

دیکھو CONSONANCE

Constructivism

تعمیریت۔ روسی ادبی گروپ کا رویہ جس نے تصور پرست خیالات کو موجودہ تکنیکی ترقی سے ہم آہنگ بنانا چاہا یعنی SPEED ، ECONOMY اور CAPACITY کو ہم آہنگ بنانے کی کوشش کی۔

Contamination

دو یا زیادہ یونانی ڈراموں سے ایک لاطینی ڈراما بنانا۔

Conte

مختصر افسانہ جیسے GUY DE MAUPASSANT کے مختصر افسانے۔

Contemplation

تفکر ۔ دھیان ۔ غور و فکر ۔

Contextualism

یہ خیال کہ جمالیاتی تجربہ متفرق لازمی دھیان ہے اور فن کا رنامہ یکتا، پیچیدہ ، مطلق بالذات دنیا ہے ۔

Content

مضمون ۔

Contrapuntal

کاٹ دینے والا ۔ ایک 'آواز' کو دوسری 'آواز' کے ساتھ ملانے کو COUNTER POINT کہتے ہیں یا کئی آوازوں کی بیک وقت ترکیب جس میں ہر 'آواز' معنی خیز ہے اور سب آوازیں مل کر ایک منظم پیٹرن بناتی ہیں ۔

Contrast

مقابلہ / امتیاز / فرق ۔ دو مختلف قسم کے خیالات یا دو متضاد تصویریں کو پہلو بہ پہلو پیش کرنا جس سے ان کے معنی کی وضاحت ہوتی ہے ۔

I see the boys of summer in their ruin
(Dylan Thomas)

یہاں شباب اور پیری ، زندگی اور موت پہلو بہ پہلو نظر آتے ہیں یا SHAKESPEARE سے یہ مثال :

Roses have thorns, and silver fountains mud;
Clouds and eclipes stain both moon and sun,
And loathsome canker lives in sweetest bud.
All men make faults.

Convention

رسم / رواج / روایت ۔ کوئی رسمی یا روایتی ادبی صنعت یا صنعت ۔ تھیٹر کو لیجیے ۔ پردہ اٹھتا ہے ۔ اور پردہ بھی رسمی چیز ہے ۔ تو ایک کمرہ دکھائی دیتا ہے جس میں تین دیواریں ہیں لیکن رسم کے مطابق چوتھی دیوار نہ ہونے پر اظہار تعجب نہیں ہوتا ۔ عمل کی عقبی زمین میں مصنوعی مناظر ہوتے ہیں لیکن اس مصنوعیت کا بھی کوئی خیال نہیں کرتا ۔ نیز کرسیاں اس طرح رکھی ہوتی ہیں کہ سب کا رخ دیکھنے والوں کی طرف ہوتا ہے اور کرداروں کی آوازیں اور اشارات بھی غیر فطری ہوتے ہیں کیوں کہ یہ ضروری ہیں ورنہ باتیں سمجھ میں نہ آئیں ۔ پھر اگر کردار BLANK VERSE (غیر مقفی نظم) میں بولتے ہیں اسے بھی ہم غیر فطری نہیں سمجھتے ہیں کیونکہ یہی ادبی روایت ہے ۔ JOHN LIVINGSTON LOWES نے کہا ہے :

جہاں تک فن کا تعلق ہے رواج یہ ہے کہ ترسیل کے بعض طریقوں کو مان لیا جاتے ۔ اور ہر فن کے بنیادی رواج اس فن کے ادغم کی نوعیت سے جنم لیتے ہیں ۔ رواج سے رواج پیدا ہوتے ہیں اور ان کی ترتیبیں اور ترکیبیں ان گنت ہیں ۔

Conundrum

معمہ جس کے حل میں لفظوں کا کھیل ہوتا ہے ۔ جیسے :

"What is the difference between a blindman and a sailor in storm?"

"The one can't see to go, the other can't go to sea."

Copla

ہسپانوی BALLAD جو ابتدا میں چہتوں میں لکھی جاتی تھی ۔ اب اس میں چند بند ہوتے ہیں اور ہر بند میں چار سطریں ہوتی ہیں اور ہر سطر میں آٹھ ہجائیں ہوتی ہیں ۔ قوافی باری باری آتے ہیں ۔

Copy

مسودہ جس سے COMPOSITOR ٹائپ جوڑتا ہے ۔

Copyright

حق طباعت یا اشاعت ۔

Coq-a-l'ane

ڈرامائی خود کلامی جس میں غیر متعلق باتوں یا جان بوجھ کر غلط فہمی سے کام لیا جاتا ہے ۔ نتیجہ مضحکہ یا طنزیہ ہوتا ہے ۔

Coranto, courant

ایک پمفلٹ جس میں بیرون ملک کی خبریں ہوتی ہیں جو بیرون ملک کے اخباروں سے لی جاتی تھیں ۔

Coronach

کوہستانی یا سکاٹستانی نوحہ ۔ جیسے SCOTT کی نظم جس کی

پہلی سطر ہے:

He is gone to the mountains

Correctness

راستی؛ صحت: یہ POPE کا ادبی معیار تھا؛

Excuse no fault; though beautiful, twill harm;
One fault shocks more than twenty beauties charm.
Our age demands correctness; Addison
And you this commendable hurt have done.
Now writers find, as once Achilles found,
The whole is mortal, of a part's unsound.

Correlation

ربط۔

Correlative

متلازم۔

Correlative Verses

سطریں جو منتشر شدہ جملوں کی صورت میں ہوں۔

The poor, the world, the heavens, and the grave
Her alms, her praise, her soul, her body have.

اس کے معنی ہیں:

'The poor have her alms, the world has her praise, the heaven have her soul, and the grave has her body.'

Correspondance of the arts

قدما یہ مانتے تھے کہ شاعری اور مصوری دونوں فطرت کی نقالی کرتی ہیں لیکن وہ ہر فن کا میدان الگ سمجھتے تھے۔ رومانی شعراء کے زمانے میں یہ بات کہی جانے لگی کہ جو تاثر کسی ایک قوتِ حاسہ کے ذریعہ پیدا ہو، کسی دوسری قوتِ حاسہ کے ذریعہ بھی ہو سکتا ہے۔

BAUDELAIRE نے اپنی سانیٹ CORRESPONDENCES میں اس طرح کی علامتیں پیش کی ہیں جیسے COLOURED HEARING۔ SURREALIST مصنفین بھی اس حقیقت کے قائل ہیں۔

Corrigendum

تصحیح طلب چیز، غلط نامہ۔

Coterie

حلقۂ ادبی؛ مشترک اغراض اشخاص کی ٹولی؛ ایک منتخب ادبی حلقہ۔

Cothurnus

موٹے تلے کا جوتا جسے ایتھنس کے ایکٹر پہنتے تھے۔ پرشکوہ بیان۔

Counterplot

دیکھو SUB PLOT

Counter point Rhythm

دو آہنگوں کا بیک وقت مجتمع ہونا۔

Home to his mother's house private returned

اور BUT TO VANQUISH BY WISDOM HELLISH WILES

یہ دونوں مثالیں MILTON سے لی گئی ہیں۔

Counter - turn

ڈرامہ کے عروج کے موقع پر ایسے واقعے کا رونما ہونا جس کی کردار کو امید نہ تھی جیسے MACBETH کو یہ علم کہ MACDUFF : 'WAS NOT BORN OF WOMAN'.

Coupde theatre

ناگہانی واقعہ۔ ڈرامے میں ناگہانی، غیر متوقع، موثر واقعہ۔

WEBSTER کے ڈرامے THE WILTE DEVIL میں FLAMIIES کو اس کی بہن VITTORIA اور اس کی محبوبہ ZANCHE گولی مار دیتی ہے لیکن جب وہ دیکھتا ہے کہ وہ دونوں اس کے ساتھ موت سے ہم آغوش ہونا نہیں چاہتی ہیں تو وہ اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔

'Oh cunning devils, now I have tried your love
And doubted all your reaches - I am not wounded.

Couplet

بیت۔ دو ہم وزن ہم قافیہ سطریں یا مصرعے۔

Lizzie Borden with an axe,
Hit her father forty whacks,

When she saw what she had done,
She hit her mother forty-one
(Anonymous)

اس بند میں دو بیتیں ہیں۔

Courtesy Book

کتاب اخلاق و اطوار۔ اس قسم کی کتاب نشاۃ ثانیہ کے زمانے میں کافی مقبول تھی۔ اس میں بھلے مانس آدمی، سپاہی، شاہزادے کے مشیر اور عشقباز اور کامیاب درباری کی تربیت اور طرز زندگی سے متعلق تفصیلی معلومات درج ہوتی تھیں۔ اس صنف کی شاید سب سے زیادہ مشہور کتاب CASTIGLIONE کی THE COURTIER ہے۔ شائستہ عشق قیدِ ازدواج سے آزاد تھا اور اس لیے مخفی تھا۔ عاشق مصیبتیں سہتا۔ اس کا چہرہ زرد ہو جاتا تھا اور وہ آہیں بھرتا اور گریہ وزاری کرتا تھا۔ اس کی محبوبہ نے اس کے تحفۂ عشق کو قبول کر لیا تو وہ ابدی وفاداری کا دم بھرتا تھا اور ہمیشہ اپنی محبوبہ کے اشاروں پر چلتا تھا اور اس کی پرستش کرتا تھا۔ دانتے، افلاطون اور عیسائیت پسندی کے زیر اثر شائستہ عشق ارضی باقی نہ رہا بلکہ سماوی اور روحانی ہو گیا۔ عاشق جانبازی نہیں دکھاتا بلکہ وہ اعلا روحانی مدارج طے کرنا چاہتا ہے۔ دانتے، پٹرارچ اور نشاۃ ثانیہ کے سانٹ نگاروں میں شائستہ عشق کی یہی صورت ہے۔ وہ ہوسناکی بالکل نہیں جو چوسر کی مشہور نظم TROILUS AND CRISEYDE میں پائی جاتی ہے۔

Courtly love

شائستہ عشق۔ ایک فلسفۂ عشق جو کئی اجزا سے مرکب تھا۔ اور جس نے عہد وسطیٰ اور نشاۃ ثانیہ کے ادب پر گہرا اثر ڈالا تھا۔ بارھویں صدی کے آخر میں ANDREAS CAPELLANUS نے اس شائستہ عشق کے نظام کو اپنی کتاب THE ART OF COUNTRY LOVE میں باضابطہ طور پر مرتب کیا ہے۔

Cowleyan Ode

غیر منتظم تشبیب۔ ایسی تشبیب جس میں مختلف غیر منتظم بند ہیں۔ یعنی ترتیب قوافی، سطروں کی تعداد اور لمبائی مقرر نہیں۔ اس قسم کی بنیاد ابراہم کولے نے ڈالی اور اس کے بعد یہ انگریزی میں رائج ہو گئی۔ تین مثالیں ہیں:

1. Dryden : Song for Saint Cecilia's Day.
2. Wordsworth's Ode: Intimitions of Immortality.
3. Allen Tata : Ode to the Confederate Dead.

دیکھو HORATIAN ODE

Cradle books

دیکھو INCUNABULA

Craft cycle

دیکھو MIRACLE PLAYS

Crambe

ناگوار تکرار۔

Crambo

ایک کھیل جس میں ایک لفظ یا سطر کے لیے اس لفظ کا قافیہ یا دوسری سطر کا کہنا ضروری ہو۔ جو قافیہ استعمال ہو چکا ہو اس کو دوبارہ استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہوتی ہے۔

Creation

تخلیق۔

Creative evolution

تخلیقی ارتقاء۔

Creativity

خلاقی۔ تخلیقی مادّہ۔

Credo

عقیدہ۔

Credulity

زود اعتقادی۔

Cretic

ایک رکن جس میں دو لمبی ہجاؤں کے درمیان ایک چھوٹی ہجا ہو

ہو / ـــ ـــ / جیسے : WINDING SHEET

Creticism

سراسر جھوٹ۔

Crisis

بحران۔افسانے یا ڈرامے میں وہ قلیل مدت جب تصادم کی شدت عروج پر ہوتی ہے جس کے بعد تحلیل لازمی ہو جاتی ہے۔ سلسلۂ واقعات میں کئی بحرانی دور ہو سکتے ہیں۔ ۔۔ بحران عروج سے پہلے ہوتا ہے۔ ہیملٹ میں بحران اس وقت ہوتا ہے جب شاہزادہ ہیملٹ اپنے چچا کے سامنے ناٹک کھیلتا ہے اور نقطۂ عروج وہ ہے جب CLAUDIUS اپنے جرم کا نظارہ دیکھ کر اٹھ کھڑا ہوتا ہے اور روشنی! روشنی! چلاتا ہوا بھاگ جاتا ہے۔

Criterion, criteria

معیار۔

Critical apparatus

تنقید کا سازوسامان۔ آئی۔اے۔ رچرڈز نے لکھا ہے،

اچھے نقاد کے لیے تین شرائط ضروری ہیں۔جس فن پارے سے متعلق وہ فیصلہ کرنا چاہتا ہے اس کو متعلق دماغی حالت میں بغیر خلل کے تجربہ کرنے کی اس میں صلاحیت ہونی چاہیے۔ دوسری شرط یہ ہے کہ اس میں مختلف تجربات میں ان کی سطحی خصوصیات سے قطع نظر، امتیاز کرنا چاہیے۔ تیسری شرط یہ ہے کہ وہ قدروں کا معقول پرکھنے والا ہو۔

Criticism

تنقید۔ تنقید سے متعلق کچھ رائیں درج کی جاتی ہیں۔

فرانسس بیکن کہتا ہے،

تردید کرنے یا غلط ثابت کرنے کے لیے نہ پڑھو اور نہ ہر چیز کو سچ سمجھ لو اور اس پر اعتبار کر لو۔ محض گفتگو کرنے کے لیے بھی نہ پڑھو بلکہ وزن کرنے اور غور کرنے کے لیے پڑھو۔

ڈرائیڈن نے لکھا ہے:

تنقید، جیسا کہ ارسطو نے اس کی پہلے تشکیل کی، اچھا فیصلہ کرنے کا معیار ہے۔

آرنلڈ کا قول ہے،

میں نے جو تنقید کی تعریف کی ہے اس سے تجاوز نہیں کر سکتا۔........ دنیا میں جو چیزیں بہترین جانی اور سمجھی جاتی ہیں انھیں سیکھنے اور ان کی ترویج کا آلہ ہے۔

اور ہنری جیمز کہتا ہے کہ یہ تو ہمیں مان لینا ہے کہ فن کار کا اپنا موضوع ہے اپنا خیال ہے اور اپنا عطیہ ہے۔ ہم صرف یہ دیکھتے ہیں کہ وہ ان چیزوں سے کیا کام لیتا ہے۔

Criticism, comparative

تقابلی تنقید۔ دو ادیب یا دو نظموں کا موازنہ جیسے KEATS کی ODE TO AUTUMN اور HOOD کی ODE TO AUTUMN کا موازنہ یا ورڈزورتھ اور شیلی کی تقابلی تنقید۔

Criticism, Creative

تخلیقی تنقید۔ اس قسم کی تنقید میں نقاد کسی فن پارے سے کچھ اس طرح بحث کرتا ہے کہ اس کی تنقید بجائے خود ایک تخلیق ہو جاتی ہے۔ نقاد کی کوشش ہوتی ہے کہ وہ ان تجربوں تک پہنچ جائے جن پر کسی نظم کی بنیاد ہے، ان تجربوں کو اپنائے اور ان کی دوبارہ تخلیق کرے اور انھیں زندہ زبان میں پیش کرے۔ ایسی تنقید میں جہاں اکثر شاعر کے اندرونی چھپے ہوئے جذبات تک قارئین کی رسائی ہوتی ہے، وہاں یہ بھی ہوتا ہے کہ قارئین کی توجہ کا مرکز نظم نہیں، شاعر نہیں، تنقید اور نقاد بن جاتے ہیں۔

Criticism, Historical

تاریخی تنقید۔ یہ ادب اور ادیب کا پس منظر پیش کرتی، ان تاریخی اثرات کی نشان دہی کرتی ہے جن سے ادب یا ادیب متاثر ہوا یا جنھوں نے ادب کو ایک خاص طرف موڑ دیا، ایک خاص رنگ میں رنگ دیا۔ توجہ کا مرکز ادبی خوبیوں سے زیادہ تاریخی اہمیت ہوتی ہے۔

Criticism, Marxist

مارکسی تنقید۔ مارکسی تنقید کی بنیاد مارکسی فلسفہ ہے۔

یہ فلسفہ ہیگل اور فوایرباخ کے فلسفہ پر مبنی ہے۔ بقول ہیگل کائنات کا ارتقائی عمل اثبات، نفی اور تطبیق کا مسلسل عمل ہے۔ مارکس کے فلسفے میں خیال کی جگہ مادہ نے لے لی ہے۔ ایک طرف سرمایہ دار طبقہ ہے اور دوسری طرف پرولتاری طبقہ ہے۔ ان دونوں طبقوں کی کشمکش کا نتیجہ بے طبقاتی سماج کی تشکیل ہوگی۔ مارکس کا خیال تھا کہ سب سے زیادہ اہم چیز پیداوار اور پیداواری ذرائع ہیں۔ انسان کی اہم ضروریات ہیں غذا، لباس، جائے پناہ (روٹی، کپڑا اور مکان) اور ان اقدار کے حصول پر دوسری اقدار کا حصول ممکن ہے۔ انھیں بنیادی اقدار کے نظام پر ہم فنون، فلسفہ، سائنس وغیرہ نظام قائم کر سکتے ہیں۔ جو چیزیں بنیادی اقدار کے حصول میں ممد ہیں وہ اچھی ہیں اور جو چیزیں ان کے حصول میں سدراہ ہیں وہ بری ہیں۔ آرٹ اور ادب کو بھی طبقاتی کشمکش کا آئینہ دار ہونا چاہیے اور بے طبقاتی سماج کی تشکیل میں ممد۔ ورنہ وہ ادب رجعت پسندانہ ہوگا۔ بورژوا ذہنیت کا مظہر۔ مارکسی تنقید ادبی خوبیوں سے واقف ہوتے ہوئے بھی کچھ اور کی تلاش کرتی ہے۔ اور یہ کچھ اور مارکسی نصب العین ہے۔ اس لیے مارکسی تنقید میں موضوع اور نصب العین کو اوّلیت حاصل ہے

Criticism, Psycho-Analytical

نفسیات کی دریافتوں سے زیادہ حیرت انگیز تحلیل نفسی کی دریافتیں تھیں۔ فرائیڈ، ایڈلر، ینگ نے تحت الشعور اور لاشعور کی کھوج لگائی اور انسانی اعمال کے محرکات کو لاشعور میں دبا ہوا (چھپا ہوا) پایا۔ پھر جنس کی اہمیت اور جنسی خواہشات کو دبانے سے ذہن میں مختلف گتھیوں کا پڑ جانا۔ یہ سب نئے انکشافات تھے۔ اور ان کی وجہ سے ذہنی اور جذباتی دنیا زیادہ وسیع، زیادہ گہری، زیادہ پیچیدہ، زیادہ حیرت انگیز نظر آتی۔ نقاد نے ان انکشافات کو اپنایا اور ان کی روشنی میں ادب کا مطالعہ کیا تو اسے ایسا معلوم ہوا کہ پرانی جانی ہوئی چیزیں یک بیک نئی اور انجانی سی ہوگئی ہیں اور ایک نئی غیر ارضی روشنی میں جھلنے لگی ہیں۔ یہ تو ضرور ہوا کہ ادب کے مطالعے میں زیادہ گہرائی، زیادہ بینائی آگئی۔ لیکن کبھی کبھار یہ بھی ہوا کہ ادبی خوبیاں نظر سے اوجھل ہوگئیں۔

Criticism, Psychological

نفسیاتی تنقید۔ نفسیات نسبتاً نیا سائنس ہے۔ اس کی ترقی سے انسانی محرکات اور جذبات، انسانوں کے باہمی عمل اور ردعمل پر نئی روشنی ملی۔ مصنفوں، نقادوں نے اس نئے علم کا خیر مقدم کیا۔ مصنفوں نے جذبات کی گہرائیوں اور پیچیدگیوں اور انسانی تعلقات کی باریکیوں اور پیچیدگیوں کو سمجھنے اور بیان کرنے کی کوشش کی۔ نقاد نے اس نئے علم کی عینک سے دوبارہ ادب کا مطالعہ کیا تو اس کے لیے بہت سے تاریک گوشے منور ہوگئے۔ بہت سی گتھیاں سلجھ گئیں اور اس نے ادب اور ادیب کو چونکا دینے والے ڈھنگ میں دیکھا اور پیش کیا لیکن کبھی کبھار ایسا بھی ہوا کہ نفسیاتی باریکیوں، پیچیدگیوں اور گتھیوں میں وہ ایسا محو ہوگیا کہ اسے یہ یاد نہ رہا کہ ادب پہلے ادب ہے پھر کچھ اور چیز ہے

Criticism, Textual

تنقید متن۔ نقاد کا مقصد متن کی تشریح و توضیح ہوتی ہے؛ اختلاف نسخ کی نشان دہی کی جاتی ہے اور مستند اور غیر مستند کا فرق بتایا جاتا ہے۔ فن پارے کی جانچ پرکھ نہیں ہوتی اور اس کی قدر و قیمت کا جائزہ بھی نہیں لیا جاتا۔

Criticism, The new

نئی تنقید۔ نئی تنقید الفاظ کی ایک دوسرے پر اثر اندازی سے متعلق ہے۔ نئے نقاد نے نفسیات کے آلے سے کر الفاظ اور تخیلی پیکروں کی تعبیرات اور ان کی جانچ کی اور بتایا کہ DRYDEN مبہم ہے اور DONNE میں تعقل اور زیرکی ہے۔ یہ لفظ پہلی بار SPRINGARN نے اپنے لکچر THE NEW CRITICISM میں استعمال کیا اور JOHN CROWE RANSON نے اسے دہرایا۔ ایلیٹ، رچرڈز اور LEAVIS اس نئی تنقید کے بانی ہیں۔ نئے نقادوں میں R.WILLIK, W.K. WIMSATT, CHARES FIELDSON اور

کا بھی شمار کیا جاتا ہے۔ C. BROOKS

Criticism, The Polarities of

کبھی نقاد انفرادی فن پاروں سے علاحدہ ہو کر نظم و ضبط کی باتیں کرتا ہے۔ وہ کبھی انفرادی فن پاروں میں (جو مختلف اور متضاد قسم کے ہوتے ہیں) اتنا محو ہو جاتا ہے کہ اس کی تنظیمی صلاحیت جاتی رہتی ہے۔ ان دونوں حدوں کے درمیان ایک متوازن رویہ اختیار کرنا چاہیے۔

Criticism, Types of

تنقید کی مختلف قسمیں جیسے تاثراتی تنقید، تاریخی تنقید، تقابلی تنقید، تخلیقی تنقید، نفسیاتی تنقید وغیرہ۔

Criticism of life

زندگی کی تنقید۔ آرنلڈ نے لکھا ہے:

یہ بہت اہم ہے کہ ہم اس خیال کو مضبوطی سے پکڑے رہیں کہ شاعری درحقیقت زندگی کی تنقید ہے۔ شاعر کی بزرگی کا راز یہی ہے کہ وہ خیالات کو زندگی پر بعد حسن و خوبی منطبق کرے۔ اس سوال پر کہ ہمیں کیسے زندگی بسر کرنا ہے۔

Critique

تنقیدی مضمون یا مقالہ۔

Crocodile Tears

جھوٹ موٹ کا رونا۔ کہا جاتا ہے کہ گھڑیال روتا ہے۔ SIR JOHN MANDERILLE نے لکھا ہے:

In that contre ...ben gret plentee of cokadrilles.

Theise serpents sleu men, and thei eten then we pynge.

Cross acrostics

دیکھو ACROSTICS.

Cross order

تقلیب۔

The earth is at war with the sky, the Heavens are battling the Earth.

Crossed Rhyme, Interlaced Rhyme

سطر کے بیچ میں قوافی۔ اس طرح بیت میں چار قوافی ہوتے ہیں:

Laurel is green for a season, and love is sweet for a day;
But love grows bitter with treason, and laurel outlives not May.
(Swinburne)

Cross Reference

اندرونی حوالہ یا کتاب یا کیٹلوگ میں ایک نوٹ جس میں قاری کو کسی دوسری کتاب کا حوالہ دیا جائے۔

Crown of sonnets

سانٹوں کا تاج یعنی نظم جس میں سات مربوط سانٹیں ہوں۔ ہر سطر کی آخری سطر دوسری سانٹ کی پہلی سطر ہوتی ہے اور ساتویں سانٹ کی آخری سطر پہلی سطر ہوتی ہے جیسے DONNE کی نظم LA CORONA

Crown poem

دیکھو CIESTEDDFOD

Cruelty, theatre of

ضرورت سے زیادہ تشدد تھیٹر میں، جسمانی ایذا کی زیادتی شاید یہ دوسری جنگ عظیم کے تشدد کا عکس ہے۔

Cubism

آرٹ کی ایک قسم جس میں اشیا کو اس طرح پیش کیا جاتا ہے جیسے کہ وہ ہندسی شکلوں کا مجموعہ ہیں۔ اس کی بنیاد Cézanne کے اس نظریے پر ہے کہ فطرت کو SPHERE, CYLINDER اور CONE کی طرح پیش کیا جاتا ہے۔

Culture

کلچر، ثقافت، تہذیب۔ آرنلڈ نے کلچر کی ان لفظوں میں تعریف کی ہے:

Culture, the acquainting ourselves with the best that has been known and said in the world, and thus with the history of the human spirit.

دکلچر کے معنی ہیں بہترین چیزیں جو دنیا میں جانی اور کہی گئی ہیں
اور اس طرح انسانی روح کی تاریخ سے آگہی)

Cultures, the two

C.P. SNOW کی کتاب کا نام جس میں اس نے کہا ہے کہ سائنس کا میدان اور مذہبیت کے میدان کے درمیان ایک خلیج حائل ہوتی جارہی ہے جس کا نتیجہ بہت خطرناک ہوگا۔

Curiosa filicitas

بہترین الفاظ جو ارادی طور پر نہیں بلکہ غیر متوقع طور پر شاعر کے ذہن میں آجاتے ہیں۔

Cursus

نثری آہنگ کا ایک حصہ۔

Curtain Raiser

تمہیدی نقل۔ ایک ایکٹ کا ناٹک یا کوئی دوسری قسم کی تشریح جس سے پروگرام کی ابتدا ہوتی ہے۔ انیسویں اور بیسویں صدی میں تمہیدی نقلیں حاضرین کی دلبستگی کا سامان مہیا کرتی تھیں اور جب سب لوگ آجاتے تھے تو مرکزی ڈرامے کی ابتدا ہوتی تھی۔

Curtal sonnet

مختصر سانیٹ۔ یہ اصطلاح GERARD MANLEY HOPKINS کی ایجاد ہے اور اس نے اپنی نظموں کے پیش لفظ میں اس لفظ کا اطلاق ایک نئی قسم کی سانیٹ پر کیا ہے جو اس کی ایجاد ہے۔ اس میں روایتی ۱۴ سطروں کے بدلے ساڑھے دس سطریں ہوتی ہیں۔ نظم کے دو حصے ہوتے ہیں پہلے حصے میں چھ سطریں اور دوسرے حصے میں ساڑھے چار سطریں ہوتی ہیں۔ PIED BEAUTY اور PEACE اس قسم کی مختصر سانیٹیں ہیں۔ یہ PEACE ہے۔

When will you ever, Peace, wild wooddove, shy wings shut,
Your round me roaming end, and under be my boughs?
When, when, Peace, will you, Peace? I'll not play hypocrite
To own my heart : I yield you do come sometimes; but
That piecemeal peace is poor peace. What pure peace allows
Alarms of wars, the daunting wars, the death of it?
O surely, reaving Peace, my Lord should leave in lieu
Some good! And so he does leave Patience exquisite,
He comes with work to do, he does not come to coo,
He comes to brood and sit.

Cycle

نظموں کا سلسلہ جو کسی عہد یا شخصیت (تاریخی یا اساطیری) پر مرکوز ہو۔ تین بڑے گروپ ہیں۔ برطانوی جس کا مرکز آرتھر ہے، فرانسیسی جس کا مرکز چارلے مینگ ہے اور رومی جس کا مرکز ALEXANDER, TROY وغیرہ ہیں۔ ان کے علاوہ ایک سلسلہ NORSE CYCLE کا بھی ہے جیسے BEOWULF یا NIBELUNGELIED۔

Cyclic foot

دو ہجاؤں سے زیادہ کا ایک رکن جسے سریع بنا کر وقت کے لحاظ سے IAMB یا TROCHEE کے برابر بنا دیا گیا ہو اور اس کا ان کے بدلے استعمال ہو۔

Cynegetici

شعراء جن کی نظمیں شکار سے متعلق ہوتی ہیں۔

Cynic, cynicism

کلبی، کلبیت۔

D

Dactyl

ایک رکن جس میں تین ہجائیں ہوتی ہیں۔ پہلی ہجا پر تاکید ہوتی ہے اور دوسری اور تیسری ہجاؤں پر تاکید نہیں ہوتی۔

Dadaism

دادازم۔ پہلی جنگ عظیم کے زمانے میں TRISTAN TZARA نے ZURICH میں اس طرز کی بنیاد ڈالی۔ فن اور ادب میں یہ ایک منکرانہ تحریک تھی اور اس نے منطق، اعتدال، سماجی رواج بلکہ ادب کے خلاف احتجاج کی۔ بعض دادائیوں کا قول تھا کہ یہ اصطلاح 'دادا' من مانے طور پر وضع کی گئی تھی۔ شاید اس گروہ کا خیال تھا کہ ادب اور فن میں مردانگی چاہیے، زنانہ پن نہیں دادا (باپ) گویا ماما (ماں) کی ضد تھا۔

تہذیب کو وہ حقارت کی نظر سے دیکھتے تھے اور اپنی آزادی کے ثبوت میں انھوں نے نفرت انگیز تصویریں بنائیں، بے معنی اور مہمل نظمیں لکھیں اور عجیب و غریب قسم کے ناٹک لکھے۔ اس تحریک کے ایک رکن MARCEAL DUCHAMPS نے پیرس کی ایک نمائش کے لیے 'پیشاب دان' بھیجا جو فوراً لوٹا دیا گیا۔ HUGGO BELL نے نیلے گٹ کی پتلون، لال کالر اور نیلی اور سفید دھاریوں والی اونچی ٹوپی پہن کر اپنی نظم سے خانے میں پڑھی جس کی پہلی دو سطریں تھیں،

Gadji beri bimba

Glandridi lauli lonni cadori

دادازم، خود آگاہ اور شعلہ ساماں دادازم، جرمنی، ہالینڈ، فرانس، اطالیہ اور ہسپانیہ میں پھیل گئی لیکن جنگ کے بعد ہی اس کا خاتمہ ہوگیا اور اس کی جگہ SURREALISM نے لے لی۔

Daguerreotype

تصویر جو فوٹو کے ابتدائی طریقے سے لی جاتی ہے۔

Daina

ایک قسم کی عوامی شاعری جو LITHUANIA اور LATVIA میں پائی جاتی ہے۔ یہ نظمیں عورتوں کی لکھی ہوتی ہیں اور یہ زندگی، لوگوں کی فطرت اور اوہام پرستی کو اپنا موضوع بناتی ہیں۔

Dark comedy

دیکھو BLACK COMEDY

Darwinism

ڈارونیت۔ ڈارون کا نظریہ۔

Daydream; Daydreaming

خواب بیداری۔

Dead metaphor

مردہ استعارہ۔ وہ استعارے جو زندہ زبان کا جزو نہیں ہیں یا وہ استعارے جو استعارے نہیں بلکہ دوسرے لفظی معنی میں استعمال ہوتے ہیں۔ جیسے ریڈیو سے متعلق BROADCAST۔

Death instinct

تمنائے موت، جبلت موت۔

Debat, debate

مباحثہ۔ یہ صنف بارھویں صدی اور تیرھویں صدی میں بہت مقبول تھی۔ اس مباحثے یا مذاکرے کی زد میں دینیات، سیاست، اخلاق، درباری امور اور عشق سبھی کھنچ آتے تھے۔ دو مثالی کرداروں میں مباحثے کے بعد جج اپنا فیصلہ دیتا تھا۔

Decadence

انحطاط؛ زوال؛ تنزل۔ عام طور پر اس اصطلاح کا اطلاق فن اور ادب کے ایسے عہد پر ہوتا ہے جو عہد ماقبل کی خوبیوں کو نہیں پہنچتا ہے۔ جیسے لاطینی ادب کا نقرئی عہد (LUCAN, MARTIAL, TACITUS وغیرہ) جو OVID، VIRGIL, HORACE کے عہد زریں کی امتیازی خوبیوں سے عاری تھا۔ لیکن خصوصی طور پر اس اصطلاح کا اطلاق اس ادبی تحریک پر ہوتا ہے جس کی ابتدا فرانس میں انیسویں صدی میں ہوئی۔ فن کی خود مختاری، فن کار کی بورژوا سماج سے نفرت، مصنّاعی کی فطرت سے برتری، نئے تجربوں کی تلاش، یہ چیزیں اس تحریک کی امتیازی خصوصیتیں تھیں۔ اس تحریک کے نوجوان علم بردار بودلیئر کی LES FLEURS DU MAL کی پرستش کرتے تھے اور GAUTIER کے قول کا ڈھنڈورا پیٹتے تھے کہ فن، اخلاق

اور سماجی تعلقات سے آزاد ہے اور خود آگاہی اور طمطراق کے ساتھ انھوں نے اس تحریک کے جریدے LE DECADENT کی اشاعت کی۔ HUASMAN کے ناول A REBOURS میں جسے ARTHUR SYMONS اس تحریک کی نمازوں کی کتاب' کہتا ہے۔ ایک کردار DES ESSEINTES - مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ وہ انحطاط کا نمونہ اور علم بردار ہے اور وہ اختتام صدی کی بیماری (MALADIE DE FIN DE SIECLE) کا مریض ہے جس کو ARTHUR SYMONS روح کی غیر معقولیت کہتا ہے اور جو رومانی انتشار کا نتیجہ ہے۔ مذاق، چال چلن، اطوار، وعادات میں DES ESSOMTES غیر طبعی ہے اور وہ نئے تجربوں کی تلاش میں طبعی چیزوں سے منہ موڑ کر غیر طبعی چیزوں کی طرف مائل ہوتا ہے۔

انگلستان میں GEORGE MOORE نے اپنی مشہور کتاب CONFESSIONS OF A YOUNGMAN میں بانگ دہل اعتراف کیا کہ وہ زنانہ، مریض اور بدکیش ہے۔ یہ کتاب، انحطاط کا انگریزی میں شاید پہلا اعلان ہے۔ پھر یہ تحریک جمالیات میں ضم ہو گئی۔ ARTHUR SYMONS نے ادب میں انحطاطی تحریک کو ایک نئی حسین اور دلچسپ بیماری کہا تھا۔ انحطاطی ادب مریضانہ ہوتے ہوئے بھی شعوری طور پر چونکا دینے والا تھا OSCAR WILDE ERNEST DOWSEN اور AUBREY BEARDSLEY اس تحریک کے انگریزی نمائندے تھے۔

Decastich

دو سطروں کی نظم۔

Decasyllabic verse

دہ ہجائی سطریں۔۔

Say what strange motive, Goddess! could compell
A wll-bred Lord t'assault a gentle Belle?
(Pope)

Decency

شائستگی؛ سلیقہ۔

Décima

کلاسیکی ہسپانوی بند جس میں دس سطریں ہوتی ہیں اور ہر سطر میں آٹھ ہجائیں ہوتی ہیں۔ ترتیب قوافی ا ب ب اا ج ج د د ج ہوتی ہے LOPE DE VEGA نے اپنے ڈراموں میں اسے استعمال کیا ہے۔

Decorum

آداب؛ خوش اسلوبی؛ کلاسیکی اور رومانی تنقید میں اس لفظ کا یہ مفہوم ہے کہ کسی فن پارے کے مختلف اجزا مکمل مل کر ایک متناسب کل بنائیں اور خصوصاً یہ کہ اسلوب کردار اور صورت حال کے مطابق ہو۔ بادشاہ کو شاہانہ اور شاہانہ اسلوب میں بولنا چاہیے نہ کہ ایک معمولی آدمی کی طرح۔ ملٹن کی PARADISE LOST (فردوس گم شدہ) کی پہلی اور دوسری کتابوں میں نکالے ہوئے ملائکہ روزمرہ کا استعمال نہیں کرتے ہیں بلکہ موقع کی اہمیت کے لحاظ سے بلند خطیبانہ اسلوب اختیار کرتے ہیں۔

Deduction

استنباط۔

I shall die because I know that all human beings do so and I am a human being.

Defence mechanism

دفاعی ترکیب۔

Definition

تعریف۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ جو واقعی استعمال کا بیان ہے جیسے لغت میں۔ اسے REPORTED DEFINITION LEXICAL اور DESCRIPTIVE DEFINITION کہتے ہیں۔ دوسری وہ جو کوئی نیا معنی یا DEFINITION نیا طریقہ استعمال بتائے وہ عارضی ہی کیوں نہ ہو۔ اس کو STIPULATED PRESCRIPTIVE DEFINITION LEGISLATOR DEFINITION DEFINITION IMPROMPTU اور VOLUNTARY DEFINITION

DEFINITION کہتے ہیں۔

Definitive Edition: Text

مصنف کی خود منتخب کردہ آخری متن؛ کسی تصنیف میں بہترین معاصرانہ متن۔

Degeneracy

انحطاط۔

Dehumanization

انسانیت یا انسانی خصوصیات سے محروم کرنا۔

Deism

وہ عقیدہ جس میں خدا کے وجود کا اقرار ہو لیکن وحی سے انکار ہو۔

Deja vu

دیکھا ہوا۔

Delinquent

بدراہ۔

Delphin classics

۳۹ یونانی اور لاطینی شاہکار جنھیں فرانس میں ۱۶۷۴ء اور ۱۷۳۰ء کے درمیان ۳۹ عالموں نے مرتب کیا۔

Delusion

فریب خیالی۔

Delusion of persecution

فریب مظلومیت۔

Dementia

فاتر العقل

Dematerialization

غیر مادی شکل میں پیش کرنا

Denotation

معنی۔ وہ چیز یا حالت جس کی ایک لفظ علامت ہے؛ مصنفوں کے رویّوں اور جذبات سے بالکل علاحدہ یعنی لفظ کا محدود لفظی معنی۔ ہاتھی کے معنی ہیں ایک چار پنجوں والا پستان دار جانور جس کی غیر معمولی سونڈ اور عاج کے لیے دانت ہوتے ہیں۔ اگر اس لفظ سے بھدا پن اور غیر معمولی حافظہ بھی مفہوم نکلے تو وہ اس کی تعبیر ہے۔

Dénouement

سلجھاؤ؛ حل؛ انجام۔ وہ واقعات جو عروج کے بعد ہوتے ہیں۔ اکثر اس کا مفہوم انجام یعنی وہ آخری بیان ہے جس میں سارے بھید افشا ہو جاتے ہیں اور سب غلط فہمیاں دور ہو جاتی ہیں۔ شا کے ڈرامے MAJOR BARBARA میں سلجھاؤ تیسرے ایکٹ میں ہوتا ہے جب BARBARA کو اس ایمان کے عوض جسے UNDERSHAFT نے مردہ کر دیا تھا ایک تازہ ایمان مل جاتا ہے۔

Depersonalization

ازالۂ شخصیت۔

Depression

افسردگی۔

Derivative

غیر اصلی؛ کسی سے ماخوذ؛ ایک لفظ جو دوسرے لفظ سے بنا ہو۔

Derogatory

تنقیص آمیز۔

Descort

وہ نظم جس کے بند مختلف زبانوں میں ہوں۔ RAIMBAUDE VAQUERAS نے اس قسم کی نظم لکھی ہے۔

Description

بیان۔ ادب میں جگہ، وقت، کردار، سماجی ماحول کی تفصیل سے ادیب وہ دنیا تخلیق کرتا ہے جس میں اس کا افسانہ سانس لیتا ہے۔ پہلے ناول نگار ماحول کی تفصیل بیان کرتے تھے اور اسے کردار سے علاحدہ رکھتے تھے لیکن انیسویں صدی میں بہت سے ناول نگاروں نے سماجی ماحول کو کردار کا جزو لاینفک قرار دیا۔ عصر حاضر میں تحلیل نفسی کے نظریے سے متاثر ہو کر ناول نگاروں

نے خیال کی رَدکی تکنیک کے ذریعہ کرداروں کی شعوری اور نیم شعوری متفرق خیالوں کی تشریح کی۔

Descriptive Linguistics

دیکھو LINGUISTICS

Desire

خواہش؛ تمنا۔

Despair

یاس؛ مایوسی۔

Despondency

افسردگی خاطر۔

Detachment

بے تعلقی؛ علاحدگی۔

Detective story

جاسوسی افسانہ۔ قصہ جس میں کسی راز سربستہ کا کوئی جاسوس راز فاش کرتا ہے۔ یہ راز عموماً خون سے متعلق ہوتا ہے۔ امتیازی ادبی صنف کی حیثیت سے شاید سب سے پہلا جاسوسی افسانہ POE کا افسانہ MURDER ON THE RUE MORQUE ہے۔ جاسوسی افسانے کے روایتی عناصر جانے بوجھے ہوتے ہیں۔ جرم کا ل بیوقوف پولیس والے، جاسوس کا رفیق جو کند ذہن ہوتا ہے لیکن ایسے سوالات پوچھتا ہے جن سے واردات پر روشنی پڑتی ہے، مشتبہ شخص جو بظاہر مجرم معلوم ہوتا ہے لیکن جو معصوم ثابت ہوتا ہے۔ سنسنی خیز سلجھاؤ جس میں جاسوس بالتفصیل بتاتا ہے کہ کس نے کس کو اور کیسے قتل کیا۔ توسیعی معنی میں ایسے ادبی شاہکار جیسے OEDIPUS REX اور HAMLET بھی جاسوسی قصے کہے جا سکتے ہیں کیونکہ دونوں میں ہیرو بھید کا پتہ لگانا چاہتا تھا۔ بہت سے عصری جاسوسی افسانے معمے نہیں ہوتے بلکہ وہ جرم کے نفسیاتی الجھاؤ پر زور دیتے ہیں۔

Determinism

جبریت۔ یہ فلسفیانہ عقیدہ کہ فطرت مجاز ہے اور ہر واقعے کا ایک سبب ہوتا ہے۔

Deus Ex Machina

غیبی تائید۔ مداخلت غیبی۔ لطیفۂ غیبی۔ یونانی ڈرامے میں ایک قسم کی مشین سے دیوتا کو اسٹیج پر اتارا جاتا تھا جو ہیرو کی جان بچاتا تھا یا قصے کی الجھی ہوئی گتھیوں کو سلجھاتا تھا EURIPIDES کے کئی ڈراموں میں اس کی مداخلت ساوی ہوتی ہے لیکن AESCHYLUS اور SOPHOCLES اس سے پرہیز کرتے ہیں۔ ارسطو نے POETICS میں اس قسم کی مداخلت کی مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ عمل سے فطری طور پر قصے کا سلجھاؤ ہونا چاہیے۔ توسیعی معنی میں اس اصطلاح کا اطلاق کسی بھی ترکیب پر ہو سکتا ہے جس کی وجہ سے مشکلیں آسان ہو جاتی ہیں اور ساری گتھیاں سلجھ جاتی ہیں۔ عصر حاضر میں سنجیدہ ڈرامہ نگاروں کو اس سے پرہیز ہے لیکن کبھی کبھی اس کا استعمال کامیڈی میں ہوتا ہے۔ BRECHT اور WEILL نے اس ترکیب کا استعمال THREE PENNY OPERA کے اختتام پر کیا ہے۔ ملکہ وکٹوریہ کا اعلان MAC THE KNIFE کو پھانسی کی سزا سے بچا لیتا ہے۔

Deuteragonist

یونانی ڈرامے میں دوسرا اداکار جو AESCHYLUS کا ایجاد کردہ ہے اور جو رقیب (ANTAGONIST) ہے۔ ضرورت پڑنے پر وہ دوسرے پارٹ بھی ادا کرتا ہے۔ اس لفظ کا اطلاق ثانوی اہمیت رکھنے والے کردار پر بھی ہونے لگا جیسے ہیملٹ میں CLAUDIUS رقیب یا مخالف ہے۔

Development

ترقی؛ نشوونما۔

Deviation

انحراف۔

Devil's Advocate

پارسا لوگوں کی کمزوریوں یا گناہوں کو پیش کرنے والا

Dexterity

چابک دستی۔

Diabolism

شیطنت۔ تین قسم کی تصنیفوں میں شیطنت ملتی ہے۔ ایک تو وہ جس میں شیطنت کے نظریے (عقیدے) اور عمل کا بیان ہو۔ دوسری وہ جس میں اس کی تاریخ اور اس کے خلاف سخت کلامی ہو اور تیسری قسم میں وہ تخلیقی ادب آتا ہے جو کسی طرح کی شیطنت سے کام لیتا ہے یا اس میں شیطنت کا مظہر ہوتا ہے۔

Diacope

مرکب لفظ کے اجزا کو الگ کرنا جیسے TO USWARD

Diacritic

نشان حروف کے اوپر یا نیچے جس سے ان کا تلفظ معلوم ہو سکے۔

Diaeresis

دو متصل حروف علت میں سے دوسرے پر یہ نشان (..) جس سے معلوم ہو کہ دونوں حروف کا تلفظ الگ الگ کرنا چاہیے۔ جیسے NAIVE ۔ شعر میں وہ وقفہ جو رکن کے آخر میں ہو اور وہیں لفظ بھی ختم ہوتا ہو۔

Dialect

کسی علاقے یا طبقے کی بولی جیسے BURNS کی نظمیں معیاری انگریزی میں نہیں ہیں بلکہ DORSET کی بولی میں ہیں۔

Dialectic

منطقی؛ استدلالی؛ جدلیاتی۔

Dialectic materialism

جدلیاتی مادیت۔

Dialectics

جدلیات۔

Dialogue

مکالمہ۔ افسانہ، ناول یا ڈرامے میں کرداروں کی تقریریں، خصوصاً ڈراموں میں۔ مکالمہ، خصوصاً عام کرداروں کے مکالمے، عام بول چال کے اسلوب سے بہت مختلف ہوتے تھے۔ وہ لمبے، بلند آہنگ، شاندار اور منظوم ہوتے تھے۔ روزمرہ کی گفتگو کم اہمیت رکھنے والے اور خصوصاً مضحکہ خیز کرداروں تک محدود تھی جو عموماً نیچے سماجی طبقے کے ہوتے تھے۔ عصر حاضر کے ڈراموں میں مکالمے عام گفتگو سے بظاہر مختلف نہیں معلوم ہوتے ہیں لیکن غور کرنے سے یہ بھید کھل جاتا ہے کہ ان میں ادبی انتخاب، تمیز اور تنظیم موجود ہے۔ عصری ناولوں میں اس قسم کے مکالمے، فطری مکالمے بہت ملتے ہیں اور خیال کی رو کی تکنیک نے ناول کو ایک لمبا مسلسل، دماغی یا شعوری مکالمہ بنا دیا ہے۔
مکالمہ ایک علاحدہ ادبی صنف بھی ہے جس میں کسی خاص موضوع پر دو یا تین کردار تفصیلی گفتگو کرتے ہیں جیسے افلاطون کے سقراطی مکالمے یا ڈرائیڈن کا مقالہ ESSAY ON DRAMATIC POESY اور OSCAR WILDE کا THE CRITIC AS ARTIST

Dialysis

سب وجہیں بتا کر انھیں بے بنیاد ثابت کرنا۔

Dialyton

دیکھو ASYNDETON

Diary

روزنامچہ؛ روزنامہ؛ ڈائری۔ روزانہ ہونے والے واقعات کا ریکارڈ۔ انگریزی میں سب سے زیادہ مشہور دو روزنامچے SAMUEL PEPYS اور JOHN EVELYN کے ہیں۔

Diatribe

مخالفانہ تنقید؛ ہجو قبیح۔

Dibrach

ایک رکن جس میں دو چھوٹی ہجائیں ہوتی ہیں یا دو بے تاکید ہجائیں ہوتی ہیں۔ اسے PYRRHIC بھی کہتے ہیں۔

Dichotomy

دو قسمی۔

Dicatalectic

ایک سطر میں دو ہجائیں کم ہوں۔ ایک بیچ میں اور ایک آخر میں۔

Dichoree

دو TROCHEE، کا ایک رکن / ب ب /

Dictamen

نثر خصوصاً خطوط لکھنے کا فن۔

Diction

طرزِ تحریر؛ الفاظ کا انتخاب اور ان کی ترتیب۔ مصنف کے مقصد کے ساتھ ساتھ طرزِ تحریر بھی بدلتا رہتا ہے۔ ادبی صنف، موضوع اور عصری اسلوب کے تقاضوں کے مطابق تحریر کا طرز بھی بدلتا رہتا ہے۔ اٹھارھویں صدی کی مرصع، پُر تکلف، متوازن خطابت عصری نثر کے لئے نامناسب ہے۔ DR. JOHNSON کی تحریر کے طرز کی ہم توصیف کرتے ہیں، اس سے مرعوب بھی ہوتے ہیں لیکن اس کی تقلید نہیں کرتے ہیں۔ موضوع کی بلندی اور امتیاز کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے وہ اس قسم کا طرزِ تحریر استعمال کرتا ہے،

"Of the great poet whose life I am about to delineate, the curiosity which his reputation must excite, will require a display more ample than can now be given. His contempo raries however they reverenced his genius, left his life unwritten; and nothing, there fore, can be known beyond what casual men tion and uncertain tradition have supplied."

لیکن عصرِ حاضر میں خود ڈاکٹر جانسن کی سوانح عمری میں JAMES L. CLIFFORD نے بے تصنع، سیدھے سادے طرز کا استعمال کیا ہے اور یہ طرزِ تحریر کچھ کم موثر اور جاذبِ توجہ نہیں ہے،

"Sept. 7, 1709, I was born at Lichfield." Samuel Johnson's pen scratched across the paper. In the drab quarters just above the ground floor of No.1 Inner Temple Lane, he was beginning an account of his own early years. At intervals he made half whistling sound and soft clucking noises with his tongue, or talked to himself in a low voice.

الفاظ کا شاعرانہ انتخاب اور صحیح استعمال۔ شعری طرزِ تحریر

Didactic

ناصحانہ؛ مصلحانہ۔ اگر کسی تحریر کا مقصد اخلاقی، سماجی، سیاسی نصیحت آموزی ہو تو اسے ناصحانہ یعنی DI DACTIC کہتے ہیں۔ ادب اور عقیدے میں کیا رشتہ ہے؟ یہ سوال برابر زیرِ بحث رہا ہے۔ ادیب اگر سیاست داں یا واعظ سے جداگانہ ہستی ہے تو پھر نصیحت آموزی غیر متعلق بھی ہے اور دخل در معقولات بھی لیکن بہت سے شاہکار جیسے دانتے کی DIVINE COMEDY یا ملٹن کی PARADISE LOST نصیحت آموز ہیں۔ یہ ضرور ہے کہ نصیحت غالب عنصر نہیں بلکہ جمالیاتی تجربے کا ایک ناگزیر حصہ ہے۔

Didacticism

ناصحانہ یا معلمانہ طرز۔

Dies Irae

روزِ جزا؛ روزِ قیامت۔ THOMAS OF CELANO کی مشہور لاطینی نظم ان لفظوں سے شروع ہوتی ہے۔

Diffusion

انتشار

Digest

مجموعۂ تلخیصات۔ خلاصہ۔ وہ کتاب جس میں خصوصاً شائع شدہ کتابوں یا مقالوں کے خلاصے ہوں۔

Digression

انحراف؛ اصل موضوع سے ہٹ جانا۔

Diiamb

دو IAMBIC ارکان جو ایک اکائی ہوں

Dilemma

دوہری مشکل؛ دو جہتیں؛ نہ روئے رفتن نہ پائے ماندن

Dime novel

سستا سنسنی خیز ناول۔ اسے PENNY DREADFUL بھی کہتے ہیں۔

Dimetre

ایسا وزن جس کی ہر سطر میں دو ارکان ہوں جیسے؛

Here shall/he see/
No en/emy/

ہر دو سطر میں دو IAMBIC ارکان ہیں۔

Dilogy

ذو معنین جیسے؛ 'Friends--I know you too well to call you ladies and gentlemen".

Dionysian

بے رکاوٹ؛ بے اختراع؛ بدمست۔ دیکھو APOLLONIAN

Diphthong

دوہرا حرفِ علّت۔ دو حرفِ علت سے مل ہوئی آواز۔

Dipody

دو رکنی اکائی۔ دو رکن کو ایک رکن قرار دینا۔ IAMBIC کو لیجیے۔ تین IAMBIC DIPODIES چھ رکنوں کے برابر ہوں گے۔ اس قسم کی اکائیوں کا استعمال انگریزی عروض میں نہیں ہوتا ہے۔

Direct

بلاواسطہ۔

Direct speech: Oratio recta

جو الفاظ بولنے والے نے استعمال کیے ہوں

Dirge

نوحہ؛ بین؛ مرثیہ؛ ایک مختصر غنائی نظم یا گیت جو روی جنازے کے جلوس میں پڑھتے تھے۔ یونانی THRENODY اور MONODY بھی نوحے تھے۔ THE TEMPEST میں ARIEL اس طرح FERDINAND کے باپ کا نوحہ گاتا ہے۔

Full fathom five thy father lies;
  Of his bones are corals made;
Those are pearls that were his eyes;
  Nothing of him that doth fade
But doth suffer a sea-change
  Into something rich and strange.
Sea-nymphs hourly ring his knell;
Hark now I hear them, - ding-dong, bell.

Disbelief, willing suspension of

دیکھو BELIEF

Discipline

ضبط۔

Discovery

کسی اہم واقعے کا انکشاف جس سے ڈرامائی عمل کا رخ بدل جاتا ہے۔ انکشاف۔

Discordia concors

متناقض چیزوں، نقوش، تصویروں وغیرہ کو اکٹھا کرنا۔ یہ فقرہ DR. JOHNSON نے METAPHYSICAL شعراء سے متعلق استعمال کیا تھا۔

Discrepancy

تناقض؛ اختلاف؛ تباین۔

Discrimination

تمیز؛ امتیاز؛ تفریق؛ ادراک

Disequilibrium

عدم توازن۔

Disgust

تنفر؛ نفرت؛ حقارت۔

Disintegration

انتشار؛ تجزیہ۔

Disinterestedness

بےغرضی؛ بے تعصبی؛ غیر جانبداری۔

Disorder

ابتری؛ بدنظمی؛ بے ترتیبی۔

Disorganization

بے ترتیبی؛ ابتری؛ بدنظمی۔

Disorganized

غیر منظم۔

Disorientation

شبہے یا تذبذب میں پڑ جانا۔

Disparate

متضاد؛ بے جوڑ؛ بے تعلق؛ مختلف النوع؛ متفاوت

Dispersion

انتشار؛ پراگندگی۔

Displacement

انتقالِ جذبہ۔

Disposition

کسی تقریر کی ترتیب جس میں دوسری قوت دماغی، استدلال، پہلی تخلیق یا ایجاد ہو۔ عہدِ وسطیٰ کی کتابوں میں اس ادبی اصطلاح DISPOSITION کے چھ حصے بتائے گئے ہیں۔

(۱) EXORDIUM صاف، مستقری، مختصر ابتداء۔

(۲) NARRATION صاف، مختصر، گوارا بیان۔

(۳) PROPOSITION موضوع کو پیش کرنا۔

(۴) CONFIRMATION (۵) REFUTATION دلائل۔ اعتراضات کو غلط، غیر متعلق، مضحک قرار دینا۔

(۶) PERORATION پرجوش خاتمہ۔

Dissociation

افتراق۔

Dissociation of sensibility

قوت حاسہ یا مدرکہ کی شکستگی۔ یہ ادبی اصطلاح ایلیٹ نے پہلی بار استعمال کی ہے۔ اس نے اپنے ایک مقالے THE METAPHYSICAL POETS میں لکھا

چونکہ DONNE اور اس کے معاصرین میں خیال اور جذبے کی آمیزش ملتی ہے اور یہ آمیزش ڈرائیڈن اور ملٹن کے زیر اثر جاتی رہی کیونکہ ان کی قوت حاسہ ناقص تھی۔ اس میں اس اتحاد کی کمی تھی۔ ڈون کے خیالات جذبات سے مملو ہوتے ہیں۔ ٹینی سن اور براؤننگ صرف جگالی کرتے ہیں۔ ایلیٹ (T.S. ELIOT) نے خاص طور سے فرانسیسی شاعروں TRIS. CORBIERE اور JULAS LAFORGUE کے نام لیے ہیں۔ جو اس حادثے یعنی قوت حاسہ کی شکستگی سے محفوظ رہے اور جن سے اس کی شاعری اثر پذیر ہوتی ہے۔

Dissonance

ناسازگاری۔ بے میل پن۔ ناگوار اور کرخت اصوات کا اجتماع CACOPHONY تجنیس ہوتی۔ حروف صحیح کی تکرار CONSONANCE ہم رشتہ حروفِ علت کی آوازوں کا اجتماع ایک یا ایک سے زیادہ سطروں میں جیسے o اور A کی مختلف آوازیں SWINBURNE کے اس بند میں :

In a coign of the cliff between lowland and
highland
At the sea-downs edge between windward and
lee,
Walled round with rocks as an inland island
The ghost of a garden fronts the sea.

Distance

دوری اور لاتعلقی جو فن کار کے لیے ضروری ہے۔

Distances, the three

ظاہر ہوں یا پوشیدہ یہ تین دوریاں ہر اہم فن پارے میں ہوتی ہیں۔ خلاً کردار کو لیجیے۔ ایک تو وہ یکتا فرد ہے اور اس کا مخصوص ردعمل ہے۔ دوسری چیز اس کے اندرونی رویے اور اعمال ہیں جو اس کے طبقے کے ساتھ مخصوص ہیں اور گہرائی سے دیکھیے تو اس کے میلانات، تاثرات، انگیزشیں ہیں جو سب انسانوں میں یکساں ہیں۔

Distich

بیت۔ دوہا۔ خصوصاً یونانی اور لاطینی نوحوں میں۔

Distortion

تحریف۔ مسخ کرنا۔

Distraction

اختلال توجہ۔

Distributed stress

دیکھو HOVERING ACCENT

Disuse

عدم استعمال۔

Disvalue

لاقدری۔

Dit

چودھویں صدی میں اس فرانسیسی صنف کی ترقی ہوئی اور یہ لمبی بیانیہ نظم ہوگئی جس کا زیادہ حصہ مباحثے کے لیے وقف ہوتا تھا۔

Dithyramb

پرجوش نظم۔ پرجوش چوپائی۔ بھجن جو DIONYSIUS کی بھینٹ چڑھاتے وقت مل کر گایا جاتا تھا۔ اور ان میں تنوع ہوتا تھا۔ لہجہ جوشیلا اور تند و تیز ہوتا تھا۔ ارسطو کے مطابق اس بھجن پر یونانی المیہ کی بنیاد پڑی۔

Diverbium

مکالماتی نظم جو لاطینی ڈراموں میں کردار استعمال کرتے ہیں۔

Divergence

انحراف؛ اختلاف؛ انتشار۔

Divertissement

ایک ہلکا پھلکا ادبی کارنامہ۔

Divisional Pause

وقفہ۔ دیکھو۔ CAESURA

Division of Labour

تقسیم کار۔

Dizain

دس سطروں کی نظم یا بند۔

Dochmiac

ایک رکن جس میں تین لمبی اور دو چھوٹی ہجائیں ہوتی ہیں۔ پنج ہجائی رکن

Doctrine, Doctrinarian

اصول؛ نظریہ؛ نظریہ پرست۔

Document

ادب میں وہ تصنیف جس کی بنیاد براہ راست (بلا واسطہ) زندگی پر ہے اور جو، جہاں تک ممکن ہے، ہو بہو زندگی کو پیش کرتا ہے۔ NATURALISTIC ناول نگاروں کے ناولوں کو DOCUMENTS HUMAINS کہا جاتا تھا۔

Doggerel

زٹل قافیہ۔ بھدی، کھردری نظم عموماً ظرافت آمیز ہوتی ہے لیکن کبھی کبھار یہ ظرافت غیر ارادی ہوتی ہے۔ ارادی ظرافت کی مثال SAMUEL BUTLER کی زٹل رزمیہ

HUDIBRAS

When civil fury first grew high,
And men fell out, they knew not why,
When hard words, jealousies and fears,
Set fools together by the ears,
And made them fight, like mad ordrunk,
For Dama Religion as for Punk;
Whose honesty they all durst swear for,
Tho' not a man of them know wherefore.

Dog-Latin

ملی جلی بے محاورہ لاطینی زبان۔

Dogmatic

ادعائی؛ پراستدلال؛ اصول کے مطابق۔

Dolce stil nuovo

شیریں نیا اسلوب۔ DANTE نے PURGATORIO میں یہ فقرہ اپنے اور اپنے بعض پیش روؤں کے اسلوب سے متعلق استعمال کیا ہے۔ لیکن اس فقرے کا اطلاق ادبی اسلوب سے زیادہ ارضی محبت اور عورت سے متعلق رویے پر ہوتا ہے GUIDO GUINICELLI کے مطابق شائستہ دل کی مرکزی خصوصیت عشق ہے جو خدا دل میں روشن کرتا ہے اور عورت جو خدائی حسن و حق کا مجسمہ ہے شائستہ دل میں اس عشق کی آگ روشن کرتی ہے جس کا سرچشمہ خدا ہے۔ عاشق محبوبہ کا طواف کرتا ہے اور وہ اسے ارضی خواہشوں سے پاک کر کے ربانی عشق و حق کی طرف رہنمائی کرتی ہے تاکہ وہ تقدیس حاصل کر سکے۔ یعنی عورت کا جسمانی حسن جو حسن روح کا مظہر ہے خدا سے عاشق کے وصال کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ شیریں نئے اسلوب کے علم برداروں نے گویا نیا شعری رویہ اپنایا۔ DANTE کی DIVINE COMEDY اس کا رزمیہ ہے اور اس کی مثال SPENSER کی THE FAERIE QUEENE میں ملتی ہے۔

Domestic tragedy

گھریلو المیہ۔ سنجیدہ ڈرامہ جس کے اسلوب میں حقیقت طرازی ہوتی ہے اور جس کا مرکزی کردار متوسط یا نیچے طبقے کا ہوتا ہے اور عمل بھی گھریلو واقعات سے متعلق ہوتا ہے، بلند سیاست سے نہیں للو کا ڈرامہ THE LONDON MERCHANT یا HEBBEL کا ڈرامہ MARIA MAGDOLINA، IBSEN کے ڈرامے اسی قسم کے ہیں۔ لیکن اس اصطلاح کا اطلاق عموماً ملکہ الزبتھ کے عہد کے گھریلو المیوں پر ہوتا ہے جیسے ARDEN OF FEVERSHAM، A WARNING TO FAIR WOMAN اور A WOMAN KILLED WITH KINDNESS

Doric

قدیم یونان کی مقامی بولی۔ THEOCRI، BION اور MOSCHUS نے اسی بولی میں لکھا ہے۔

Double Dactyl

وہ رکن جس میں دو DECTYL ہوتے ہیں۔

Double-Decker novels

وکٹوریہ کے عہد میں ناول کا مقصد تفریح تھا اور زیادہ زور 'پھڑکیا ہوا' پر دیا جاتا تھا۔ یہ ناول میگزینوں میں چھپتے تھے اور جب وہ دو حصوں میں چھپتے تو انھیں DOUBLE-DECKER کہا جاتا تھا اور اگر تین حصوں میں چھپتے تو انھیں THREE-DECKER کہا جاتا تھا۔

Double entendre

ذو معنیین۔ مبہم۔

Double Rhyme

دیکھو FEMININE RHYME

Drama

ڈرامہ؛ ناٹک۔ کوئی تصنیف جو اس غرض سے لکھی جائے کہ اداکار اسے اسٹیج پر پیش کریں۔ کوئی سنجیدہ ناٹک جس کا موضوع کوئی اہم مسئلہ ہو اور جس کا انجام خوشی یا ناخوشی پر ہو۔ ڈرامے کا یہ مفہوم DIDEROT اور BEAUMARCHAIS کا مرہون منت ہے جنھوں نے اچھے ناٹکوں کے لیے جن کا موضوع متوسط طبقے کی زندگی ہے اسے استعمال کیا۔ عصر حاضر میں اس لفظ کا اطلاق ہر قسم کے سنجیدہ ناٹکوں پر ہوتا ہے۔

Drama of Ideas

دیکھو THESIS PLAY

Drama of sensiblity

دیکھو SENTIMENTAL COMEDY

Dramatic Irony

دیکھو IRONY

Dramatic lyric

دیکھو DRAMATIC MONOLOGUE

Dramatic monologue, Monodrama

ڈرامائی خودکلامی۔ یک شخصی ڈرامہ۔ کم و بیش لمبی نظم جس میں

ایک کردار کی گفتگو یا تقریر ہوتی ہے جس سے اس کی شخصیت اور مخصوص ڈرامائی کیفیت پر روشنی پڑتی ہے۔ اسٹیج پر جو خود کلامی ہوتی ہے اس میں وقت اور جگہ اور صورت حال متعین ہوتی ہیں لیکن ڈرامائی خود کلامی میں جگہ، وقت، کرداروں کی شناخت، جذباتی یا فکری الجھاؤ یہ سب چیزیں اس خود کلامی میں آہستہ آہستہ ظاہر ہوتی ہیں۔ BROWNING نے اس صنف کا نام DRAMATIC LYRIC رکھا تھا اور اس صنف کو بلند ترین نقطے پر پہنچا دیا تھا۔ اس کی نظموں میں بولنے والے کے اہم ترین لمحۂ زندگی کا نفسیاتی تجزیہ ملتا ہے اس کی ایک نظم کا عنوان ہے، SOLILOQUY OF THE SPANISH CLOISTER یہ بھی ڈرامائی خود کلامی ہے اور شاعر تیزی اور صناعی سے کردار اور صورت حال کو واضح کرتا ہے۔

Gr-r-r - there go, any jeart's abhorrence.
Whater your damned flower pots, do.
:f hate killed me, Brother Lawrences
God's blood, would not mine kill you:

Dramatic Proverb

دیکھو PROVERBE DRAMATIQUE

Dramatis personae

ڈرامے کے کردار۔ ڈرامے کی ابتدا میں کرداروں کی فہرست اُن کے باہمی رشتوں کے ساتھ۔

Dramaturge

ڈرامہ نگار۔

Dramaturgy

ڈرامہ نویسی؛ ڈرامہ نویسی کے اصول۔ ڈرامہ کا فن۔ کبھی کبھار یہ اصطلاح ڈرامہ نویسی کے ساتھ اداکاری پر بھی منطبق ہوتی ہے۔

Dramatic Rules

Neo-classic Period

BOILEAU نے اپنی کتاب ART POETIQUE میں ڈرامے کے لئے تین وحدتوں کا قانون ہمیشہ کے لیے بنا دیا۔ DRYDEN اور POPE نے ان قوانین پر تنقید کی جو عالموں نے بنائے تھے۔

Drame

فرانسیسی سنجیدہ (اکثر المیہ) ڈرامے جن میں کچھ کامیڈی کی ملاوٹ ہوتی ہے۔

Dream

فن کاروں نے خواب کو فن کا سرچشمہ بنایا ہے اور اسے تکنیک کی طرح بھی استعمال کیا ہے۔ انگریزی شاعر کولرج کی نظم KUBLA KHAN خواب کا نتیجہ ہے لیکن ROGER FRY کا قول ہے کہ مخصوص جمالیاتی قوت اور خواب میں بیر ہے۔

Dream allegory

رویائی تمثیل۔ وہ تمثیل جو خواب، رویا یا سپنے کی شکل میں ہو۔ قرون وسطیٰ میں نظم کی ایک صنف جس میں معنی خیز تمثیل خواب کی شکل اختیار کر لیتی تھی ROMANCE OF THE ROSE ایک مشہور فرانسیسی رویائی تمثیل ہے۔ یہ تیرھویں صدی میں لکھی گئی تھی اور اس میں اس صنف کی روایتیں واضح طور پر ملتی ہیں۔ ایک دلکش باغ جس میں مرکزی کردار خوابیدہ ہے، تمثیلی کردار جیسے خوف، ریا، جسمانی نزاع جو حقیقت میں روحانی اور اخلاقی جدوجہد ہے۔ اس فرانسیسی نظم کی تقلید میں بہت سی نظمیں لکھی گئیں۔ چاسر نے چار نظمیں لکھیں۔

1. The Book of the Duchess.
2. The House of Fame.
3. The Parliament of Fowls.
4. The Prologue of the Legend of Good Women.

CHAUCER کے ہم عصر LANGLAND نے اپنی نظم PIERS PLOWMAN اس طرز میں لکھی۔

Droll

مختصر، مضحکہ خیز ناٹک جس میں اکثر رقص کا عنصر بھی ہوتا تھا CROMWELL کے زمانے میں تھیٹر بند ہو گئے تھے اور ڈرامے ممنوع تھے اس لیے بھی مختصر مضحکہ خیز ناٹک مع رقص قانون

کی گرفت سے بچنے کے لیے رائج ہو گئے تھے۔ اکثر ان کی بنیاد ان مضحکہ خیز سپنوں پر ہوتی جو پہلے لکھے ہوئے ڈراموں سے اخذ کر لیے گئے تھے۔

Drowned-in-tears, School of

یہ لفظ حقارت سے ابتدائی رومانی شاعروں پر منطبق کیا جاتا تھا جن میں GOETHE کا نوجوان WERTHER شامل تھا جو ہمیشہ زندگی کی خاروں سے خون بہاتا رہتا ہے۔

Dry Point

تانبے کی پلیٹ پر سخت لوہے کی سلائی سے نقش بنانے کا عمل۔ اس قسم کا نقش۔

Dualism

ثنویت۔ وہ عقیدہ جس میں دو مستقل جوہر مانے جاتے ہیں مثلاً روح اور مادّہ، یزداں اور اہرمن یا حضرت عیسیٰ کی دو شخصیتیں۔

Duan

ایک نظم یا اس کا ایک باب۔

Dumb-show

گونگا ناٹک۔ وہ ناٹک جس میں عمل ہوتا ہے لیکن مکالمہ نہیں ہوتا۔

Dumi

UKRAINE کا عوامی گیت جس کا وزن بے ضابطہ ہوتا ہے۔

Duodecimo

کتاب کی تقطیع (۷½×۵ انچ) جو کاغذ کے ایک تختے کو بارہ اوراق میں تہ کرنے سے حاصل ہوتی ہے۔

Duologue

مکالمہ (ڈرامہ میں دو کرداروں کے درمیان)۔ دو نوبیوں کا مکالمہ۔ دو شخصی ڈرامہ۔

Duple meter or Rhythm

دو وزنی ڈھانچہ جس میں ہر سطر میں دو ہجائیں ہوتی ہیں۔

Thus I
Passe by,
And die;
As one,
Unknown,
And gon. (Herrick)

Dyad

ایک بیت جس میں دو غیر مماثل سطریں ہوتی ہیں۔
دیکھو DISTICH

Dynamic

حرکی۔ حرکیاتی

Dynamic role of society

سماج کا حرکی کام یا فرض۔

Dynamism

قوتیت۔ حرکیت۔

Dyslogism

وہ لفظ جس کا معنی توہین آمیز ہوتا ہے۔ خصوصاً ایسا لفظ جو خاص اس مقصد کے لیے گھڑ لیا گیا ہو جیسے IMPURITANS

Dysphemism

ایسا لفظ استعمال کرنا جس سے کمزوری یا بدنمائی زیادہ واضح ہو جائے جیسے SPADE کو DIRTY SHOUEL کہنا

E

Eccentricity

بے مرکزیت

Ecckesuastucak drama

دیکھو LITURGICAL DRAMA

Echo

کسی صوت (لفظ یا فقرے) کی باضابطہ تکرار۔ عموماً ایک سطر کے آخری لفظوں کی دوسری سطر کی ابتدا میں تکرار ہوتی ہے:

Shepherd:
Echo, I ween, will in the woods reply.
And quaintly answer questions: shall I try?
Echo: Try.
What must we do our passion to express?
Press.
How shall I please her, who ne'er loved before?
Be Fore.
What moves women when we them address?
A dress.
Say, what can keep her chaste whom I adore?
A door.

(Swift)

Echoic

ایسے الفاظ جن کی اصوات سے ان کے معانی کا اظہار ہوتا ہے

جیسے CRASH, GLIDE SQUEAK, COO

Echo Verse

بازگشتی نظم۔ ایک سطر اور آواز بازگشت جو اس سطر کی آخری ہجاؤں کی تکرار کرتی ہے لیکن تبدیلیِ معنی کے ساتھ جیسے SWIFT کی نظم۔

Electic, Ecleticism

انتخابی۔ قدیم حکما کا وہ گروہ جو مختلف مذاہب اور فلسفیوں سے مسائل انتخاب کر لیتا تھا۔ وہ شخص جس کے خیالات وغیرہ کسی مخصوص دائرے کے اندر محدود نہ ہوں بلکہ وہ مختلف ماخذوں سے مستعار لیتا ہو۔ انتخابیت۔

Eclipsis

ایسے الفاظ جو قواعد کی رو سے ضروری ہوں ان کو حذف کر دینا جیسے: SO EARLY COME

Eclogue

مختصر نظم یا لمبی نظم کا ایک حصہ۔ پھر یہ لفظ دریجل کی دیہی نظموں پر منطبق ہوا۔ نشاۃ ثانیہ کے دوران میں اس لفظ کا اطلاق دیہی موضوعات سے متعلق مکالموں پر ہونے لگا جیسے SPENSER کی نظم SHEPHEARDES CALENDAR اٹھارھویں صدی میں شہری شعری مکالمے لکھے جانے لگے اور اس لفظ کا اطلاق موضوع سے ذرا ہٹ گیا۔ عصر حاضر میں اس صنف کی نظمیں شاعر کے سیاسی اور سماجی خیالات کے اظہار کا ذریعہ بن گئی ہیں جیسے:

1. Frost : Build soil
2. MacNeice: Eclogue from Iceland
3. Auden : Age of Anxiety

Economic

معاشیاتی۔ اقتصادی۔

Economic function

معاشیاتی تفاعل۔

Economic individualism

معاشیاتی انفرادیت۔

Economic means of production

پیداوار کے معاشیاتی ذرائع۔

Economic production and production relation

معاشیاتی پیداوار اور پیداواری رشتہ (تعلق)

Economy

کفایت شعاری۔ تنظیم

Economy of sham individualism

بناوٹی انفرادیت کی تنظیم۔

Ecphonema

چیخ و پکار PARANISM ۔ خوشی کی چیخ ANAPHONEMA
غم کی پکار THAUMASM تعجب میں۔ VOTUM دعا
یا قسم کے ساتھ۔ ARA بددعا۔ MISOS دشنام
بردشنام۔ DECSIN التجا کے ساتھ۔ OBSECRATION
دشمنوں کے لیے بددعا ABOMINATION بدی کو
دور کرنا۔

Ecplexis

شاعروں کا مقصد۔ تفریح، روشنی۔ وجد۔

Ecstasy

وجد۔ غایت انبساط۔ آنند۔

Edition

اشاعت۔ تعداد اشاعت۔ کسی کتاب کے کل نسخے جو ایک بار طبع ہوں۔ اگر پہلی اشاعت کے بعد حروف ٹائپ کی نئی ترتیب ہو یا ان میں کچھ تبدیلیاں ہوں اور پھر کتاب چھاپی جائے تو یہ دوسرا ایڈیشن ہوگا (دوسری اشاعت ہوگی)۔ اگر حروف ٹائپ کی از سر نو ترتیب نہ ہوئی ہو تو یہ دوسری چھپائی (IMRESSION) ہوگی۔ لفظ ISSUE کا کوئی متعین معنی نہیں ہے لیکن عام طور پر اس کا اطلاق کتاب کی ایسی اشاعت پر ہوتا ہے جب اس میں کچھ اضافہ ہوا ہو یا اس کی ترتیب مختلف ہو لیکن RE-ISSUE کا عموماً یہی مفہوم ہے کہ کتاب کی نئی اشاعت بغیر کسی تغیر و تبدل کے ہوتی ہے۔

Editio Princeps

کسی کتاب کا سب سے پہلا ایڈیشن۔

Edwardian age

اوائل بیسویں صدی۔ ایڈورڈ ہفتم کی سلطنت کا زمانہ۔ تنقید اور ردعمل کا زمانہ، خوش حال۔ استحکام اور یقین کا عہد۔

Effluvium

مفروضہ ذرات کا سلسلہ جو مقناطیس وغیرہ سے خارج ہوتا ہے۔ دھارا۔

Eglogue

دیکھو ECLOGUE

Ego, Egoism, Egoist

انا؛ خودی؛ ذات۔ انانیت۔ انا پرست۔

Egoideal

مثالی انا۔

Egotistical sublime

بقول KEATS ورڈز ورتھ کی بلند محویت بالذات۔

Egoistic hedonism

انا پرست لذتیت۔

Egotism

خود پرستی۔

Eidetic

خیالی؛ واضح؛ جوہر یا شکل سے متعلق؛ مشاہدۂ ذات کا قائل۔

Eidyllion

مختصر توصیفی نظم۔

Eight-and-six metre

چودہ ہجاؤں کی سطر جس کو دو سطروں میں منقسم کر دیا گیا ہو۔ ایک سطر میں آٹھ ہجائیں ہوتی ہیں اور دوسری میں چھ۔

John Gilpin was a citizen
Of credit and renown
A train-band captain eke was he
Of famous London town
(Cowper)

Einfuhlung

دیکھو EMPATHY

Eisteddfod

ویلس (WALES) کے شاعروں کی کانفرنس جو سالانہ ہوتی ہے۔ اس کا مقصد بول چال اور ادبی زبان کی ترقی ہے۔ اس میں مقابلے ہوتے ہیں، انعامات دیے جاتے ہیں۔ اہم ادبی انعامات یہ ہیں: (۱) منقش شاہ بلوط کی لکڑی کی کرسی۔ یہ انعام ایسی نظم کے لیے ہے جو باضابطہ مقررہ وزن میں ہو۔ اسے CHAIR ODE کہتے ہیں۔ (۲) چاندی کا تاج۔ یہ انعام بہترین نظم کے لیے ہے جو آزاد وزن میں ہو۔ اسے CROWN POEM کہتے ہیں۔ نظموں کے لیے موضوع پہلے سے بتا دیا جاتا ہے۔ ڈراموں، مقالوں، ترجموں وغیرہ کے لیے بھی انعامات ہوتے ہیں۔

Elaboration

تفصیلات کو انجام تک پہنچانا۔ جزئیات کی تفصیل سے موازنہ و مقابلہ سے، تکرار سے، تعریف و تشریح سے پیچیدہ اور متوازن اسلوب حاصل کرنا۔

Elan Vital

جوشِ حیات۔

Electra Complex

لڑکی کی باپ سے محبت اور ماں سے رقابت۔

Elation

سرخوشی۔

Elegance

مرصع، سلیس اور مصنوعی طرزِ تحریر۔

Elegancy

شستہ و سلیس لفظ بجائے معمولی لفظ جیسے HOME کے بدلے ABODE۔ COLLECTION کے بدلے ASSEMBLAGE، SHOP کے بدلے EMPORIUM

Elegantia

قدیم رومی تقریر میں تین بنیادی صفتوں میں سے ایک اور دو صفتیں DIGNITAS اور COMPOSITIO تھیں۔ منتخب خالص الفاظ کا استعمال۔

Elegant variation

ایک لفظ کی تکرار سے پرہیز جیسے:

spend a few weeks more in their winter home in their, summer hahitat

شاعری میں اس کی مثالیں ملتی ہیں۔ BEOWULF میں BOAT کو FONMY-NECKED VESSEL، SEA-GOER، WAVE-FLOATER، SEA-BOAT، WELL-FASHIONED VESSEL اور BROAD-BOSOMED VESSEL کہا گیا ہے۔

Elegiac couplet

دیکھو ELEGIAC METRE

Elegiac metre

مرثیے یا نوحے کی بحر۔ وہ وزن جو یونانی اور رومی عروض میں مرثیے یا نوحے کی بیتوں کے لیے مخصوص تھا۔ ہر بیت کے پہلے مصرع میں چھ رکنی DACTYL اور دوسرے مصرع میں پنج رکنی DACTYL ہوتے تھے۔ اکثر دوسرے مصرع میں بھی چھ رکنی ہوتے تھے لیکن تیسرے اور چھٹے رکن میں بے تاکید ہجائیں حذف کر دی جاتی تھیں۔ اس قسم کی بیت جو مرثیے کے لیے مخصوص تھی، یونان کی ایجاد تھی، پھر لاطینی شعراء CATULLUS وغیرہ نے بھی اس کا استعمال کیا۔

Elegiambus

دیکھو ARCHILOCHIAN

Elegy

مرثیہ۔ یونانی اور رومی ادب میں کوئی نظم جو اتنی بحر میں لکھی گئی ہو۔ اس کا موضوع موت کے علاوہ عشق یا جنگ بھی ہوتا تھا۔ لیکن سولھویں صدی سے اس اصطلاح کا اطلاق ہر اس سنجیدہ نظم پر ہونے لگا جس میں کسی شخص کی موت پر یا لوگوں کی موت پر مرثیہ

جیسے AUDEN کی نظم IN MEMORY OF
W.B. YEATS یا GRAY کی مشہور نظم
ELEGY WRITTEN IN A COUNTRY CHURCHYARD
اس صنف کی ایک شاخ شبانی مرثیہ یا نوحہ ہے جس کی ایجاد THEOCRITUS، BION اور MOSCHUS نے کی اور جس کے انگریزی نمونے ملٹن کی LYCIDAS اور شیلے کی ADONAIS ہے۔ شاعر اور اس کے موضوعات شبانوں کے بھیس میں نظر آتے ہیں اور پس منظر دیہاتی ہوتا ہے حالانکہ اس کا موضوع EDWARD KING اور دوسرے کا موضوع KEATS ہے۔ بہرکیف اس دیہاتی دنیا کی دیویاں، گلہ بان اور دوسرے باشندے سبھی سوگواری کرتے ہیں لیکن نظم کا انجام عموماً سکون یا خوشی پر ہوتا ہے۔

Elevation

ایسے الفاظ جو پہلے عامیانہ تھے پھر شائستہ ہو گئے جیسے ROWDY BOGUS BOOM جو اب عامیانہ نہیں رہے ہیں۔

Elimination

اخراج۔

Elision

حرف علت کو حذف کرنا۔ نظم میں کسی بے تاکید ہجا کو اس لیے حذف کرنا کہ سطر وزن سے باہر نہ جا پڑے۔

Calling to mind since first my love begun,
Th'in certain times oft varying in their course
How things still unexpectedly have run,
As't Please the Fates, by their resistless force

(Michael Drayton)

دوسری اور چوتھی سطروں میں حروف علت E اور A کو حذف کر دیا گیا ہے۔ جب دو حروف علت میں سے ایک حرف علت کو حذف کیا جاتا ہے (جیسے دوسری سطر میں) تو اسے SYNALEPHA کہتے ہیں۔ کبھی کبھار ELISION کو اسی معنی تک محدود کر دیا جاتا ہے۔

Elizabethan

وہ تصنیفیں جو سولھویں صدی اور اوائل سترھویں صدی میں لکھی گئیں۔

Elocution

فن تقریر۔

Embaterion

کوچ کا گیت۔۔

Emblem

دیکھو EMBLEM BOOK

Emblem-Book

علامتی تصویروں کی کتاب۔ ان تصویروں کو EMBLEMS کہا جاتا ہے۔ ہر تصویر کے ساتھ ایک مقولہ (MOTTO) ہوتا تھا اور کبھی کبھار تشریح بھی ہوتی تھی۔ قرون وسطی اور نشاۃ ثانیہ میں اس قسم کی کتاب بہت مقبول تھی۔ یہ اخلاقی اور نصیحت آموز ہوتی تھی۔ ولیم بلیک نے اس طرز کو اپنی کتاب THE GATES OF PARADISE میں دوبارہ زندہ کیا۔

Embryonic Rhyme

دیکھو NEAR RHYME

Emendation

تصحیح۔ متن کی تصحیح جہاں اس میں صریحی غلطی ہو

Emotion

جذبہ۔

Emotion, aesthetic

جمالیاتی جذبہ۔۔

Emotional adequacy

جذباتی موزونیت۔

Emotional fixation

انجماد جذبہ۔

Emotional regression

جذباتی رجعت۔

Emotional stability

جذباتی استقلال

Emotional suppression

امتناع جذبہ۔

Emotional tension

جذباتی تناؤ۔

Emotive use of words, Emotive language

جذباتی زبان۔ جذبہ انگیز طرز بیان۔ لفظوں کو اس طرح استعمال کرنا کہ ان سے جذباتی ردعمل ظاہر ہو بخلاف سائنٹیفک زبان کے جو محض اظہاری ہے، جہاں مقصد معنی کو صاف، واضح اور متعین طور پر بیان کرنا ہے، جذبات کو ابھارنا نہیں۔ RICHARDS۔ اور۔ C.K. OGDEN نے اپنی کتاب۔ THE MEANING OF MEANING میں الفاظ کے شعری یا جذباتی اور سائنٹیفک (اظہاری) استعمال کے فرق پر تفصیل سے لکھا ہے۔

Empathy

اپنی شخصیت کو متصورہ معروض میں داخل کر دینا اور اپنی شخصیت کو کسی شے (وہ واقعی ہو یا خیالی) سے متحد کر دینا۔ KEATS نے لکھا ہے:

"The setting sun will always set me to rights or if a sparrow come before my window, I take part in its existence and pick about the gravel"

اسی کو EMPATHY۔ کہتے ہیں۔

Emphasis

تاکید لفظی۔ زور بیان۔

Empirical, Empiricism

تجربی۔ تجربیت۔

Empirical art

تجربی آرٹ

Enallage

ایک نحوی ترکیب کی جگہ پر دوسری نحوی ترکیب کا استعمال کرنا۔ حال کی جگہ ماضی، واحد کی جگہ جمع، اسم کی جگہ فعل۔

We can toe the line, ditchecar, be quickly nettled, and have a good cry.

Enchiridion

دستی کتاب

Enclosed Rhyme

یہ قوافی کی اب ب ا ترتیب ہے۔ جیسے TENNYSON کے اس بند میں:

Now fades the last long streak of snow
Now burgeons every maze of quick
About the flowering squares, and thick
By asher roots the violets blow.

Encomiastic verse

قصیدہ۔ مدحیہ نظم۔ نظمیں جن میں اشخاص، اشیاء یا مجرد تصورات کی تعریف یا مدح ہوتی ہے۔ PINDAR اپنے قصیدوں (ODES) میں OLYMPIC کھیلوں میں جیتنے والوں کی مدح لکھتا ہے۔ WORDSWORTH اپنی نظم ODE TO DUTY میں فریضے کی تعریف کرتا ہے۔

Encomium

پرشوکت مدح سرائی۔

Endecha

ہسپانوی نوحہ یا غم انگیز گیت۔ اس میں چار سطریں ہوتی ہیں اور ہر سطر میں چھ یا سات ہجائیں ہوتی ہیں۔

Ending

(۱) خاتمہ، وہ نظم کا ہو یا ڈرامے کا۔
(۲) سطر کی آخری ہجا پر تاکید۔

End paper

جلد بندی میں سفید یا رنگین کاغذ کا جلد کے اندرونی حصے پر چپکانا۔

End Rhyme

دیکھو RHYME

End-stopped line

ایسی سطر جس میں وہ وقفہ جو از روئے قواعد لازم ہو (جیسے کسی فقرے یا جملے کے آخر میں) سطر کے آخر میں ہو۔ پوپ کی نظموں میں ایسی مثالیں کثرت سے ملتی ہیں۔

Meamwhile, declining from the noon of day,
Thw sun obliquely shoots his burning ray;
The hungry judges soon the sentence sign.
And wretches hang that jurymen may dine.

ہر سطر کے آخر میں COMMA SEMI-COLON یا FULLSTOP یعنی کوئی وقفہ ہے۔

English sonnet

دیکھو SHAKESPEARIAN SONNET

English versification

انگریزی نظم نگاری۔

Enigma, Enigmatic

معمہ، چیستان۔ معمہ جیسا

Enjambement

دیکھو RUN-ON LINE

Enlightenment, the

سترھویں اور اٹھارھویں صدی میں فلسفہ اور ادب کا رجحان جس کی جڑ انسانی عقل کی طاقت پر یقین تھی۔

Entelechy

مکمل بیان۔ اظہار کلی۔

Enthusiasm

جوش۔ ولولہ۔

Enthymeme

قیاس جس میں ایک قضیہ حذف کر دیا گیا ہو جیسے RAIN IS WATER AND THEREFORE RAIN IS WET یہاں ایک قضیہ WATER IS WET حذف کر دیا گیا ہے۔

Entr Act

ناٹک میں درمیانی وقفہ جس میں کوئی تفریحی کھیل (سرود آمیز) ناظرین کی ضیافت طبع کے لیے ہوتا ہے۔

Envelope stanza

وہ بند جس میں قوافی اب ب ا ہوں

Environment

دیکھو MILIEU.

Envoy (Envoi)

نظم کا آخری بند جو دوسرے بندوں سے نسبتاً مختصر ہوتا ہے۔ دیکھو BALLADE

Epanadiplosis

وہ صنعت جس میں جملہ ایک ہی لفظ سے شروع اور ختم ہوتا ہے۔

'The thoughts are but overflowings of the mind, and the tongue is but servant of the thoughts.

Epanodos

ایک لفظ یا فقرہ جو جملے کے شروع اور بیچ یا بیچ اور آخر میں ہو۔

Here you this soul-invad;ng voice, and count it but a voice? (Sidney)

Epanalepsis, Epanaphora

دیکھو REPETITION

Epanorthosis

کسی بیان کی تصحیح کرنا (بیان کرتے وقت) یا اس بیان سے متعلق کچھ کہنا۔

'In six troubles, yea, in seven'.
I love thilke lasse (alas! why do I love?)
And am forlorne, (alas! why am I lorne?)

Epater le Bourgeois

دیکھو PHILISTINE

Epenthesis

ایک صوت، حرف یا ہجا کا لفظ کے بیچ میں اضافہ کرنا جیسے
ELM کی بجائے ELIM ' BLACKAMOOR

Epic

رزمیہ۔ لمبی نظم جو کسی اہم اور اعلا موضوع پر ہو اور جس کا اسلوب بلند اور شان دار ہو۔ ابتدائی رزمیے THE ILIAD THE ODYSSEY یا BEOWULF کسی قبیلے یا قوم کے زبانی افسانوں کی تحریری شکلیں ہیں۔ ادبی رزمیے جیسے VIRGIL کی AENCID ابتدائی رزمیوں کی نقلیں ہیں۔ اس لفظ کا اطلاق بہت سی ایسی نظموں پر بھی ہوتا ہے جن میں ہومر کی بنائی ہوئی ریتوں میں بہت سی ریتیں نہیں ہیں جیسے (۱) دانتے کی DIVINE COMEDY (۲) اسپنسر کی THE FAERTE QUEENE (۳) TASSO کی GERUSA LIME LIBERATA

رزمیہ کی کچھ ریتیں درج ذیل ہیں،

شاعر پہلے اپنا موضوع بتاتا ہے اور کسی دیوی سے مدد مانگتا ہے۔ اس سے سوال کرتا ہے اور اس کے جواب سے قصے کی ابتدا ہوتی ہے، لیکن یہ ابتدا وسط قصہ سے ہوتی ہے، ابتدائی واقعات ضمناً بعد میں بیان ہوتے ہیں۔ عمل یا سلسلۂ واقعات ایک عظیم المرتبت شخصیت سے متعلق ہوتا ہے۔ ODYSSCUS ITHACA کا بادشاہ ہے، AENAAS رومی سلطنت کا بانی ہے۔ ہیرو حیرت انگیز جانبازی کی مثالیں پیش کرتا ہے۔ اسے جہنم میں اترنا پڑتا ہے۔ اہم کرداروں کا بیان ہوتا ہے جو شاندار تقریروں میں اپنی شخصیت ظاہر کرتے ہیں۔ عظیم جنگیں ہوتی ہیں جن میں دیوتا حصہ لیتے ہیں۔ رزمیہ کا اسلوب موضوع کی مناسبت سے شان دار، بلند آہنگ اور پر شکوہ ہوتا ہے۔ بائرن نے رزمیہ کے مرصع شان دار اسلوب اور ساز و سامان کا اپنی نظم DON JUAN میں مذاق اڑایا ہے،

My poem's epic, and is meant to be
Divided into twelve books, each book containing,
With love and war, a heavy gale at sea
A list of ships, and captains and kings reigning,
After the style of Virgil and of Homer.
So that my name of Epic's no misnomer.

Epic narrative

رزمیہ نما بیانیہ نظم جیسے: SOHRAB AND RUSTUM (سہراب اور رستم)

Epic (or Homeric) simile

رزمیہ تشبیہ۔ ایک لمبی کشادہ تشبیہ جس میں ایک یا دو چیزوں کا مفصل بیان یا موازنہ ہوتا ہے۔ اس قسم کی تشبیہیں رزمیہ میں عام طور سے پائی جاتی ہیں لیکن دوسری قسم کی نظموں میں بھی ایسی تشبیہیں ملتی ہیں۔ ملٹن MILTON شیطان (SATAN) کی اس طرح تصویر کشی کرتا ہے،

Leviathan, which God of all his works
Created hugest that swim the ocean stream:
Him hugdy slumbering on the Norway .oam
The pilot of some small ninght-foundereq skrift,
Deeming some island, oft as seamen tell,
With fixed anchor in his scaly rind
Moors by his side under lee, while night
Invests the sea, and wished morn
So stretched out huge in length the Arch-Fiend lay
Chained on the burning take.

Epic theatre

ایک ڈرامائی تحریک جس میں مواد کی ضرورت سے زیادہ اہمیت ہے اور حقیقت کی وہم سے۔ یہ تھیٹر بیانیہ ہوتا ہے اور مقصد

اخلاقی ہوتا ہے اس لیے اسے EPIC کہتے ہیں۔ اس کی تکنیک میں بیان کرنے والے، خود کلامی، کورس، فلم، ریڈیو وغیرہ بہت سی چیزیں ہوتی ہیں۔ EDWIN PISCATOR اس قسم کے تھیٹر کا بانی تھا۔ اس کا FLAG اور BRECHT کا THREEPENNY OPERA اس کی مثالیں ہیں۔

Epideictic

باضابطہ تقریر، مدح یا نکتہ چینی کے طور پر جس میں خطابت کی مہارت ہوتی ہے۔

Epigones

کسی بڑے عہد کے کم قیمت پیرو

Epigram

لطیفہ۔ مختصر، پرمغز بیان جس میں انوکھا خیال اور نفیس طرز ادا ہو۔ آسکر وائلڈ نے لکھا ہے:

"Man is a rational animal who always loses his temper when he is called upon to act in accordance with the dictates of reason".

اس کی ابتدا عمارت پر کتبے کی صورت میں ہوئی۔ اس کے بعد اس کا اطلاق مختصر طنزیہ نظموں پر ہونے لگا۔ انگریزی میں ڈاکٹر جانسن اور بائرن کے لطائف مشہور ہیں۔

Epigraph

کتبہ۔ لوح کتاب یا باب کے شروع میں ایک اقتباس

Epilogue

تقریر کا آخری حصہ جسے PERORATION کہتے ہیں
قصے کا اختتام جس میں اخلاقی نتیجہ (سبق) ہوتا ہے۔ ڈرامے کے انجام پر ایکٹر کی تقریر جس میں ناقدوں سے ڈرامے یا اداکاری کی کوتاہیوں کا اعتذار ہوتا ہے اور حاضرین سے 'واہ واہ' کی درخواست ہوتی ہے۔

Epimythium

کسی قصے یا حکایت کے اخلاقی نتیجے (سبق) کا بیان۔ اگر آخر میں ہو تو اسے EPIMYTHIUM کہتے ہیں اور اگر ابتدا میں ہو تو اسے PROMYTHIUM کہتے ہیں۔

Epinikion

فتحیہ تشبیب

Epiphany

ظہور۔ جیمز جوائس نے STEPHEN HERO میں اس لفظ کو 'ناگہانی روحانی ظہور' کے معنی میں استعمال کیا ہے جس کا کسی چیز یا عمل کی معنی خیزی کے ادراک سے ناظر کو تجربہ ہوتا ہے۔ کبھی کسی غیر اہم واقعہ کو دیکھنے یا گفتگو کے ایک ٹکڑے کو سننے سے STEPHEN کو احساس ہوتا ہے کہ یہ ایک روحانی کیفیت کی علامت ہے یعنی معنی کے ادراک سے یہ روحانی ظہور ہوتا ہے۔ STEPHEN کا مقصد ہے کہ وہ ایسے روحانی مظاہرات کو ایک ناول میں جمع کرے اور جیمز جوائس کی کتاب THE PORTRAIT OF THE ARTIST AS A YOUNGMAN میں اس قسم کی دروں بینی کثرت سے ملتی ہے۔

".......he felt that the augury he had sought **in the wheeling darting bird** and in thepale space of the sky above him had come forth from his heart like a bird from a turret quietly and swiftly, Symbol of depature or loneliness?

Epiplexis

دلیل بذریعہ ملامت

Epirrhema

عالیہ واقعات پر طنز آمیز تقریر۔ یونانی کامیڈیوں میں کورس کے لیڈر کی تقریر

Episode

ضمنی قصہ۔ لمبے قصے میں ایک ضمنی مختصر قصہ جو کبھی سلسلہ واقعات کا لازمی جزو ہوتا ہے اور کبھی یہ انحراف کے طور پر ہوتا ہے اور نفس قصہ سے اس کا کوئی خاص لگاؤ نہیں ہوتا۔

Episodic

لمبے قصے میں ایک ضمنی قصے کی طرح ، سلسلہ وار تصنیف کے ایک حصے کی طرح ۔

Epistemology

علمیات۔علم انسانی کے ذرائع اور مواد کا علم

Epistle

منظوم خط۔بہت سے انگریزی شاعروں مثلاً ڈون، ڈاکٹر جانسن، برنز اور شیلے نے اس صنف کا استعمال کیا ہے۔

Madame,

Reason is our soules left hand, Faith her right

By these wee reach divinity, that's you:

Thir loves who have the blessing of your light

Crew from their reason, mine from faire faith

Donne: To the Countess Bedford.

نشاۃ ثانیہ سے اٹھارھویں صدی تک عموماً کتابوں اور نظموں کا انتساب منظوم خط کی شکل میں ہوتا تھا اور EPISTLE گویا پیش لفظ کے معنی میں استعمال ہوتا تھا۔

Epistolary Novel (Fiction)

مکتوبی ناول۔ وہ ناول جو خطوط کی شکل میں ہوں۔ یہ مکتوبی ترکیب اٹھارھویں صدی میں مقبول تھی اور رچرڈسن نے PAMILA اور CLARISSA HARLOWE میں اس صنف کا کامیاب نمونہ پیش کیا تھا۔ اس ترکیب سے فائدہ یہ تھا کہ پلاٹ کے ارتقاء کے ساتھ ساتھ ہیروئن کے نجی خیالات وجذبات کی عکاسی بھی ممکن تھی۔ ادبی راز جو کی حیثیت سے قاری بدلتے ہوئے خیالات، جذبات کو براہ راست دیکھ سکتا تھا لیکن اپنی معنویت کی وجہ سے یہ طریقہ زیادہ دنوں تک نہ چل سکا۔

Epistrophe

کئی جملوں یا فقروں کا ایک ہی لفظ پر ختم ہونا۔

'We were born to sorrow, pass our time in sorrow, and our days in sorrow.'

Epitaph

لوح مزار، کتبہ، مختصر نظم کی شکل میں جو سر مزار پر ہو۔ کو مختصر نظم (یا لمبی نظم کا ایک حصہ) جس میں مردے سے متعلق اظہار احترام یا بے ادبی (گستاخی) ہو

Here rests his head upon the lap of Earth
A youth, to Fortune and to Fame unknown
Fair science frown'd not on his humble birth,
And Melencholy mark'd him for his own.

Large was his bounty, and his soul sincere,
Heaven did a recompense as largely send:
He gave to Misery all he had, a tear,
He gained from Heav'n, 'twas, all be wish'd, a friend

No farther seek his merits to disclose,
Or trace his frailties from their dead abode,
(There they alike in trembling hope repose,
The bosom of his Father and his God.

Gray's Elegy

کبھی کبھار یہ نظمیں قصداً طنز آمیز ہوتی ہیں۔

Here lie I, Martin Elginbrodde:
Have mercy on my soul, Lord God,
As I wad do, were I Lord God,
And ye were Martin Elginbrodde. (Anonymous)

Epitasis

ڈرامے کا عروج کی طرف بڑھنا۔ کشمکش کی شدت

Epithalamion (um)

نغمۂ شادی۔ نظم عروسی۔ گیت یا نظم جو شادی کی خوشی میں لکھی جائے۔ یہ سنجیدہ بھی ہوتی ہے اور ظرافت آمیز بھی۔ بائیبل میں نغمات سلیمانی اس صنف کے بے مثل نمونے ہیں۔ انگریزی میں SPENSER کا نغمۂ عروسی مشہور ہے:

And thou great June. Which with awful night
The love of wedlock still dost patronize;
And the religion of the faith first flight
With sacred rights hast taught to solemnize;
And eek for comfort often called are
Of w-men in their smart;
Eternally bind thou this lovely band,
And all thy blessings unto us impart.

Epithet

صفت۔ لقب۔ کوئی لفظ جس سے کسی شخص یا چیز کی خصوصیت ظاہر ہو جیسے ETHELRED, THE UNREADY یا HOMER - JACK, THE RIPPER اور بعض اسم صفت اور دوسرے اسموں کو جوڑ دیا کرتا تھا۔ ایسی صفتوں کو HOMERIC EPITHETS کہتے ہیں مثلاً SWIFT- ODYSSEY SACKER OF CITIES

ROSY FINGERED DAWN FOOTED ACHILLES

Epitome

خلاصہ۔ لب لباب۔ کلاسیکی عہد میں کسی خاص موضوع پر اقتباسات کا مجموعہ۔

Epitrite

ایک رکن جس میں ایک چھوٹی ہجا اور تین بڑی ہجائیں ہوتی ہیں،
(۱) /⏑ – – –/ (۲) /– ⏑ – –/ (۳) /– – ⏑ –/
(۴) /– – – ⏑/۔

Epizeuxis

ایک صفت جس میں کسی لفظ یا فقرے کی تکرار شدت کے ساتھ ہوتی ہے جیسے:

The time is changed, my lute, the time is changed (Sidney)

Epode

غنائی نظم کی ایک قسم جس میں ایک لمبی نظم کے بعد ایک مختصر نظم ہوتی ہے جیسے HORACE کے EPODES میں۔ PINDARIC ODE کا ایک حصہ۔

Eponymous

نام دینے والا، خصوصاً اساطیری کردار جس کے نام پر لوگوں یا جگہوں کے نام پڑتے ہیں۔ ایسا کردار ڈرامے کو بھی اپنا نام دیتا ہے جیسے ہیملٹ سے HAMLET

Epopee

رزمیہ نظم یا شاعری۔۔

Epos

ابتدائی غیر تحریری رزمیہ شاعری۔ رزمیہ نظم۔

Epyllion

مختصر رزمیہ نظم جیسے THEOCRITUS کی نظم جو HERCALES کے بچپن سے متعلق ہے۔

Equilibrium

توازن۔ تعادل۔

Equivalence

ہجائی اوزان میں یہ قاعدہ کہ دو چھوٹی ہجائیں ایک بڑی ہجا کے برابر ہیں۔ اس لیے ANAPESTS - DACTYLS
TRIBRACHS, SPONDEES اور AMPHIBRACHS ایک دوسرے کی جگہ استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

ذومعنی لفظ کا استعمال۔ یہ شعوری بھی ہو سکتا ہے اور غیر شعوری بھی۔

Eritesis

ایسا سوال جس سے ایک خاص جواب مدنظر ہو خصوصاً نفی میں۔ ANTHYPOPHORA - سے۔ سوال کرنا اور خود ہی اس کا

جواب دینا۔ EROTEMA = ایسا سوال جس کا جواب معلوم ہو۔ PUSMA = سوال بطور اختلاف AM I ANACOENOSIS = سوال .MY BROTHER'S KEEPER? جس کا مخاطب کوئی مخالف (رقیب) بھی ہو یا غیر حاضر ہو۔ SYMBOLEUSIS = سوال جس میں مشورہ طلب کیا جاتا ہے۔

Erotic

عاشقانہ شاعری جس میں جسمانی یا نفسیاتی مسئلے ہوں۔ SHAKESPEARE کی مشہور نظم VENUS AND ADONIS اسی قسم کی ہے۔

Eroticism

شہوت۔

Erratum, (pl) Errata

غلطیاں (طباعت یا تحریر میں)

Error

المیہ غلطی / کسی بلند کردار میں خامی

Erse

ہائی لینڈ والوں کی گیلک بولی۔

Erziehungsroman

دیکھو BILDUNGSROMAN

Escape, Escapism

فرار۔ فراریت۔ زندگی کی سنگین حقیقتوں سے فرار کرنا۔ SWINBURNE, TENNYSON, KEATS, ROSSETTI کی نظموں میں فراریت ملتی ہے؛

Wherefore tonight so full of care
My soul, revolving hopeless strife,
Pointing at hindrance, and the bare
Painful escapes of fitful life (Bridges)

Esemplastic power

ایک بنانا۔ مختلف چیزوں کو ایک سانچے میں ڈھالنا۔ کولرج نے تخیل کو ESEMPLASTIC POWER کہا ہے۔

Esoteric

مخفی، پر اسرار۔ فلسفے یا اور علوم کے ایسے مسائل یا اصول جو منتخب لوگوں یا شاگردوں تک محدود کیے جاتے ہیں۔

Esparto

گھاس جو ہسپانیہ سے کاغذ بنانے کے لیے منگائی جاتی تھی۔

Esperanto

عالم گیر استعمال کے لیے ایک مصنوعی زبان جسے DR. L.L. ZAMENHOF نے بنایا تھا۔

Esprit de corps

یک جہتی کی شان۔ اپنی جماعت کی عزت و فوائد کا خیال۔

Essay

مقالہ۔ ایک یا ایک سے زیادہ موضوع پر باقاعدہ یا بے قاعدہ مختصر مضمون۔ یہ مضمون یا مقالہ عموماً نثر میں ہی ہوتا ہے لیکن کبھی کبھار نظم میں بھی ہوتا ہے۔ مثلاً پوپ کا AN ESSAY ON MAN یا AN ESSAY ON CRITICISM ۔ ایسے مقالے قدیم ادب میں بھی پائے جاتے ہیں لیکن یہ لفظ ESSAI (کوشش) MONTAIGNE نے پہلی بار اس صنف کے لیے استعمال کیا جب ۱۵۸۰ء میں اس نے اپنے مقالوں کا مجموعہ شائع کیا۔ سترہ سال بعد BACON نے اپنے مختصر فلسفیانہ مضامین کے لیے لفظ ESSAY کا استعمال کیا۔

کے مقالے ذاتی، بے تکلف اور لطیف ہیں۔ بیکن کے مقالے اذعانی، تکلفی اور توضیحی ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مقالے کا میدان کس قدر وسیع ہے۔ ماہناموں اور جریدوں کی ترقی کے ساتھ ساتھ مقالہ بھی مقبول ہوتا گیا اور ADDISON STEELE PATER اور HAZLITT نے اس صنف کو اپنایا۔

Essence; Existence

ESSENCE جوہر۔ جوہر حقیقت کا جامہ پہن لے تو اسے EXISTENCE کہتے ہیں۔

Essentialism

یہ نظریہ کہ انسان کا جوہر نہ کہ اس کی زندگی حقیقی قدروں کی منبع ہے۔

Estample

عہد وسطیٰ کا گیت رقص کے ساتھ۔

Esthetic

دیکھو AESTHETICS

Estrangemenc

SURREALIST کا یہ فعل کہ خود بخود یا منشیات کے ذریعہ ذہنی اضطراب (خلل) پیدا کرنا تاکہ حقیقت بدلی ہوئی نظر آئے۔ پڑھنے والے کی کسی تصنیف سے بیگانگی۔ کچھ روسی مصنفین کا کہنا تھا کہ پڑھنے کا عمل مقصود بالذات ہے اور اس کی مدت کو دراز کرنا چاہیے اس لیے وہ اپنی تصنیفوں کو قصداً دشوار بناتے تھے۔

Estribillo

گیت کی موضوعی ابتدائی سطریں جن کی گیت میں نشوونما ہوتی ہے۔ اس نشوونما کو GLOSODAS کہتے ہیں اور ہسپانیہ یا آخری حصے کو GLOSA کہتے ہیں۔

Ethic Dative

وہ شخص جسے امر زیر بحث سے بالواسطہ تعلق ہو۔

He plucked me ope his doublet'

Ethics

اخلاقیات۔ علم الاخلاق۔

Ethnic

نسل سے متعلق۔ مشرک۔ بت پرست۔

Etymology

زبان دانی کی شاخ جو الفاظ کی ساخت اور معنوں سے بحث کرتی ہے۔

Eulogism

تعریفی کلمہ۔

Eulogy

مدح۔ ثنا۔ مدحیہ قصیدہ

Euphemism

حسن تعبیر۔ سخت مفہوم کو نرم الفاظ میں بیان کرنا HE DIED کی بجائے HE PASSED AWAY کہنا یا YOUNG HOOLIGANS کی بجائے JUVENILE DELINQUENTS کہنا۔

Euphony

خوش آوازی۔ خوش گوار اصوات جن کی خوش گواری میں سہولت گویائی اور حسین تصاویر کے تسلسل سے اضافہ ہوتا ہے۔

Dark faces pale against that rosy flame,

The mild-eyed melancholy lotus-eaters came.

(Tennyson)

Euphona

مریضانہ بشاشت۔

Euphuism

انشائے مرصع۔ پر تکلف اور مصنوعی طرز تحریر۔ پیچیدہ اور رنگین اور پر تکلف اسلوب جو JOHN LYLY نے اپنے نثری رومان EUPHUES میں استعمال کیا تھا۔ تجانس صوتی، صنعت تضاد، وسیع تشابہ کا کثرت سے استعمال اس اسلوب کی خصوصیات تھیں۔ بہت لوگوں نے اس کی مذمت کی، دوسروں نے اس کی تقلید کی لیکن اس اسلوب نے یہ حقیقت واضح کر دی کہ انگریزی نثر میں بیان کی کتنی وسعتیں ہیں۔

You see what love is, begon with friefe, continued with sorrowe, ended with death. A paine full of pleasure, a joye replenished with misery, a heaven, a Hell, a God, a Divell, and what not, that either hath in it solace or sorrowe? When the days are spent in thoughts, the nights in dreames, both in daunger, either beyuylying us of that we had, or promising us that we had not. Full of jealousie withott cause and voyde of feare when there is cause : and so many inconveniences haging upon it, as to reckon them were infinite, and to taste but one of them, intollerable .

Eupolidian

پیچیدہ کلاسیکی بحر۔ چار رکنی CHARIAMBIC TROCHAIC

Evaluation

قیمت لگانا۔

Even strees: level stress

تاکید جو کسی لفظ کی دو ہجاؤں پر برابر ہو جیسے DAYBREAK OVERCOME, MANKIND

Evocation

اثر ڈالنے والی زبان جس میں تصویریں، یادیں، تاثرات، ردعمل وغیرہ ہوں۔ کردار یا جگہ کے EVOCATIVE نام کے یہ معنی ہوتے کہ نام سے کوئی خاص خصوصیت اس کردار یا جگہ کی واضح ہوتی ہے جیسے WYCHERLEY کا کردار MR. HORNER کا کردار CARLYLE VILLAGE OF DUMDRIDGE

Evolution, Evolutionism

ارتقا۔ ارتقائیت۔

Exaltation

ترفع۔ وجد۔ سرافرازی جو ہر المیہ کا اثر ہے۔ ہر المیہ میں انسان کی عظمت، اس کی بے مثال جرأت دیکھ کر اس کے جاہ جلال کا اثر ہوتا ہے۔

Exargasia

خوبصورت استعارات و تصویروں کا ہجوم جس سے تصنیف کے حسن میں اضافہ ہوتا ہے۔

Excalibur

کنگ آرتھر کی تلوار کا نام۔

Excellence

افضلیت۔ فضیلت۔ تفوق۔ برتری۔

Excitation

اشتعال انگیزی۔

Excitement

ہیجان۔

Excursus

کتاب کی کسی مجمل بات پر تفصیلی بحث عموماً تتمہ یا ضمیمے میں۔

Exegesis

تشریح یا تعبیر۔ تاویل خصوصاً بائبل کی۔ ادب میں اس کا مفہوم تجزیہ ہے اور اس سے مشکل متن کی وضاحت ہوتی ہے۔

Exempli gratia

مثلاً، جیسے، مخفف E.G.

Exemplum

مثالی قصہ۔ قصہ جس کا مقصد کسی اخلاقی نکتے کی وضاحت ہو۔ قرون وسطیٰ میں واعظین اس قسم کے قصے کہا کرتے تھے۔ پھر وعظ سے یہ صنف ادب کا جزو بن گئی۔ چاسر کی نظم THE CANTERBURY TALES میں دو قصے THE PARDONERS TALE اور NUN PRIEST'S TALE اخلاق آموز قصے ہیں۔ مثالیہ یا مجازیہ PARABLE کے برخلاف یہ اخلاق آموز قصے سیدھے قصے تھے اور سبق آخر میں نہیں ابتدا میں ہوتا تھا۔

Exhibitionism

نمائش پسندی

Exhortation

تقریر یا باضابطہ خط جس میں کسی خاص عمل کے لیے پرزور سفارش ہو جیسے،

We are not now that strength which in old days
Moved earth and heaven; that which we are, we are;
One equal temper of heroic hearts,
Made weak by time and fate, but strong in will
To strive, to seek, to find, and not to yield.

(Tennyson)

Existentialism

وجودیت۔ اسے فلسفیانہ مسلک کہا گیا ہے لیکن اس مسلک کے پیروؤں کے عقائد اور رویوں میں بیّن فرق ہے۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد اس مسلک کی دو شاخیں ہو گئیں۔ ایک عیسائی وجودیت ہے جو KIERKEGARRD سے متاثر ہے۔ عیسائی وجودیت کا مرکزی خیال یہ ہے کہ انسان کو تناؤ سے مکمل آزادی خدا کی ذات میں مل سکتی ہے کیونکہ خدا کی ذات میں محدود اور لامتناہی ایک ہیں۔ اس طرز خیال کے نمائندہ ترجمانوں میں KARL BARTH, PAHL TILLICH اور GABRIEL MAROEL ہیں۔ KARL JASPER کسی ماورائی حقیقت پر ایمان رکھتا ہے لیکن کسی باضابطہ دینیات کا قائل نہیں ہے۔

وجودیت کی دوسری شاخ JEAN-PAUL SARTRE اور MARTIN HEIDEGGAR کی مرہون منت ہے۔ ان کا مرکزی خیال یہ ہے کہ انسان بے دیوتا کے کائنات میں تنہا ہے۔ اس ملحدانہ فلسفے کے مطابق انسان بے حقیقت ہے۔ اگر وہ بے سوچے سمجھے سماجی قوانین یا رسم و رواج کی پیروی نہ کرے تو اپنی تنہائی میں مایوسی اور کرب کی ایذا سہہ کر وہ اختیار کے سہارے جو چاہے بن سکتا ہے۔

دونوں گروہوں میں بعض خیالات مشترک ہیں۔ انسانی وجود کی اہمیت، عقل کائنات کے اسرار کو سمجھنے سے قاصر ہے۔ یہ احساس کہ کرب عالم گیر چیز ہے۔ اخلاق کا جواز مثبت شرکت پر منحصر ہے۔ یہ ساری باتیں مشترک ہیں۔ ادب میں SARTRE کے علاوہ وجودیت نے ALBERT CAMUS, SIMONE DE BEAUTOIR وغیرہ کے لیے تعین سمت کی ہے۔ DOSTOEUSKY اور KAFKA بہت سے وجودیت کے پیرو میں وجدان ڈھونڈتے ہیں کیوں کہ ان کا فلسفہ وجودیت سے قریب تھا۔

Exodos, Exodus

یونانی المیہ کا آخری سین۔ یونانی کامیڈی میں آخری سین جس میں خوشی کا اظہار ہوتا ہے۔

Exordium

کسی چیز خصوصاً تقریر کا ابتدائی حصہ

Exostra

قدیم ڈراموں میں یہ ایک مشین اسٹیج کے عقبی حصے میں تھی جس میں مکان کا اندرونی حصہ دکھائی دیتا تھا۔ یہ AESCHYLUS اور SOPHOCES کے ڈراموں میں پائی جاتی ہے۔

Exoteric

عقائد، مسائل وغیرہ جو عوام کے قابل فہم ہوں۔

Experience

تجربہ

Experiment

اختیار۔

Experimental Novel

دیکھو NATURALISM

Expiation

کفارہ۔

Explanation

تشریح۔ توجیہ۔

Expletive

حشو؛ بھرتی کا جیسے I DONT THINK I SHALL GO یا " YOU KNOW" THOUGH I MIGHT DO " SORT OF " کا استعمال جب کہ ان کے کوئی خاص معنی نہیں۔

Explication, Explication de texte

تفصیلی تجزیہ یا تشریح۔ کسی تصنیف کی یا کسی مختصر عبارت کی تشریح یا تفصیلی تجزیہ جس میں اس کے اسلوب اور اس کے معنی دونوں پر بحث ہو۔

Exploration, Exploratory

برآوردگی۔ تحقیق۔ تفتیش۔ توجہ۔ جستجوئی۔

Exposition, Exposition in drama

بیان و تشریح۔ ڈرامے کا وہ حصہ جس میں ضروری معلومات جن سے ڈرامے کو سمجھنے میں آسانی ہو دی جاتی ہیں۔ SHAKESPEARE اور اس کے بہت سے ڈرامہ نگار ابتدا میں کھلم کھلا ضروری معلومات مہیا کر دیتے تھے مثلاً RICHARD III اور HENRY V میں لیکن دوسرے ڈراموں مثلاً OTHELLO یا HAMLET میں بہت لطافت اور ہوشیاری سے یہ باتیں پیش کی جاتی ہیں۔ عصر حاضر کے حقیقت طراز ڈراموں میں یہ معلومات ایسے فطری طور پر پیش ہوتی ہیں کہ یہ احساس بھی نہیں ہوتا کہ ڈرامہ نگار کو کتنی کاوش سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ ابسن نے ایسی فن کارانہ تکنیک کو ترقی دی کہ ڈرامہ جیسے جیسے آگے بڑھتا ہے ماضی خود بخود واضح ہوتا جاتا ہے۔ یہ ابتدائی بیان یا ماضی کے واقعات کا بیان ڈرامہ نگار کی مہارت کی نشان دہی کرتا ہے۔

Expression

کسی اندرونی حقیقت کو خارجی شکل دینا۔ کسی ایک چیز کا دوسری چیز سے اظہار۔

Expressionism

اظہاریت۔ ذاتی افکار و میلانات کا آزادانہ اظہار۔ اس اصطلاح کے معنی مصوری کی تاریخ میں کم و بیش متعین ہیں لیکن ادب میں رومانیت کی طرح اس کا بھی کوئی متعین معنی نہیں ہے۔ مصوری میں یہ تحریک ۱۹۰۵ء کے قریب KANDINSKY , KOKOSCHKA اور KLEC نے شروع کی۔ انھوں نے خارجی حقیقت کی نقالی سے روگردانی کی اور اندرونی ذات یا اعلا ذاتی تصور کائنات کی صورت گری کی۔ لیکن ادب میں اس سے متعلق کوئی متفق نظریہ نہیں ہے۔ STRINDBERG کے DREAM PLAY میں کچھ ELIOT کی THE WASTE LAND اور JOYCE کے FINNEGAN'S WAKE کی ریزہ کاری اور کرداروں کی علامتی قلب ماہیت کو بھی اظہاریت کی ترکیب میں شمار کیا گیا ہے۔ واقعہ تو یہ ہے کہ حقیقت کی کسی بھی مسخ شدہ صورت کو اظہاریت سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔ اس لیے اس لفظ کے استعمال میں احتیاط شرط ہے۔

Expressive Form, Fallacy of

یہ خیال کہ شدید جذبات اپنے اظہار کے لیے موزوں صورت تشکیل کر لیتے ہیں ایک مغالطہ ہے۔

Expressor

دیکھو SIGNS

Expurgate

دیکھو BOWDLERIZE

Extension

توسیع۔ منطق میں کسی لفظ کی توسیع کے معنی ہیں تمام اشیا یا خیالات جن پر اس کا اطلاق ہو سکے۔

Extrametrical

دیکھو HYPERMETRICAL

Extrametrical verse

دیکھو ACATALECTIC

Extravaganza

ایک عجیب و غریب مترنم یا ڈرامائی یا ادبی کارنامہ J.R. PLANCHÉ اس صنف کے لیے مشہور ہے۔

Extremism

انتہا پسندی۔

Extrinsic

بیرونی۔ خارجی۔

Extrovert

بیرون بین۔ معاشرہ باطن سے قاصر۔

Eye-Rhyme

ایسے الفاظ جو املا کے مطابق قوافی معلوم ہوں لیکن حقیقت میں قوافی نہ ہوں جیسے LOVE اور MOVE

O God, in whom we live and move
Thy love is law, thy law is love

(Longfellow)

دوسری مثال YEATS کی ان دو سطروں میں ہے۔

Many times man lives and dies
Between his two eternities

اس قسم کی مثالیں انگریزی میں عام ہیں۔ کبھی کبھار یہ تلفظ کی تبدیلی کا نتیجہ ہیں۔

F

Fabian society

۱۸۸۴ء میں سوشلسٹوں نے ایک سوسائٹی قائم کی جس کا مقصد حریف کو شکست دینے کے لیے پراحتیاط اور طویل طرز عمل اختیار کر لینا تھا۔ اس کے ارکان میں BEATRICE WEBB، SIDNEY WEBB اور G.B. SHAW تھے۔ یہ فقرہ THE INEVITABILITY OF GRADUALISM ان کی ایجاد ہے۔

Fable

فرضی قصہ نظم یا نثر میں جس میں اخلاقی سبق ہو۔ کردار اکثر جانور ہوتے ہیں جیسے AESOP کے قصوں میں لیکن یہ بات ضروری نہیں۔ ایسے قصے جن کے کردار جانور ہوتے ہیں ان کو اکثر APOLOGNE کہا جاتا ہے لیکن FABLE اور APOLOGNE مترادف الفاظ ہیں۔ اس صنف کی عصری مثالیں JAMES THURBER کی FABLES OF OUR TIME اور GEORGE ORWELL کا لکھا فرضی سیاسی قصہ ANIMAL FARM ہے۔

Fabliau

مختصر منظوم قصے جو قرون وسطیٰ میں مقبول تھے۔ یہ منظوم قصے مضحکہ خیز اور کچھ فحش تصویریں تھیں اوسط طبقے کی زندگی کی جن میں کشیشوں کے تقدس یا عورتوں کی عفت کی ہجو ہوتی تھی۔ یہ صنف فرانسیسی ادب کی خصوصیت ہے لیکن اس کے نمونے انگریزی ادب میں بھی ملتے ہیں مثلاً CHAUCER کا قصہ THE MILLER'S TALE

Fabula attelana

جنوبی اطالیہ کا مضحک ناٹک جس میں چند جانے بوجھے کردار ہوتے تھے۔ MACCUS = بیوقوف! BUCCO = مسخرا! PAPPUS = بیوقوف بوڑھا! DOSSENNES = ہوشیار آدمی! MANDUCUS = بسیار خوار۔

Fabula crepidate

رومی المیہ جس کی بنیاد یونانی المیہ پر تھی۔

Fabula motoria

دیکھو FABULA STATARIA

Fabula palliata

لاطینی کامیڈی جس کی LIVIUS ANDRONICUS نے ابتدا کی تھی اور جو یونانی کامیڈی کا ترجمہ یا اس سے ماخوذ تھی۔

Fabula praetexta

تاریخی رومی ڈرامے جن کی ابتدا GN. NAEVINS نے کی۔

Fabula saltica

رومی چپ رہس۔ LUCAN نے اس قسم کے رہس لکھے۔

Fabula stataria

ساکن کامیڈی بخلاف متحرک (MOTORIA) کے جانے بوجھے کرداروں کے ساتھ۔

Fabula togata

یونانی PALLIATE کی جگہ پر قومی رومی کامیڈی جس میں اصلی کردار تھے ہونے والے واقعات تھے۔ اس کی ابتدا NAEVIURS نے کی۔

Fabulation

ایک قسم کا ANTI-NOVEL جس میں رسمی اور لفظی چابکدستی ہوتی ہے اور مادی چیزوں سے نہیں بلکہ خیالی اور مثالی تصورات زیر بحث ہوتے ہیں۔ DURRELL کا ALEXANDRIAN QUARTET اس کی مثال ہے۔ دوسرے لکھنے والوں میں IRIS MURDOCH اور JOHN BARTH کے نام لیے جا سکتے ہیں۔

Facade

عمارت کا سامنے کا رخ۔ دنیا کو دکھانے کا روپ (شکل ظاہری)

خصوصاً جب اندر خلا ہی خلا ہو۔

Facetiae

لطائف وظرائف۔ کتب فروش کی زبان میں ظریفانہ یا فحش کتاب۔

Facsimile

تحریر، تصویر، مطبوعہ کتاب کی صحیح نقل

Fact

دیکھو QUESTION OF FACT

Factitious

ساختہ / نقلی / بناوٹی / مصنوعی۔

Factor

جزو / عنصر / لازمی جزو۔

Faculty

استعداد / صلاحیت / شکتی

Fairy Tales

پریوں، بھتنوں، بونوں، روحوں وغیرہ کے قصے جو عوامی ادب میں پائے جاتے ہیں۔

Faith

ایمان۔ اعتقاد۔ عقیدہ۔

Falkentheorie

BOCCACCIO کے ایک قصے میں ایک شخص NOVELLE نام کا ایک امیر لڑکی پر عاشق ہوتا ہے اور اس پر اپنا سب کچھ زر و مال صرف کر دیتا ہے اور صرف ایک باز رہ جاتا ہے۔ آخر وہ اسے بھی اپنی معشوقہ کی تفریح کے لیے بیچ دیتا ہے۔ اس کی معشوقہ کا دل نرم ہو جاتا ہے اور وہ اس کی ہو جاتی ہے۔ PAUL HEYSE نے اس باز کو یکتا اور ٹھوس علامت بتایا ہے جو کسی خاص FEDERIGO کو دوسرے سے ممیز کرتی ہے اور اسے قاری کے دماغ پر نقش کر دیتی ہے۔

Fallacy

منطقی مغالطہ۔

Falling action

ہبوط عمل۔ ڈرامے میں عروج کے بعد کا حصہ۔ دیکھو DENONEMENT

Falling rhythm

تنزل پذیر آہنگ۔ وہ جس کے ہر رکن کی پہلی ہجا پر تاکید ہوتی ہے،

On a Poet's lips I slept
Dreaming like a love adept
In the sound his breathing kept

دیکھو RISING RHYTHM

False masque

دیکھو ANTIMASQUS

Fame

شہرت۔

Familiar verse

دیکھو LIGHT VERSE

Fanaticism

تعصب۔ تشدد۔

Fancy

تصور / تخییل۔ رومانی عہد کے پہلے FANCY اور IMAGINATION مرادف الفاظ تھے۔ اگرچہ DRYDEN نے کہا تھا کہ IMAGINATION زیادہ اہم اور پُر معنی ہے لیکن رومانی ناقدوں خصوصاً ورڈزورتھ اور کولرج نے ان دونوں میں فرق کیا اور ان دونوں کے بیچ حدِ فاصل مقرر کی COWLEY نسبتاً سطحی چیز تھی جس کا تعلق حافظہ اور تلازم سے تھا اور یہ دو یا دو سے زیادہ چیزوں میں مشابہت دیکھنے کی قوت تھی اور تشبیہ و استعارہ کی شکل میں مشابہت کو پیش کر سکتی تھی۔ IMAGINATION قوت تخلیق تھی اور مختلف چیزوں کو متحد کرنے کی قوت بھی تھی۔ شاعر جو تخیل کا حامل ہوتا ہے وہ گویا خالق کائنات کا خلاقی میں شریک ہے اور نئی چیزوں کو دیکھ سکتا ہے جو پہلے کسی نے دیکھی نہیں ہیں۔ COLERIDGE نے ان دونوں کے فرق کو اس طرح بتایا ہے کہ ملٹن صاحب تخیل تھا اور FANCY صاحب تصور۔ دیکھو IMAGINATION

Fantasy

خیالی تصویریں بنانے کی صلاحیت۔ THE FAERIE QUEENE اور COMUS میں ایسی خیالی تصویروں کی دنیا ہے۔

What might this be? A thousand fantasies
Begin to throng into my memory,
Of calling shapes, and beckoning shadows dire,
And airy tongues, that syllable men's names
On sands and shores, and desert wildernesses

(Comus)

Farce

مضحکہ خیز سوانگ، بہروپ یا ناٹک۔ کلیسائی عبادت میں کسی چیز کا اضافہ۔ مضحک سین جو مذہبی ڈراموں میں داخل کر دیے جاتے تھے۔ کوئی ناٹک جس کا مقصد ہنسنا ہنسانا ہے اور وہ بھی پست قسم کی ظرافت۔ جسمانی مسخرگی؛ بھدی بذلہ سنجی؛ مضحکہ خیز حالات کے ذریعہ جن میں نہ تو کردار نگاری کی باریکی ہوتی ہے اور نہ پلاٹ کا حسن۔ شیکسپیئر کا ڈرامہ THE COMEDY OF ERRORS میں کم و بیش صرف مسخرگی ہے اور بعض ڈراموں میں جو سنجیدہ ہوتے اس قسم کا عنصر ملتا ہے مثلاً TWELFTH NIGHT میں VIOLA اور SIR ANDREW کی مصنوعی لڑائی۔

Farsa

افریقی قبیلے کی تعلی آمیز نظم۔

Fascism

مسلک فاشسٹی۔

Fashion

وضع؛ تراش خراش؛ انداز؛ دھج؛ روپ؛ فیشن۔

Fatalism

عقیدۂ قضا و قدر؛ مسئلۂ تقدیر۔

Fate, finger of

یہ احساس کہ جو ہو رہا ہے وہ اٹل ہے، ناگزیر ہے، گویا تقدیر کا کرشمہ ہے۔ عروج کے مقام پر کسی ایسے غیر متوقع واقعہ کا ہونا جس سے یہ ظاہر ہو کہ کسی خارجی طاقت کی وجہ سے ایسا ہوا۔

Fatigue

تھکن۔

Fatrasie

عہد وسطیٰ کی ایک نظم جو گیارہ سطروں کی ہوتی ہے اور جس میں انتشار کی وجہ سے مضحک اثر ہوتا ہے۔

Feeling

احساس؛ تاثر؛ جذبہ۔

Feigning

یہ لفظ نشاۃ ثانیہ کے زمانے میں استعمال ہوتا تھا۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ شاعری کو اس الزام سے بچایا جائے کہ یہ جھوٹ ہے۔ جھوٹ دھوکا دینا ہے۔ ایجاد کرنا (قصے کی صورت میں پیش کرنا) سبق آموز ہے۔

Feminine caesura

وہ وقفہ جو بے تاکید ہجا کے بعد ہو جیسے

To err is human/to forgive divine.

Feminine Ending

ایک بے تاکید ہجا جو سطر کے آخر میں ہو؛

Sigh no more ladies, sigh no more,
Men were/decei/vers ev/er
One foot in sea and one on shore,
To one/thing cons/tant nev/er

(Shakespeare)

Feminine Rhyme

زنانہ قافیہ۔ دوہرا قافیہ۔ ایسا قافیہ جس میں دو یا دو سے زیادہ ہجائیں ہوں خصوصاً ایک تاکید دار ہجا کے بعد دو بے تاکید ہجائیں ہوں۔ اگر دو ہجائیں ہوں تو اسے DOUBLE RHYME (دوہرا قافیہ) کہتے ہیں اور تین ہجائیں ہوں تو TRIPLE RHYME (تہرا قافیہ) کہتے ہیں۔ بعض نقاد FEMININE RHYME کو DOUBLE RHYME.

کا مراد ف سمجھتے ہیں۔ یہ دوہرے قافیے خصوصاً ظرافت آمیز نظموں میں استعمال ہوتے ہیں۔

Lord, confound this surly sister,
Blight her brow and blotch and blister,
Cramp her larynx, lung and liver,
In her guts a falling give her.

GIVE HER- LIVER BLISTER-SISTER

دوہرے قافیے ہیں۔

Fescenine verses

فحش منظوم مکالمہ

Festschrift

کسی عالم یا کسی مصنف کی قدر و منزلت میں مضامین کا مجموعہ جو اس کی ملازمت ترک کرنے کے بعد یا اس کی سال گرہ کے موقع پر شائع کیا جاتے۔

Fetish, fetishism

بے جان شے ۔ مرجع لذت پرستی۔

Feudal

جاگیردارانہ ۔

Feudal system

جاگیردارانہ نظام ۔ نظام جاگیرداری ۔

Feuilleton

اخبار کے صفحے کے آخر میں ایک خط کھینچ کر جو جگہ اس لیے نکالی جاتی ہے کہ اس میں کوئی قصہ یا افسانہ یا تنقید یا معمولی اور ہلکی پھلکی قسم کی ادبیات شائع کی جائیں (خاص کر فرانسیسی اخباروں میں)

Fiction

خیالی افسانہ ۔ اختراعی قصہ ۔ ادب جس میں اس قسم کے افسانے ہوں خصوصاً نثری افسانے ۔ ۔

Figura causae

مقرر کے مقصد کے لحاظ سے اس کی تقریر کا اسلوبی سانچہ ۔

Figurate poem

نظم جو اس طرح لکھی یا چھپی ہو کہ اس لیے کوئی خاص صورت (بوتل ۔ صلیب) نمایاں ہو جو اس کے موضوع کے مطابق ہو۔

Figurative language

زبان یا اسلوب جس میں صنائع و بدائع ہوں ۔ زبان میں مختلف قسم کے صنائع و بدائع کا استعمال ہوتا ہے ۔ ان صنعتوں میں مختلف یا متضاد چیزوں کا موازنہ کیا جاتا ہے ۔ ان کی مشابہت دکھائی جاتی ہے جو بادی النظر میں معلوم نہیں ہوتی اور اس طرح زبان اور اظہار زبان میں وسعت ہو جاتی ہے ۔ یہ صنائع و بدائع صرف شاعری کے لیے مخصوص نہیں ہیں ۔ عام بول چال میں بھی ان کا استعمال ہوتا ہے اور ان سے کلام کی رنگینی اور زور میں اضافہ ہوتا ہے ۔ اگر کوئی کہے کہ HOTCHKISS IS BLIND AS A BAT تو وہ ایک صنعت کا استعمال کرتا ہے جسے تشبیہ کہتے ہیں ۔ شاعر ان کو صرف زیور کی طرح استعمال نہیں کرتا بلکہ وہ ان کے ذریعہ ایسے خیالات اور ایسے معانی کو بیان کر سکتا ہے جن کا بیان دوسری طرح ناممکن ہوتا ہے ۔ شیکسپیر کی مشہور سطر ہے ۔ Bare ruined choirs when late the sweet birds sang

جو تلازم کی پیچیدگیاں یہاں ہیں وہ معمولی، سیدھی سادی زبان میں ادا نہیں ہو سکتی ہیں ۔ دیکھو HERPORBOLA PERSONIFICATION, METONYMY, METAPHOR, SYNECDOCHE, SIMILE

Figure, Figure of speech

دیکھو FIGURATIVE LANGUAGE

Finality

غائیت ۔ قطعیت ۔

Fin de siecle

اختتام صدی ۔ دیکھو DECADENCE

Fingering

یہ لفظ موسیقی سے لیا گیا ہے ۔ RALP GUSTAFSON کہتا ہے کہ کناڈین طرز ادا (PHRASING) امریکی یا انگریزی طرز ادا سے مختلف ہے ۔

a quiet calling
Of no sound
Out of long aeons
When dust was blind
and ice hid sound
only a moving
with no note
granite lips
a stone throat

C F. R. Scott: Old Song

Finnish method

عوامی قصوں کو ان کی خصوصیتوں اور موضوعات اور جغرافیائی اور تاریخی ترتیب دینا۔ یہ طریقہ پہلے پہل KAARLE KROHM اور ANTTI AAANE نے FINLAND میں استعمال کیا۔

Fit

ایک علاحدہ حصہ یا باب (کسی نظم کا)

Fitness

موزونیت یتعلق چیزوں کا ہم آہنگ ہونا۔

Five Towns

ARNOLL BENNETT کے ناولوں میں پانچ شہر
ONGTON STOKE-UPON TRENT HANLEY BURSLEN اور TUNSTAFF جو مل کر STOKE- ON- TRENT کا علاقہ بناتے ہیں۔

Fixation

انجماد۔

Fixed Idea

مانی ہوئی بات۔خبط۔دھن۔منجمد خیال۔

Flagellation

اپنے تئیں طیش میں ڈالنا۔

Flash back

کسی فلم، ناول، افسانہ یا ڈرامے میں ایسے سین (مناظر) کو پیش کرنا جس میں ماضی کے واقعات ہوں۔ یہ ترکیب فلموں میں استعمال ہوتی ہے۔ ORSON WELLS کی CITIZEN KANA میں اس ترکیب سے نہایت فنکارانہ کام لیا گیا ہے۔ لیکن ادب میں بھی یہ موثر ہوتی ہے جیسے THORNTON WILDER کے ناول THE BRIDGE OF SAN LUIS RAY میں۔

Flash forward

ایسے مناظر جن میں مستقبل کے واقعات ہوں۔ عصر حاضر کے ڈرامہ نگاروں میں WESKER نے یہ تکنیک استعمال کی ہے۔

Flat and Round Characters

چپٹے اور گول کردار۔ یہ اصطلاحیں E.M. FORSTER نے اپنی کتاب ASPECTS OF THE ENGLISH NOVEL میں استعمال کی ہیں۔ چپٹے کردار کا مرکز کوئی ایک خیال یا وصف ہوتا ہے جس میں کوئی پیچیدگی یا گہرائی نہیں ہوتی ہے اور جس سے کوئی غیر متوقع عمل بھی نہیں ہوتا ہے۔ بقول FORSTER اس قسم کے کردار کو TYPE یا CARICATURE بھی کہتے ہیں کیونکہ اس کی ساری خصوصیتیں ایک جملے میں بیان ہوسکتی ہیں۔ چپٹے کردار سے فائدہ یہ ہوتا ہے کہ اسے ہم فوراً پہچان لیتے ہیں۔ مصنف کو بھی آسانی ہوتی ہے کیونکہ وہ اس کی ترقی، اس کے تغیر و تبدل سے متعلق نہیں سوچتا ہے۔ اسے ہم آسانی سے یاد رکھ سکتے ہیں۔ اس قسم کا کردار طربیہ میں دلچسپ ہوتا ہے لیکن المیہ میں غیر دلچسپ۔ کیونکہ پیچیدگی اور گہرائی کے نہ ہونے سے ہمارے جذبات پر زیادہ گہرا اثر نہیں نہیں ہوتا ہے۔ اگر چپٹے کردار میں بھی گہرائی ہو جیسے ڈکنس DICKENS کے کرداروں میں ہوتی ہے تو پیچیدگی کے فقدان کے باوجود وہ گراں قدر ہوسکتا ہے۔ FORSTER کے مطابق گول کردار ہمیں حیرت میں ڈال دیتے ہیں۔ پیچیدگی کے ساتھ مختلف خصوصیتوں میں ترتیب کا ہونا ضروری ہے۔

اس کا خیال ہے کہ JANE AUSTEN کے کردار چھوٹے ہیں لیکن DICKENS کے چپٹے کرداروں کے مقابلے میں چھوٹے نظر آتے ہیں لیکن وہ زیادہ منظم ہوتے ہیں۔ کسی سنجیدہ تصنیف میں چپٹے اور گول دونوں طرح کے کردار ہوتے ہیں اور ان کے میل جول سے زندگی کی زیادہ کامیاب عکاسی ہوتی ہے۔

Flavour

مخصوص مزہ یا لذت ۔

Flaw

المیہ میں وہ کمزوری جو ہیرو میں ہوتی ہے۔

Fleshly school of Poetry, the

CONTEMPORARY REVIEW میں ۱۸۷۱ء کے اکتوبر کے شمارے میں ROBERT BUCHANAN نے ROBERT MAITLAND کے فرضی نام سے ایک مضمون لکھا تھا اور اسی وجہ سے یہ نام PRE-RAPHAC LITE شعرا پر منطبق ہو گیا۔ اس نے خصوصاً D.G. ROSSETTI کو اپنی تنقید کا نشانہ بنایا تھا اور اس نے اس کے جواب میں ایک متوازن مقالہ بعنوان THE STEALTHY SCHOOL OF CRITICISM لکھا۔ دیکھو PRE-RAPHAELITE POETS

Fleurons: Flowers

آرائشی پھول۔ ایک قسم کی آرائش جو پرانے جلد ساز استعمال کرتے تھے۔

Flexibility

لچک ۔

Flibbertigibbet

LATIMER نے اپنے ایک وعظ میں ایک لفظ FLIBBERGIB باتونی یا بکواسی شخص کے لیے استعمال کیا ہے۔ HARSNET نے POPISH IMPOSTURES میں FLIBBERTIGIBBET شیطان کے لئے استعمال کیا۔ SHAKESPEARE میں بھی FLIBBERGIBBET ہے۔ مقصد بُری FOULFIEND بھوت کا ہے۔ SCOTT کے ناول KENILWORTH میں ایک کردار DICKIE SLUDGE کا لقب FLIBBERGIBBET ہے۔

Flyting

شاعرانہ ہجو خصوصاً دو شاعروں کی ایک دوسرے پر دشنام آمیز نظموں کی بوچھار جیسے THE FLYTING OF DUNBAR AND KENNEDIE

Focus

نقطۂ ماسکہ۔

Folio

کاغذ کا ایک تختہ جس کی صرف ایک تہ بنائی گئی ہو۔ ایسے تختوں سے بنائی ہوئی کتاب۔ بڑی سے بڑی تقطیع کی جلد یا کتاب۔ کاغذ کا ورق جس پر صرف ایک طرف نمبر لگایا گیا ہو۔ چھپی ہوئی کتاب کے صفحات کے نمبر، بہی کھاتہ وغیرہ کے دو صفحے بالمقابل جن میں ایک ہی وقت میں اندراجات کیے جائیں۔ دستاویز کے مضمون کے طول کا اندازہ کرنے کے لیے لفظوں کا جو شمار (۷۲ یا ۹۰ کی مجموعی تعداد کو بطور اکائی کے محسوب کر کے) کیا جاتا ہے۔

شیکسپیئر سے متعلق اس اصطلاح کا استعمال اس کے ڈراموں کے مجموعوں سے متعلق ہوتا ہے جو اس تقطیع پر ۱۶۲۳ء، ۱۶۳۲ء، ۱۶۶۴ء اور ۱۶۸۵ء میں شائع ہوئے تھے۔

Folk Drama (Play)

عوامی ڈراما (ناٹک)۔ ایسے ناٹک جو دیہاتی تیوہار یا مذہبی تقریب پر عوامی موضوعات پر خود دیہات والے کھیلا کرتے تھے۔ قرون وسطیٰ میں انگلستان میں ان ناٹکوں کا مرکزی کردار رابن ہڈ یا سینٹ جارج قسم کے افراد ہوتے تھے۔ اس زمانے کے مذہبی ڈرامے جن کی بنیاد دینیات پر ہے اکثر عوامی ناٹکوں میں شمار کیے جاتے ہیں۔

عوامی موضوعات پر ادبی فنکاروں کے لکھے ہوئے ڈرامے۔ یہ ڈرامے نہ تو عوام کے لیے لکھے گئے ہیں اور نہ ان کے اداکار عام لوگ ہوتے ہیں بلکہ پیشہ ور اداکار پڑھے لکھے مجمع کے سامنے پیش

کرتے ہیں۔ آئرستانی نشاۃ ثانیہ کے زیادہ ڈرامے مثلاً SYNGE
اور LADY GUCRORY کے ڈرامے اس قسم کے عوامی ڈرامے ہیں۔
اور PIRAN DELLO اور GARCIA LORCA کے دیہاتی ڈرامے بھی
اسی قسم کے ہیں۔

Folklore

داستان پاستان۔ عوامی روایات۔ کسی قوم یا عوام کے گانے، کہانیاں، ضرب الامثال جو زبانی محفوظ رکھے جاتے ہیں۔ بعض علماء روایتی رسوم، تعمیری ساختوں اور زراعتی تراکیب کو بھی عوامی روایات کا حصہ قرار دیتے ہیں۔ .... کے مجموعے RELIQUES OF ANCIENT ENGLISH POETRY کی ۱۷۶۵ء میں اشاعت کے بعد عوامی روایات کا مطالعہ انہماک کے ساتھ ہونے لگا۔ عوام کے فن نے سکاٹ اور ڈی۔ ایچ۔ لارنس جیسے مختلف مصنفین پر اثر ڈالا۔

Folk song

عوامی گیت۔ روایتی گیت اور آہنگ جو عام لوگوں میں مروج ہوتے ہیں اور جن کے مصنفین کا عموماً نام نہیں ملتا۔

Folk Tale

عوامی کہانی۔ عوامی قصہ۔ ایک قدیم روایتی قصہ جو زبانی یا تحریری شکل میں ملتا ہے۔ یہ اصطلاح وسیع معنوں میں استعمال ہوتی ہے اور اس میں اساطیر سے پریوں کی کہانی تک سبھی قسم کی چیزیں شامل ہیں۔ کرسچین انڈرسن کے ادبی قصے بھی اسی ضمن میں آتے ہیں۔ عوامی قصے مدت سے الف لیلہ میں ملتے ہیں لیکن GRIMM'S TALES کی اشاعت کے بعد عوامی قصوں کا مطالعہ خاص طور پر ہونے لگا۔

Folly literature

اس قسم کے ادب میں روایتی احمق کی (جوان قصوں میں پایا جاتا تھا جن کی بنیاد عیسائی اخلاق پر تھی) ترقی یافتہ شکل ملتی ہے۔ یہ ادب پندرھویں صدی سے سترھویں صدی تک مقبول تھا۔ SEBASTIAR BRANT نے ہجو اور مسخری قصے کو اپنی کتاب NARREN SCHIFF (THE SHIP OF FOOLS) میں اکٹھا کیا۔

Foot

رکن۔ وہ ہجائیں جو وزن کی اکائی ہوتی ہیں۔ انگریزی میں زیادہ ارکان میں ایک تاکید دار ہجا، اور ایک یا دو بے تاکید ہجائیں ہوتی ہیں۔ جو ارکان عام طور سے مستعمل ہیں درج ذیل ہیں۔

1. Iamb(us)⏑/: Dĕspáir. 2. Trochee(choree)/⏑: dáilў

3. Anapaest⏑⏑/: Sĕrĕnáde 4. Dactyl/⏑⏑ Trémŭloŭs

5. Spondee // 6. Pyrrhic (ditrach)⏑⏑ 7. Amphibrach ⏑

ان کے علاوہ اور بھی ارکان ہیں لیکن وہ انگریزی میں عموماً رائج نہیں ہیں:

Footnote

حاشیہ۔ صفحے کے آخر میں لکھی ہوئی شرح۔ توضیحی حاشیہ یا حوالہ۔

Foreconscious

قبل شعور۔

Fore-edge painting

کتاب کے بیرونی (اور کبھی کبھار بالائی، حصے کی رنگین آرائش۔

Foreknowledge

پیش دانی۔

Foreshadowing

دیکھو ATMOSPHERE

Foreword

پیش لفظ۔ آغاز کلام۔ کسی کتاب کا دیباچہ جسے مصنف کے علاوہ کسی دوسرے شخص نے لکھا ہو۔

Form

صورت۔ شکل۔ ساخت۔ مخصوص ترتیب وزن و توانی جیسے THE BALLAD FORM SONNET FORM کسی فن پارے کی اصلی ساخت۔ فن پارے کی شکل اور مافیہ (مواد CONTENT) میں عموماً امتیاز کیا جاتا ہے۔

گویا یہ دو الگ الگ چیزیں ہیں۔ کبھی انہیں THOUGHT (خیال) اور EXPRESSION (اسلوب بیان) کہا جاتا ہے۔ شاعر کو کچھ کہنا ہے اور اسے ساخت میں کہتا ہے یعنی شکل ایک قسم کی خارجی آرائش ہے۔ اس قسم کا معنوی فرق غلطی کا نتیجہ ہے۔ شاعر کچھ کہتا نہیں ہے وہ تخلیق کرتا ہے، بناتا ہے۔ شاعر ایک نظم کو لفظوں سے بناتا ہے لیکن لفظوں کے بہت سے معانی ہوتے ہیں۔ جب معانی کی پیچیدہ ساخت ایک اکائی بن جاتی ہے تو حیاتیاتی شکل نمایاں ہوتی ہے شکل کوئی خارجی ترتیب نہیں بلکہ فن پارے کے اجزا کی ساخت کی تکمیل ہے۔ جیسا کہ کولرج نے کہا ہے شکل خارجی نہیں داخلی ہے

Form and Expression

کہا جاتا ہے کہ کسی چیز کو بیان کرنے کے لیے ضروری ہے کہ اسے کسی شکل کے قالب میں ڈھالا جائے۔ اس طرح کسی مواد پر شکل کو منطبق کرنے سے صورت اظہار نکل آئے گی۔

Form and matter

شکل اور مواد جس مواد سے ادب بنتا ہے وہ الفاظ ہیں جیسا کہ MALLARME نے کہا ہے:

'CE N'EST PAS DESIDE'ES QU'ON FAIT DES VERS, C'EST

نظم خیالات سے نہیں بناتے بلکہ لفظوں سے بناتے ہیں۔

Form and style

شکل اور اسلوب۔ اسلوب ایک طرز ادا ہے، کسی کام کو کرنے کا۔ ایک قسم کا عمل ہے شکل کا تعلق مواد سے ہے، عمل سے نہیں۔

Form organic

نامیاتی شکل۔ اس میں اور میکانکی شکل میں فرق ہے کولرج نے کہا ہے کہ میکانکی شکل وہ ہے کہ کسی مواد پر پہلے سے طے شدہ شکل کو منطبق کیا جائے۔ نامیاتی شکل وہ ہے جو اندرونی اور فطری ہے۔ یہ اندر ہی اندر نشو و نما پاتی ہے، باہر سے زبردستی منطبق نہیں کر دی جاتی ہے۔

Formalism

روس میں ایک گروپ کا خیال تھا کہ فن اسلوب ہے، اسلوب تکنیک ہے، پیشہ ہے، دستکاری ہے۔ تکنیک صرف فن کا طریقہ ہی نہیں بلکہ اس کا مقصد ہے۔ اس لیے فن پارہ تکنیکی عمل کے برابر ہے جو اس میں کام میں لایا گیا ہو۔ اس گروپ کا سرغنہ VIKTOR SHKLOVSKY ہے۔

Format

کتاب کی شکل، حجم اور تقطیع۔

Forme

ٹائپ کا مجموعہ جو ایک بندش میں لایا گیا ہو تاکہ ایک داب میں اس سے چھپائی کی جا سکے۔

Forms of Discourse

دیکھو COMPOSITION

Foul proof

نشان لگائے ہوئے پروف جن سے طابع نے تصحیح کی ہو۔

Foundry Proof

پروف جو ٹائپ کی بندش کے بعد لیا گیا ہو۔ ہر صفحے کے چاروں طرف سیاہ حاشیے ہوتے ہیں۔ پروف ناشر خود دیکھتا ہے مصنف نہیں دیکھتا۔

Fount

ایک ہی قسم اور جسامت کے ٹائپ کا مجموعہ۔

Four ages of Poetry

PEACOCK نے شاعری کے چار ادوار بتائے ہیں: آہنی، طلائی، نقرئی، برنجی۔ ابتدائی دور میں کھردری نظموں میں شعرا اپنی وحشیانہ زندگی کے گیت گاتے تھے۔ اس کے بعد طلائی عہد میں اعلا شعوری فن ملتا ہے (ہومر، شیکسپیئر وغیرہ کا) اس کے بعد نقرئی عہد ہے۔ جس میں عہد ماقبل کی نظموں کو دوبارہ لکھتے ہیں (ورجل، ڈرائیڈن وغیرہ)۔ آخری برنجی عہد میں رومانی شعرا ہیں۔

Four-beat verses

دیکھو GERMAN VERSIFICATION

Four-colour Process Plates

سہ رنگی طریق عمل کی توسیع۔ چوتھی لوح سیاہ رنگ میں چھپی ہے۔ اس سے بھورے اور خاکستری رنگوں کی نئی کیفیتیں ممکن ہو جاتی ہیں۔

Four levels of meaning

معنی کی چار سطحیں۔ دانتے نے اپنے ایک خط میں لکھا ہے کہ

THE DIVINE COMEDY کے قارئین کو معنی کی چار سطحوں سے آگاہی چاہیے: (۱) لفظی یا تاریخی معنی، جو واقعات صحیح ہیں۔ (۲) اخلاقی معنی (۳) تمثالی معنی۔ وہ اشارتی مفہوم جس کا تعلق انسان سے ہے۔ (۴) روحانی یا باطنی جو ابدی حقیقت ہے۔ پہلے معانی کے علاوہ تین معانی کو دانتے تمثالی کہتا ہے۔ یہ چہارگانہ تشریح عہد وسطیٰ کی تنقید میں کثرت سے ملتی ہے۔ CASSIAN نے شاید سب سے پہلے بائیبل کی تشریح اس ڈھنگ سے کی تھی۔ پھر اس قسم کی تشریح شاعری کی بھی ہونے لگی۔

Four meanings of a poem

نظم کے چار معنی:۔ I.A.RICHARDS نے اپنی کتاب عملی تنقید (PRACTICAL CRITICISM) میں چار مختلف معنوں کی تشریح کی ہے۔ (۱) معنی یا مفہوم (SENSE) (۲) تاثر یا جذبہ FEELING وہ تاثراتی (جذباتی) رویہ جو اس کا ان چیزوں سے وابستہ ہوتا ہے (۳) لہجہ (TONE) یعنی مصنف کا رویہ قارئین کی طرف کیونکہ زبان کے استعمال کا انحصار مصنف اور قارئین میں جو رشتہ ہے اس سے آگہی پر ہوتا ہے (۴) مقصد یا مدعا (INTENTION) مصنف کا شعوری یا غیر شعوری مقصد۔ وہ اثر جو وہ ڈالنا چاہتا ہو۔

سائنسٹ معنی کو اولیت دیتا ہے۔ اپنے تاثر کو قابو میں رکھتا ہے، روایتی لہجہ اختیار کرتا ہے اور اپنا مقصد صاف طور پر بیان کرتا ہے۔ شاعر کچھ کہتا ہے تو یہ کہنا اس کے جذبات اور رویوں کے اظہار کا ذریعہ ہوتا ہے۔ باشعور قاری ان چاروں معنی اور ان کے ایک دوسرے پر اثر انداز ہونے کو سمجھتا ہے۔ کیونکہ اس طرح وہ نظم کو پوری طرح سمجھ سکتا ہے۔

Fourteener

ایسی سطر جس میں چودہ ہجائیں ہوتی ہیں۔ خصوصاً جس میں سات IAMBIC ارکان ہوتے ہیں۔ یہ بحر کبھی مقبول تھی۔ CHAPMAN نے ILIAD کا ترجمہ اس بحر میں کیا ہے لیکن اب یہ غیر مستعمل ہے۔

Foxmarks

بھورے دھبے جو کتابوں کے اوراق اور کندہ تصویروں پر رطوبت کی وجہ سے پڑ جاتے ہیں۔ ایسی کتاب کو FOXED کہتے ہیں۔

Frame of reference

حوالے کا معینہ نظم۔

Frame story

دیکھو

Free association

آزاد ائتلاف۔ خیالات یا الفاظ کا غیر منظم سلسلہ۔ ایک شے یا خیال دوسری شے یا دوسرے خیال کی (جس سے اسے کسی قسم کا لگاؤ ہے) یاد دلاتا ہے اور اس طریقۂ کار کو جاری رکھنے سے ایک ایسا تسلسل قائم ہو جاتا ہے کہ آخری خیال کو پہلے خیال سے بظاہر کوئی لگاؤ نہیں ہوتا ہے۔ اس قسم کا عمل شعور کے چشمے کی تکنیک یا اندرونی خود کلامی میں موثر ہوتا ہے۔

Free verse

آزاد نظم۔ فرانسیسی زبان میں اسے VERS LIBRE کہتے ہیں۔ اس میں مقررہ باقاعدہ بحر نہیں ہوتی ہے۔ سطریں بڑی چھوٹی ہوتی ہیں۔ فطری بول چال کے آہنگ پر اس کی بنیاد ہوتی ہے، اس کے زیر و بم تاکید دار اور بے تاکید ہجاؤں کے فطری رد و بدل پر منحصر ہوتے ہیں۔ انگریزی میں آزاد نظم بیسویں صدی میں مقبول ہوئی لیکن فرانسیسی شعراء انیسویں صدی ہی سے چھ رکنی بحر (ALEXANDRINE) سے آزاد ہونے کی کوشش کر رہے تھے اور انگریزی اور امریکی شعراء بھی نظم میں زیادہ آزادی کے خواہاں تھے۔ کہہ سکتے ہیں کہ بائیبل کے ترجمے میں خصوصاً SONGS OF SOLOMON - اور PSALMS میں بہت پہلے آزاد نظم کا استعمال ہو چکا تھا۔ WALT WHITMAN نے LEAVES OF GRASS میں بول چال کے زیر و بم کو نظم کے آہنگ میں تبدیل کیا ہے۔ ایک مثال سے یہ حقیقت واضح ہو جائے گی:

A child said what is the grass;fetching it
to me with full hands,
How could I answer the child? I do not know
what it is anymore than he
I guss it must be the flag of my disposition,
out
of hopeful gran stuff woven.

رابرٹ فراسٹ نے کہا ہے کہ آزاد نظم لکھنا گویا بغیر NET کے ٹینس (TENNIS) کھیلنا ہے لیکن ایلیٹ کا قول ہے کہ NO VERSE IS LESS LIBRE THAN VERS LIBRE (آزاد نظم سے کم آزاد کوئی دوسری نظم نہیں) جس طرح بقول SHAW اچھی نثر اچھی BLANK VERSE سے زیادہ دشوار ہے اسی طرح آزاد نظم پابند نظم سے زیادہ مشکل ہے۔

Freedom

فن میں آزادی کے ساتھ یہ احساس بھی ہوتا ہے کہ یہ ناگزیر ہے۔ ہر لمحہ اسے دو رستوں میں سے کسی ایک رستے کو اختیار کرنے کا اختیار ہے اور اس انتخاب کے بعد پھر دو راہیں ملتی ہیں لیکن جب وہ خاتمے تک پہنچتا ہے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ خاتمہ ناگزیر ہے۔

French forms


بعض پیچیدہ قسم کے بند اور اوزان جو PROVENCAL شاعری میں مروج تھے انگریزی میں اخذ کر لیے گئے تھے۔ انیسویں صدی میں وہ ہلکی پھلکی قسم کی نظموں میں استعمال کیے جاتے تھے جیسے VILLANELLE, BALLADE, RONDEAN, RONDEL, SESTINE, VIRELAY ۔ ان کی تفصیل علاحدہ علاحدہ دی گئی ہے۔

Frenzy

شوریدگی۔ انتشار ذہنی۔

Freytag's Pyramid

فریٹاگ کا ہرم۔ اپنی کتاب DIE TECHNIK DES DRAMAS میں GUSTAV FREYTAG نے ایک اچھی ساخت والے ڈرامے کی تشریح کی ہے خصوصاً عمل کا ابھرنا، نقطۂ عروج اور زوال یا انحطاط۔ عمل کا نقشہ یہ ہے۔



A = ابتدا (INTRODUCTION) ، A1 = نزاع اشتعال
B = صعود (INCITING MOMENT) ، C = نقطۂ عروج CLIMAX
D = زوال عمل (FALLING ACTION) ، E = انجام (CATASTROPHE)

Frigidity

سرد مہری؛ افسردگی؛ پژمردگی؛ احساس نامردی۔

Frontispiece

وہ باتصویر صفحہ جو کتاب یا اس کے کسی حصے کے سرورق کے مقابل ہوتا ہے۔ پیش تصویر۔

Frustration

محرومی؛ شکست؛ ناکامی۔

Full Rhyme

دیکھو PERFECT RHYME

Funambulism

غیر مستقل توازن۔ GEORGIO MELCHIOTH اپنی کتاب THE TIGHT ROPE WALKERS ہے:

میں نے اس لفظ کو اپنے زمانے کے اسلوب پر منطبق کیا ہے۔ اس سے خطرے کا احساس یا تشویش یا غیر مستقل ہونے کا کامیاب اظہار ہوتا ہے۔ اور یہ خصوصیتیں پہلی نصف صدی کے فنی اور ادبی کارناموں کے مواد اور ان کی شکل میں پائی جاتی ہیں۔ اس لفظ سے موجودہ دور کے پیچھے فنکار کی کامیابی پر روشنی پڑتی ہے جو کامیاب نٹ کی طرح قدم با قدم، لمحہ بہ لمحہ اپنا توازن قائم رکھتا ہے لیکن اردگرد جو خلا یا خلفشار ہے اس سے بھی باخبر ہوتا ہے۔ یہ توازن اس مستحکم اور مستقل توازن سے بالکل مختلف ہے جو ایمان اور استحکام کے عہدوں میں پایا جاتا ہے۔

Function

تفاعل؛ فرض طبعی۔

Fusion

اتحاد۔

Fustian

ایک قسم کے بٹے ہوئے تاگے کا بنا ہوا کپڑا جو عموماً گہرے رنگ

کا ہوتا ہے۔ موٹا سوتی کپڑا۔ مبالغہ آمیز یا پرتکلف، مرصع یا بیجا عبارت آرائی۔ کلام ہرزہ۔ پوپ نے اپنی نظم EPISTLE TO ARBUTHNOT میں لکھا ہے:

And he, whose fustian's so sublimely bad,
It is not poetry but prose run mad.

Futurism

ادبی اور فنی تحریک جو ۱۹۰۹ء میں TOMMASO MARINETTI نے چلائی۔ عصری روح کی علامت تیز رفتار ہے اور بڑے صنعتی مراکز۔ یہ دونوں انجن میں متحد ہو کر زندگی کو ممکن بناتے ہیں۔ MARINETTI نے یہاں نئے حسن کے نئے تصور اور معیار کو دیکھا۔ امریکی جمالیات، جنگ کی عظمت اور ہوائی جہازوں میں اس نے AERO THEATRE کے نئے امکانات دیکھے۔ اس لیے وہ رومانی اور بورژوا جذبات پسندی کا مخالف تھا۔ اس کا نعرہ تھا: (ہم لوگ چاندنی کو ختم کر دیں گے) UCCIDIAMO IL CLIARO DI LUNA

ادب میں اس کا اثر یہ ہوا کہ نحو اور آہنگ کا خاتمہ ہو گیا۔ پراگندہ اسموں کا سلسلہ، پراگندہ فعلوں کی قطار، حروف عطف کا فقدان اور قوافی کی صدائے بازگشت سے بھی پرہیز۔ علامتیں تھیں لیکن وہ آوازوں کی بھدی نقلوں سے کیمیاوی اور ریاضی قوانین تک تجیہ معلوم۔ اس مستقبلیت ،، عصر حاضر کی پرستش کا اثر روسی ادب پر زیادہ سے زیادہ پڑا۔ خصوصاً BORIS PASTERNAK کی EGO-FUTURISM پر اور اس کا اثر امریکہ اور انگلستان میں VORTICISM. IMAGISM پر، جرمنی میں EXPRESSIONISM پر، ہسپانیہ میں ULTRAISM پر ہوا۔

G

Gaberlunzie

عموماً ادنیٰ طبقہ، گدا، بھک منگا۔ بادشاہ کی مغفرت کی دعا کرنے والا جسے بھیک مانگنے کا اجازت نامہ حاصل تھا۔ ایک مختصر بیانیہ نظم ہے جس کا عنوان ہے CABLR LUNZIE MAN جسے جیمز دوم کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔

Gaelic Poetry

اس کاٹستان اور آئرستان کی نسل اور زبان GAELIC ہیں۔ ان کی شاعری میں تین طرح کی تکنیکیں ملتی ہیں۔ ما قبل کلاسیکی، کلاسیکی اور مابعد کلاسیکی پہلی تکنیک سادہ ہے، زبان مخصوص ہے، تجنیس حرفی کا استعمال عام ہے، آہنگ بے ضابطہ ہے اور ارادی ابہام ہے۔ دوسری تکنیک کی بنیاد یکساں ہجوں پر ہے۔ سطروں میں معیار ہجاؤں کی تعداد ہے نہ کہ تاکید۔ ایک خاص قسم کے قوافی کا استعمال ہوتا ہے۔ تجنیس حرفی اور دوسری آرائشیں استعمال ہوتی ہیں لیکن ضروری نہیں اور بندوں کا استعمال ہوتا ہے۔ ایک معمولی بند ہے جسے DEBIDE کہتے ہیں۔ یہ مربع ہے جس کی ہر سطر میں سات ہجائیں ہوتی ہیں اور قوافی کی ترتیب ا ا ب ب ہے تیسری تکنیک کی بنیاد ہجاؤں پر نہیں بلکہ تاکید اور ہم صوتی پر ہے۔ اس قسم کی شاعری میں جو پیٹرن (PATTERN) تاکید دار ہجائیں پہلی سطر میں بناتی ہیں وہی ہر سطر میں ملتا ہے۔ ایک دوسری جسے CAOINEAD کہتے ہیں۔ اس قسم کی شاعری میں ہر سطر میں چار تاکیدیں ہوتی ہیں اور دوسری اور تیسری تاکید دار ہجائیں ہم صوتی ہوتی ہیں۔ یہ تیسری قسم کی شاعری سب سے زیادہ مقبول ہے۔

Galley or slip proof

جمائے ہوئے حروف ٹائپ کی چھاپ صفحوں کی ترتیب سے پہلے۔ عموماً اس کا طول ۱۸ انچ ہوتا ہے۔ اسی صورت میں تصحیح زیادہ آسانی سے ہو سکتی ہے۔

Galliambic

وہ بحر دروکر جو CATULUS نے اپنی نظم ATTIS میں استعمال کی ہے اور جس کی نقل TENNYSON نے BOADICEA میں اور MEREDIK نے PHAETON میں کی ہے۔

Gallicism

بناوٹی فرانسیسی۔ فرانسیسی الفاظ یا فقروں کے استعمال کو CALLICISM نہیں کہتے ہیں جیسے SAVOIRE FAIRE، ARRIERE-PENSEA

FOWLER نے اس کی مختلف قسمیں بتائی ہیں۔

(۱) کسی فرانسیسی لفظ کے آخر میں انگریزی حرف یا رکن ملانا یا کید کا حذف کرنا BANALITY ACTUALITY (۲) کسی انگریزی لفظ کو ایسے مفہوم میں استعمال کرنا جس مفہوم میں وہ صرف فرانسیسی میں استعمال ہوتا ہے INTRIGUE بمعنی متوجہ کرنا، الجھن میں ڈالنا ARRIVE بمعنی کامیابی حاصل کرنا (۳) کسی ایسے لفظ کو رواج دینا جو فرانسیسی میں تو عام طور سے مستعمل ہے لیکن انگریزی میں جس کا استعمال نہ ہونے کے برابر ہے جیسے ENVISAGE (۴) کسی لفظ کا جو فرانسیسی اور انگریزی دونوں زبانوں میں مستعمل ہے ایسے مفہوم میں استعمال کرنا جس مفہوم میں وہ صرف فرانسیسی میں استعمال ہوتا ہے جیسے BRAVE بمعنی ایماندار یا عمدہ یا قابل قدر (۵) کسی فرانسیسی لفظ یا فقرے کا انگریزی میں ترجمہ کرنا جیسے CASTLES IN SPAIN

Gatha

موزوں بحر جو اوستا میں پائی جاتی ہے۔

Gathering

ترتیب دینا۔ مطبوعہ کاغذ کے تختے کو پہلے تہ کرتے ہیں پھر انہیں سلسلہ وار ترتیب دیتے ہیں۔

Gazette

خبر نامہ۔ دوری خبر نامہ جس میں خبریں بھی ہوتی ہیں۔ تقرری کی اطلاع بھی ہوتی ہے، قانونی اعلانات یا اطلاعیں بھی ہوتی ہیں، مراسلے بھی ہوتے ہیں۔ GAZETTEER ایک قسم کی فہرست ہوتی ہے جس میں جگہوں کے نام اور ان سے متعلق مختلف معلومات ہوتی ہیں۔

Gemells

توام HEROIC COUPLET کی دو سطریں

Generalization

استعمام۔ تعمیم۔

Genius

نابغہ۔ غیر معمولی ذہین۔ غیر معمولی تخلیقی یا اختراعی قوت رکھنے والا شخص۔ کولرج یا نسرے کے مطابق تخلیقی معنوں میں GENIUS ایسے عام قوت والا دماغ (ذہن) ہے جو اتفاقی طور پر کسی خاص سمت چل پڑتا ہے۔ MICUD UNAMUNO کے مطابق اس قسم کے لوگوں میں ایک قدر مشترک ہے اور وہ ہے دوسروں سے علیحدگی کا زبردست احساس۔

اس لفظ کے معنی پہلا دیوتا کے تھے جو ہر شخص کی اس کی پیدائش سے نگرانی اور حفاظت کرتا تھا۔ کسی شخص یا مقام کی محافظ روح۔ پھر وہ اچھی اور بری روحیں جو انسانی اعمال پر اثر انداز ہوتی تھیں۔ پھر روح عصر، کسی قوم یا زمانے کے مروجہ خیالات یا رجحانات۔

Genius Loci

کسی مقام کی محافظ روح۔ SHELLEY نے لکھا ہے:

Pass, till the spirit of the spot shall lead
Thy footsteps to a slope of green access
Where, like an infant's smile, over the dead
A light of laughing flowers along the grass
is spread

(Adonais)

Genre

ادبی صنف جیسے رزمیہ، المیہ، طربیہ، غزل۔ اٹھارھویں صدی تک ہر صنف کی خصوصیتیں سختی سے متعین کر دی گئی تھیں لیکن آج کل زیادہ فرق نہیں کیا جاتا۔ GENRE PAINTING کے موضوعات روزمرہ کی زندگی سے لیے جاتے ہیں اسی طرح GENERE PAICE ہے جس میں عام لوگوں یا ہونے والے واقعات کی تصویر کشی ہوتی ہے۔

Genteelism

چھیلا پن۔ خوش وضع یا خوش اطوار مصنوعی نفاست۔ کسی فطری لفظ کی جگہ پر کسی دوسرے لفظ کا استعمال جیسے NAPKIN کی بجائے SERVIETTE کہنا۔

Genus Irritabile vatum

شاعروں کی تنک مزاج نسل۔ مصنفین یا شعراء جو تنک مزاج اور زود رنج یا چڑچڑے ہو جاتے ہیں کیونکہ ان کی وہ قدر نہیں ہوتی جس کے وہ مستحق ہوتے ہیں اور پھر غربت بھی انہیں ستاتی رہتی ہے۔

Georgian Poetry

نظموں کا مجموعہ جو جارج پنجم کی بادشاہت کے زمانے میں شائع ہوا تھا۔ JOHN DRINKWATER HAROLD MONRO, RUPERT BROOKE, W.W. GIBSON, ROBERT GRAVE, ARUNDELDEL RE' JAMES ELROY YEATS, WALTER DE LA MARE (مدیر) EDWARD MARSH اور JOHN MASEFIELD, JOHN DAVIES, POUND ELIOT ...... نے پہلا مجموعہ ۱۹۱۲ء میں شائع کیا۔ اس قسم کے چار اور

مجموعے شائع ہوئے۔ ان شاعروں کی کوئی خاص اہمیت نہیں۔ انہوں نے پاؤنڈ، اور ایلیٹ کے پہلے جو خلا تھی اسے پُر کیا۔ ان میں مختلف قسم کے شعراء تھے۔ کہاں MARE ... اور کہاں HESTERTON ایک طرف FLECKER تو دوسری طرف D.H. LAWRENCE

Georgic

دیہاتی زندگی سے متعلق نظم خصوصاً ورجل کی GEORGICS

German Versification

عیسائی احتساب نے بہت سی ابتدائی جرمن شاعری کی صنفوں کو مٹا دیا لیکن بحر یعنی لمبی سطر جس میں تجنیس صوتی ہے ALLITERATIVE بچ رہی لیکن LIBER EVANGELISRUM میں اس طرز کو چھوڑ کر دو لمبی سطروں سے ایک مربع بنا لیتے ہیں جس میں قوافی ہوتے ہیں۔ ہر سطر میں چار تاکیدیں ہیں، چوتھی تاکید آخری ہجا پر ہوتی ہے اور ہر تاکیدار ہجا کے ساتھ ایک یا دو بے تاکید ہجائیں ہوتی ہیں۔ دسویں اور گیارھویں صدی میں لاطینی صنفیں مقبول ہو گئیں۔

German verse, later

ALLITERATIVE VERSE کو دوبارہ زندہ کیا گیا (DIE NIBELUNGE) لیکن جرمن رزمیہ کی خاص بحر DACTYLLIC تھی۔ گوئٹے کبھی کبھار ALEY ANDRINE کا استعمال کرتا ہے لیکن دو مقبول صورتیں KNITTED VERS اور MADRIGAL ہیں۔ پہلی بیتیں ہیں جن کے ہر رکن میں دو تاکیدیں ہوتی ہیں اور بے تاکید ہجاؤں کی مخصوص تعداد نہیں۔ دوسری دو سے چھ ارکان کی IAMBIC ہے جس میں آزاد قوافی ہیں۔

Gest, Geste, Gesta

رومانی اور مہماتی قصے۔ لاطینی قصوں کا مشہور مجموعہ ہے

Gestalt Philosophy

بریڈشا نے لکھا ہے: کولرج کا کہنا ہے کہ نثر اور شاعری دونوں میں ایک خصوصی ساخت، ترکیب، تشکیل ہوتی ہے جسے اب گیشٹالٹ کہنا چاہیے اور جسے پہلے شیلے نے کہا تھا یعنی شکل، صورت، ادبی تخلیق کا طرز۔

Gesture

اشارت۔

Ghost words

ایسے الفاظ جو طباعت کرنے والے یا کاتب کی غلطی یا ایڈیٹر کی لاعلمی یا کم علمی کی وجہ سے بن جاتے ہیں۔ MALORY نے اپنے ایک جملے میں لفظ ETURES لکھا تھا CAXTON نے اسے ESTURES بنا دیا۔ ایسے نو زائیدہ الفاظ کو GHOST WORD کہتے ہیں۔

Ghost-writer

فرضی مصنف۔ وہ مصنف جو معاوضہ لے کر دوسروں کے نام سے کام کرے

Gibberish

بے معنی گفتگو۔ لایعنی شور۔

'He repeated some gibberish, which by the sound seemed to be Irish : (Smollett)

Gierasa

نثری میں نظم جو افریقہ میں پائی جاتی ہے

Glee

ایک قسم کا گیت جسے مختلف آوازوں کے تین یا زیادہ آدمی باری باری گاتے ہیں۔ ۱۸۵۰ء سے ۱۸۵۰ء تک اس قسم کے گیت بہت مقبول تھے

Gloss

حاشیہ، معنی یا مطلب جو بین السطور میں لکھا جائے۔ تشریح و توضیح RIME OF ANCIENT MARINER میں جو حواشی پر عبارتیں لکھی ہیں وہ اسی قسم کی ہیں۔ بے جا تاویل یا غلط معنی

Glossary

مجموعہ تشریحات۔ فرہنگ۔ کسی کتاب کے دقیق الفاظ، اصطلاحات وغیرہ کی فہرست اور ان کی تشریح

Glyconic

یہ بحر یونانی غنائی نظموں اور ڈراموں میں پائی جاتی ہے: ۔۔۔۔!!۔ کچھ GLYCONICS کے بعد ایک PHERECRATEAN سطر بھی ہوتی ہے یعنی ـــ ـــ ⌣ ⌣ ـــ ـــ = =

Gnomic, Gnomic verse

پند آموز، اقوال۔ مقولے، کہاوتیں کسی حل سے متعلق جیسے کرنا ہے یا جس سے بچنا ہے یا انسان، تقدیر، دیوتاؤں، غیر انسانی موضوعات سے متعلق حکیمانہ شاعری۔ قدیم یونانی شاعری کی ایک صنف جس کی خصوصیت کلام موجز ہے PHOCYLIDE اس صنف شاعری میں ممتاز ہے۔ اس کی ایک نظم کا ترجمہ SIR MAURICE BOWRA نے کیا ہے وہ یہ ہے ؛

This also said Phocylides
A tiny rock-built citadel
Is finer far, if ordered
Than all your frantic Ninevels.

انگریزی کی ایک مشہور مثال ہے:

He that is in the battle slain
Well never rise to fight again;
But he that fights and runs away
Will live to fight another day (Anonymous)

Gnostic

عیسائیوں کے ایک بدعتی فرقے کا رکن جو خصوصی عرفان کا مدعی تھا۔ غناسطی

Gobbledygock: Pudder

پرتکلف، بلند آہنگ، دفتری اسلوب۔ فیل مرغ TURKEY کی آواز کی نقل PUDDER، شورش، ہنگامہ۔

Let the great gods,
That keep this dreadful pudder o'er our heads..
Find out their enemies, now. (King Lear)

God from the machine

دیکھو DEUS EX MACHINA

Golden Age

عہد زریں۔ یونانی اور رومانی شاعروں کا خیال تھا کہ دنیا کا یہ پہلا اور بہترین دور تھا جب انسان مسرت، تہذیب اور عیش و عشرت کی زندگی بسر کرتا تھا SATURN یا یوزیوس معصومیت اور فراوانی کے عہد زریں کا حاکم تھا۔ رومی شعرا اسے SATURNIA REGIS کہتے تھے۔

Golliardıc verse

لاطینی ہجو اور فحش شاعری جو بارھویں اور تیرھویں صدی میں فرانس، جرمنی اور انگلستان میں تعلیم یافتہ مسخرے GILIARDS لکھتے تھے۔ اس قسم کی نظموں کا ایک مشہور مجموعہ CARMINA BURANA تیرھویں صدی میں BENEDICTBEUREN MONASTERY میں تھا۔

Gongorism

معنوی، پیچیدہ شاعرانہ اسلوب جسے ہسپانوی ادب میں DON LUIS DE ARGOTE نے پہلی بار استعمال کیا۔ اپنے اسلوب میں نفاست اور چمک دمک پیدا کرنے کے لیے اس نے لاطینی، یونانی، اطالوی زبانوں سے نئے الفاظ اختراع کیے۔ اس کے علاوہ ایہام، صنعت تضاد، عجیب و غریب استعارے، لاطینی ترکیبیں اور پرتکلف عبارت آرائی سے کام لیا۔ اس کے اسلوب کا نام ESTILO CULTO پڑ گیا۔ دیکھو EUPHUISM اور MARINISM۔

Good sense

سمجھ۔ معیار جو فرانسیسی نو کلاسیکی تنقید میں پایا جاتا ہے۔ سمجھ ہمیں بتاتی ہے کہ بدی کا نتیجہ بدی اور اچھائی کا نتیجہ اچھائی ہے۔ اس لیے کردار کی ترقی پر موزونیت ڈھونڈتی ہے۔

Gothic

وحشیانہ طرز تعمیر جو مغربی یورپ میں بارھویں صدی سے سولھویں صدی تک رائج تھا جس کی خصوصیت نوک دار محراب ہے۔ GOTHIC NOVEL ایک خاص قسم کا رومانی ناول جو اٹھارھویں صدی کے اواخر اور انیسویں صدی کے اوائل میں مقبول تھا۔ اس کی ابتدا WALPOLE کے ناول THE CASTLE OF OTRANTO سے ہوئی۔ اس کی نقل میں بہت سے ناول لکھے گئے جن میں دو مشہور ہیں۔ ایک تو READCILFFE کا THE MYSTERIES OF UDOLPHO ہے اور دوسرا THE MONK ہے۔ ان قصوں میں عموماً عہد وسطیٰ کے قلعے ہیں جن میں پوشیدہ رستے، مخفی تہ خانے، بھوت اور بہت سے فوق فطرت عناصر ہیں جن سے دلوں پر ہلکا سا خوف طاری ہو جاتا ہے۔ MARY SHELLEY کا ناول FRANKENSTEIN بھی اسی قسم کا ہے لیکن اس کا مقصد زیادہ سنجیدہ ہے۔ اس قسم کے ناول کا اثر دیرپا ثابت ہوا اور COLERIDGE کی نظم CHRISTABEL، BRONTI SISTERS کے ناولوں اور ALLAN POE کے افسانوں میں پایا جاتا ہے۔

Grace

THERE BUT FOR THE GRACE OF GOD GO I یعنی کسی ڈرامے کو دیکھنے یا کسی ناول کو پڑھنے کے بعد ناظرین یا سامعین کا رد عمل وہی ہے جو کردار کا ہے یعنی کردار زندہ ہے۔

Gradation

سلسلہ، تدریج۔ سلسلہ وار بیانات کی ایسی ترتیب جس سے ہر بیان بیان ماقبل پر کچھ اضافہ کرتا ہے اور ایک بیان کے آخری فقرے یا لفظ کی

دوسرے بیان کی ابتدا میں تکرار ہوتی ہے:

'Tribulation worketh patience, patience experience, and experience hope'.

Grail, the Holy

مقدس پیالہ۔ وہ پیالہ جو مسیح نے عشائے ربانی میں استعمال کیا تھا اور جس میں صلیب سے ان کا خون لیا گیا تھا۔ اس پیالے سے متعلق قصص کے دو سلسلے ہیں۔ ایک سلسلہ اس مقدس پیالے کی تاریخ سے متعلق ہے اور دوسرا سلسلہ اس کی تلاش سے متعلق ہے۔

Grand Guignol

دیکھو GUIGNOL

Grand style, the

پرشکوہ اسلوب۔ آرنلڈ نے لکھا ہے:

"The grand style' arises in poetry when a noble naturespecifically gifted, treats with simplicity or with severitya serious subject"

[شاعری میں پرشکوہ اسلوب اس وقت پیدا ہوتا ہے جب کوئی بلند فطرت اور خصوصی قابلیت رکھنے والا شاعر کسی سنجیدہ موضوع پر سادگی یا سختی سے لکھتا ہے]۔

Grangerize: Grengerism

کسی کتاب میں تشریحی تصاویر۔ دوسری کتابوں سے تصویریں اور خاکے لے کر لگانا۔ ۱۷۶۹ء میں GRANGER نے BIOGRAPHICAL HISTORY OF ENGLAND شائع کی جس میں سادہ صفحے تصویریں یا تشریحی نقشے لگانے کے لیے چھوڑ دیے گئے تھے GRANGER کو بھرنا ایک قسم کا کھیل ہو گیا اور دوسری کتابیں بھی اس طرح لکھی گئیں۔

Graveyard school

گورستانی شعراء ROBERT BLAIR اور EDWARD YOUNG کی نقل کرنے والے۔ ۱۷۴۳ء میں BLAIR نے ایک نظم THE GRAVE کے عنوان سے لکھی اور شائع کی جس میں اس کا موضوع موت ہے، قبر کی تنہائی ہے، سوگواری کی اذیتیں ہیں۔ اس کے معاصر YOUNG نے ایک لمبی نظم NIGHT THOUGHTS ON LIFE کے عنوان سے شائع کی۔ دونوں نظمیں کچھ دنوں تک کافی مقبول رہیں۔ اسی ضمن میں GRAY کا بھی شمار ہو سکتا ہے۔

Gravure

PHOTOGRAVURE کا مخفف۔ تصویر کندہ جو فوٹو گرافی کے ذریعہ بنائی جائے۔

Greek calends

کبھی نہیں۔ ایک ظریفانہ فقرہ جس کا مفہوم ہے کبھی نہیں کیونکہ یونانی CALENDS کا وجود نہیں جو رومی تقویم کے مطابق ہر مہینے کا پہلا دن (پہلی تاریخ) ہوتا تھا۔

Greek Prosody

دیکھو CLASSICAL VERSIFICATION

Greek Tregedy, structure of

یونانی المیہ کے حسب ذیل حصے ہوتے ہیں:

(۱) PROLOGOS تمہیدی تقریر یا مکالمہ کورس کے آنے سے پہلے جس میں ڈرامے کے موضوع کی وضاحت ہوتی ہے (۲) PARADOS کورس (ناچنے گانے والا طائفہ) کا آنا جو گیت میں موضوع کی مزید وضاحت کرتا ہے اور ہونے والے المیہ کی جھلک دکھاتا ہے۔ (۳) EPISODES مناظر (چار یا پانچ) جن میں ڈرامے کا عمل یا ارتقائی تسلسل پیش کیا جاتا ہے۔ مناظر کے درمیان طائفہ نظمیں گاتا ہے جنہیں STASIMA کہتے ہیں جن میں گانے والا طائفہ ایک جگہ کھڑے ہو کر ان جذبات کا اظہار کرتا ہے جو ہونے والے واقعات سے پیدا ہوتے ہیں۔ (۵) EODOS آخری STASIMA آخری منظر (سین)۔

Grobianism

سولھویں صدی میں ناشائستگی اور بد اخلاقی کی اصلاح کی کوشش ان کی منزلت بڑھا کر GROBIANUS کی NARRENSCHIFF محافظ ولی ہے DEDEKIND نے اپنی لاطینی ہجو GROBIANUS میں بیوقوف اور جنگلی آدمیوں کے لیے خوش اخلاقی اور شائستگی کے معقول اصول بتائے ہیں۔

Grotesque

ایک قسم کی مصوری یا نقاشی و سنگ تراشی، جس میں انسان اور حیوان کی عجیب و غریب تصویریں اور پھول پتیاں ملی جلی ہوتی ہیں۔ ادب میں اس طرز نامتناسب اسلوب کو کہتے ہیں جس میں حدودِ معقولیت سے تجاوز ہوتا ہے۔ NATIONAL REVIEW کے ۱۸۶۴ء کے نومبر کے شمارے میں ایک مضمون ہے جس کا عنوان ہے:

"Wordsworth, Tennyson and Browning; or Pure, Ornate and Grotesque Art in English Poetry".

Group, The

وہ ڈل، منڈلی، جتھا۔ اس ڈل کے مرکزی لکھنے والے PETER ، PETER REDGRAVE 'DAVID WEVILL PORTER' اور MACBETH تھے اور اس کے پہلے صدر P. HOBSBAUM تھے۔ ان لکھنے والوں کی جماعت ۱۹۵۵ء اور ۱۹۶۵ء کے درمیان پھلی پھولی۔ پھر جب EDWARD LUICE صدر ہوئے تو دوسرے مصنفین بھی شریک ہوئے۔ یہ دل نہ تو کوئی منظم ادبی تحریک تھی اور نہ تو اس نے ادب میں نماکش قائم کرنے کی کوشش کی۔ جو شعرا تھے انہوں نے کسی عقیدے کی پناہ نہ لی۔ یہ ایک قسم کا تخلیقی تصنیف سے متعلق ایک سیمنار تھا اور اس میں مختلف شرکا کی تصنیفوں پر عملی تنقیدیں بھی ہوتی تھیں۔

Grub street

لندن کی ایک گلی کا نام تھا جو اب MILTON STREET کہلاتی ہے اور جس میں چھوٹی موٹی تاریخوں لغتوں اور ہنگامی نظموں کے مصنفین بستے تھے۔ DR JOHNSON کے زمانے میں اس کا اطلاق کسی ادنا درجے کی تصنیف پر ہوتا تھا۔ اب اس کا اطلاق کس قسم کی بے تکی، تجارتی تصنیف پر ہوتا ہے۔

Grundy, Mrs

سماجی رسوم کی پابندی اور حسن اطوار کے برطانوی نظریہ کی علامت۔ THOMAS MORTON کے ناٹک SPEED THE PLOUGH میں ایک کردار ہے جو کبھی سامنے نہیں آتی ہے لیکن ہر شخص اس خیال سے سہم جاتا ہے کہ وہ کیا کہے گی

(WHAT WILL MRS. GRUNDY SAY?)

SPENCER HERBERT لکھتا ہے:

'The tyranny of Mrs. Grundy is worse than any other tyranny we suffer under'.

Guiguol

ایک کٹھ پتلی جس کا کردار اٹھارھویں صدی کے اواخر میں LYONS میں تخلیق کیا گیا۔ یہ بذلہ سنج اور جانباز GUIGNOL بے قدر مقبول ہوا کہ LYONS سے پیرس لے گئے اور وہاں اسی نام پر ایک تھیٹر GRAND GUIGNOL کی بنیاد پڑی جس میں پتلیوں کی جگہ انسانی کرداروں نے لے لی اور جس میں خوفناک اور ڈراونے کھیل (ناٹک) کھیلے جانے لگے۔ پھر یہ اصطلاح اس طرز کے ناٹکوں پر منطبق کی جانے لگی۔

Guilr, sense of

احساس گناہ۔

Gusla

SERBO CRSATIAN رزمیہ نظم۔ ایک نظم چھوٹی سطروں یعنی دس بحاروں کی جس میں چوتھی بحار کے بعد وقفہ ہوتا ہے۔ قوافی اور ترجیع نہیں ہوتے۔ یہ GUSLA (ایک تار کا ساز) کے ساتھ گائی جاتی ہے۔

Gymnosophist

ننگے ہوش مند (فلسفی)۔ یہ نام یونانیوں نے سکندر اعظم کے زمانے میں ایک ہندوستانی فرقے کے لیے وضع کیا تھا جو ننگ دھڑنگ رہتے تھے اور اپنا وقت دھیان میں صرف کرتے تھے۔

H

Hack writer

HACK ۔ اس گھوڑے سے متعلق ہوتا تھا جس سے بہت زیادہ کام لیا جاتا تھا۔ پھر اس کا اطلاق ایسے شخص پر ہونے لگا جو بے لطف اور بھاری کام کرنے کے لیے رکھا گیا ہو۔ اب عام ادبی خدمت گذار کو کہتے ہیں۔

Hagiography, Hagiology

اولیا کے سوانح حیات اور اقوال و کرامات۔

Haiku: Hokku

جاپانی شاعری کی مختصر ترین صنف جس میں صرف سترہ بحائیں ہوتی ہیں جن کی ترتیب تین سطروں میں اس طرح ہوتی ہے کہ پہلی اور تیسری سطروں میں پانچ بحائیں ہوتی ہیں اور دوسری سطر میں سات بحائیں ہوتی ہیں۔ یہ نظم مکمل ہوتی ہے اور کوئی صاف تصویر پیش کرتی ہے جس سے کوئی

خاص جذبہ ابھرتا ہے یا کوئی خاص روحانی دروں بینی میسر ہوتی ہے۔ EZRA POUND اس کی انگریزی میں نقل اتارنے کی کوشش کی اور اس کے زیر اثر IMAGIST شاعروں نے تصویری صفائی پر زور دیا۔ TAGNIGUCHI BUSON کا یہ انگریزی ترجمہ ہے:

The short night is through:
On the hairy caterpillor,
little beads of dew.

ایک دوسری ہوکو کا ترجمہ ہے:

The falling flower
I saw drift back to the branch
was a butterfly.

یہ بصورت کی اس فریب النظر کی طرف اشارہ ہے۔ ٹوٹا ہوا پھول پھر شاخ پر کبھی نہیں کھل سکتا، ٹوٹا ہوا آئینہ منعکس نہیں کر سکتا۔

Hair-line

باریک ترین خط جو طباعت کی تختی پر کھینچا جا سکے۔

Half-Rhyme

دیکھو NEAR RHYME

Half-title

کتاب کا عنوان کچھ کتاب کی تعریف کے ساتھ جو ناشر کتاب کے سرورق سے پہلے چھاپتا ہے۔

Halientici

شعرائے بحر۔

Hallucination

فریب نظر؛ فریب خیال۔

Hallebuijah metre

IAMBIC سطروں کا بند۔ چار سطریں سہ رکنی اور دو چہار رکنی ہوتی ہیں۔ اس کا بھجنوں میں زیادہ استعمال ہوتا ہے۔

Hamartia

غلط فیصلہ وہ لاعلمی کی وجہ سے ہو یا اخلاقی کمزوری کی وجہ سے۔ المیہ کے ہیرو سے متعلق ارسطو کا قول ہے کہ وہ ایسا انسان ہونا چاہیے جو امتیازی طور پر صالح یا عادل نہ ہو اور جس پر مصیبت کسی بدی یا بدشعاری کی وجہ سے نہ ہو بلکہ کسی ذاتی غلطی کا نتیجہ ہو۔ OEDIPUS کی دوہری غلطی یہ ہے کہ وہ اپنی تیز مزاجی کی وجہ سے اپنے باپ کو قتل کر دیتا ہے اور لاعلمی میں اپنی ماں سے شادی کر لیتا ہے۔

Handbook, handlist

دستی کتاب۔ ایک مختصر رسالہ جس میں کتابوں کے عنوانات، مضامین وغیرہ کی فہرست ہوتی ہے۔

Haplography

کاتب کی غلطی جس میں ایک حرف یا دو حروف کو دو مرتبہ لکھنے کی بجائے ایک بار لکھا گیا ہو جیسے TITELLATE کی بجائے TILLATE میں لکھنا۔

Happening

ڈرامے میں ایک نئی سرگرمی جس کے واقعات کو اداکاروں اور سامعین کے ردعمل سے تیز رفتار بنایا جا سکتا ہے۔

Harangue

پرجوش یا ولولہ انگیز تقریر۔ کسی بھیڑ یا مجمع میں بلند آہنگ اور خطیبانہ تقریر کر کے ان کے جذبات کو مشتعل کرنے کے لیے JULIUS CEASAR میں ANTONY کی CAESAR کی لاش پر تقریر اسی قسم کی ہے کیونکہ اس کا مقصد مجمع کو برانگیختہ کرنا ہے۔

Harlequin

اطالوی کامیڈی کا ایک کردار جو بچوں کی طرح معصوم، نکتہ سنج، لطیف ہوتا ہے جو ہمیشہ عاشق ہوتا ہے اور ہمیشہ آفت رسیدہ ہوتا ہے، کبھی مایوس تو کبھی مطمئن۔ انگریزی گونگے ناٹکوں کا ایک کردار جو منہ سے نہیں بولتا لیکن مسخرگی کی حرکتیں کرتا ہے اور جو مسخرے (CLOWN) کا رقیب ہوتا ہے۔

Harmony

حسن ترتیب۔ ہم آہنگی۔ ایسی تخلیق جس کے مختلف اجزا مل جل کر اصلی وحدت کو نمایاں کرتے ہیں۔

Hatred

نفرت۔ بغض۔ کینہ۔

Head clause

سر جملہ۔ وہ جملہ جس کے تابع کوئی دوسرا جملہ ہو (MAIN CLAUSE) مرکزی جملہ نہیں ہے۔

Headless line

دیکھو ACATALECTIC

Headline

سرورق پر ایک لکیر جس میں عنوان، صفحہ وغیرہ دیے جاتے ہیں۔

Head Rhyme

دیکھو ALLITERATION

Hebraism

عبرانیت ARNOLD نے اپنی کتاب CULTURE AND ANARCY میں دو اصطلاحیں استعمال کی ہیں HELLENISM اور HEBRAISM اس کا کہنا ہے کہ HELLENISM (یونانیت) کا مرکزی خیال چیزوں کو ان کی اصلیت میں دیکھنا ہے لیکن عبرانیت کا مرکزی مقصد اطوار اور فرماں برداری سے وابستہ ہے۔ یونانیت کی خصوصیت شعور کی خود روی ہے عبرانیت کی خصوصیت ضمیر کی سخت گیری ہے۔ اس کا خیال تھا کہ بھرپور زندگی کے لیے یہ دونوں قوتیں ضروری ہیں لیکن انگلستان میں عبرانیت پر ضرورت سے زیادہ زور دیا گیا ہے۔ اس میں توازن لانے کی ضرورت ہے۔

Hebrew Poetry

عبرانی شاعری۔ دیکھو CANAANITE

Hedonism

مذہب لذتیت۔ یہ عقیدہ کہ انسان کی زندگی کا مقصد صرف حصولِ لذت ہے۔ اس نظریے کا بانی ARISTIPPUS تھے۔

Hellenism

یونانیت۔ اس لفظ کا اطلاق اس تہذیب، زبان، فن اور ادب پر ہوتا ہے جو یونانیت کے حامل ہیں۔ زندگی کی طرف وہ رویہ جس کی بنیاد ادراک پر تھی اور وہ احساسِ جمال جو KEATS، LANDOR اور PATER میں پایا جاتا ہے اسے یونانیت کہہ سکتے ہیں۔ لاعلمی سے نجات پانا، چیزوں کو ان کی اصلیت میں دیکھنا یعنی ان کے حسن کا احساس کرنا یہی آرنلڈ کے مطابق یونانیت کا سادہ اور دلکش نصب العین ہے۔

Hemistich

آدھا مصرعہ، دو قفے کے پہلے کا حصہ۔

Hendeca syllabic

نظم کی ایسی سطر جس میں گیارہ ہجائیں ہوتی ہیں۔ CATULLUS اسے MARITAL نغمے کی سطر کو اس طرح استعمال کرتے ہیں کہ اس میں پہلا اور آخری رکن SPONDEE کا ہوتا ہے دوسرا رکن DACTYL کا ہوتا ہے اور تین باقی ارکان ... ہوتے ہیں۔ TENNYSON نے CATULLUS کی تقلید کی۔

Look, I come to the test, a tiny poem
All composed in metre of Catullus,
All in quantity, careful of my motions
Like the skater on ice, that hardly bears him

Hendiadys

کسی مفرد خیال کو دو اسموں سے جو حرف عطف سے ملے ہوئے ہوں ظاہر کرنا جیسے POUR LIBATIONS FROM BOWLS AND GOLDS بجائے FROM GOLDEN BOWLS یا TRY AND DO BETTER بجائے TRY TO DO BETTER

Heptasyllabic

سات ہجاؤں کی سطر۔

Heptametre

ہفت رکنی بحر۔ ہر سطر میں سات ارکان ہوتے ہیں۔

And nōne/will griēve/whĕn Ĭ/gō fōrth/ŏr smīle/whĕn rĕtūrn

Ŏr sit/bĕsīde/thĕ ōld/măn's bĕd/ŏr weep/ŭpōn/hĭs ūrn

Macaulay: Virginia

Heptastich

ایسا بند جس میں سات سطریں ہوتی ہیں۔

Hero: H eroine

مرکزی کردار، ہیرو، ہیروئین۔ کسی ادبی تخلیق کے سب سے اہم مردانے اور زنانے کردار۔ یہ لازمی نہیں کہ ہیرو میں شجاعت یا حسنِ سیرت ہو۔ وہ بزدل اور بد نفس ہو سکتا ہے لیکن اگر اس کی مرکزی حیثیت ہے تو اسے ہیرو کہیں گے۔

Heroic couplet

دو ہم قافیہ سطریں IAMBIC بحر میں ہوں۔ انگریزی شاعری میں سب

سے پہلے اس کا استعمال چاسر نے کیا:

She was worthy womman al hir lyve
Housbondes at chirche dore she hadde tyve

ایڈمن.. اور پوپ نے اس کا خوب خوب استعمال کیا اور ان کے بعد GOLDSMITH DR. JOHNSON نے بھی اس بحر سے کام لیا۔ یہ نام اس لیے پڑا کہ اس کا استعمال رزمیہ یا جوانمردانہ شاعری کے لیے ہوا۔ ڈرائیڈن اور پوپ کی نظموں میں پہلی سطر کے آخر میں ایک وقفہ ہوتا ہے اور دوسری سطر کے آخر میں کسی نحوی اکائی کا خاتمہ ہوتا ہے۔

اس کو CLOSED HEROIC COUPLET کہتے ہیں۔

Eye Nature's work, shoot folly as it flies,
And catch the manners living as they rise.
Laugh where we must, be candid where we can;
But vindicate the ways of God to Man.

Pope: An Essay on Man

Heroic drama

اولوالعزمانہ ڈراما۔ وہ ڈراما جو اولوالعزمی، جواں مردی، بہادری وغیرہ سے متعلق ہے اور جو HEROIC COUPLET میں لکھا جاتا ہے۔ اس قسم کا ڈراما انگلستان میں ۱۶۶۴ء سے ۱۶۷۸ء تک بہت مقبول تھا۔ اس پر فرانسیسی کلاسیکی فارم کا اثر پڑا تھا اور اس کا موضوع عشق اور عزت ہوتا تھا۔

ہیرو میں عاشق اور جانبازی کی بھرپور خوبیاں ہوتی تھیں لیکن اسے عشق ایک طرف کھینچتا تھا تو فرض دوسری طرف۔ اس قسم کے ڈراموں میں مبالغہ آمیز اور بلند آہنگ اسلوب کا استعمال ہوتا تھا جو غیر فطری تھا۔ ڈرائیڈن اور اورے اس طرز کے مشہور ڈراما نگار تھے۔ اس قسم کے ڈراموں کا مذاق BUCKINGHAM نے THE REHEARSAL اور SHERIDEN نے THE CRITIC میں اڑایا۔

Heroic line

پانچ رکنی سطر۔ یہ نام اس لیے پڑا کہ اس بحر میں رزمیہ اور اولوالعزمانہ شاعری لکھی جاتی تھی۔

Heroic Poem, Poetry

بیانیہ نظم جس میں رزمیہ شاعری کی طرح تاریخی یا افسانوی بہادروں کی جانبازیوں کا قصہ ہو۔ اس کی ایک مثال BEOWULF ہے جس میں چھٹی صدی عیسوی کے تاریخی واقعات بیان کیے گئے ہیں۔ رزمیہ شاعری۔

Heroic stanza (quatrain

وہ بند جس میں دو HEROIC COUPLETS ہوں۔

Heroic verse

وہ بحر جو رزمیہ شاعری میں استعمال ہوتی ہے۔ یونانی اور لاطینی شاعری میں یہ چھ رکنی ہوتی ہے، انگریزی میں پانچ رکنی، فرانسیسی شاعری میں ALEXANDRINE جس میں بارہ ہجائیں ہوتی ہیں۔

Heterodox

غیر مقلدانہ، خلاف شرع

Heterogeneous

مختلف العناصر، انمل بے جوڑ۔

Heterophemy

کسی لفظ کے اجزا کو توڑ مروڑ کر نا جیسے CALVARY کو CAVALRY۔ کسی لفظ اور فقرے کو اس طرح استعمال کرنا کہ صاف ظاہر ہو کہ ارادہ دوسرا لفظ کہنے کا تھا جیسے :- YOU GO TO HELIGOLAND۔

Hexametre

چھ رکنی سطر، چھ رکنی DACTYLIC سطر یونانی شاعری کی سب سے قدیم شکل ہے۔ یہ بحر رزمیہ نظموں کے لیے استعمال ہوتی تھی۔ ہومر کی نظمیں اسی بحر میں ہیں۔ پہلے چار ارکان DACTYLES یا SPONDEES ہوتے ہیں اور پانچواں رکن DACTYLE اور چھٹا رکن SPONDEES دو رجل کی نظم AENEID کی پہلی سطر ہے

Arma virumque cano, Troiae qui primus ab oris

Hexastich

ایسا بند جس میں چھ سطریں ہوں

Hiatus

حرف علت پر ختم ہونے والے لفظ یا ہجار اور حرف علت سے شروع ہونے والے لفظ یا ہجار کے درمیان وقفہ جیسے CO-ORDINATE-

Hieratic

پروہتوں یا مذہبی پیشواؤں کا خصوصاً مصری طرزِ تحریر یا مصری اور یونانی آرٹ کا طرز۔

Hieroglyph

مقدس نشان یا علامت مثلاً درخت یا جانور کی شکل جو کسی لفظ یا صوت کو بتائے۔ قدیم مصری عمارتوں یا تحریری دستاویزوں میں یہ رسم الخط پایا جاتا ہے۔ دوسری نسلوں میں بھی اس قسم کا تصویری خط پایا جاتا ہے۔

Hieronym

مقدس نام جو کسی فرضی نام کے طور پر استعمال کیا جائے۔

High comedy

بلند طربیہ یا کامیڈی۔ یہ اصطلاح عموماً طربیہ کامیڈی کے لیے مخصوص ہے جس کا اثر چند باتوں پر نہیں دماغ پر ہوتا ہے۔ بلند اور پست کامیڈی میں فرق کرنے کا کوئی خاص معیار نہیں ہے۔ بلند کامیڈی میں ادراک اور نکتہ سنجی کی کارفرمائی ہوتی ہے اور پست کامیڈی میں عموماً مذاق اور پست قسم کی ظرافت ہوتی ہے MEREDITH نے لکھا ہے کہ کامیڈی کا شخص اور شائستہ ہوتی ہے گویا یہ ایک مسکراہٹ سی ہے۔ اس کی ہنسی ذہنی ہوتی ہے۔ کامیڈی کا معیار یہی ہے کہ اس کا نتیجہ فکر انگیز ہنسی ہو۔ اسی ضمن میں COMEDY OF MANNERS اور DRAWING ROOMCOMEDY کا بھی شمار ہوتا ہے۔

Higher criticism

اسے LOWER CRITICISM کے مقابلے میں کہا جاتا ہے جو کہ متن سے بحث کرتی ہے اور اس کی صحت پر دھیان دیتی ہے۔ بلند تنقید اندرونی شواہد سے پتا چلاتی ہے کہ کتاب کس نے لکھی یا کب لکھی گئی اور اس کا ادبی تاریخ میں کیا مقام ہے۔

Hilarody

قدیم یونانی چپ ناٹک کی ایک قسم، المیہ کی مضحکہ نقل۔

Hindsight

پس بینی۔ شاید FORESIGHT کے قیاس پر یہ لفظ بنا ہے۔ وہ صلاحیت جو ہمیں گذشتہ واقعات میں نئی معنی خیزی دکھاتی ہے جو اس وقت موجود نہ تھی مثلاً SHAW کی ST. JOAN عہد وسطیٰ کے کشتوں کی زبان کہتا ہے کہ ST. JOAN PROTESTANT تصور ان سے کیتھولک کلیسا کی شکست ہوتی تھی یہ SHAW کی پس بینی ہے جو واقعات کے ہو چکنے کے بعد ایسا کہتا ہے۔

Historical-Geographical method

قصے، مختلف صورتوں میں دو یا تین براعظموں میں پھیلے ہوتے ہیں۔ ان کا مرکز جہاں سے وہ پھیلے دریافت کرنے کی کوشش۔

Historical present

گزشتہ واقعات کے بیان میں صیغۂ حال کا استعمال کرنا جیسے HAMLET میں PYRRHUS اور PRIAM کی لڑائی کا بیان!

Anon he finds him
Striking too short at Greeks; his antique sword
Rebellious to his arm, lies where it falls,
Repugnant to command. Unequal match'd,
Pyrrhus at Priam drives, in rage strike
But with the [illegible]iff and wind of his fell sword
Th'in[illegible] father falls.

Historical Linguistics

دیکھو LINGUISTICS

Historical Novel

تاریخی ناول۔ وہ ناول جس کی بنیاد تاریخی واقعات پر ہوتی ہے اور جس میں گزشتہ واقعات کی تمثیل کے زور سے زندہ تصویر پیش کی جاتی ہے جیسے اسکاٹ کے ناول، BULMER-LYTTON کا ناول THE LAST DAYS OF POMPEIN، HARRISON اور AINSWORTH کے ناول THE TOWER OF LONDON وغیرہ۔

Historical Rhyme

تاریخی قافیہ۔ ایسا قافیہ جو اپنے زمانے میں صحیح سمجھا جاتا تھا لیکن جو تلفظ کے بدل جانے سے زمانہ ما بعد میں اچھا نہیں رہتا جیسے:

Good nature and good sense must ever join,
To err is human, to forgive divine. (Pope)

پوپ کے زمانے میں JOIN کا تلفظ JINE تھا۔

History play

دیکھو CHRONICLE PLAY

Hokku

دیکھو HAIKU

Hold

موسیقی میں یہ ایک قسم کا وقفہ ہے جس میں کسی سُر کو طول دیا جاتا ہے شاعری

میں یہ کسی ہجا پر ٹھہر جاتا ہے جیسے:

Thŭs/săid thĕ/Lŏrd/ĭn thĕ
Văult ă/bŏve thĭ/chĕrŭ/bĭm (Kipling)

پہلی سطر میں پہلی اور چوتھی ہجاؤں پر وقفہ یا ٹھہراؤ ہے۔

Holograph

وہ دستاویز جو پوری اس شخص کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ہو جس کے اس پر دستخط ہوں۔ خود نوشت دستاویز۔ اس قسم کی دستاویز تخلیقی عمل پر روشنی ڈالتی ہے۔ جیسے FINNEGAN S. WAKE کی خود نوشت دستاویز جو برٹش میوزیم میں محفوظ ہے بہت ہی اہم ہے۔

Holophrasis

کسی فقرے یا خیالات کی ترکیب کو ایک لفظ میں ادا کرنا جیسے MAN KIPPLING' کی اس سطر میں:

'And what is more, you'll be a man, my son!

Homeosis

مقابلہ، تشبیہ جیسے

Pleasures are like poppies spread
you seize the flow'r, its bloom is shed.

Homeoteleuton (homeioteleuton)

الفاظ یا سطروں کا خاتمہ ایک طرح ہونا۔ ایسے الفاظ کا استعمال جو آخری حصے میں یکساں ہوں

Homeric Epithet

دیکھو Epithet

Homeric or Epic simile

ایک توسیعی تشبیہ جس میں تفصیل سے کام لیا جاتا ہے۔ یہ رزمیہ شاعری میں اکثر استعمال ہوتی ہے۔ دیکھو EPIC SIMILE CORPER ایک خط میں ہومر کا ترجمہ کرنے کی دشواری کا ذکر کرتے ہوئے HOMERIC SIMILE کا مذاق اڑایا ہے:

'As when an ass being harressed with ropes to a sand cart, drags with hanging ears his heavy burden, neither filling the long-echoing streets with his harmonious bray, nor, throwing up his heels behind, frolicsome and airy, as asses less engage are wont to do: so I...

Homiletic

وعظ کا فن

Homily

خطبہ جو کلیسا میں دیا جائے اور جس میں بائبل کے کسی حصے کی تشریح ہو۔ اکتا دینے والی اخلاقی تقریر۔

Homme moyen senouel

اوسط حساس پڑھنے والا۔

Homograph

ایک لفظ جو لکھا ایک طرح سے جائے لیکن جس کا تلفظ مختلف ہو

Homogenious

متحد النوع، یکساں

Homonym

ایسا لفظ جو لکھا بھی ایک طرح جائے اور جس کا تلفظ بھی ایک ہو لیکن معنی مختلف ہو جیسے ۔۔۔ (جانور، مہر)۔

Homonymbles

ایک کھیل جس کی بنیاد متحد الصوت الفاظ اور لفظی کھیل پر ہوتی ہے جیسے:

"The women Sugan whose husband calls her Peggy. Peggy is short for Pegasus; Pegasus is an immortal horse; an immortal horse is an ever - lasting nag."

Horatian Ode

وہ نظم (تشبیب) جس میں بند کا پیٹرن (pattern) ایک ہو۔ رومی شاعر ہوریس اس کا موجد تھا۔ اس کے قصیدوں (تشبیبوں) میں ایک لچک اور ربط اور اجمال ہے جس سے وہ دوسرے قصیدوں سے آسانی سے ممیز ہو سکتے ہیں۔ میکول کی یہ نظم ہوریس کے طرز میں لکھی گئی ہے۔

So restless Cromwell could not cease
In the inglorious arts of peace
But through adventurous wa r
And, like the three-forked lightning, first
Breaking the clouds where it was nurst.

Did thorough his own side
His fiery way divide.

Horn book

ایک ورق جس پر حروف تہجی ہوتے تھے، اعداد ہوتے تھے اور LORD'S PRAYER ہوتا تھا جو ایک تختی پر چسپاں ہوتا تھا اور جس کے اوپر شفاف سینگ سے بنا ہوا غلاف ہوتا تھا۔ ڈکر نے یہ لفظ اپنی کتاب THE GULS HORNBOOKE میں استعمال کیا ہے۔

Hovering accent

جب یہ صاف ظاہر نہ ہو کہ تاکید کس ہجا پر ہے تو اسے گشتی تاکید کہتے ہیں اسے DISTRIBUTIVE STRESS بھی کہا جاتا ہے۔ کبھی تو شاعر کی بے سلیقگی سے ایسا ہوتا ہے اور کبھی یہ ارادی ہوتا ہے جیسے،

There is sweet music here that softer falls
Than petals from blown roses on the grass
Or night-dews on still waters between walls
Of shadowy granite in a gleaming pass.
(Tennyson)

پہلی سطر میں THERE یا IS پر تاکید ہو سکتی ہے اور SWEET یا MUSIC کی پہلی ہجا پر۔ اسی طرح دوسری اور تیسری سطروں میں بھی۔

Howler

فاش غلطی۔

Hubris: Hybris

غرور؛ نخوت جس کی وجہ سے یونانی المیہ ڈراموں میں ہیرو خوابگاں کی تنبیہ کو پس پشت ڈال دیتا ہے اور آفت رسیدہ ہوتا ہے۔

Hudibriastic verse

وہ آٹھ ہجائی بیتیں جو BUTLER نے اپنی نظم HUUIBRAS میں استعمال کی ہیں:

He'd undertake to prove by force
Of Argument, a Man's no Horse.
He'd move a Buzard is no Fowl,
And that a Lord may be an Owl.
A calf an Alderman, a Goose a Justice,
And Rooks committee-men, and Trustees.

Huitain

اس نظم میں آٹھ سطریں ہوتی ہیں

Humanism

انسان دوستی؛ انسانی محبت؛ حقوق انسانی کی حمایت۔ مسلک انسانیت یا فلسفۂ انسانیت جس کی رو سے انسان کی ذات کائنات کا مرکز ہے اس لیے بجائے عالم آخرت عالم طبعی کی مجموعی انسانی زندگی کا مطالعہ اور اس کی ترقی کی کوشش کرنی چاہیے۔ مذہب انسانیت جس کا پیرو کسی مافوق الادراک ہستی کا قائل نہیں ہوتا ہے بلکہ انسانی فلاح و بہبود کی کوشش کو ذریعۂ نجات سمجھتا ہے۔ علم و ادب خصوصاً یونان اور روما کے علم و ادب کا مطالعہ۔ یہ لفظ نشاۃ ثانیہ کی دین ہے جبکہ انسانی ادب یعنی پرانے شعراء، فلسفیوں، خطیبوں اور مورخوں کی تصانیف کے مطالعہ پر خصوصی طور پر زور دیا گیا۔ اس عہد میں یونانی اور رومی ادب کا بغور مطالعہ کیا جانے لگا اور انسان شناسوں کو یہ کلاسیکی نظریہ بہت اہم معلوم ہوا کہ انسان کائنات کا مرکز ہے اور وہ عقل، عظمت اور قوت تخلیق کا حامل ہے اور وہ چاہتے تھے کہ ایسی تہذیب کی تخلیق کی جائے جس میں تعلیم یافتہ انسان اخلاق اور تعقل کی زندگی بسر کر سکے MARSILLIO FICINO اور PICADELLA MIRANDELA وغیرہ نے اس نظریہ کو پھیلایا۔ کچھ لوگ جیسے ERASHUS مذہب کے وفادار رہے اور کچھ مثلاً MONTAIGNE متشکک اور دہریے ہو گئے لیکن زیادہ انسان دوست عیسائی رہے۔

کلاسیکی ادب میں انہماک کا انگریزی ادب پر اثر یہ ہوا کہ کلاسیکی ادب اور اصناف کی پیروی ہونے لگی انہیں کمال کا نمونہ سمجھا گیا۔ ادب پر جلا کی گئی اور اس کی زرخیزی میں اضافہ ہوا لیکن اس کا برا نتیجہ یہ ہوا کہ تقلید کے بوجھ سے ارجینلیٹی (ORIGINALITY) ختم ہو گئی۔

Humour

ظرافت۔ کارلائل کا قول ہے کہ ظرافت کا جوہر حساسیت ہے، ہر قسم کی مخلوق کے لیے ہمدردی اور نرم دوست داری۔ کہہ سکتے ہیں کہ اگر ظرافت کا عنصر نہ ہو تو حساسیت قابو میں نہیں رہتی ہے۔ STEPHEN نے بھی یہی ظرافت کو حساسیت کہا ہے یا حساسیت کا کھیل جیسے ماں اپنے بچے سے چھیڑ خانی کرتی ہے۔ جارج ایلیٹ نے کہا ہے کہ ظرافت فکری مشغول اور جذباتی متانت کا نام ہے۔ بیسلی سٹیفن نے لکھا ہے کہ ظرافت وہ ظرف ہے جو ایسی نامعقولیت کو پیش نظر رکھتی ہے جو رقت کا سایہ ہے۔ ارسطو نے کامیڈی

سے متعلق کہا ہے کہ اس کا موضوع عموماً کوئی نقص یا بدنمائی ہے جو تکلیف دہ نہیں۔ اس کا خیال تھا کہ ہنسی کا نشانہ ہمیشہ کسی کی ذات ہے جو پستی کی حالت میں دکھائی گئی ہے۔ تھامس ہابس نے اس خیال کو زیادہ صاف طور پر بیان کیا ہے: وہ منھ بنانا جس کو ہم ہنسی کہتے ہیں اصل میں ذاتی مسرت ہے اور ہنری برگسن کا خیال تھا کہ زندگی ظرافت کے ہتھیار سے سماجی سختی کو ضرب کاری لگاتی ہے۔

Humours

اخلاط اربعہ (خون، بلغم، صفرا، سودا) بعہد وسطیٰ اور نشاۃ ثانیہ میں اس لفظ کا یہی مفہوم تھا۔ اس نظریے کے مطابق جسمانی بیماریاں اور دماغی اور اخلاقی مزاج ان اخلاط کے نتائج تھے۔ ان اخلاط سے بخارات نکل کر دماغ کو متاثر کرتے تھے اسی لیے اگر توازن کی کمی ہوئی تو کسی ایک خلط کا نمایاں اثر ہوگا اور اس شخص کی شخصیت ایک خاص رنگ میں رنگ جائے گی۔ اگر توازن رہا تو پھر مزاج بھی اچھا رہا لیکن زیادتی کا نتیجہ یہ تھا:

Excess (زیادتی)	Type of Personality (شخصیت)
Blood (خون)	Sanguine (دموی)
Phlegm (بلغم)	Phlegmatic (بلغمی)
Yellow Bile (صفرا)	Choleric (صفراوی)
Black Bile (سودا)	Melancholic (سوداوی)

Traits

Kindly, joyful, amor (عاشق مزاج، زندہ دل، خوش اطوار)

Cowardly, unresponsive, lacking intellect (بزدل، نکما، بے حس)

Obstinate, vengeful, impot easily aroused to anger (ضدی، غضیلا)

excessively contemplative brooding (افسردہ، فکرمند)

ڈراما میں HUMOURS کا استعمال ہونے لگا اور COMEDY OF HUMOURS وجود میں آئی جس میں ہر کردار میں ایک خصوصیت یا خلط نمایاں تھی۔ بین جانسن نے اس اخلاط کے نظریے پر اپنی کامیڈیوں کی بنیاد رکھی۔ اس کا ڈراما EVERY MAN IN HIS HUMOUR بہت مشہور ہے اس نے خلطی کردار کا نظریہ ان سطروں میں پیش کیا ہے:

Doth so possess a man, that it doth draw
All his affects, his spirits, and his powers
In their confluctions all to run one way.

Hypocrite

یونانی اسٹیج کا ایک کردار۔ ریاکار۔

Hybrid

مختلف العناصر۔ وہ لفظ جو بے میل اجزا سے مرکب ہو یعنی ایک زبان کے لفظ پر دوسری زبان کا سابقہ یا لاحقہ لگانا: amoral (یونانی اور لاطینی) BI-DAILY (لاطینی اور انگریزی) CABLEGRAM (انگریزی اور یونانی)

Hybris

دیکھو Hubris

Hymn

نغمۂ حمد، بھجن۔

Hymnal stanza

چار سطروں کا بند جس میں ترتیب قوافی اب ج ب یا اب اب ہوتی ہے۔ COMMON MEASURE سے بھی کہتے ہیں:

When I survey the
On which the Prince of Glory died,
My richest gain I count but loss
And pour contempt on all my Pride.

Hypallage

کسی جملے کے دو فقروں یا لفظوں کی نحوی ترکیب کو بدل دینا۔ ایک صنعت جس میں ارادی مبالغے سے زور پیدا کیا جاتا ہے۔ یہ بول چال اور شعر میں استعمال ہوتی ہے۔ دوسری کی مثال I WOULDN'T GIVE HIM THE TIME OF THE DAY
THEY WERE PACKED IN THE SUBWAY LIKE SARDINES پہلے معنی کی مثال (اسے TRANSFERRED EPITHET بھی کہتے ہیں) یہ ہے:

(1) The murmurous haunts of flies on summer eves. (Tennyson)

(2) And with Sansjoy's dead dowry you endow. (Spenser)

Hyperbaton

الفاظ کی ترتیب معکوس (تاکید کی غرض سے)۔ عکس ترتیب تاکیدی:

Yet I'll not shed her blood
Nor scar that whiter skin of hers than snow.
(Othello)

Hyperbole

مبالغہ، اغراق۔

But still fought on nor knew that he was dead.

Hypercatalectic

دیکھو ACATALECTIC

Hyperdochmiuc

سہ رکنی TROCHEE /– ⏑ ⏑ – – ⏑ –/

Hypermetric syllable

دیکھو HYPER-CATALECTIC

Hypnotic

خواب آور۔

Hypobachius

دیکھو ANTIBACCHIUS

Hypochondria

مراق کی حالت۔

Hypocorism

پیار کا نام۔ بے تکلفی کا نام جیسے WILLIAM کی بجائے ROBERTBILL

کیا جائے HYPOCORTIC BOB زبان میں پیار کے الفاظ، بے تکلف

الفاظ کا استعمال ہوتا ہے جس میں پورے نام کی بجائے مخففات سے

کام لیا جاتا ہے: BILL SHAKESPEARE

SAM JOHNSON DICK STECLE

Hyporchema

غنائی نظم جو سرود خوان APOLLO کی تعظیم میں گاتے تھے۔

Hypostatisation

ایک صنعت جس میں کسی مجرد صفت کو انسانی شخصیت مل جاتی ہے:

(1) Virtue is its own reward

(2) Honour compels me

Hypotyposis

کسی چیز کو اس طرح دکھانا (بیان کرنا) جیسے کہ وہ نظر کے سامنے ہو:

"Across the housetops of my native city I see the old tower.

PRAGMATOGRAPHIA ء کسی عمل کا بیان جیسے کہ واقعی دیکھا ہو۔

DIATYPOSIS کسی چیز کا اس طرح بیان کہ جیسے وہ موجود ہو۔

ICON کسی خاص جسمانی چیز کا بیان۔ PROSOGRAPHIA ۔ کسی واقعی شخص کا چہرہ

Hypozeugma

دیکھو ZEUGMA

Hysteria

اختناق الرحم، ہسٹیریا۔

Hysteron Proteron

ترتیب معکوس، عکس ترتیب۔ الفاظ کی صحیح ترتیب کی الٹ پلٹ۔ ایک صنعت جس میں جو آخر میں ہونا چاہیے وہ پہلے آتا ہے۔ گویا یہ گفتگو میں گاڑی کو گھوڑے کے آگے دیکھنا ہے۔ مقصد ظرافت یا خطابت ہوتی ہے۔

And as they were eating, Jesus took the bread, and blessed it, and broke it and gave it to the disciples and said Take Eat, this is my body.

(matt.xxxvi 26.)

یا DOGBERRY کی تقریر:

Write down that they hope they serve God: and write God first; defend but God should go before such Villains Masters, it is proved already that you are little better than false knaves, and it will go near to be thought so shortly.

I

Iamb

رکن جس کی پہلی ہجا غیر تاکیدی ہوتی ہے اور دوسری ہجا پر تاکید ہوتی ہے: اس ـ

The Grizzly Bear is huge and wild:
He has devoured the infant child
The infant child is not aware
It has been eaten by the bear. (Housman)

Iambeligus

دیکھو Archilochian verse

Iambes, les

ہجو کی اس کا استعمال تخریبیہ نظم میں ہوتا ہے۔ اس میں

بارہ ہجائی سطر اور آٹھ ہجائی سطر باری باری آتی ہے۔

Iambic trimetre

ایک سطر جس میں تین IAMBIC ارکان ہوتے ہیں یا جس میں ایک رکن چھوڑ کر بھاری تاکید ہوتی ہے۔ یہ بحر یادشنام آمیز شاعری کے لیے مستعمل ہوتی تھی (دیکھو SYZYGY)

Iana

دیکھو ANA

Ibidem

کسی جگہ؛ اسی کتاب یا باب یا عبارت میں۔

Ichthus

زمانۂ قدیم میں عیسائی اس لفظ کا استعمال کرتے تھے یہ حضرت عیسیٰ کی علامت تھی۔ اس لفظ کی ترکیب ذیل کے الفاظ کے پہلے حروف سے تھی JESUS CHRISTOS THEOU ULOS SOTER

یسوع جیزز کرائیسٹ، خدا کے بیٹے، نجات دلانے والے۔

Icon

مشرقی کلیسا (EASTERN CHURCH) میں کسی مقدس ہستی کا مجسمہ جو تصویر یا MOSAIC میں بنایا گیا ہو اور جسے مقدس سمجھا جاتا تھا جیسے EIKON BASILIKE شاہی پیکر۔ اس معنی کو توسیع دے کر کسی شخص یا چیز کی تصویر کشی استعارات یا تشبیہوں کے ذریعے جیسے۔

Her neck like to a stately tower
Where love himself imprison'd lies,
To watch for glances every hour
From her divine and sacred eyes
Heigh ho, fair Rosaline
Her paps are centres of delight.
. . .
Her breasts are orbs of heavenly frame,
Where Nature moulds the dew of light
To feed perfection with the same.
Heigh ho, would she were mine.

Iconoclast

بت شکن؛ تسلیم شدہ اعتقادات یا معیاروں کو توڑنے والا۔

Ictus

تاکید جو ہجاؤں پر وزن یا RHYTHM کے لیے دی جائے:

Márgarét are you gríeving
Over Goldengrove unleaving
Léaves, líke the things of man, you
With yoúr fresh thoughts care for, can you?
(Hopkins)

Id

کسی فرد کی موروثی جبلی انگیزشیں جو اس کے دماغ کا لاشعوری حصہ ہیں۔ اڈ

Idea

تصور، معنی۔

Ideal

عینی، امثالی۔

Idealism

تصوریت، عینیت؛ یہ عقیدہ کہ حقیقت کا تجزیہ کیا جائے تو وہ دماغ یا روح کی ایک صورت ہوگی۔

Ideal spectator

بہترین دیکھنے والا۔ ایسا شخص جو ہونے والے واقعات کو بلاواسطہ دیکھے۔ جیسا کہ ایڈیسن نے لکھا ہے۔

"میں انسان نہیں ہوں بلکہ انسانی دنیا کا تماشائی ہوں اور اس طرح میں نظری مدبر، سپاہی، تاجر، کاریگر بن جاتا ہوں لیکن زندگی میں عملی حصہ نہیں لیتا۔"

معمولی دیکھنے یا پڑھنے والا جس کے لیے ڈراما نگار لکھتا ہے جو بغیر کسی ذاتی نظریے کے ڈراما کو دیکھتا ہے یا پڑھتا ہے، وہ کردار جو ڈراما نگار کا ترجمان کہلاتا ہے RAISONNER جو مصنف کی ترجمانی کرتا ہے۔ یونانی ڈراموں کا کورس بھی۔

Idem

وہی لفظ، نام، عنوان۔ مخفف Id

Identical Rhyme

دیکھو RHYME

Identity

انفرادیت/شخصیت

Ideological

خیال پرستانہ/خیال پرستی سے

Ideograph

تحریری علامت جیسے چینی حروف جو کسی چیز یا خیال کی تصویر کشی کرتے ہیں۔

Ideology

خیال پرستی۔ تصورات کا علم۔

Idest

یعنی۔ مخفف بنا ہوا۔

Idiolect

کسی فرد کے طرز و موادِ گفتگو کی جمع۔

Idiom

محاورہ۔ خاص طرز بیان۔

'Is to a great measure true.

Followevents at close hand.

Idiosyncracy

طبیب کا خاصہ۔

Idola Tribus, Specus, Fori, Theatri

قوم، کھوہ، بازار یا تھیٹر کے اصنام۔ بیکن کے مطابق یہ انسان کی غلطیوں کی قسمیں ہیں۔

Idyll

معصوم اور مسرت آگیں زندگی کا تصویر جو دیہی شکل میں ہو، خصوصاً نظم کی صورت میں۔ اس قسم کی پہلی مثال یونانی شاعر THEOCRITUS کی نظم میں ملتی ہے۔ پھر ورجل نے اس کا اتباع کیا۔ انگریزی میں ٹینی سن کی IDYLLS OF THE KINGS کافی مشہور ہے لیکن اس میں کوئی دیہی اسلوب نہیں ہے اور اسلوب مرصع رزمیہ کا ہے۔

Ilk

اس قسم کا CAMPBELL OF CAMPBELL - CAMPBELL OF THAT ILK

Illuminati

روشن ضمیر۔ اس قسم کی چار سوسائیٹیاں ہوئی ہیں۔ (۱) ہسپانیہ میں (ALOMBRADOS (۲) فرانس میں GUERINETS (۳) بلجیم میں MYSTICS (۴) جرمنی میں ILLUMINATI لفظ اکثر طنزاً ان لوگوں کے لیے استعمال ہوتا ہے جو خاص الہام کا دعویٰ کرتے ہیں۔

Illumination

تنویر/تابانی/ طلاکاری/ نقش و نگار (قلمی کتابوں کے پہلے حروف پر)

Illusion

دھوکا/ ایسا یقین جو ہر کامیاب ڈرامے یا ناول سے ہوتا ہے جو چیزیں ناول یا ڈراما میں ہوتی ہیں وہ زندگی کی طرح حقیقی نہیں ہوتی ہیں لیکن اگر ڈراما یا ناول کامیاب ہے تو بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ واقعی ہیں۔ یہ اس لیے ہوتا ہے کہ بقول کولرج ہم غیر یقینی کو ارادتاً ملتوی کر دیتے ہیں: (WILLING SUSPENSION OF DISBELIEF).

Illusion of the First Time

کامیاب اداکار جو فطری ہونے کا اثر پیدا کرتا ہے۔ یہ تو جانی ہوئی بات ہے کہ وہ مشق کرتا ہے لیکن جب وہ مشق سے مہارت حاصل کر لیتا ہے تو اس کی باتیں اور حرکتیں جذبات کی فوری اور فطری عکاسی معلوم ہوتی ہیں۔

Illusory

فریب دہ۔

Illustrate

مثالیں دے کر کسی بات کو واضح کرنا۔

Image

مثال/ پیکر/ شبیہ/ نقش۔

Imagery

خیالی شبیہیں/ مجموعہ نقوش۔ شاعر صرف لفظی موسیقی پر قدرت نہیں رکھتا بلکہ وہ لفظی تصویریں بھی بناتا ہے۔ وہ علامتیں ہی نہیں پیش کرتا بلکہ وہ چیزوں کی تصویر کشی بھی کرتا ہے۔ شیکسپیئر صرف یہ کہہ کر کہ جاڑوں کا موسم ہے وہ لکھتا ہے:

When icicles hang by the wall,
And Dick the shepherd blows his nail,
And Tom bears logs into the hall,
And milk comes frozen home in pail,

When blood is nipp'd, and ways be foul
Then nightly sings the staring owl:
Tu-whit, tu-who - A merry note,
While greasy Joan doth keel the pot.

یہاں مختلف تصویریں ہیں۔ ٹھنڈ کو ہم محسوس کرتے ہیں۔ اسے دیکھتے ہیں
دوسری تصویر دیکھیے جہاں بیانی ہوئی چیزوں کو ہم کچھ اس طرح سے دیکھتے ہیں:

St.Agnes' Eve - Ah bitter chill it was
The owl, for all his feathers, was acold,
The hare limp'd trembling through the frozen grass
And silent was the flock in woolly fold.
(Keats)

LIMP'D اور TREMBLING ان دو لفظوں کی مدد سے ہم خرگوش کی تصویر صاف صاف دیکھتے ہیں یہ تو مرئی تصویریں ہوئیں لیکن ان خوشبوؤں کو ہم سونگھ سکتے ہیں، سن سکتے ہیں اور مجرد تصورات اور غیر مرئی چیزوں کو دیکھ سکتے ہیں:

(۱) Along the ramparts plumed and pallid
A winged odour went away. (Pope)

(۲) And now't was like all instruments,
Now like a lonely flute;
That makes the heavens be mute (Coleridge)

(۳) Like as the waves make towards the pebbled shore,
So do our minutes hasten to the end,
(Shakespeare)

(۴) Who hath not seen thee oft amid thy store?
Sometimes whoever seeks abroad may find
Thee sitting by the granary floor,
Thy hair soft-lifted by the winnowing wind.
(Keats)

Imagination

تخیل۔ وہ دماغی طاقت جو ٹھوس تصویریں بنا سکتی ہے، ایسی چیزوں کی بھی تصویریں بنا سکتی ہے جو حواس خمسہ کے دائرۂ احساس سے باہر ہیں۔ شیکسپیئر نے اس لفظ کے معنی ان لفظوں میں بیان کیے ہیں۔

The poet's eye in a fine frenzy rolling,
Doth glance from heaven to earth,
from earth to heaven;
And as imagination bodies forth
The forms of things unknown, the poet's pen
Turns them to shapes, and gives to airy nothing.
A local habitation and name.

اور کولرج نے تخیل کی ان لفظوں میں تعریف کی ہے:

"ایسی دور دور کی چیزیں جن کی گرد کو بھی معمولی تخیل نہیں پا سکتا، نزدیک کی چیزیں، رگِ جاں سے بھی زیادہ نزدیک، جو اپنی نزدیکی کی وجہ سے ہمیں نظر نہیں آتیں، دور و نزدیک کی سب چیزوں پر شاعر کے تخیل کا تصرف ہے اور وہ ان چیزوں کو اکٹھا کر سکتا ہے، مختلف اور متضاد خصوصیتوں میں توازن اور اتفاق پیدا کر سکتا ہے، پرانی اور جانی ہوئی چیزوں میں نیاپن اور تازگی ڈال دیتا ہے، عام اور خاص، خیال اور نقوش، انفرادی اور عالمگیر باتوں میں میل دے کر نئے نقشے بناتا ہے، تیز اور گہرے جذبات کو نئی مناسبت اور تنظیم کے ساتھ پیش کرتا ہے۔"

Imagism

شاعریت۔ ایک قسم کی شاعری جو اوائل بیسویں صدی میں رومانیت کے خلاف ردِ عمل کی صورت میں ظاہر ہوئی۔ اس گروپ کے اہم شاعروں میں HILDA DEOLITTLE, - AMY LOWELL - EZRA POUND، T.E. HULME J.G.FLECKER ،HARRIEDT MONROE، اور RICHARD ALDINGTON کے نام لیے جاتے ہیں۔ ان کا خیال تھا کہ شاعری میں عام بول چال کی زبان مستعمل ہو۔ نئے نئے RHYTHM (آہنگ) کی تخلیق ہو، موضوع کے انتخاب میں کامل آزادی ہو، واضح اور متعین تصویریں ہوں۔ پاؤنڈ کا خیال تھا کہ HILDA DEOLITTLE کی نظم OREAD اس صنف کی کامیاب مثال ہے:

Whirl up, sea...
Whirl your point pines;
Splash your great pines
On our rocks,
Hurl your green over us,
Cover as with your pools of fir

Imago

شایاں تمثال۔

Imitation

نقل۔ ارسطو نے لکھا ہے:

ٹریجڈی ایک سنجیدہ، وسیع اور مکمل عمل کی نقالی ہے جس میں واقعات ترحم اور خوف کے جذبات کو ابھارتے ہیں اور جن سے ان جذبات کا تنقیہ بھی ہوتا ہے۔

اور پوپ نے قدما کی نقالی (تقلید) کی اہمیت بتائی:

Those Rules of old discovered, not devised,
Are Nature still, but Nature methodized.
Nature, like liberty, is but restrained
By the same laws which first herself ordain'd
Hear how learn'd Greece her useful rules indites
When to repress, and when indulge our flights;
High on Parnassus top her sons she showed,
And pointed out those arduous paths they trod,
Held from afar, aloft, th'immortal prize,
And urged the rest by equal steps to rise.

Immediacy

بے واسطگی

Imparisyllabic

ہجاؤں میں عدم توازن۔ وہ لاطینی اور یونانی الفاظ جو مختلف حالتوں میں برابر ہجائیں نہیں رکھتے جیسے DENTIS, DENS

Impasto

ضرورت سے زیادہ گہرے رنگوں کا استعمال

Imperialism

شہنشاہیت

Imperfect Rhyme

دیکھو NEAR RHYME

Impersonal construction

لاشخصی ترکیب۔ کسی عمل کا بیان جس میں عامل کا نام نہ ہو:

Forth with on all sides to his side was run
By Angels many and strong, who interpos'd

(Milton)

Impression

دیکھو EDITION

Impressionism

اثر پسندی۔ یہ اصطلاح اثر پسندی سے لی گئی ہے۔ مصوری کا وہ طرز جس میں جزئیات کی تکمیل پر زور نہیں دیا جاتا ہے بلکہ تصویر کے مجموعی اثر پر۔ فرانس میں MANET اور RENOIR نے شدت کے اثر کی تصویر کشی کی نہ کہ کسی مخصوص چیز کی۔ ان کا خیال تھا کہ مصور کو پوری شدت سے اثر کی تصویر کشی کرنی چاہیے نہ کہ روایتی خارجی چیزوں اور واقعات کی۔ فرانسیسی اثر پرست شاعروں میں VERLAINE، MALLARMÉ، CORBIÈRE، LAFORGUE کے نام مشہور ہیں۔ ان کی تقلید میں LORD ALFRED DOUGLAS، OSCAR WILDE، ARTHUR SYMONS نے اس قسم کی نظمیں لکھیں۔ وائلڈ کی نظم IMPRESSION DU MATIN اسی طرز میں لکھی گئی ہے:

The Thames nocturne of blue and gold
Changed to a Harmony in grey:
A barge with ochre-coloured hay
Dropt from the wharf : and chill and cold
The yellow fog came creeping down
The bridges, till the houses' walls
Seemed changed to shadows and St. Paul's
Loomed like a bubble o'er the town.
.....one pale woman all along,
The daylight kissing her wan hair,
Loitered beneath the gas lamps' flare,
With lips of flame and heart of stone.

دور حاضر کے ناولوں میں اثر پسندی کے استعمال کا یہ طریقہ ہے کہ توجہ کا مرکز روزانہ زندگی ہوتی ہے نہ کہ ارد گرد کی حقیقتیں۔ JOYCE، PROUST اور VIRGINIA WOOLF کرداروں کی یادوں اور اندرونی جذباتی ردعمل کی تصویر کشی کرتے ہیں:۔

Impressionistic criticism

تاثراتی تنقید۔ اس قسم کی تنقید میں تحریر، سوانح یا جمالیاتی تصورات سے بحث نہیں کرتی ہیں بلکہ نقاد مرصع اور پر تکلف عبارت میں اپنا تجربہ یا تاثر بیان کرتا ہے جو کسی فن پارے سے اسے حاصل ہوتا ہے۔ ANATOLE FRANCE نے اس قسم کی تاثراتی تنقید کے متعلق کہا تھا کہ یہ شاہکاروں میں روح کی سرگرمیاں ہیں۔ والٹر پیٹر نے لکھا ہے: جیسے جیسے ان تاثرات سے ہماری حساسیت میں گہرائی اور بوقلمونی بڑھتی ہے اسی تناسب سے ہماری تعلیم کی تکمیل ہوتی ہے۔ اور جمالیاتی

نقاد کا کام یہ ہے کہ وہ اس خوبی کو پہچانے، اس کا تجزیہ کرے، اسے اس کے فروعات سے علاحدہ کرے - وہ خوبی جس سے کوئی تصویر یا کوئی منظر یا کوئی اچھی شخصیت (زندگی یا کتاب میں) حسن یا مسرت کا یہ مخصوص اثر پیدا کرتی ہے اور اس اثر کے سرچشمے کو بتائے اور یہ بھی بتائے کہ کیسی حالتوں میں اسے محسوس کیا جاتا ہے۔ اور اس نے LEONARDO DA VINCI کی مشہور تصویر 'LA GIOCONDA' پر اس قسم کی تاثراتی تنقید کی ہے:

"She is older than the rocks among which she sits; like the vampire, she has been dead many times, and learned the secrets of the grave; and has been a driver in deep seas, and keeps this fallen day about her; and trafficked for strange webs with Eastern merchants; and, as Leda, was the mother of Helen of Troy, and as saint Anne, the mother of Mary; and all this has been to her but as the sound of lyres and flutes, and lives only in the delicacy with which it has moulded the changing lineaments, and tinged the eyelids".

Imprimature

اجازت طبع۔ کتاب میں چھاپنے کی اجازت (خصوصاً رومن کیتھولک کلیسا میں ذمہ دار عہدہ دار کی عطا کی ہوئی باضابطہ اجازت)، منظوری۔

Imprint

طابع یا ناشر کے نام، جگہ، تاریخ طباعت وغیرہ کا ٹھپا چھاپ

Impropriety of diction

الفاظ کے انتخاب اور استعمال میں غلطی۔

Impulse

انگیزش یا اضطراری تحریک۔

Impulsion

دھکا، صدمہ، تشویق

Inadequacy

کوتاہی، کمی، کافی نہ ہونا۔

Inborn

خلقی، جبلی۔

Incantation

لفظی فسوں گری۔ لفظوں کی آواز کا جادو جو اکثر شعرا استعمال کرتے ہیں۔ جہاں الفاظ کے معنی سمجھنے سے پہلے ہی ان کا اثر ہوتا ہے:

Not that faire field
Of Enna, where Proserpin gathering flours
Herself a fairer Floure by gloomie Dis
Was gather'd, which cost Cares all that pain
To seek her through the world; nor that sweet Grove
Of Daphne by Orontes, and th'inspir'd
Castalian spring might with this Paradise
Of Eden strive.

یا شیکسپیئر کا وہ گیت جس کی پہلی سطر ہے۔

FULL FATHOM FIVE THY FATHER LIES

Incest

مباشرت محرمات۔

Incongruity

عدم مطابقت۔ یہ ظرافت کا ایک جزو ہے۔

Incremental Repetition

افزونی تکرار۔ یہ تکنیک ballad میں پائی جاتی ہے جس کے بندوں میں اضافے کے ساتھ تکرار ہوتی ہے جیسے EDWARD, EDWARD کے یہ دو بند:

'Why does your brand sae drop wi; blude.
Edward, Edward?
Why does your brand sae drop wi'blude,
And why sae sad gang ye, O?'
'O I hae kill'd my hawk sae gude,
Mither, mither;
O I hae dill'd my hawk sae jude,
And I had nae mair but he, O'.

Incipient

ابتدائی۔ جو ابتدائی منزل میں ہو۔

Incoherence

بے ربطی۔

Incompatible

متضاد، مخالف، بے میل

Incongruous

نامناسب، بے میل، بے جوڑ۔

Inconsistency

عدم توافق

Incunabula

اصل کسی چیز کے ابتدائی مراحل۔ کتابیں جو سنہ ۱۵۰۰ء سے پہلے چھاپی گئی تھیں۔

Indecency

ناشائستگی۔ بے حیائی۔ بے شرمی

Indention

پہلے پیراگراف کی پہلی سطر کو حاشیے سے ذرا ہٹا کر لکھنا یا چھاپنا۔

Index

اشاریہ۔ کتاب کے مضامین کی فہرست، حروف تہجی کے اعتبار سے۔

Index Expurgatorius

ان عبارتوں کی فہرست جنہیں نکالنے کی ہدایت ہو (خصوصاً کسی کتاب میں جس میں چھاپنے کی رومن کیتھولک کلیسا نے اجازت دی ہو)۔

Index Librorum Prohibitorum

ایسی کتابوں کی فہرست جنہیں پڑھنے کی رومن کیتھولک کلیسائیوں کو اجازت نہیں ہے۔

Indirect speech, Oratio obliqua

کسی کے قول کو فعل کے زمانے اور ضمیروں میں ضروری تبدیلی کرکے بیان کرنا۔ عبارت غیر مستوی

Individual, Individualism, Individualists Individuality

فرد، انفرادیت، فردیت پسند، نظریہ فردیت

Individual response

انفرادی ردعمل۔

Induction

استقرا، جزئی مثالوں سے کلی نتیجہ اخذ کرنا۔

Industrial Revolution

صنعتی انقلاب۔

Inertia

جمود۔ سکون۔ بے حرکتی۔ استقرار

Inexpressible

ناقابل اظہار۔

Infantilism

طفلیت۔

Inference

استنباط۔

Inferiority complex

احساس کمتری۔

Inferior letter or Figure

چھوٹے حروف، اعداد جو سطر سے نیچے ہوں۔ سطر سے اوپر ہوں تو انہیں بڑے حروف یا اعداد کہتے ہیں۔

Inflection: Inflexion

تصریف، گردان۔

Inhibition

مزاحمت، رکاوٹ، بندش۔

Initial incident

ابتدائی واقعہ۔ ڈرامے میں وہ واقعہ جس سے تصادم کی ابتدا ہوتی ہے

Inkhorn terms

عالمانہ اور مغلق الفاظ جو دوسری زبانوں سے لیے گئے ہوں۔

تھامس ولسن نے ARTE OF RHETORIQUE میں لکھا ہے:

"Among all other lessons this should first be learned, that we never affect any straunge ynkhorne termes, but to speake as is commonly received".

In medias Res

داستان کے بیچ سے۔

Innuendo

طعن آمیز اشارہ۔ صاف صاف نہ کہہ کر کسی چیز کی طرف اشارہ کرنا۔

Honesty is the best policy but advertising also pays'.

In principio

ابتدا میں، بائبل میں ابتدائی الفاظ۔

Inscape and Instress

انفرادی امتیازی صورت جو کسی فطری چیز کی زرّین یکتائی کا نشان ہو، اسے HOPKINS نے INESCAPE کہا ہے اور وجود کی وہ قوت جو ہر چیز کو سہارا دیتی ہے اور فطری یا غیر فطری تناؤ جو INESCAPE کی تشکیل کرتا ہے اور اسے وجود میں رکھتا ہے اسے HOPKINS نے INSTRESS کہا ہے:

Insensibility

بے حسی

Insinuation Innuendo

دیکھو INNUENDO

Inspiration

وجدان؛ القا؛ الہام۔ دینیات میں یہ لفظ ربانی اثر کے لیے مخصوص تھا: ALL SCRIPTURE IS GIVEN BY THE INSPIRATION OF GOD یہی ربانی اثر شاعروں میں بھی کارفرما ہوتا ہے۔ ...نے لکھا ہے: خدا ہمارے سینے میں رہتا ہے اجب وہ ہمیں ابھارتا ہے تو وجدان کا شعلہ بھڑک اٹھتا ہے اور اسی مقدس سرخوشی کا سرچشمہ وہ ذہن ہیں جو ربانی دماغ نے انسان میں بوئے ہیں۔ ملٹن نے کہا ہے کہ شاعر کو ہمیشہ اس ابدی روح کی ضرورت ہوتی ہے جو اپنے مقدس فرشتے کو اپنی قربان گاہ کی مقدس آگ سے کر بھیجتا ہے۔ برنز نے کہا ہے:

Gia me ae spark o' nature's fire
That's a' the learning I desire.

Instinct, Instinctive

جبلت۔ جبلی

Instinct, Death

جبلت مرگ

Instinct, Life

جبلت حیات

Instress

دیکھو INESCAPE AND INSTRESS

Intaglio

کندہ کاری۔ جس تصویر کو چھاپنا ہو اسے پلیٹ پر کندہ کرنا۔

Integrity

مالیت۔ دیانت۔

Integrity, artistic

فنی دیانت۔

Intellect, Intellectual

خرد؛ دانش۔ دانش ور، صاحب خرد۔ دانشوری۔

Intelligence

ذہانت۔

Intension

منطق میں کل صفات جو ایک عام لفظ یا تصور میں متصور ہو سکیں۔

Intensity

شدت۔ یہ شدت ہی فن کی بزرگی کا معیار ہے۔ معیار یہ نہیں ہے کہ شاعر یا ناول نگار نے جوش کے ساتھ محسوس کیا ہے بلکہ یہ کہ اس میں شدت احساس ہے یا نہیں، اس کی اندرونی آگ ہر لفظ میں روشن ہے یا نہیں۔

Intention

دیکھو MEANING, FOUR KINDS OF

Intentional fallacy

مصنف کے مقصد یا ارادے کو تنقید کا معیار سمجھنا۔ پوپ نے لکھا ہے:

Whoever thinks a faultless piece to see,
Thinks what ne'er was, nor is, nor e'er shall
In every work regard the writer's End,
Since none can compass more than they intend.

لیکن آج کل اسے مغالطہ سمجھا جاتا ہے کیونکہ نظم پبلک دستاویز ہوتی ہے جو بجائے خود مکمل ہوتی ہے۔ لکھنے والے کا مقصد غیر متعلق شے ہے۔ نظم نہ تو شاعر کی جاگیر ہے اور نہ نقاد کی۔ یہ جنم لے کر اپنے مصنف سے علاحدہ ہو کر دنیا میں رواں دواں ہوتی ہے اور شاعر کا اس پر کوئی قابو نہیں رہتا ہے اور شاعر اپنا مقصد بتائے بھی تو اسے بھی جانچ پرکھ کرنا ہوگا جس طرح کسی بیان کی لسانیات میں یا عام نفسیات میں ہم کرتے ہیں۔

Interaction

تفاعل۔

Interior monologue

دیکھو STREAM OF CONSCIOUSNESS

Interlaced Rhyme

قوافی کا سطروں کے آخر میں ہونے کے علاوہ ان کے بیچ میں بھی ہونا۔ عموماً لمبی سطروں میں اس کا استعمال ہوتا ہے:

Laurel is green for a season
and love is sweet for a day
But love grows bitter with treason
and laurel outlives not May. (Swinburne)

Interleaf

سادہ ورق جو کتاب کے دو باضابطہ اوراق کے بیچ میں ہوتا

Interlude

مختصر مزاحیہ ڈراما جو پندرھویں اور سولھویں صدی میں انگلستان میں مقبول

تھا۔ یہ مختصر ڈرامے درباری امرا کے سامنے یا گاؤں میں INTERLUDE
کھیلے جاتے تھے۔ اکثر کسی دعوت یا کسی دوسری قسم کی تفریحات کے بیچ میں
کھیلے جاتے تھے HEYWOOD کا THE FOUR P'S اس کی مثال ہے۔

Intermezzi (Intermedii)

ہلکے پھلکے طربیہ قسم کے افسانے جو سنجیدہ ڈراما یا اوپیرا کے بیچ میں لائے جاتے تھے۔ یہ افسانے دیومالائی موضوعات سے متعلق ہوتے تھے اور اکثر آزادانہ طور پر مہمانوں کی تفریح کے لیے شاہانہ یا امیرانہ مواقع پر دیے جاتے تھے۔

Internal necessity

دیکھو POETRY AND PROSE

Internal Rhyme: Middle Rhyme:

قافیہ جو کسی سطر کے بیچ اور آخر میں ہو

I am the daughter of Earth and water
And the nursling of the sky;
I pass through the pores of the ocean and shores;
I change but I cannot die.

(Shelley)

قوافی جو سطر کے آخر میں نہیں بلکہ اس کے اندر ہوں۔

When you are lying awake with a dismal headache and repose is taboo'd by anxiety, I conceive you may use any language you choose to indulge im without impropriety (Sullivan)

Interpretation

کسی شاہکار کی مکمل تشریح و توضیح ممکن نہیں۔ اس میں دو دشواریاں ہیں۔ ایک تو یہ کہ ہمیں الفاظ کے برمحل ابتدائی اور ثانوی معنی کا پتا لگانا ہے۔ جملوں کی ساخت اور ان کے مختلف مفاہیم کیا ہو سکتے ہیں انہیں جاننا ہے۔ دوسری دشواری ابہام کی وجہ سے ہوتی ہے۔ ہمیں فیصلہ کرنا پڑتا ہے کہ دو یا تین ممکن معانی میں سے کون سا معنی ادیب کے ذہن میں تھا۔

Intimacy with Nature

فطرت سے قربت یہ اصطلاح [illegible] نے ANTHOLOGY OF CANADIAN VERSE میں استعمال کی ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ کناڈا کی شاعری میں APHRODITE نہیں اور FURIES مختلف قسم کی چیز ہے۔ سبز سلسلے میں ساحل بحر تفکر کی جگہ نہیں پھر بھی:

And yet the marnels we have seen remain
We think of the eagles, of the fawns
at the river bend,
The storms, the sudden sun,
the clouds sheered downward (Douglas Le),

Intonation

لے سے پڑھنا۔ کلیسا کے مذہبی گیت کے پہلے الفاظ۔

Intrigue

پیچیدہ سلسلۂ واقعات۔ خصوصاً وہ جس میں کسی ایک یا ایک سے زیادہ کرداروں کی سازشیں اس کا سبب ہوں۔ CONGREVE کے مشہور ڈرامے THE WAY OF THE WORLD اور LOVE FOR LOVE کی مثالیں ہیں۔

Introduction

مقدمہ، دیباچہ، تمہید۔ کبھی کبھی نظم کی صورت میں جس سے کسی فن پارے کا تعارف ہوتا ہے۔

Introspection

مشاہدہ باطن۔

Introvert Introversion

دروں بین، دروں بینی۔

Intuition

وجدان۔

Intuitive

وجدانی، بلاواسطہ ادراک۔

Invective

ہجو قبیح۔

A foul mouth is so ill-matched with a white beard that I would gladly believe the newspaper - scribes alone responsible for the bestial utterances which they declare to have dropped from teacher whom such disciples as these exhibit to our disgust and compassions as performing on their obscene platform the last trick of tongue now possible to a gap-toothed and hoary-headed ape, carried at first into notice on the shoulder of Carlyle, and who now in his dotage spits and chatters from a dirtier perch of his own finding and fouling.

(Swinburne)

Invention

ایجاد / اختراع۔ ڈاکٹر جانسن نے کہا ہے:

ایجاد وہ قوت ہے جس سے نئے واقعات کا سلسلہ قائم ہوتا ہے اور نئے مناظر دکھائے جاتے ہیں اور جس سے خارجی اور اتفاقی آرائشیں اور مثالیں جانی ہوئی چیز سے متعلق ہو جاتی ہیں۔

ولیم ورڈز ورتھ نے اپنے PREFACE میں لکھا ہے:

شاعری کی تخلیق کے لیے جو قوتیں ضروری ہیں وہ یہ ہیں: پہلی قوت ایجاد ہے جس سے بات چیت سے جو مواد مہیا ہوتے ہیں ان سے کرداروں کی بناوٹ ہوتی ہے۔ یہ بات چیت شاعر کے دل و دماغ میں ہوئی ہو یا خارجی زندگی اور فطرت سے متعلق ہو اور اس قسم کے واقعات اور مواقع ظہور میں آتے ہیں جو تخیل کو متاثر کرتے ہیں اور جو ان کرداروں، خیالات و جذبات کے ساتھ انصاف کرتے ہیں جنہیں شاعر پیش کرنا چاہتا ہے۔

Inversion

تقلیب، عکس ترتیب (الفاظ کا):

So spoke he, clouded with his own conceit.
(Tennyson)

Invocation

دعا جو نام لے کر کی جائے خصوصاً CALLIOPE رزمیہ شاعری کی دیوی سے جس میں شاعر خدائی استمداد مانگتا ہے (کسی رزمیہ نظم کی ابتدا میں)۔ ملٹن نے اپنی نظم PARADISE LOST کی ابتدا میں URANIA (فلکیات کی دیوی) سے استمداد مانگتا ہے:

Sign, Heavenly Muse, that on the secret top
Of Oreb, or of Sinai, didst inspire
That Shepher, who first taught the chosen seed,
In the beginning how the Heavens and Earth
Rose out of chaos, or if Sion Hill
Delight thee more, and Siloa's brook that flowed
Fast by the oracle of God, I thence
Invoke thy aid to my adventurous song,
That with no middle flight intends to soar
Above the Aonian mount.

Involution

پیچ در پیچ، پیچیدگی، الجھاؤ۔

Ionic

کلاسیکی چار ہجائی رکن جس میں پہلی دو بڑی اور باقی دو چھوٹی ہوتی ہیں اسے GREATER IONIC کہتے ہیں۔ اگر پہلی دو ہجائیں چھوٹی اور باقی دو بڑی ہوں تو اسے LESSER IONIC کہتے ہیں۔

Irrelevant

غیر متعلق۔

Irish Literary Renaissance (Irish Dramatic movement)

آئرستانی ادب کی نشاۃ ثانیہ۔ اس کی ابتدا STANDISH O'GRADY کی کتاب ہسٹری آف آئرلینڈ سے ہوتی ہے جس میں آئرستانی اساطیری کرداروں جیسے FINNMAC COST اور CUCHULAIN کی جانبازیوں کا بیان تھا۔ اس سے ایک نئی قومی روح جاگ اٹھی اور آئرستانی دانشوروں اور مصنفوں نے کلاسیکی روایات اور تہذیب کو اپنایا اور انگریزی ادب سے قطع تعلق کیا۔ YEATS نے THE WANDERINGS OF OISIN میں ایک ایسے ہی ہیرو کا قصہ نظم کیا۔ اس طرح سے ایک نیا ادبی شعور پیدا ہو گیا۔ ۱۸۹۹ء میں YEATS، GEORGE MOORE اور EDWARD MARTYN نے آئرستانی ادبی تھیٹر کی بنا ڈالی۔ اس گروپ کا بڑا ڈرامہ نگار JOHN MILLINGTON SYNGE ہے۔

Irish Literary Revival

دیکھو IRISH LITERARY RENAISSANCE

Irony

طنز یعنی ایک ادبی ترکیب جس سے مصنف کا مقصد اس کے الفاظ کے ظاہری معنی کے متضاد ہو۔ جب HORATIO کہتا ہے کہ ہیملٹ کی ماں کی شادی اس کے باپ کی تجہیز و تکفین کے فوراً بعد ہوئی تو ہیملٹ کہتا ہے:

Thrift, thrift, Horatio! the funeral bak'd meats
Did coldly furnish forth the marriage tables.

ڈرامائی طنز الفاظ سے نہیں ڈرامائی ساخت سے متعلق ہوتی ہے جیسے OEDIPUOS REX میں OEDIPUOS اپنے باپ LAIUS کے قاتل کی تلاش کرتا ہے اور آخر خود ہی اس جرم کا مرتکب ثابت ہوتا ہے۔ سقراط گفتگو میں دوسرے شخص کے نقطۂ نظر کو مان کر آگے بڑھتا تھا اور اس طرح اسے بیوقوف بناتا تھا اور اس کی دلیل کو کمزور ثابت کرتا تھا۔ اسے SOCRATIC IRONY کہتے ہیں

Irrational

یہ نظریہ کہ ادب کی تخلیق کا سرچشمہ شعور یا عقل نہیں بلکہ ایک غیر عقلی عمل ہے۔ یعنی ادراک کا تخلیق سے کوئی واسطہ نہیں۔

Irregular ode

دیکھو COWLEYAN ODE

Irritability

زود حسی / زود رنجی۔

Isolation

علاحدگی۔ تنہائی۔

Issue

دیکھو EDITION

Italian sonnet

دیکھو SONNET

Italic type

اطالوی چھاپ۔ ایک قسم کی چھپائی جس میں حروف داہنی جانب جھکے ہوئے ہوتے ہیں۔

Ithyphallic verse

باخوسی (BACCHIC) جشنوں کی بحریں۔ شہوت زا نظمیں۔

Ivory tower

مینار عاج۔ ایف۔ ایل۔ لوکس F. L. LUCAS نے کہا ہے کہ وہ ادب جو زندگی سے منھ موڑ لیتا ہے، وہ ادب جو دماغی صحت کو بیٹھتا ہے خطرے سے خالی نہیں۔ اس نے لکھا ہے:

"میں سمجھتا ہوں کہ اس دنیا میں یہ مینار عاج درحقیقت دوسری دنیا والے باب عاج کی طرح آخرکار جھوٹے خوابوں اور فریبی رویائی جولان گاہ ہے۔ مینار عاج میں باب عاج ہوتے ہیں اور ان سے جھوٹے اور بے بنیاد خواب داخل ہوتے ہیں۔ ایسی زندگی شاعر کو اپنے سامعین سے جدا کرتی ہے وہ شاعر کو دو مخالف ٹکڑوں میں تقسیم کرتی ہے۔"

J

Jabberwocky

بے معنی گفتگو یا تحریر۔

Jacobean

انگلستان کے جیمس اوّل کے زمانے کا ڈراما۔

Japanese drama

جاپانی ڈرامے دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک تو NO فنائی ڈرامے ہیں جو چھ سو سالوں تک مقبول تھے۔ اس میں دو سے چھ کردار ہوتے تھے اور نقاب پوش ہوتے تھے۔ یہ ڈرامے تعلیم یافتہ لوگوں کے لیے لکھے گئے تھے۔ دوسری قسم KABUKI ڈراموں کی ہے۔ ان میں گیت، رقص اور فن ہوتے ہیں۔ ان کی صورت OPRETTA جیسی ہوتی ہے۔ مکالمے گائے جاتے ہیں اور بہت سے گیت اور رقص ہوتے ہیں۔ ادراک سے زیادہ جذبات کو ابھارا جاتا ہے۔ میک اپ (MAKE-UP) لباس، مناظر، اداکاری کی تکنیک، فن سبھی مبالغہ آمیز ہوتے ہیں۔

Japanese Poetry

جاپانی شاعری۔ قدیم جاپانی شاعری کا مجموعہ MANYOSHA، دس ہزار گیتوں کا مجموعہ ہے۔ اس میں چار ہزار سے زیادہ نظمیں ہیں۔ زیادہ تر TANKA ہیں اور باقی لمبی نظمیں ہیں۔ آہستہ آہستہ ایک صورت پسند ہو گئی یعنی TARKA اس کی ہجائی ترتیب ۵۔۷۔۵۔۷۔۷ ہے۔ یہ ایک ٹنکا اور اس کا انگریزی ترجمہ ہے۔

Ima zo shiru	Now indeed I know
Omoi-ide-yo to	That when we said "Remember!"
Chigirishi wa	And we swore it so,
Wasuremu tote no	It was in "We will forget!"
nasake narikeri	That our thoughts most truly …

RENGA ٹنکا سے نکلی۔ ہائکو (HOKKU) جاپانی شاعری کی سب سے مختصر صنف ہے۔ دیکھو HOKKU

Jargon

بے معنی الفاظ۔ ایسی گفتگو جس میں کثرت سے نہ سمجھ میں آنے والی اصطلاحیں ہوں۔

Jealousy

جذبۂ رقابت/رشک۔

Jeremiad

(۱) ادبی تصنیف یا گفتگو جس میں آنے والی تباہیوں سے متعلق پیش گوئی ہو

"Four evil appeareth out of the north, and great destruction. (Book of Jeremiah)

(۲) جیسے GREENE کی یہ نظم:

A MOOD

They have taken away my Lord,
They have shattered the one great Hope;
They have left us alone to cope
With our terrible selves; the sword
They broke, which the world restored;
They have cast down the king from on high;
Their derision has scaled the sky;
They have taken away my lord
The strength of immortal Love;
The comfort of millions that weep;
Prayer, and the Cross we adored...
All is lost! there is no one above;
We are left like the beasts that creep;
They have taken away our lord.

Jest-Books

لطائف اور طنزیہ قصوں یا حکایتوں کے مجموعے۔ انگریزی میں A HUNDRED MERRY TALES' اس قسم کی بہترین مثال ہے۔

Jesuitical writing

نظم (کبھی کبھار نثر) دو کالموں میں جن کے معانی متضاد ہیں اگر ہم سیدھا پڑھیں یا نیچے پڑھیں جیسے:

Who calls you shy, he tells the truth,
He is a lying youth who says you're shy.

Jeu D'esprit

لطیفہ، چٹکلہ۔

Jeu Parti

منظوم مناظرہ۔

Joe Miller

بار بار دہرایا ہوا فقرہ۔

It is a very old piece of fun, no doubt quite an oriental Joe Miller. (Kinglake)

Johannes Factotum

ہرفن مولا۔

Johnsonese

متوازن، بھاری بھرکم، پرتکلف اسلوب۔ اس قسم کا اسلوب ڈاکٹر جانسن میں پایا جاتا ہے۔

Jongleur

خانہ بدوش گویا، جہاں گرد بھاٹ۔

Journalese

اخباری زبان خصوصاً پرتکلف اور فرسودہ و پامال طرز تحریر۔

Journeyman

کاریگر یا مستری جو کام سیکھ گیا ہو۔ بھاڑے کا ٹٹو۔

Joy

مسرت/جوش۔

Judgment

فیصلہ: جمالیاتی، سائنٹفک۔

This poem has sublimity

This poem is sublimity

رائے کی انفرادی بنیاد معقول ہو۔

'Tis with our judgments as our watches, none
Goes just alike yet each believes his own.

Junius

ان خطوط کا مصنف جو PUBLIC ADVERTISER میں شائع ہوتے تھے اور جن میں بڑے بڑے لوگوں پر حملے کئے گئے۔

Justification

توجیہ جواز۔

Juvenilia

وہ تصنیفیں جو مصنف یا فن کار کی جوانی میں لکھی گئی ہوں۔

K

Kabuki

جاپانی ڈرامے کی ایک قسم۔

Kailyard school

وہ تصنیفیں جن میں اسکاٹستان کی دیہی زندگی کی مصنوعی اور جذباتی تصویر کشی ہوتی ہے۔

Karagoz

روایتی ترکی پتلیوں کا تماشا جو شفاف پردے کے پیچھے ہوتا ہے جس کا عکس تماشائی پردے پر دیکھتے ہیں۔

Katharsis

دیکھو CATHARSIS

Kells, the Book of

انجیل کا لاطینی زبان میں مخطوطہ جس میں عیسائی کیلٹیکی فن کاروں کے خوبصورت نمونے ہیں جو KELLS کی خانقاہ میں آٹھویں صدی میں تیار کی گئی تھی۔

Kenning

نام بنانا یا معیاری فقرہ جو ANGLO SAXON شاعری میں پایا جاتا ہے۔ جیسے جنگ THE GAME OF BLADES؛ مسافر EARTH WALKER؛ THE LEAVING OF ...؛ THE HELMET OF NIGHT؛ سمندر THE WHALE-ROAD؛ ... HAMMER

Key Novel

دیکھو ROMAN A CLEF

Kind

صنف۔

King's English

معیاری زبان۔

Kitchen-sinc drama

وہ ڈراما جس میں مزدوروں کی زندگی کی عکاسی ہو یہ نام سب سے پہلے آرنلڈ ویسکر کے ڈرامے THE KITCHEN سے لیا گیا ہے۔

Kitsch

کسی تصنیف کے بارے میں یہ کہنا کہ وہ کوئی قدر و قیمت نہیں رکھتی کیونکہ یہ محض کمانے کے لیے لکھی گئی ہے۔

Knickerbocker

انیسویں صدی کے امریکی مصنفین کا ایک گروپ جس نے اپنا نام WASHINGTON IRVING کی KNICKERBOCKER'S HISTORY OF N.Y. سے لیا تھا اس میں BRYANT, HALLECK اور FENIMORE COOPER تھے۔

Knittelvers

بیتیں جن کی ہر سطر میں چار تاکیدیں اور آٹھ یا نو ہجائیں ہوتی ہیں۔

Kommoi : Kommos (Singular)

قدیم یونانی ڈرامے میں وہ گیت جو کورس اور کردار کے درمیان ہوتے ہیں۔

Kunstlenroman

وہ ناول جس میں فن کار کے بچپن سے نشوونما کی تصویر ہوتی ہے۔

Kyrie eleison

NUNC DIMITTIS, MAGNIFICAT, GLORIA IN EXCELSIS کی طرح یہ بھی عبادت کا ایک مترنم حصہ ہے جو عبرانیوں سے لیا گیا ہے۔

Kyrielle

ایک فرانسیسی صنف۔ بیتیں جن کی ہر سطر میں آٹھ ہجائیں ہوتی ہیں یا مربع جس کی ترتیب قوافی ا ا ب ب ہوتی ہے اور آخری لفظ یا سطر یا سطر کے حصے کی ترجیع کی طرح تکرار ہوتی ہے۔

L

Label Names

فرضی نام۔ ڈراموں میں کرداروں کے ایسے نام جن سے ان کی خصوصیت ظاہر ہو جیسے 'MRS. CANDOUR' SNEER, SIR BENJAMIN BACKBITE

Laboratory method

معملی طریقہ

Lacuna

خلا۔ چھوٹی ہوئی جگہ۔ سادہ صفحہ یا گم صفحہ جو کسی مخطوطے میں ہو۔

Lai

دیکھو LAY

Laid paper

شکن دار کاغذ ۔

Laisse

فرانسیسی ہم صوتی سطریں آٹھ یا دس ہجاؤں کی۔ بعدہ ذو قافیہ۔ یہ صنف عمر CHANSON DEGESTE کی ہے۔

Lake Poets

جھیلوں کے شاعر۔ کولرج، ساؤتھے اور ورڈز ورتھ جو جھیلوں کے علاقے کے رہنے والے تھے LAKE SCHOOL کی اصطلاح سب سے پہلے EDINBRUGH REVIEW میں استعمال ہوئی بائرن جس کو ان شاعروں سے نفرت تھی لکھتا ہے :

'I hate and abhor that puddle of water-worms whom you have taken into your troop...pond poets'...'the Lakers, who whine about nature because they live in Cumberland.

Lament

نوحہ، مرثیہ جس میں شدت غم کا اظہار ہو۔ شیلے کی ایک نظم ہے:

O world! O Life! O Time!
On Whose last steps I climb,
Trembling at that where I had stood before;
When will return the glory of your prime?
No more - Oh, never more!

Lampoon

ہجو، تیغ۔ ایسی نظم جس میں سخت ذاتی حملے ہوں:

Amphibious thing! that acting either part,
The trifling head, or the corrupted heart,
Fop at the toilet, flatt'rer at the board,
Now trips a lady, and now struts a Lord
Eve's tempter thus the Rabbins have exprest,
A Cherub's face, a reptile all the rest,
Beauty that shocks you, parts that non will trust,
Wit that can creep, and pride that licks the dust.
(Pope)

Language of Poetry

شاعری کی زبان ۔ کا قول ہے کہ کسی عہد کی زبان شاعری کی زبان نہیں ہوتی ہے۔ لیکن ورڈز ورتھ کے مطابق نثر اور شاعری کی زبان میں کوئی خصوصی فرق نہیں ہوتا ہے۔

Langour

کسل۔ نقاہت۔ بے کیفی۔ افسردگی۔ پژمردگی

Large-paper Edition

کتابیں جو بڑی تقطیع کے کاغذ پر چھاپی جائیں اور جس میں چوڑے حاشیے ہوں۔

Lassitude

سستی۔ ماندگی۔ تھکن ۔

Latinism

لاطینیت۔ لاطینی محاورہ جو کسی دوسری زبان میں استعمال ہو۔

Laughter

ہنسی ۔

Laureate

دیکھو POET-LAUREATE

Lay

گیت۔ نظم۔ مختصر جذباتی و بیانیہ نظم جو گائی جا سکے۔ بیانیہ نظم جیسے اسکاٹ کی THE LAY OF THE LAST MINSTREL

Leaf

ورق۔

Learning

تعلم۔ علم۔ فضیلت۔ علمیت۔ ذخیرۂ علم۔

Lectio difficilior

دو اختلافات میں اصول انتخاب خصوصاً جب دونوں نسخے مستند ہوں۔

Lectionary

وہ کتاب جس میں عبادت میں پڑھے جانے والی بائبل کے رکوع درج ہوں۔

Left Book Club, The

وہ کتابیں جو VICTOR GOLLANEZ نے ۱۹۳۶ء اور ۱۹۴۸ء کے درمیان شائع کیں جن میں سوشلزم اور FABIANISM سے بحث کی اور جن میں ہسپانیہ، جرمنی اور چین میں ہونے والے واقعات پر تبصرہ ہوتا تھا۔ لکھنے والوں میں GEORGE ORWELL، JOHN STRACHEY، ARTHUR KOESTLER، G.D.H.COLE وغیرہ تھے۔ FOYLE'S نے اس کے خلاف THE RIGHT BOOK CLUB کا آغاز کیا تھا لیکن وہ زیادہ دنوں چل نہ سکا۔

Legend

بزرگانِ دین کے سوانح مثلاً GOLDEN LEGEND جس کا مصنف JACOBUS DE VORAGINE تھا۔ داستان یا قصص یا حکایات مثلاً THE LEGEND OF GOOD WOMEN

Legitimate drama

اس کا مخفف LEGIT ہے یہ اصطلاح اٹھارھویں صدی میں استعمال ہوئی اس کا مطلب وہ پانچ ایکٹ والے ڈرامے تھے جن میں گیت، ناچ، تماشے نہیں ہوتے تھے۔ انیسویں صدی میں اس کا استعمال ڈراما کو MUSICAL COMEDY، FARCE اور REVUE سے ممیز کرنے کے لیے ہوتا تھا۔

Legitimate Theatre

کوئی ڈراما جو تھیٹر میں اداکار دیکھنے والوں کے لیے کھیلتے تھے۔ ۱۷۳۷ء LICENSING ACT نے صرف تین تھیٹروں کو قانونی قرار دیا تھا: COVENT GARDEN، DRURRY LANE، HAYMARKET ۱۸۴۳ء میں یہ قانون مسترد ہوگیا۔

Leitmotiv;Leitmotif

کسی گانے میں اصلی نغمہ یا خیال۔

Leonine Rhyme

ایک قسم کی لاطینی صنف جس میں دو قطعے کا پہلے کا لفظ ملے گا ... کا ہم قافیہ ہوتا ہے:

Ni fallat fatum, Scoti, quocunque locatum
Invenient lapidem regnare tenentur ibidem:
Gloria factorum conceditur honorum

یہ LEONINUS شاعر کی ایجاد ہے۔ کسی سطر کا آخری لفظ اس کے کسی بیچ والے کا ہم قافیہ ہو۔ اسے LEONINE RHYME کہتے ہیں۔

Spanish ships of war at sea!
We have Sighted fifty-three.

Lesbianism

علت سیفوی یعنی چپٹی۔

Letter

(جمع میں) ادب: تحریر علمی جیسے MAN OF LETTERS خط جیسے لارڈ چیسٹر فیلڈ کے خطوط۔

Letter in verse

منظوم خط OVID، HORACE وغیرہ کے۔

Letter press

مصوّر کتاب میں تصاویر کو چھوڑ کر چھپی ہوئی عبارت۔ تصاویر کے ساتھ کی تشریحی عبارت۔

Letter-spacing

حروف یا لفظوں کے درمیان فاصلہ۔

Level of inspiration

وجدان کی سطح۔

Level stress

کسی لفظ میں دو حصوں پر تاکید ہونا یا دو یک ہجائی لفظ پر برابر تاکید ہونا جیسے 'DAY BREAK'، 'SNOW STORM'۔

Lexicographer

مولف لغت۔ فرہنگ نویس۔

Lexicography

فرہنگ نویسی۔ تالیف لغت۔

Lexicon

فرہنگ (خصوصاً یونانی، عبرانی، سریانی یا عربی کا لغت)

Lexis

الفاظ (جو کوئی مصنف استعمال کرتا ہے)

Liaison

فرانسیسی میں حرف علت یا خاموش h سے قبل آخری حرف کا تلفظ جیسے FAITACOMPLI میں۔

Libido

جنسیت کا زور یا رجحان۔

Libretto

اوپیرا (غنائی ناٹک) کی نثر نگاری کی کتاب یا الفاظ۔

License

دیکھو POETIC LICENSE

Lied

دیکھو MEISTERGESANG

Life instinct

جبلت حیات۔

Ligature

ٹائپ میں دو یا زیادہ حروف ملے ہوئے ایک جوڑ کی طرح جیسے fi

Light ending

دیکھو FEMININE RHYME

Light face

معمولی ٹائپ

Light Rhyme

دو قافیوں میں سے ایک کا بے تاکید ہونا۔ اس قسم کے قوافی BALLAD میں اکثر پائے جاتے ہیں:

If I was to leave my husband, dear,
And my two babes also
O what have you to take me to
If with you I should go? (The Demon Lover)

Light stress

کسی سطر میں ایسے لفظ پر تاکید جس پر بول چال کی زبان میں تاکید نہیں ہوتی ہے:

My notion was that you had been
(Before she had this fit)
An obstacle that came between
Him, and ourselves and I. (Lewis Carroll)

یہاں AND پر تاکید ہے۔

Light verse

تفریحی نظم۔ یہ نظم مختصر بھی ہو سکتی ہے جیسے LIMERICK یا EPIGRAM یا طویل بھی جیسے THE HUNTING OF THE SNARK

Ligne donnee

PAUL VALERY کا قول ہے کہ ایک سطر خدا کی دین ہوتی ہے باقی شاعر کو خود ایجاد کرنا ہوتا ہے۔

Lillibullero

ایک بے معنی گیت جو سترھویں صدی میں مقبول تھا۔

Limerick

ایک قسم کی بے تکی نظم (عموماً ہجویہ) پانچ مصرعوں کی۔ یہ پانچ مصرعے ANAPAEST میں ہوتے ہیں اور قوافی کی ترتیب ا ا ب ب ا ہوتی ہے۔ مشہور LIMERICKS درج ذیل ہیں ان سے اس صنف کی خصوصیتیں ظاہر ہوتی ہے:

(۱)
There was an old man of Tobago
Who lived on rice, gruel and sago;
Till much to his bliss,
His Physician said this...
To a leg, Sir, of mutton you may go.

(۲)
There was a young lady named Bright
Who would travel much faster than light,
She started one day
In the relative way,
And came back the previous night.

(۳)
There was a young lady of Spain,
Who was exceedingly sick on a train,
Not once but again,
And again, and again,
And again, and again, and again.

Limited Edition

محدود طباعت جس میں کتاب مخصوص تعداد میں چھاپی جائے۔

Line

ایسی سطر جس میں وزن ہو۔

Lineation

سطور کشی، نظم کی سطروں میں تقسیم

Line Block

مصور کتابوں کی چھپائی کا پلیٹ

Line drawing

سطور کشی۔ ایک تصویر جو قلم، پنسل، برش یا خاص رنگین پنسل سے بنائی جائے

Lingo

(حقارتاً) غیر ملکی زبان۔ کسی خاص مضمون یا طبقے کی زبان۔

Lingua franca

اطالوی، فرانسیسی، یونانی، اسپانوی زبانوں سے مرکب ہوئی اور LEVANT میں رائج تھی۔ کوئی مخصوص زبان جو مختلف قوموں میں اظہار خیالات کا ذریعہ ہو۔ بین الاقوامی زبان۔

Linguistic

Linguistics متعلق علم السنہ؛ لسانیاتی۔

زبانوں کا سائنس۔ زبانوں کا تقابلی مطالعہ (COMPARATIVE LINGUISTICS) زبان کیسے کام کرتی ہے (DESCRIPTIVR LANGUISTICS) زبان کیسے بدلتی ہے (HISTORICAL LINGUISTICS) زبان کی مختلف قسمیں ان کے فائدہ اور استعمال کے طریقے (INSTITUTIONAL LINGUISTICS)

Linked Rhyme

کسی سطر میں آخری ہجا کو دوسری سطر کی پہلی حرف سے ملا کر قافیہ بنانا:

She drove in the dark toleeward,
She struck - not a reef nor a rock
But the combs of a smother of sand:
Night drew her
Dead to the Kantish Knock....

LEEWARD کا قافیہ ملا کو اس کے ساتھ ملانے سے ہوتا ہے۔

Linked sonnet

دیکھو SPENSERIAN STANZA

Lino cut

ابھرا ہوا نقشہ روغنی کرچ کے بلاک پر۔ اس سے چھپی ہوئی تصویر۔

Linotype

لینوٹائپ۔ ایک مشین جس میں پوری پوری سطریں چھاپنے کے لیے ڈھالی جاتی ہیں۔ سطر ٹائپ۔

Lipogram

تحریر جس میں کوئی خاص حرف حذف کر دیا گیا ہو۔ PINDAR نے ایک نشیب لکھی ہے جس میں SIGMA نہیں ہے۔ LOPE DE VEGA کے ناول میں کسی حرف علت کی کمی۔

Litany

عیسائیوں کی دعائیں جو سنگیت میں پڑھی جاتی ہیں۔ دعائے مغفرت

Literal

حرف متن کے م... بے ذوق، لطیف جذبات یا تخیل

Literary ballad

BALLAD

Literary criticism

ادبی تنقید۔

Literary epic

EPIC

Literati

اہل علم، علمی طبقہ یا حلقہ۔

Literation

حرف بہ حرف، لفظ بہ لفظ۔ لفظی معنی کے لیا جانا ہے۔

Literature

ادب، ناول، افسانہ، رزمیہ، غنائی نظمیں اور ڈرامے بھی اس ضمن میں آتے ہیں۔ کبھی کبھی ادب اور غیر ادب میں جو حد فاصل ہے مٹ جاتی ہے۔ مثلاً GIBBON کی THE DECLINE AND FALL OF THE ROMAN EMPIRE پڑھی جاتی ہے تو ادب کی حیثیت سے نہ کہ تاریخ کی حیثیت سے۔

ادب سے متعلق بہت لکھا گیا ہے۔ یہ چند مثالیں ہیں:

(1) A true classic is an author who has enriched the human mind, augmented its treasure, and made it advance a step.
(Sainte-Bauve)

(2) Literature flourishes best when it is half a trade and half an art. (Ralph Inge)
(3) Writing is not literature unless it gives to the reader a pleasure which arises not only from the thing said, but from the way in which they are said (Stopford A. Brooke).
(4) The difference between literature and journalism is that journalism is unreadable, and literature is not read (Oscar Wilde)

Literature and society

ادب اور سماج۔ ادب اور سماج پر ایک دوسرے کا ردِ عمل ہے

Lithorgraphy

سنگی طباعت۔

Litotes

طنز آمیز ملائم فقرے۔ اثبات کو اس کی ضد نفی کے ذریعہ اظہار کرنا

'A citizen of no mean city.' for a great city

Litterateur

عالم۔ ادیب۔ مصنف۔

Little Magazine

چھوٹا رسالہ جو چھوٹے سائز کا ہوتا ہے اور غیر تجارتی ہوتا ہے اور جس میں نئے تجربوں کو پیش کیا جاتا ہے۔

Liturgical Drama

نویں صدی میں رسم عشائے ربانی میں کچھ ڈرامائی عناصر آ گئے تھے جیسے جوابی نغمے جنہوں نے مکالمے کی شکل اختیار کر لی تھی۔ اسے پھیلا کر مذہبی اور اخلاقی ڈرامے کی شکل دے دی گئی اور اسی پر موجودہ ڈرامے کی بنا پڑی۔

Living Newspaper

زندہ اخبار۔ یہ اسٹیج پر پیش کیا جاتا تھا اور اس میں سینمائی تکنیک یعنی مختصر متحرک سینوں کے ذریعہ موجودہ سماجی زندگی کے مسائل پیش کیے جاتے تھے اور ان کے حل کرنے کے ذرائع بھی بتائے جاتے تھے۔ یہ پہلے امریکہ میں ایجاد ہوا اور دوسری جنگ عظیم میں اس سے نوجوں کی تعلیم کا معرف انگلستان میں لیا گیا جیسے ONE THIRD OF A NATION اور TRIPLE A PLOUGHED UNDER

Livre a' clef

ایسی تصنیف جو واقعی شخصیتوں سے متعلق ہو لیکن ان کے نام فرضی ہوں LA BRUYERE کی CARACTERE عصر حاضر میں MAC BIRD نے MACBETH کی مضحک نقل کے بھیس میں مشہور لوگوں کی PRESIDENT KENNEDY کے قتل کے وقت کی تصویر کشی ہے۔

L.M.

LONG MEASURE کا مخفف۔

Loa

سامعین کو مخاطب کر کے خوشامدانہ تقریر کرنا ان کی ہمدردی اور سہارا حاصل کرنے کے لیے۔ PROLOGUE

Local colour

مقامی رنگ۔

Loco citato

عبارت منقول بالا میں۔ اس کا مخفف LOC. CIT یا L.C. ہے۔

Logaoedic

(عروض) یونانی اور لاطینی میں ایسا وزن جو DACTYLS اور TROCHEES یا ANAPAESTS اور IAMBS سے مرکب ہو۔ تقریر اور گیت نثر اور شعر کے آہنگ کے درمیان۔

Loge

سابقہ بمعنی لفظ جیسے LOGOGRAPHY، تحریر جس میں ہر علامت ایک مکمل لفظ ہو (جیسے چینی زبان میں)۔ LOGOGRAPH، صنعت مقلوب یا دوسرے لفظی LOGOMACH۔ الفاظ یا لفظی باریکی سے متعلق جھگڑنے والا LOGOLATRY الفاظ کا عشق LOGOLATRY ہر قسم کے الفاظ کو استعمال کرنے کی آزادگی LOGOPOCIA لفظی مظاہرات سے دماغی وابستگی: LOGODAEDALUS - A DANCE OF THE INTELLECT AMONG WORDS

LOGOGRAPHER الفاظ کا بادشاہ یا الفاظ کا محرر

تاریخ نویس۔ غیر خون کے مقدموں میں پیشہ ور تقریر کرنے والا۔

Logic

منطق:

He was in logic a great critic,
Profoundly skill'd in analytic,
He could distinguish, and divide
A hair twixt south and south-west side,
On either which he could dispute,
Confute, change hands, and still confute.

(Samuel Butler)

Logical positivism

منطقی ثبوتیت۔ وہ نظام فلسفہ جس کی رو سے صرف ان چیزوں کا وجود تسلیم کیا جاتا ہے جو قابل مشاہدہ اور ثبوت ہیں۔

Logical stress

وہ زور دباؤ یا تاکید جو مفہوم یا خطابت کی وجہ سے ہو۔

Logion

حضرت عیسیٰ کا وہ قول جو انجیل کے علاوہ اور کسی جگہ محفوظ ہو۔

Logomachy

نزاع لفظی۔ لفظی بحث۔ لفظ یا الفاظ کے معنوں میں اختلاف رائے۔

Logopoeia

شعر بحیثیت نظم و ضبط الفاظ جس میں الفاظ کی ساری خصوصیتوں ۔ معنی، اصوات، ایلاف، تلمیح ۔ کا لحاظ رکھا جائے۔

Logo

لفظوں کا سیلاب۔ لفظوں کا ضرورت سے زیادہ استعمال۔

Logos Poiema

C.S. LEWIS نے اپنی کتاب AN EXPERIMENT IN CRITICISM میں لکھا ہے:

'A work of literary art can be considered in two lights. It both means and is. It is both logos (something said) and Poiema (something made).'

Logotype

ایسا ٹائپ جس میں ایک لفظ یا دو یا زیادہ حروف ایک ہی ٹکڑے میں ڈھلے ہوں جیسے ﷲ

Logrolling

ایک دوسرے کو بڑھانا (تنقید میں) من ترا حاجی بگویم تو مرا حاجی بگو

Long

لمبی۔

Long Measure

بھجن کا ایک بند جس میں قوافی کی ترتیب اب اب یا اب ج ب ہوتی ہے اور وزن چار رکنی IAMBIC ہوتا ہے اس کا مخفف L.M. ہے۔

Longuer

ایک لمبی اکتا دینے والی تحریر۔

Loose and Periodic sentence

PERIODIC SENTENCE وہ ہے جس میں مرکزی جملہ پہلے آتا ہے اور اس کے بعد ضمنی جملے آتے ہیں۔ جیسے:

'Hotchkiss rose slowly from his seat with a shy smile, determined to show that he could, for once, answer the instructor's question'.

SLAPSTICK.FARCE وہ ہے جس میں مرکزی جملہ آخر میں ہوتا ہے:

'Delighted by Hotchkiss' resolve, the class and the instructed burst into applause'.

Low comedy

مضحکہ خیز کامیڈی جس میں مکالمے اور واقعات ہنسانے والے ہوتے ہیں اس ضمن میں SENTENCE اور STUPIDITIES کا شمار ہوتا ہے۔

Lower criticism

دیکھو HIGHER CRITICISM

Lucidity

وضاحت بیان۔

Luminosity

تابندگی۔ درخشانی۔

Lust

خواہش نفسانی۔ شہوت۔

Lustre

تابانی۔ درخشانی۔ نور۔

Lxx

دیکھو۔ SEPTUAGINT

Lyric

غنائی نظم۔ غزلیہ نظم۔ مختصر نظم جس میں شاعر براہِ راست اپنے جذبات و خیالات کا اظہار کرے۔

Lysiody

جس میں اداکار سنگیت کے ساتھ زنانہ پارٹ مردانے لباس میں کرتا ہے۔

M

Macaronic verse

مزاحیہ یا تفریحی نظم جس میں انگریزی کے ساتھ لاطینی یا یونانی زبان کا بھی استعمال ہو:

Qui nune dancere vult modo,
Wants to dance in the fashion, oh.
Discere debet ought to know
Kickere floor cum heel and toe
One, two, three,
Come hop with me,
Whirligig, twirligig, rapidee.

Machinery

نئی تدبیریں یا ترکیبیں جن سے مصنف کام لے خصوصاً مافوق فطرت اشخاص یا واقعات کا ذکر ہو۔ پوپ نے کہا ہے:

"Machnery is a term invented by the critics to signify that part which the deities, angels or demons are made to act in a poem".

[اس اصطلاح سے نقادوں کا اس حصۂ نظم کی طرف اشارہ ہے جس میں دیوتا، فرشتے اور شیاطین اپنی سرگرمیاں دکھاتے ہیں]

Macrocosm

عالم اکبر۔ دیکھو MICROCOSM = عالم اصغر۔

Macrology

غیر ضروری تکرار سے فقروں یا جملوں میں:

'returned home into their own country from whence they had come'.

Macron

کھڑا مد یہ نشان (–) جو حروف علت پر آواز کا مد ظاہر کرنے کے لیے لگاتے ہیں۔

Madness, poetic

شعری جنون۔ شیکسپیئر نے مجنون، عاشق اور شاعر میں مشابہت دیکھی تھی:

The lunatic, the lover, and the poet
Are of imagination all compact

افلاطون نے بھی ربانی الہام اور شاعرانہ جنون کا ساتھ ساتھ ذکر کیا تھا۔ اس طرز خیال کا نتیجہ MAX MARDAU کی DEGENERATION اور LOMBROSO کی GENIO E DEGENERAZIANE تھی۔ اس نقطۂ نظر کے خلاف SHAW نے THE SANITY OF ART لکھی۔ مجنون اپنے اوہام کو حقیقت سمجھتا ہے اور اوہام کی دنیا میں رہتا ہے۔ شاعر آزاد ہوکر انہیں ایک شاہکار کی صورت میں پیش کرتا ہے۔ جنون اور خواب میں تخیل کی ابتری ہوتی ہے اور وہ ہر ان کی موج اور جذباتی انگیزش پر عمل کرتا ہے۔ آرٹ میں تخیل کا بہترین نظم ہوتا ہے اور جذبات رہوار ہیں لیکن ان کی لگام شاعر کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔

Madrigal

ایک گیت دیہاتی، طنزیہ، عشقیہ موضوع پر جیسے:

Faustina hath the fairer face,
And Phillida the feater grace;
Both have mine eye enriched.
This sings full sweetly with her voice,
Her fingers make as sweet a noise,
Both have mine ear bewitched.
Ay me! sith Fates have so provided,
My heart, alas! must be divided.

(Airs and Madrigals 159)

Magazine

رسالہ۔ جریدہ۔ مجلہ۔ میگزین۔

Magic

فن جادو ہے منطق نہیں ہے EDITH SITWELL کے مطابق شیکسپیئر میں غیر منطقی روح منطقی شکل میں ہے اور شعر گوئی میں منطقی روح غیر منطقی شکل میں ہوتی ہے۔

Magical effect

طلسمی اثر۔ جادو میں تکرار کا استعمال ہوتا ہے کسی چیز کو تین یا سات بار کہا جاتا ہے۔ مذہبی رسومات میں بھی تکرار کا استعمال ہوتا ہے۔

Magnum opus

شاہکار۔

Magody

اس میں پلاٹ کا میڈی سے لیا جاتا ہے اور اداکار زنانہ لباس میں مردانے اور زنانے پارٹ ادا کرتا ہے۔ بخلاف اس کے HILARODY سنجیدہ طرز میں لکھی جاتی تھی اور اداکار مردانہ لباس پہنتا تھا۔ تاج زریں اور اونچا جوتا بھی کیونکہ وہ المیہ کی نقالی کرتا تھا۔ بعدہ HILARODY کا نام SIMODY ہوگیا تھا۔

Majuscule

(طباعت میں) بڑا حرف۔

Makebelieve

جھوٹ موٹ، بناوٹ، دکھاوا، ظاہر داری۔

Maladjustment

عدم مطابقت۔

Malapropism

لفظوں کا غلط استعمال جیسے COMPARISONS ARE ODOROUS (شیکسپیئر) ODIOUS ہے لفظ SHERIDA کے ایک کردار مسز میلا پراپ سے مشتق ہے جو لفظوں کا غلط استعمال کیا کرتی تھی:

'If I repretend any thing in this world, it is the use of my oracular tongue, and a nice derangement of epitanhs'

Malediction

بددعا۔ سراپ۔ کوسنا۔

Mal mariée

ایک پرانی فرانسیسی غنائی نظم جس کو CHANSON A PERSONAGES CHANSON DRAMATIQUE کہتے ہیں۔ مئی کے تہوار کے موقع پر ایک رقص گیت جس میں عورت اپنے شوہر کا شکوہ کرتی ہے جس سے وہ محبت نہیں کرتی ہے یا کبھی کبھار کوئی راہبہ اپنے غم کا اظہار کرتی ہے کیونکہ اسے راہبہ کی زندگی پسند نہیں ہے۔

Mania

خبط۔

Manifestation

ظہور۔ اظہار۔

Manichaeism

مانویت۔ مذہب مانی۔ ایک مذہب جو چوتھی اور پانچویں صدی میں رائج تھا جس میں یزداں اور اہرمن دونوں حق دقیوم مانے جاتے ہیں۔

Manner

طرز، اسلوب (برخلاف مواد کے)، کسی کے طرز سے اس کا رد یہ ظاہر ہوتا ہے۔

Mannerism

ادب یا آرٹ میں کسی مخصوص طرز کا بے جا استعمال۔ بیان یا ادا کا خاص ڈھب۔ جیسے فن جس سے بے جا معرف پایا جاتا ہے۔

Manners

طور طریقہ۔ آداب۔

Manuscript

مسودہ۔ قلمی نسخہ۔

Mărchen

پریوں کی کہانی۔

Marginatia

حواشی۔ حواشی پر لکھی ہوئی تحریر۔

Marinism

طرز تحریر یا اسلوب جو اطالوی شاعر G.B.MARINO کی طرف

منسوب ہے جو مرصع اور بھڑکیلا تھا۔

Marivaudage

وہ تحریر جس میں نفسیاتی لطافت اور اسلوب کی سلاست ہو۔ یہ خوبیاں اٹھارھویں صدی کے فرانسیسی ڈراما نگار اور ناول نگار PIERRE DE MARIVAUX کے ڈراموں میں خاص طور سے پائی جاتی ہیں۔

Martin Marprelate

اس شخص کا فرضی نام جس نے 1588ء سے 1589ء کے درمیان گمنام پمفلٹ ایک خفیہ مطبع سے شائع کیے تھے جن میں اسقفوں کی ہجو تھی اور PURITANS کی تعریف تھی۔ ان کا شمار ملکہ الیزبتھ کے عہد کی بہترین نثروں میں ہوتا ہے۔ ان کے جواب میں NASH وغیرہ نے پمفلٹ لکھے تھے لیکن وہ زیادہ کامیاب ثابت نہیں ہوئے۔ ان پمفلٹ کے مصنف ہونے کے شبہہ میں PENNY اور UDALL گرفتار ہوئے۔ پہلے کو پھانسی کی سزا ملی اور دوسرے نے قید خانے میں جان دی۔ ان کے شریک کار JOB THROCKMERTON نے جو شاید اصلی مصنف تھا شرکت سے انکار کیا اور سزا پانے سے بچ گیا۔

Masculine ending

وہ قوافی جن کی آخری ہجاؤں پر تاکید ہوتی ہے۔

And Fancy, I tell you,
has dreams that have wings
And dreams that have honey,
and dreams that have stings (Ben Jonson)

Masculune Rhyme

ایک ہجائی قوافی جن میں تاکید ہو۔

There was an old man in a Marsh
Whose manners were somewhat harsh.

Masked comedy

دیکھو COMMEDIA DELL' ARTE

اس کامیڈی میں بوڑھے اور مسخرے نقاب پوش ہوتے تھے اور روایتی لباس پہنتے تھے۔

Masochism

آزاد پسندی۔

Masque

سوانگ، رہس۔ پرتکلف ڈرامائی تصنیف۔ تفریح کی ایک قسم جس میں موسیقی، ناچ، خاموش نقلیں اور پرتکلف مناظر ہوتے تھے۔ سترھویں صدی میں اس قسم کے رہس کافی مقبول تھے۔ گیت اور مکالمے بین جانسن، سیموئیل ڈینیل اور ولیم براؤن جیسے شعراء لکھتے تھے موسیقی HENRY LAWES اور اسٹیج کے سامان INIGO JONES کے ذمہ ہوتے تھے۔ شیکسپیئر کے مشہور ڈرامے THE TEMPEST میں بھی ایک رہس ہے۔

Materialism

مادیت۔

Materialization

مادی تشکیل۔

Matin, Matins

تسبیح نیم شب، نماز صبح۔

Matrix

ٹائپ کا سانچہ۔

Maundy

رومن کیتھولک ملکوں میں غریبوں کے پاؤں دھلانے کی رسم۔

Maxim

حکیمانہ مقولہ۔ ضابطۂ عمل۔

Success is getting what you want;
Happiness is wanting what you get.
If you dwell with a lame man, you
will learn to limp (Plutarch)

Maximum scene Technique

DOROTHY RICHARDSON نے اپنے ناولوں میں شعور کے چشمے کی تکنیک سے کام لیا ہے۔ PHYLLIS BONTLEY نے اس طرز کا نام MAXIMUM SCENE TECHNIQUE رکھا۔

Mazarinade

CARDINAL MAZARIN کے خلاف ایک گیت۔

Meaning

معنی کی دو قسمیں ہیں: جذباتی (تاثراتی) اور واقف کارانہ (عارفانہ) مثلاً فلسفی کا جذباتی معنی اس کی قدر اور تحسین سکھاتا ہے اور عارفانہ

معنی وہ فکری کل ہے جو اس آدمی تک پہنچتا ہے جو بیج کا جویا اور اس کا ترجمان ہے۔

Meaning, change of

الفاظ کے معنی میں تبدیلی۔ اس تبدیلی کی مختلف وجہیں ہوتی ہیں جیسے QUICK ANALOGY (۱) کے معنی زندہ تھے اور اب یکے معنی PRINCIPAL TEACHER کے SHORTENING (۲) زندہ دل ہیں۔ COWSLIP = COW'S کے METAPHOR (۳)، PRINCIPAL LIP کے TRANSFER (۴) LEAF جیسے درخت کا پتہ، کتاب کا ورق۔

Meaning, Four kinds of

دیکھو FOUR KINDS OF MEANING

Meaning, Four levels of

دیکھو FOUR LEVELS OF MEANING

Measure

وزن۔ بحر۔ ضبط۔

Mechanism

فنی کارنامے کی ساخت۔ ادا کرنے کی مہارت۔ مختلف عناصر کی تنظیم۔

Mediaeval Drama

عہد وسطیٰ کا ڈراما۔ نویں صدی میں مذہبی دعا خوانی کے ساتھ مختصر سینوں کا اضافہ کر دیتے تھے۔ یہ اضافے شروع میں لاطینی زبان میں ہوتے تھے، اور اداکار کشیش ہوتے تھے۔ اس کا مقصد تھا کہ ان پڑھ لوگوں کو راسخ الاعتقاد بنایا جائے۔ اسی سے ڈرامے کی ابتدا ہوئی۔

Mediaeval Romance

عشق کے افسانے اور جانبازی کی کہانیاں (وہ نثر میں ہوں یا نظم میں) جو عہد وسطیٰ میں بہت مقبول تھے۔ ان کے ماخذ وہ مرکزی قصے تھے جو CHARLEMAGNE اور آرتھر کے گرد مرکوز تھے۔ مشہور رومانوں میں LE MERTE D'SIR GAWAIN AND THE GREEN KNIGHT TROILUS AND CRISYDE ہیں۔

Mediaevalism

عہد وسطیٰ کے موضوعات اور سانچوں سے دلچسپی۔

Medium

ذریعہ۔

Meiosis

کسی چیز کی اہمیت کو کم کر کے کہنا:

The royal procession was rather good

Meistergesang

جرمن شاعری جو سنگیت کے ساتھ گائی جاتی MEISTERSINGER پیشہ یا حرفت والا ہوتا اور اس کے موضوعات، حقیقہ مذہبی اخلاقی ہوتے ہیں۔

Melancholic

خفقانی۔ سودائی۔

Melic Poetry

وہ نظم جو گانے کے لیے لکھی جائے۔

Meliorism

فلاحیت۔ عقیدہ اصلاح و ترقی۔ اصلاحیت۔

Melodrama

جذبات پرستانہ ڈراما۔ ڈراما جس میں واقعات شورش انگیز اور انجام خوشگوار ہو جیسے MARIA MARTIN یا MAZEPPA

Melopocia

فن ڈراما کا وہ حصہ جس کا واسطہ موسیقی سے ہے۔

Memoir

خود نوشت سوانح؛ آپ بیتی۔

Memorabilia

قابل یادداشت اشیا۔ قابل یادداشت واقعات۔

Memory image

نقش حافظہ۔

Menology

تقویم۔ جنتری خاص طور پر کلیسائی یونانی کی جنتری جس میں اولیا کے حالات درج ہوں۔

Merde, mystique de la

یہ اصطلاح ROBERT E. FITCH نے پہلی بار ۱۹۵۰ء میں استعمال کی جس سے

اس کا اشارہ عصر حاضر کے بعض مصنفین کی کیچڑ، قوانِ ازدِ جنسیت اور قتل سے دلچسپی کی طرف تھا جنہیں وہ زندگی کی بنیادی حقیقتیں سمجھتے تھے۔

Meronym

دو متضاد نظریوں یا چیزوں کے درمیان وسطی نظریہ جیسے:

ATHEISM, AGNOSHICISM THEISM

Mesode

ODE کا حصہ جو ساخت میں آزاد ہے۔

Mesothesis

ملاپ۔ دو بظاہر متضاد خیالوں یا اصولوں کو متحد بنانے والا تصور۔

Message

سبق۔ پیغام۔ دیکھو MORAL

Messenger

قاصد یا ہراول۔ یونانی ڈراموں میں واقعات پس پردہ ہوتے تھے اور ان کا بیان قاصد کیا کرتا تھا AESCHYLUS کے ڈرامے PERSIANS میں قاصد کی لمبی تقریر میں XERXES کی شکست اور اس کی فوج کی پسپائی کا بیان ہے۔ انگریزی میں ملٹن کے ڈرامے ...... SAMSON AGNONISTES میں SAMSON کی موت کا بیان قاصد کرتا ہے۔

Messenger

Ah! Manoa I refrain too suddenly

To lutter what will come at last too soon:

Lest evil tidings with too much

Hitting thy aged ear should pierce too deep.

Manoa

Suspense in news is torture, speak them out.

Messenger:

Then take the worst in brief. Samson is dead.

Metalepsis

اردو۔ کھینچ تان۔ کسی خیال کے بدلے کسی دوسرے دور افتادہ خیال کا استعمال۔ ایک قسم کا مجاز مرسل:

"Curse the mountain that bore the pine that brought us together".(The most of the ship that brought us together)

Metamorphic word

تبدیلی جو لفظ کو کسی زیادہ جانی ہوئی شکل میں بدلنے سے ہو جیسے

'FRONTISPIECE ← PRONTISPICC HESTNUT ← CASTNUT'

SWEETHEART ← SWEATHERD

Metanoia

کسی بات کو کہہ کر پھر واپس لے لینا یا ملائم کر لینا۔

In rage he shook

Not rage, but righteous wrath.

Metaphor

استعارہ اس کی بنیاد بظاہر مختلف چیزوں میں مشابہت پر ہے۔ یہ چند مثالیں ہیں:

(1) Boys and girls tumbling in the streets and playing, were moving Jewels, (Trahethe)

(2) The Indian Summer of the heart (J.G.Whittier)

(3) A child said what is grass? fetching it to One with full hands. . . .
And now it seems to me the beautiful uncut hair of graves. (Walt Whitman.)

METAPHOR سے متعلق چند نقادوں کے خیالات درج ذیل ہیں۔

ڈاکٹر جانسن نے لکھا ہے:

استعارے کا معقول استعمال حسن اسلوب کی دلیل ہے کیونکہ یہ ایک خیال کی بجائے دو خیال مہیا کرتا ہے۔ معانی کو زیادہ منور طریقے سے بیان کرتا ہے اور یہ بیان مسرت کے احساس کے ساتھ ہوتا ہے۔

آئی۔اے۔رچرڈز زیادہ تفصیل سے لکھتا ہے:

استعارہ ایک سبیل ہے لفظ کو اس کے معمولی معنی سے نئے معنی تک لے جانے کی۔ عموماً اس تبدیلی کا جواز یہ ہے کہ جس چیز پر لفظ نو آ اس کا اطلاق ہوتا ہے اس میں اور نئی چیز میں کوئی مشابہت یا مماثلت ہے۔ جذباتی استعارہ میں تبدیلی اس لیے ہوتی ہے کہ وہ جذبات جو نئے مواقع اور پرانے مواقع کو ابھارتے ہیں مشابہ ہوتے ہیں۔ ایک ہی لفظ مختلف سیاق و سباق میں معنوی استعارہ بھی ہو سکتا ہے اور جذباتی بھی۔ مثال کے طور پر اگر تم کسی شخص کو سور کہتے ہو تو اس کی وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ اس کا چہرہ سور سے مشابہ ہے یا اس

ہے کہ تم اس کو اسی نظریے سے دیکھتے ہو جس نظریے سے تم سور کو دیکھتے ہو یا اس لیے کہ تم اس طرح کے جذبات کو ابھارنا چاہتے ہو۔ دونوں طرح کی تبدیلیاں (معنوی اور جذباتی) بیک وقت موجود ہو سکتی ہیں اور اکثر ہوتی بھی ہیں۔

GEORGE SANTAYANA کا قول ہے:

مشابہ چیزوں کی مشابہت کی نشان دہی میں کوئی شاعری نہیں ہے۔ لیکن شدید طور پر متضاد چیزیں جذبات کی ایک ہی طرح کی مرکزی کیفیت کو بیان کرتی ہیں۔ الفاظ کی آواز اور ان کا آہنگ بھی حساس زبان میں جس چیز کا وہ اظہار ہیں اس سے مخالفت رکھتے ہیں۔

Metaphrase

(اٹھارھویں صدی میں) ترجمہ خصوصاً منظوم ترجمہ بعدہ لفظی ترجمہ

Metaphysical

دیکھو CONCEIT

Metaphysical Poetry

مابعد الطبیعاتی شاعری۔ کوئی شاعری جو روحانی یا فلسفیانہ موضوعات پر مبنی ہے، مابعد الطبیعاتی شاعری کہی جا سکتی ہے لیکن یہ اصطلاح سترھویں صدی کے بعض انگریزی شعراء کے لیے مخصوص ہے جن میں جان ڈون، مارویل، کراشا، ہربرٹ شامل ہیں۔ ڈرائڈن نے ڈون کے بارے میں لکھا ہے:

"He affects the metaphysics not only in his satires, but in his amorous verses where Nature only should reign."

ڈاکٹر جانسن نے کہا تھا کہ اوائل سترھویں صدی میں شاعروں کی ایک نسل نمودار ہوئی جسے METAPHYSICAL POETS کا نام دیا گیا۔ ان کی شاعری روزمرہ کی زبان، پرجوش خیالات، مرکز تصویروں کی فراوانی اور پرتکلف نکتہ چینی ہے۔

Metastasis

کسی چیز کو کم دھیان دینا گویا وہ اہم نہیں ہے۔

Metatheatre

یہ لفظ LIONEL ABEL نے شیکسپیئر کے ڈراموں کے لیے وضع کیا ہے۔ ان ڈراموں کا جو المیہ نہیں ہیں۔ STEINER کے خیال میں عیسائیت کے وعدہ نجات کے بعد المیہ ممکن نہیں اور ABEL نے کہا کہ خود شعوری المیہ کا خاتمہ کر دیتی ہے اور اس نے ہیملٹ اور دوسرے سنجیدہ ڈراموں کو METATHEATRE کہا۔

Metathesis

تقلیب۔ لفظ میں حروف و اصوات کا رد و بدل تلفظ کی آسانی کی وجہ سے جیسے CLAPSE سے CHASP، THRIDDE سے THIRD اور CRUELLE سے CURLY۔

Method

خطابت کی ایک شاخ جس کا تعلق خیالات کی ترتیب سے ہے۔ وہ منظم طریقہ جو فنکار ارادی طور پر کسی فن پارے کی تخلیق میں اپناتا ہے۔

Metonymy

صنعت مجاز مرسل جس میں صفت سے موصوف اور جزو سے کل مراد لیتے ہیں جیسے KING کے بدلے CROWN، INHABITANTS کے بدلے CITY

Metre

وزن۔ بحر۔ انگریزی میں مقبول اوزان کے نام ہیں: IAMBIC (CONTROL) TROCHEE- (STUPID)، SPONDAIC (CONTRODICT)، DACTYLIC (CLUMSINESS)

COLERIDGE نے ANAPAESTIC ان ارکان کو اس طرح واضح کیا ہے:

Tróchĕe trips from lóng tŏ shórt
From long to long in solemn sort
Slów spóndee wálks; stróng fóot, yet ill able
Évĕr tŏ cóme ŭp with Dáctyl trĭsýllăblĕ
Ĭámbĭcs márch frŏm shórt tŏ lóng
With ă léap ănd ă bóund thĕ swift Ánăpæ̆sts
Thróng.

ارکان کی تعداد کے لحاظ سے درج ذیل قسمیں ہوتی ہیں:

Monometre (one), Dimetre (two), trimetre (three) Tetrametre (four), Pentametre (five), Hexametre (six), Heptametre (seven), Octometre (eight).

Metrical accent

دیکھو ACCENT

Metrical foot

دیکھو FOOT

Metrical Romance

جانبازی کا منظوم افسانہ جیسے
'GIAOUR 'MARMION' THE KNIGHT'S TALE'.

Mezzozeugme

ایک لفظ کو دو لفظوں کے درمیان لانا جبکہ اس کا تعلق دونوں لفظوں سے ہے۔

'Either the truth or speak nothing at all'.

Microcosm

عالم اصغر۔

Middle comedy

پرانی کامیڈی (یا ARISTOPHANES کی کامیڈی) کے بعد درمیانی کامیڈی کا دور آتا ہے جس میں سیاسی ہجو کی جگہ مضحک نقالی ہے، اساطیر کا مذاق اڑاتا ہے اور ادب اور فلسفہ پر نکتہ چینی ہے ALEXIS اور ANTIPHANES دو مشہور کامیڈی نگار ہیں۔

Middle English

وسطی انگریزی زبان۔

Middle Rhyme

قافیہ جو سطر کے بیچ اور آخر میں ہو۔

Miles Glorious

شیخی باز سپاہی۔ PLAUTUS کی ایک کامیڈی کا نام۔ شیخی باز کپتان MILES GLORIOSUS لاطینی کامیڈی میں عام طور سے پایا جاتا ہے۔ انگریزی ڈراموں میں RALPH ROISTER DOISTER اس کی مثال ہے۔

Milieu

ماحول۔ TAINE نے کہا ہے کہ نسل اور لمحہ آرٹ کی تخلیق میں سب سے زیادہ جاذبہ ہے۔ تیزاب اور شکر کی طرح بدی اور نیکی بھی ایک قسم کی پیداوار ہیں۔ اس نے اپنے نظریے کو میکانیکی طور پر پیش کیا تھا لیکن سماج شناسوں نے اس کے ثبوت میں بہت سی دلیلیں پیش کی ہیں۔ ماحول کے اثر پر وہی لوگ زیادہ زور دیتے ہیں جو ماحول کو بدل دینا چاہتے ہیں

Miltonic Sonnet

سانٹ کی وہ شکل جو ملٹن نے استعمال کی ہے۔ پہلی آٹھ سطروں میں قوافی کی ترتیب وہی ہے جو PETRARCHAN سانٹ میں ہے یعنی اب ب ا اب ب ا۔ لیکن اس کے دوسرے حصے میں قوافی کی ترتیب مختلف ہے اور پہلی آٹھ سطروں کے بعد وقفہ بھی نہیں ہے۔

Mime

سوانگ۔ رہس۔ ایک قسم کی مختصر کامیڈی جس کی ابتدا سسلی میں ہوئی۔ اس میں کردار نقاب پوش ہوا کرتے تھے اور خداؤں اور اساطیری جانبازوں کا مذاق اڑایا جاتا تھا۔ کبھی معمولی روزمرہ کی زندگی بھی تمسخر آمیز نقالی ہوتی تھی۔

Mimesis

نقالی۔ ارسطو کا قول ہے کہ المیہ عمل کی نقالی ہے لیکن اس نقل میں انتخاب اور ترتیب سے کام لیا جاتا ہے۔

Mimic, Mimicry

نقل اتارنے والا، نقال۔ نقل اتارنا، نقالی۔

Miniature

نقش۔ مصوری۔ قلمی کتابوں میں تصویر۔ مختصر شبیہ یا عکس۔

Minnesang

جرمن غنائی نظم۔ شاعر (عموماً نائٹ) محبت کے گیت گاتا ہے۔

Minnesinger

قرون وسطیٰ میں جرمن شاعر جو محبت کے گیت گاتا تھا۔

Minstrel

قرون وسطیٰ کا مغنی۔ آوارہ گرد شاعر۔

Minuscule

ساتویں صدی کے ایک خط کی چھوٹی قسم۔ چھوٹا حرف۔

Miracle Play

عہد وسطیٰ کے مذہبی ڈرامے جن میں اولیا کی زندگی اور خدائی معجزوں کو پیش کیا جاتا تھا اور بائبل سے ماخوذ قصوں کو بھی۔ لیکن ایک دوسری اصطلاح MYSTERY PLAY کا بائبل سے ماخوذ قصوں کے لیے استعمال ہوتا تھا۔ یہ ڈرامے بہت مقبول تھے اور ہر اس شہر

کی ملکیت ہو گئے تھے جہاں یہ کھیلے جاتے تھے۔ انگریزی میں ان
ڈراموں کے مجموعے WAKEFIELD CHESTER YORK' اور
COVENTRY سے منسوب ہیں جیسے 'YORK CYCLE .
WAKEFIELD CYCLE

Misanthropy

مردم بیزاری۔

Miscellany, Miscellanies, Poetical

نظموں کے مجموعے۔ کشکول۔ جیسے TOTTELS' MISCELLANY

Mis-en-scene

کسی ناٹک کے پردے اور لباس وغیرہ۔ سازو سامان مجازاً قصے کا ماحول۔

Mixed metaphor

مخلوط استعارہ۔ جہاں دو یا زیادہ مختلف المعنی یا متضاد استعارے کو جمع کر دیا جائے جیسے:

(1) She is a budding star whoalready sings with a master hand.
(2) I smell a rat in the air; I shall nip it in the bud.

Mnemonic irrelevancies

غیر متعلق یادیں یا تاثرات۔

Mock Epic

رزمیہ انداز کی مضحک نظم۔ وہ نظم جس میں رزمیہ نظم کا مضحکہ اڑایا جائے جیسے THE RAPE OF THE LOCK TOM THUMB ' یہ قطعہ تاش کے کھیل کا بیان کرتا ہے:

Behold, four kings in majesty rever'd,
With hoary whiskers and a forky beard;
And four fair Queens whose hands sustain a flow'r,
Th' expressive emblem of their softer pow'r;
Four knaves in garbs succint, a trusty band,
Caps on their heads, and halberts in their hand;
And particolour'd troops, a shining train,
Draw froth to combat on the velvet plain,
The skilful Nymph reviews her force with care:
Let spades be trumps she said; and trumps they were.

Mock heroic

اس نظم کا اسلوب جو رزمیہ نظم کا مضحکہ اڑائے جیسے:

What dire offence from am'roun causes springs,
What mighty contests rise from trivial things,
I sing - this verse to Caryl Muse! is due.
This ev'n Belinda may vouchsafe to view;
Shight is the subject, but not so the praise,
If she inspire, and He approve my lays. (Pope)

Mode

طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔ انداز۔

Mode of discourse

دیکھو SIGNS.

Modern Poetry

انیسویں صدی کے اواخر سے کر عصر حاضر کی شاعری کو جدید یا معاصرانہ شاعری کہتے ہیں۔

Modernism

جدیدیت۔ روایت سے فرار ہونے اور فوری ماضی سے بغاوت کا رویہ۔ منفیت، ایمان سے روگردانی، آرٹ کی قدروں پر بھروسا، فطرت اور فنی نظام سے بے پروائی، بربریت کی تلاش اور اخلاق سے روگردانی۔ اس قسم کی چیزیں جدیدیت سے وابستہ ہیں حالانکہ ان میں سے ہر چیز ایک روایت بن سکتی ہے۔

Modulation

متناسب تبدیلی۔ آہنگ کا اتار چڑھاؤ۔

Molossus

ایک رکن جس میں تین ہجائیں ہوتی ہیں۔

Moment

Monad

وجود کی اکائی یا واحد جوہر واحد LEIBNIE کے فلسفے میں اس نے خدا سے متعلق کہا ہے:

'The supreme Monad and perfect exemplar of the human soul.'

Monodrama

ڈراما جس میں صرف ایک کردار ہو۔ RUTH DRAPER اور CORNELIA OTIS SKINNEU نے اس صنف میں کامیابی حاصل کی ہے۔ ٹینی سن نے اپنی نظم MAUD کو ڈراما کہا ہے۔ اس نظم کی ابتدا ہے:

Come into the garden, Maud,
For the black bat night has flown,
Come into the garden, Maud,
I am here by the gate alone.

براؤننگ اس کو DRAMATIC LYRIC کہتا ہے جس میں ایک کردار کی خودکلامی سے کوئی خاص واقعہ، مقام یا اس کردار اور دوسرے کرداروں پر روشنی پڑتی ہے۔ MY LAST DUCHESS اور MR. SLUDGE, THE MEDIUM دو مثالیں ہیں۔

Monody

نوحہ جسے ایک شخص پیش کرے۔

Monogatari

جاپان کے قصے یا افسانے جو الاپے جاتے ہیں۔

Monograph

رسالہ یا کتابچہ جو کسی موضوع پر ہو۔

Monologue

خودکلامی۔ یک شخصی ڈراما۔

Monometre

ایسی سطر جس میں ایک رکن ہو اسے MONOMETRE کہتے ہیں۔ HERRICK کی نظم ہے:

I'm made
A shade,
And laid
I'th grave,
There have
My cave...

Monopolylogue

ایک قسم کی تفریح جس میں ایک شخص کئی پارٹ ادا کرے۔

Monostich

یک سطری نظم۔

Monosyllables

وہ الفاظ جن میں ایک ہجا ہو۔ بین جانسن نے شیکسپیر سے متعلق کہا تھا: HE WAS NOT OF AN AGE BUT FOR ALL TIME

اس سطر میں سارے الفاظ میں ایک ہجا ہے۔

Monotony

یکسانی۔ عدم تنوع۔

Montage

فلم بناتے وقت مختلف اوقات میں لی ہوئی تصویروں کو کاٹ چھانٹ کر انتخاب کرکے اور جوڑ کر ایک کل بنانا۔

Mood

کیفیت مزاج۔ کسی ادب پارے میں غالب فضا یا لہجہ SUCKLING کی نظم THE CONSTANT LOVER میں سلاست اور طنز آمیز نکتہ سنجی ملتی ہے۔

Mora

وزن کی اکائی جو چھوٹی ہجا کے برابر ہو جسے (˘) علامت سے ظاہر کرتے ہیں۔

Moral

سبق یا اخلاقی نتیجہ جو کسی نظم وغیرہ سے بالواسطہ یا بلاواسطہ اخذ کیا جاسکے۔

His fall was destined to a barren strand,
A petty fortress, and a dubious hand;
He left the name at which the world grew pale,
To point a moral or adorn a tale.
(Dr.Johnson)

Morale

اخلاقی حالت۔ اخلاقی قوام خصوصاً انضباط اور اعتماد نفس۔

Morality play

اخلاقی ڈرامے۔ وہ ڈرامے جو اواخر قرون وسطیٰ اور ابتدائے نشاۃ ثانیہ میں لکھے گئے جن میں کردار مثالی ہوتے ہیں اور جن میں انسانی روح سے متعلق تنازع ہوتا ہے۔ سب سے مشہور انگریزی MORALITY PLAY کا نمونہ EVERYMAN ہے۔

Morology

سفیہانہ تقریر (جو ارادی طور پر ہو)۔

Morphame

لسانیاتی شکل کی سب سے مختصر اکائی۔ ایک لفظ یا لفظ کا بامعنی حصہ۔

Mosaic rhyme

ایسی نظم جو دوسری نظموں سے سطریں لے کر بنائی گئی ہو

Mot

لفظ BON MOT نکتہ سنجی۔ LE MOT JUSTE بہترین الفاظ صحیح لفظ جیسے کدال کو کدال کہنا۔

Motet

دیکھو OLD FRENCH FORMS

Motion

پتلیوں کا تماشا:

O excellent motion! O exceeding puppet! Now will he interpret to her (Shakespeare)

Motivation

تحریک عمل۔ بنیادی خیال یا خصوصیت۔

Motivator

محرک عمل۔

Motive

محرک۔

Motoria

دیکھو FABULLA

Movement

ادبی تحریک جیسے: IMAGIST MOVEMENT

Movement, The

G.S. FRASER نے اپنی کتاب THE MODERN WRITER AND HIS WORLD میں لکھا ہے:

DYLAN THOMAS کی موت کے ساتھ ۱۹۵۳ء میں ایک طاقتور لیکن بُرا اثر یعنی وضاحت اور بیجا انگریزی شاعری میں شعراء کے اس گروہ کے ساتھ نمودار ہوا جسے تحریک کہا جاتا ہے۔ اس گروپ میں حسب ذیل شعراء تھے:

Robert Conquest, Elizabeath Jennings, Kingsley Amis, John Holloway, John Gunn, Philip Larkin, John Wain, Donald Davie.

Mumbo-Jumbo

اہل افریقہ کا ایک مضحکہ قسم کا دیوتا جس سے بیویوں کو ڈراتے تھے۔ انگریزی میں اس کے معنی ہیں وہ شخص جس کی لایعنی تعظیم ہو۔

Mummery

سوانگ۔ قرون وسطیٰ میں مذہبی رسومات کو نقاب، عجیب و غریب پوشاک اور ناچ سے دلچسپ بنایا جاتا تھا۔

Muses

نو بہنیں جو ZEUS اور MEMOSYNE کی لڑکیاں ہیں اور ان میں سے ہر ایک فنون لطیفہ میں سے کسی ایک فن کی دیوی سمجھی جاتی ہے۔

Musical comedy

PHYLLIS HARTNALL نے لکھا ہے:

یہ مقبول قسم کی ہلکی سی تفریح ہے جس میں مضحکہ نقالی اور ہلکے پھلکے رس کا امتزاج ہوتا ہے۔ رس سے اس نے سرسری سا

پلاٹ، گانے اور بریلیٹ میں متفقہ اہتمام سے یہ چیزیں لیں مضحک تقالی سے اس نے مقامیت اور خصوصی خاکے لیے۔
اس صنف کی چند مثالیں THE SHOWBOAT OKLAHOMA MERRY WIDOW اور CAROUSEL ہیں۔

Mystery Play

دیکھو MIRACLE PLAY

Mysticism

تصوف، باطنیت۔
THE OXFORD ENGLISH DICTIONARY میں KLBENBERG کی تعریف ان لفظوں میں ملتی ہیں؛

وہ وجدان اور تفویض ذات سے خدا سے وصال یا اس میں جذب ہو جانا چاہتا ہے یا وہ جو حقائق کے روحانی ادراک میں

یقین رکھتا ہو — ایسے حقائق جو ہماری سمجھ سے باہر ہیں۔

JACQUES MARITAIN نے شعوری تجربے اور باطنی تجربے کا فرق بتایا ہے:
شعوری تجربہ اس دنیا اور انسان کے ان گنت اور معروضاتی تعلقات سے وابستہ ہے۔ تصوف کا میدان ان اصول اشیاء ہیں۔ جو نہ سمجھ میں آنے والی اور مافوق فطری وحدت رکھتی ہیں۔ تصوف مائل بہ سکوت ہے اور اس کا خاتمہ مطلق کی محیط کل بارآوری میں ہوتا ہے۔ اس قسم کے تجربے جان ڈان، ہربرٹ، اور ورڈزورتھ کی نظموں میں پائے جاتے ہیں۔

Myth

اسطورہ، دیوتاؤں کی کہانی۔

اسطور عقل نہیں جذبات پر اثر انداز ہوتے ہیں اور واقعہ تو یہ ہے کہ نمائندہ شکلیں ایسے زمانے کی پیداوار ہیں جب تعقل سے تشریح کا سوال نہ اٹھتا تھا

Mythography

اساطیر نگاری۔

Mythology

علم الاساطیر۔ علم الاصنام۔ دیومالا جی۔ ایس فریزر نے لکھا ہے:
دیومالا میں قدیم رسومات کی یاد محفوظ رہتی ہے۔ بہت سی قوموں

کی باضابطہ تکراری سرگرمیوں سے اس کا واسطہ ہے یہ سرگرمیاں گہرے جذباتی تشویق کا نتیجہ تھیں۔ تاریخ میں بیان ان واقعات کا ہے جو کچھ لوگوں کے ساتھ ایک بار رونما ہوئے۔

Mythopoesis

اساطیر آفرینی

N

Naive and sentimental, Naiv und sentimentalisch

SCHILLER نے یہ فرق بتایا ہے۔ اس کا خیال تھا کہ یونانی مصنفین، شیکسپیئر اور گوئٹے فطرت سے ہم آہنگ تھے اور اس لیے ان کا ادب NAIVE بے تصنع ہے۔ بخلاف اس کے خود اس نے جو لکھا ہے وہ پر از جذبات ہے

Narcissism

نرگسیت۔ خود پرستی۔ عشق ذات۔ وہ نفسی کیفیت جس میں انسان ذہنی ذات کو کامل سمجھتا ہے اور اسی میں محو رہتا ہے۔

Narration

صحیح یا فرضی واقعات کا بیان۔

Narrative verse

بیانیہ شاعری۔ بیانیہ نظم۔

Narrator

مصنف خود بیان کرنے والا ہو سکتا ہے۔ کوئی دوسرا شخص بیان کرنے والا ہو سکتا ہے۔ مصنف فرضی کردار کے ذریعہ بیان کر سکتا ہے۔ بیان مکالمے کی صورت میں ہو سکتا ہے اور بیان کرنے والے دو یا زیادہ ہو سکتے ہیں۔

Naturalism

فطرت فرستی (ادب یا آرٹ میں) شدید قسم کی حقیقت طرازی REALISM
ایمل زولا اس طرز کا موجد ہے۔ اس نے اپنے مقالے ROMAN EXPERIMENTAL میں لکھا ہے کہ ناول نگار کو سائنسٹ جیسا ہونا چاہیے۔ اپنے موضوع کو بے لاگ تفصیل سے دیکھنا چاہیے اور اسی بے لاگ، کامل تفصیل سے بیان کرنا چاہیے۔ ایمڈی نے اس نظریے پر تنقید کی ہے وہ کہتا ہے:

جدید اسکول کے ناول زندگی اور صرف زندگی پر زور دیتے ہیں۔

وہ زندگی کی ایک سادہ قاش چاہتے ہیں اور یہ بھول جاتے ہیں کہ قصہ کہنے کے لائق ہونا چاہیے۔ زندگی کا بہت بڑا حصہ اس لائق نہیں ہے۔ ہمیں قارئین کے وقت کو ان چیزوں سے برباد نہ کرنا چاہیے جو انہیں ہر جگہ مل سکتی ہے۔

Nature

فطرت۔ نیچر۔ ورڈز ورتھ نے نئے تجربے پیش کیے جن میں فطرت نقطہ آغاز ہے۔ اس سے پہلے انگریزی شعراء فطرت کو لاطینی اور یونانی شعراء کی نظروں سے دیکھا کرتے تھے۔ پوپ کا قول تھا کہ کلاسیکی قوانین گویا منظم فطرت ہیں۔ ان دو اقتباسات سے نقطہ نظر کا فرق ظاہر ہوگا۔ یہ پوپ ہے۔

All Nature is but Art, unknown to thee;
All chance, Direction, which thou canst not see;

All Discord, Harmony not understood;
All Partial Evil, universal Good:
And spite of Pride, in erring Reason's spite,
One truth is clear, whatever is, is Right.

اور یہ ورڈز ورتھ ہے:

For I have learned
To look on nature, not as in the hour
Of thoughtless youth; but hearing oftentimes
The still, sad music of humanity,
Nor harsh, nor grating, though of ample power
To chasten and subdue, And I have felt
A presence that disturbs me with the joy
Of elevated thoughts; a sense sublime
Of something far more deeply interfused,
Whose dwelling is the light of setting suns,
And the round ocean and the living air,
And the blue sky, and in the mind of man'
A motion and a spirit, that impels
All thinking things, all objects of all thought,
And rolls through all things. Wordsworth,

Near Rhyme

دیکھو RHYME

Negation

انکار سے اثبات۔

'There live not three good men unhanged in England, and one of them is fat and grows old.

Negativism

منفیت۔

Negative capability

منفی جوہر۔ یہ اصطلاح کیٹس نے اپنے ایک خط میں استعمال کی ہے۔ جو شخص تذبذب، اسرار، تشکیک کی حالت میں رہ سکتا ہے اور گھبرا کر واقعہ اور تعقل کی طرف ہاتھ نہیں بڑھاتا وہ منفی جوہر رکھتا ہے۔

Nemesis

انتقام کی دیوی۔ انتقامی بدل۔

Neo-classic (Classicism)

نوکلاسیکی۔ یونانی اور لاطینی مصنفین کے اسلوب اور نقطہ نظر کا احیا انگریزی ادب میں اس کا اطلاق ڈرائڈن، پوپ، سوفٹ، ایڈیسن اور ڈاکٹر جانسن پر ہوتا ہے۔

Neologism

لفظ تراشی۔ دینیات میں نئے نقطہ نظر کو اپنانا

Neo-Platonism

نوافلاطونیت تیسری صدی میں ایک فلسفیانہ نظام جس میں یونانی فلسفے اور مشرقی تصورات کی آمیزش تھی۔

Neoteric

نئے طرز سے لکھنے یا غور و فکر کرنے والا MCKEON نے لکھا ہے:
جانی بوجھی اور بھولی ہوئی چیزوں میں نئی اور ہیجان آور چیزوں کی تلاش کو NEOTERIC طرز کہتے ہیں۔

Nephelococcygia

ایک مثالی سلطنت ARISTOPHANES کے ڈرامے BIRDS میں ایک خیالی

شہر جیسے کوئل نے بادلوں سے بنایا تھا۔

Neurosis

عصبی اختلال۔ خلل اعصاب۔

Neurotic

عصباتی مریض۔ خلل اعصاب کا مریض۔

Neutral style

غیر معین اسلوب جو نثر و نظم دونوں میں کام آسکتا ہے۔

New

نیا پن۔ ارجنلٹی۔

New comedy

نئی کامیڈی۔ یونانی کامیڈی جو تیسری اور چوتھی صدی قبل مسیح میں رائج تھی۔

New criticism

عملی تنقید۔ اس کی ابتدا RICHARDS کی PRINCIPLES OF LITERARY CRITICISM اور PRACTICAL CRITICISM سے ہوئی۔ یہ تحریک کیمبرج میں شروع ہوئی۔ اسے CAMBRIDGE SCOOL OF CRITICISM بھی کہتے ہیں۔ اس طرز عمل کی وضاحت لوکیس نے ان لفظوں سے کی ہے:

ایسی شاعری کی کوئی خاص قیمت نہیں جو مخصوص نہ ہو۔ طریق کار کا مسئلہ درپیش ہوتا ہے۔ مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ صرف ایک ہی قابل قبول حل ہے یعنی ایسی طریق کار کی توسیع اور تصرف ہو جو انفرادی شعراء کی جانچ پرکھ میں استعمال ہوتی ہے۔ انفرادی شعراء سے بحث کرتے ہوئے نقاد کا قاعدہ یہ ہے (یا میرے خیال میں یہ ہونا چاہیے) کہ جہاں تک ممکن ہو خصوصی تجزیے سے سروکار رکھا جائے۔ نظموں یا عبارتوں کا تجزیہ ۔ اور کوئی ایسی بات نہ کہی جائے جو متن سے متعلق فیصلوں سے الگ ہو۔

New Humanism

نیا مسلک انسانیت۔ ادب اور فلسفے میں ایک امریکی تحریک جو [illegible]ء میں شروع ہوئی۔ اس کا نظریہ تھا کہ انسان فطرت سے علاحدہ اور آزاد و خود مختار ہے۔ زندگی اور فن میں ان کے خیال میں بہترین زمانہ یونانی کلاسیکی عہد تھا۔

Newsbooth; Diurnals

یہ ایک تختے جو شائع ہوئے تھے (یعنی ان میں آٹھ صفحے ہوتے تھے) پھر یہ دو تختوں پر شائع ہونے لگے جن میں گھریلو اور عام خبریں ہوتی تھیں۔ ان کا زمانہ [illegible]ء سے [illegible]ء تک ہے۔

Newsletters

پارلمنٹ اور دربار کی خبریں جو ہفتے میں دو مرتبہ خریداروں کو بھیجی جاتی تھیں۔

New wave

دیکھو Nouvelle vague

Nibelungenstrophe

یہ بند پہلے KÜRNBERG نے استعمال کیا۔ اس میں چار سطریں ہوتی تھیں اور ہر سطر میں چھ تاکیددار ہجائیں سوائے آخری سطر کے جس میں سات تاکیددار ہجائیں ہوتی تھیں۔ ترتیب قوافی ا ا ب ب ہے اور قوافی ہمیشہ MASCULINE ہوتے ہیں۔

Nihilism

مروجہ مذہب و اخلاق کی نفی۔ انکار کائنات۔ انیسویں صدی کے روسی انقلابی فرقے کے خیالات جن کی رو سے موجودہ معاشرت کی کوئی چیز اچھی نہیں سمجھی جاتی تھی۔

Nihil obstat

منظور شدہ۔ یہ الفاظ رومن کیتھولک کتابوں پر لکھے جاتے تھے مطلب یہ تھا کہ وہ کتاب منظور ہو گئی ہے اور اس کا کوئی حصہ قابل اعتراض نہیں ہے۔

Nine worthies

نو معززین CAXTON نے MORTA D' ARTHUR کے پیش لفظ میں نو معزز اشخاص کا ذکر کیا ہے اور وہ ہیں:

(۱) HELEN OF TROY (۲) ALEXANDER THE GREAT (۳) JULIUS CAESER (۴) JOSHNA (۵) DAVID (۶) JUDAS MACCABACUS (۷) ARTHUR (۸) CHARLENACNE (۹) GODFREY OF BOUILLON

Nobel Prizes

نوبل انعامات۔ یہ انعامات سویڈن کے سائنسٹ ALFRED BERNHARD NOBEL کی وصیت کے مطابق دیے جاتے ہیں۔ یہ انعامات ان لوگوں کو ملتے ہیں جو ادب، طبیعیات، کیمیا اور عضویات میں نئی معلومات بہم پہنچاتے ہیں۔

Noble savage

شریف النفس وحشی۔ روسو نے پہلی بار کہا تھا کہ وحشی بہت شریف ہوتے ہیں۔ انگریزی میں یہ الفاظ پہلی بار ڈرائڈن نے استعمال کیا ہے:

I am as free as nature first made man,
Ere the base laws of servitude began
When wild in woods the noble savage ran.

Noh or No Plays

وہ ڈرامے جن کی ابتدا جاپان میں چودھویں صدی میں ہوئی اور جو شنتو (قدیم جاپانی مذہب) مذہبی رسوم سے متعلق ناچ کی ترقی یافتہ صورت ہے۔ یہ ڈرامے مختصر ہوتے تھے اور ان میں ایک یا دو ایکٹ ہوتے تھے۔ نثر و نظم کے ساتھ ایک کورس بھی ہوتا تھا جو ہونے والے واقعات پر منظوم رائے زنی کرتا تھا۔ یہ امیروں کے لیے تھے۔ ان کا موضوع تھا زندگی یا باپ اور اسے شروع سے واضح کر دیا جاتا تھا۔ ادا کاری غیر فطری ہوتی تھی اور اداکار نقاب پوش ہوتے تھے اور اونچی یا نیچی آواز میں بولتے یا ساز کے ساتھ گاتے تھے۔ ان ڈراموں میں عورتیں کبھی حصہ نہیں لیتی تھیں۔ ان کے پارٹ بھی مرد ادا کرتے تھے۔

Noema

ایک بیان جو بظاہر الٹا معلوم ہو۔

'I thank the lord that in our forty years together never any neighbour patched up our quarrel' (They lived in harmony)

Nom de guerre

جنگی نام۔ قلمی نام۔ وہ فرضی نام جو کوئی شخص جنگ میں یا کھیل میں یا اپنی تصانیف میں اختیار کرتا ہے۔

Nom de plume

قلمی نام۔ تصنیفی نام۔ تخلص یا فرضی نام جو تصانیف میں اختیار کیا جائے۔

Nominalism

اسمیت۔ فلسفے کا یہ مسئلہ کہ کلیات یا مجرد تصورات کا فقط نام ہی نام ہے اور یہ حقیقی وجود نہیں رکھتے ہیں۔

Nominative absolute

اسم جو کسی فعل کا ابتدا یا خبر نہیں ہو بلکہ صفت (جس میں فعل کے بھی بعض خواص ہوں) ہو۔

Nonce word

وہ لفظ جو فقط ایک موقع کے لیے گھڑا جائے LEWIS CARROLL اور JAMES JOYCE میں ایسے الفاظ ملتے ہیں۔

Non-ego

غیر انا

Nonsense verse

لایعنی نظمیں۔ ایسی نظمیں جن میں صورت اور حرکت معنی سے زیادہ اہم ہوں۔ لوئیس کیرول اور EDWARD LEAR اس قسم کی نظموں کے لیے مشہور ہیں:

'Twas brillig and the slithy toves
Did gyre and gimble in the wabe;
All mimsy were the borogroves
And the mome raths outgrabe.
(Lewis Carroll)

Nonsequitur

غیر منطقی نتیجہ۔ (یہ نتیجہ نہیں نکلتا)

Norm, Point of sanity

معیار۔ اسلوب ذاتی اور انفرادی ہوتا ہے۔ دو شخص کسی ڈرامے سے ایک طرح متاثر نہیں ہوتے ہیں۔ فن کار کے علیحدہ اور طاقتور اختراعات ہیں جب کہ ٹھوس زمین پھٹ پڑتی ہے ہمیشہ کوئی نہ کوئی معیار، کوئی نقطۂ سکون اور مرکز ثقل رہتا ہے اسے سلامت عقل کہتے ہیں۔

Nostalgia

یاد وطن کا عارضہ۔

Noumenmon

ذات شے، حقیقت شے یا اس کا تصور (ضد مظہر)

Nous

عقل۔ ذہن۔ سمجھ۔ سوجھ بوجھ۔

Nouvelle

ایک قسم کا مختصر ناول جس کے پلاٹ کی ساخت ایسی گٹھی ہوتی ہو جیسے افسانے کی۔

Nouvelle vague

ایک اصطلاح جو آرٹ میں نئے گروپ یا نئے تحریکات کے لیے وضع کی گئی ہے۔

Nova rimada

بیانیہ شاعری کی ایک صنف جس میں جتیں ہوتی ہیں اور ہر سطر میں آٹھ یا دس ہجائیں ہوتی ہیں۔ عموماً درباری عشق کا مختصر قصہ۔

Novel

ناول۔ اس کا اطلاق پہلے BOCCACCIO کے قصوں پر ہوا۔ نثری قصہ افسانوں اور ان کے سلسلۂ عمل سے متعلق جس میں مختلف کرداروں اور زندگی کے رشتے کا بیان ہوتا ہے۔ انگلستان میں پہلا ناول رچرڈ سن کا ناول PAMELA کہا جاتا ہے۔

Novel, Types of

ناول مختلف قسم کے ہو سکتے ہیں۔ جیسے بورژوا ناول، سماجی ناول، نفسیاتی ناول، مقامی ناول، جرائم سے متعلق ناول، جذباتی ناول۔

Novel of the soil

فطرت سے انسان کی جدوجہد کا قصہ۔ اس قسم کے ناول بیسویں صدی میں لکھے جانے لگے جیسے 'TOBACCO ROAD' THE BATTLE GROUND

Novel of sensibility

دیکھو Sentimental Novel

Novelette

چھوٹا ناول خصوصاً جس میں ادبی حسن کا فقدان ہو۔

Novella

افسانہ، مختصر نثری قصہ۔ BOCCACCIO کے DECAMERON جیسی تخلیق پر منطبق ہوتا ہے۔ یہ اخلاقی ہوتا ہے، اس میں حقیقت طرازی ہوتی ہے اور عموماً عورتوں یا کشیشوں کی ہجو ہوتی ہے۔

Novellat

وہ عوامی قصہ جو کسی خاص وقت اور جگہ سے متعلق ہوتا ہے۔

Novelle

نثری افسانہ۔ ناول سے مختصر۔

Novelty

نیاپن یا تازگی یعنی فرسودگی سے روگردانی۔

Numbers

نظم یا موزوں فقرے یا ارکان ۔ ورڈز ورتھ کا ایک بند ہے؛

Will no one tell me what she sings?
Perhaps the plaintive numbers flow
For old, unhappy, far-off things
And battles long ago.

Nucleus

مرکزہ۔ مرکزی حصہ۔ بنیاد۔

Nursery Rhymes

مختصر نظمیں عموماً گمنام جو بچوں کی تفریح کے لیے لکھی گئی ہوں۔

O

Obiter dicta

فیصلے میں جج کی رائیں جو قانونی حیثیت نہ رکھتی ہوں بلکہ ضمناً ظاہر کی جائیں؛ ضمنی اقوال یا نکتے۔

Objective, objectivism

مقصد، معروضی۔ معروضیت۔

Objective correlative

معروضی یا خارجی تلازم۔ ایلیٹ نے لکھا ہے:

کسی جذبے کو فنی شکل میں بیان کرنے کی یہی صورت ہے کہ ہم اس کے لیے کوئی معروضی متلازم تلاش کر لیں یعنی دوسرے لفظوں میں اشیا، کوئی موقع، واقعات کا ایک سلسلہ جو اس خاص جذبے کا نسخہ ہوگا اور جب وہ خارجی واقعات (جن کی انتہا حسی تجربہ ہے) مہیا ہوں گے تو فوراً وہ مخصوص جذبہ ظہور پذیر ہوگا۔

Objectivity

واقعیت، جو مصنف کے جذبات و خیالات سے علاحدہ ہو۔ خارجی چیزوں سے واسطہ رکھنا۔ خارجی واقعات یا مظاہر (جو دیکھنے والے کے تصورات اور جذبات سے متاثر نہ ہوئے ہوں)۔

Obligatory scene

ڈرامے میں ضمنی قصہ یا واقعہ جس کی سامعین توقع رکھتے ہیں اور جسے ڈراما نگار لکھنے پر مجبور رہتا ہے جیسے DUNCAN کے قتل کے بعد اس کے دونوں بیٹے MALCOLN اور DONALBAIN تنہا پریشانی اور دہشت میں گرفتار ہو جاتے ہیں۔

Oblique Rhyme دیکھو NEAR RHYME

Obscenity

گندا پن۔ فحش۔

Obscurantism

ظلمت پسندی۔ تحقیق کی مخالفت، اصلاح و ترقی کی مخالفت۔

Obscurity

معنی سمجھنے میں دشواری جو ابہام کی وجہ سے نہ ہو۔ یہ دشواری ارادی ہو سکتی ہے اور غیر ارادی بھی۔ محض دشواری کی وجہ سے کسی فنی کارنامے میں گہرائی کا وجود ضروری نہیں۔

Obsession

تسلط وہم۔ غلبۂ خیال۔

Occam's razor

کم سے کم الفاظ میں کسی بات کو کہنا۔ لفظی کنجوسی۔

Occasional verse

نظم جو کسی موقع کے لیے لکھی گئی ہو۔ ہنگامی نظم۔ بعض نظمیں اپنی فنی خوبیوں کی وجہ سے مشہور ہو جاتی ہیں۔

Occultism

سحر پرستی۔ سحر و نیرنجات۔

Octametre

دیکھو Octometre

Octastich

آٹھ سطروں کا بند۔

Octave

PETRARCHAN سانٹ کی پہلی آٹھ سطریں۔ آٹھ سطروں کا بند خصوصاً OTAVASIMA جس میں قوافی کی ترتیب اب۔ اب۔ اب ج ج ہوتی ہے۔

Octavo

کتاب کا وہ سائز جس میں ایک تختہ کاغذ میں آٹھ اوراق ہوتے ہیں۔

Octet دیکھو OCTAVE

Octometre

ہشت رکنی سطر۔ اس قسم کی نظمیں کم ملتی ہیں۔ ٹینی سن کی نظم LOCKSLEY HALL کی پہلی دو سطریں یہ ہیں:

Cursed/be the/social/wants that/sin a/gainst the/strength of/youth/

Cursed/be the/social/lies that/warp us/from the/living/ true

Octonarius

آٹھ ارکان کی سطر جیسے لاطینی کامیڈی میں آٹھ سطروں کا بند۔

Octosyllabic verse

وہ نظم جس کی ہر سطر میں آٹھ ہجائیں ہوتی ہیں۔

Ode

غنائی نظم۔ تشبیب جس میں کسی سے خطاب کیا جائے اور جس کا اسلوب اور جس کے جذبات بلند ہوں جیسے GRAY کی THE PROGRESS OF POESY یا ورڈز ورتھ کی مشہور نظم ON INTIMATIONS OF IMMORTALITY

Oedipus complex

بیٹے کی ماں سے محبت اور باپ سے رقابت۔

Off-Broadway

وہ ڈراما جو شہر نیو یارک میں BROADWAY سے دور کھیلا جائے اور جس کی خصوصیت نیا تجربہ اور نسبتاً تھوڑا بجٹ (خرچ) ہو۔

Off-off-Broadway

وہ چھوٹے موٹے تفریحی تماشے جو گرجوں، مکانوں اور قہوہ خانوں میں کھیلے جائیں اور جن میں خرچ کم ہو، زیادہ فوری ایجادیں ہوں اور جن میں سننے والے بھی حصہ لیں۔

Offset Process

چھپائی کا ایک طریقہ جس میں روشنائی پہلے المونیم پلیٹ سے یکساں طور پر ربڑ کے بیلن پر منتقل ہوتی ہے اور پھر کاغذ پر۔

Ogham, Ogam

قدیم برطانوی اور آئرستانی حروف تہجی (جو بیس حرفوں پر مشتمل تھے)۔

Old comedy

قدیم یونانی کامیڈی جو پانچویں صدی قبل مسیح میں DIONYSUS کے تہوار میں کھیلی جاتی تھی۔ اس میں مذہبی رسوم سنجیدہ ہجو، نکتہ سنجی اور مسخرگی کا امتزاج تھا CRATES اور EUPOLIS کے ڈرامے غائب ہوگئے ARISTOPHANES کے ڈرامے باقی ہیں۔

Old English

قدیم انگریزی۔

Old French Forms

بارھویں صدی میں فرانسیسی شاعری میں نئی نئی صنفیں ایجاد ہوئیں ہشت ہجائی بیتیں منظوم بحر۔ بحوں میں استعمال ہوتی تھیں پھر رومانی قصے لکھے جانے لگے۔ بے قصوں کے ساتھ ساتھ چھوٹے موٹے قصے تھے جنہیں CONTES کہتے تھے۔ اگر وہ شجاعت اور جانبازی سے متعلق ہوں تو انہیں LAIS کہتے، اگر وہ اخلاقی ہوتے تو انہیں DITS کہتے تھے۔ تیرھویں صدی میں سب سے اہم اور باثر نظم ROMAN DE LAROSE تھی جس میں مثالی اور اخلاقی مواد تھے۔ چودھویں صدی میں BALLADE (جو تین بندوں میں، ہشت ہجائی اور جن کی ترتیب قوافی اب اب ب ج ب ج بھی) ملتے ہیں۔ اسی طرح کی ایک صنف CHANT ROYAL ہے جن میں پانچ بند ہوتے ہیں۔ اسی میں RONDEAN بھی ملتے ہیں اور BERGERETTE بھی اور VIRELAI بھی اور MOTET بھی۔ انیسویں صدی میں بعض صنفوں کو جنہیں FIXED FORMS کہا جاتا تھا دوبارہ زندہ کیا گیا

Old Norse Poetry

یہ عوامی شاعری۔ ELDAR EDDA کی ہے اور مصنوعی اور درباری شاعری

SKALDS ہے۔

Omnibus

ایک جلد جس میں کئی تصنیفیں ہوں (کسی ایک مصنف کی اور نسبتاً کم قیمت پر)

One-Act Play

ایک ایکٹ کا ناٹک۔ بیسویں صدی میں O'NEILL 'SHAW STRIND…ERY نے ایسے ڈرامے لکھے ہیں۔ ان میں کردار کی تعداد کم ہوتی ہے اور مناظر بھی کم ہوتے ہیں۔

Onomatopoeia

صوتی ترکیب، کسی چیز کی آواز کے لحاظ یا مشابہت سے اس چیز کا نام وغیرہ گھڑنا۔ الفاظ جن کی آواز سے ان کے معانی واضح ہوں جیسے

TWITTER' BUZZING' CUCKOO' 'MURMUR' ۔

اکثر شاعری میں الفاظ معنی کی صدائے بازگشت ہوتے ہیں۔

Fountains and yee that warble, as ye flow,
Melodious murmurs, warbling tune his praise.
(Milton)

Ontology

علم الوجود۔ علم حقیقت اشیاء

O.P.

OUT OF PRINT کا مخفف۔

Open couplet

کھلی بیت۔ وہ بیت جس کی دوسری سطر کے بعد وقفہ نہ ہو اور جس کا معنی اس کے بعد والی سطر سے ملکر مکمل ہوتا ہے:

When the merry bells ring round,
And the jocund rebecks sound
To many a youth and many a maid
Dancing in the chequer'd shade. (Milton)

Opera

اوپرا۔ غنائی تمثیل، وہ ناٹک جس میں نغمہ و ساز کا عنصر غالب ہو۔

Opera bouffe

غنائی نقل یا سوانگ جس میں مزاحیہ عنصر غالب ہو۔

Opera citato

محولا بالا تصنیف میں۔ مخفف - Op.cit -

Operetta

ہلکا پھلکا ڈراما جس میں مکالمہ اور سٹیج میں مترنم مناظر ہوں ۔ یہ کے رد عمل میں لکھا جائے گا ۔

Opisthographic

پشت پر لکھا ہوا ۔ قدیم مطبوعہ کتابیں جن میں ورق کے دونوں جانب چھپائی ہوتی تھی ۔

Opposition

مخالفت ، کشمکش یا تصادم سے ہلکا لفظ ۔ یہ مخالفت شخصیت میں فرق کی وجہ سے ہو سکتی ہے لیکن عموماً کسی خاص مقصد کے لیے دو مخالف طاقتوں کے تنازع سے ہوتا ہے ۔

Optical centre

بصری مرکز ۔ مطبوعہ صفحے کا وہ نقطہ جسے آنکھ فطری طور پر مرکز سمجھتی ہے ۔ یہ حقیقی مرکز سے کچھ اوپر ہوتا ہے ۔

Optimism

نظریہ استحسان یعنی یہ نظریہ کہ اچھی سے اچھی دنیا جو پیدا کی جا سکتی تھی وہ ہماری دنیا ہے ۔ رجائیت ۔ یہ عقیدہ کہ دنیا میں نیکی بدی پر غالب آئے گی ۔

Oratio oblique

دیکھو INDIRECT SPEECH

Oratio Recta

دیکھو DIRECT SPEECH

Oration

تقریر ، خطبہ ، لکچر ، انگریزی میں شاید سب سے مشہور MARK ANTHONY کی تقریر ہے :

Friends, Romans, countrymen, lend me your ear
I come to bury Caeser, not to praise him.
The evil that men do lives after them;
The good is oft interred with their bones!
So let it be with Caesar......

Oratory

خطابت ۔ تقریر کرنے کا فن ۔

Organic

نامیاتی ، عضویاتی ۔

Organic form

(تنقید) نامیاتی صورت ۔ کسی فن پارے کا فطری ارتقا ۔ ذہن فنکار میں پہلے مبہم خیال یا جذبہ ہے سے اس کی تکمیل تک جس میں اس کی پوری شخصیت کا اظہار ہوتا ہے ۔ بخلاف اس کے بنے بنائے سانچے میں خیالات و جذبات کو ڈھالنے سے یہ نامیاتی صورت حاصل نہیں ہوتی ہے ۔ کیٹس کی ODE TO A NIGHTINGALE اس نامیاتی صورت کی زندہ مثال ہے ۔

Originality

تازہ ، آزاد ، انفرادی طرز میں اپنے خیالات کو بیان کرنے کی قابلیت ۔

Orismalogy

تکنیکی اصطلاحات کی تشریح ۔

Orismus

کسی چیز کی تعریف نزدیک کی چیزوں سے انکار کے طور پر ۔

Ornament

زیور ، آرائش ۔

Orotund

معنوی طور پر شاندار ، پر زور ۔ EARNEST WEEKLEY نے لکھا ہے

'The orotund style is still employed by those who say sufficient instead of enough, prefer things to transpire rather than to happen, call a farewell speech a valedictory address.

[یہ طرز تحریر وہ لوگ استعمال کرتے ہیں جو ENOUGH کی بجائے SUFFICIENT ، HAPPEN کی بجائے TRANSPIRE اور FAREWELL کی بجائے VALEDICTORY کا استعمال پسند کرتے ہیں]

Ortaoyunu

ترکی عوامی ڈراما ۔

Orthodox

راسخ العقیدہ ۔ تقلید پسند ۔ برخلاف HETERODOX غیر متعلقہ آزاد خیال ۔

Orthoepy

صحیح تلفظ کا علم ۔ تلفظ بدلتا رہتا ہے ۔ اگر شیکسپیر کے ڈراموں کو اس تلفظ کے ساتھ پڑھا جائے جو اس کے معاصرین استعمال کرتے تھے تو ہم بہت سے الفاظ کو پہچاننے سے قاصر رہیں گے ۔ HEAT وغیرہ میں ان الفاظ کا اس DEAL, TREAT, SEA, MEAT

طرح تلفظ ہوتا تھا جیسے آج DAY اور NAME کا ہوتا ہے۔

Orthography

علم ہجا۔

Orthotone

ایک لفظ جس پر عموماً تاکید نہیں ہوتی لیکن جس میں شعر کے وزن کے تقاضے سے یا اس کی اہمیت کی وجہ سے تاکید ہوتی ہے۔

Oscan Fables

دیکھو FABULA ATELLANA

Ottava rime

اس بند میں آٹھ سطریں پنج رکنی CAMBRIC میں ہوتی ہیں اور جن میں ترتیب قوافی اب اب اب ج ج ہوتی ہے۔ بائرن نے اسے DONJUAN میں استعمال کیا ہے۔

Outrides

ہر کاب ہجائیں جو کسی رکن کے ساتھ ہوں لیکن جن کا تقطیع میں شمار نہ ہو۔ ہاپکنس انہیں SLACK SYLLABLE کہتا ہے۔

Over compensation

بیش تلافی۔

Overt

ظاہر، عیاں۔

Overtones

ہم آہنگ۔ شاعری میں ہر لفظ کے ساتھ متلازم (ایلافی الفاظ) تصورات کا مجموعہ ہوتا ہے جیسے CASTLE (قلعہ) خیال آئے گا SCALING LADDERS, BATTLEMENTS, SORTIES, [illegible] اسی طرح TREASURE کے ساتھ PRECIOUS STONES, GOLD, THE SPANISH MAIN, MULE TRAINS کا بھی خیال لازم ہے۔

Oxford movement

آکسفورڈ تحریک۔ یہ مذہبی تحریک آکسفورڈ یونیورسٹی میں مذہبی ادیبوں کے خلاف ANGLICAN HIGH CHURCH کا ردعمل تھی۔ اس کی ابتدا ۱۸۳۳ء میں کیبل کے ایک وعظ سے ہوئی۔ اس تحریک میں پیش پیش KEBLE، NEWMAN، PUSEY اور R.H. FROUDE تھے۔

Oxymoron

صنعتِ اجتماعِ ضدین:

But fare thee well, most foul, most fair, farewell,
Thou pure impiety and impious purity.

(Shakespeare)

Oxytone

ایک لفظ یا سطر جس میں تاکید آخری ہجا پر ہو۔

P

Paean

مناجات شکر۔ نغمۂ مسرت۔

Paeon

چار ہجاوں کا ایک رکن جس میں کسی ایک رکن پر تاکید ہوتی ہے اور تین پر نہیں ہوتی ہے جیسے: DAPPLE-DAWN- AWN

Pageant

قرون وسطیٰ میں متحرک اسٹیج جس پر مذہبی ڈرامے دکھائے جاتے تھے۔ اس میں دو کمرے ہوتے تھے، نیچے DRESSING-ROOM تھا اور اوپر کھلا ہوا کمرہ جس پر ناٹک کھیلا جاتا تھا۔ کوئی شاندار جلوس۔

Palaeography

کہنہ خوانی۔ قدیم کتبوں اور تحریروں کے پڑھنے کا فن۔

Paliology

تکرار لفظی (زور بیان کے لیے) مثلاً شیکسپیئر نے [illegible] میں لکھا ہے:

O no, he can not be good that knows not why he is good but stands so for good, as his fortune may keep him unassail'd

Palimbacchius

دیکھو ANTIBACCHIUS

Palimpsest

وہ کاغذ وغیرہ جس کی اصلی عبارت مٹ گئی ہو یا مدھم ہو گئی ہو اور اس کے اوپر دوسری عبارت لکھی گئی ہو۔

Palindrome

مقلوب مستوی۔ وہ لفظ یا شعر جو الٹ کر بھی پڑھنے سے جوں کا توں

۱۰- جیسے:

MADAM I'M ADAM

Palinode

وہ نظم جس میں شاعر اپنے گذشتہ نظم کے خیالات کی تردید کرے۔ جیسا سر نے اپنی لمبی نظم THE LEGEND OF GOOD WOMEN میں FALSE CRESIDE کا قصہ لکھنے کی تلافی کی ہے۔

Palinodic

وہ نظم جس میں دو مشابہہ بند یا بندوں کے گروپ کے درمیان دو ایک طرح کے بند ہوں جو اور دونوں بندوں سے مختلف ہوں۔

Palladian

نقلی کلاسیکی طرز کی۔ یہ طرز سولھویں صدی عیسوی میں اطالوی ماہر تعمیر ANDREA PALLADIO نے ایجاد کی۔

Palliata

دیکھو FABULA

Pamphlet

مختصر غیر مجلد رسالہ۔

Pandemoniuam

مسکن شیاطین۔ یہ ملٹن کی ایجاد ہے۔

Panegyric

مدح، مدحیہ تحریر یا تقریر۔

Panem et circenses

JUVENAL نے رومیوں سے متعلق کہا تھا کہ وہ صرف روٹی اور سرکس PANEMET CIRCENESSES کے خواہاں ہیں۔

Panjandrum

خانخاناں کی دُم۔ طنزیہ خطاب کسی خیالی طاقتور شخص یا ڈینگ مارنے والے SAMUEL FOOTE نے CHARLES MACHLIN کا حافظہ پرکھنے کے لیے لایعنی الفاظ جوڑ دیے تھے۔ ان میں ایک لفظ PANJANDRUM بھی تھا۔

Panoramic method

سیرچشمی طریقہ۔ ناول میں وہ بیان جو مصنف بلاواسطہ دیتا ہے یعنی اپنی زبان سے دیتا ہے۔ فیلڈنگ، ٹھاکرے، ایلیٹ، تھیکرے، سبھوں میں اس کی مثالیں ملتی ہیں۔

Pantaloon

مسخرے کا تختۂ مشق (اطالوی کامیڈی میں)۔

Pantheism

وجودیت۔ ہمہ اوست کا عقیدہ۔ وحدت وجود کا عقیدہ۔

Pantomime

رومی اداکار جو چپ سوانگ (DUMB SHOW) میں پارٹ ادا کرتا تھا۔ وہ ڈراما جس کے ساتھ مزاحیہ نقل، سوانگ اور ناچ ہو چپ سوانگ یا تماشا۔

Pantoum

ایک ملائی نظم کی صورت جو انگریزی اور فرانسیسی میں بھی مستعمل ہوئی۔ اس میں چار سطروں کے ان گنت بند ہوتے ہیں، ترتیب قوافی اب اب ہوتی ہے۔ ہر بند کی دوسری اور چوتھی سطریں اس کے بعد کے بند کی پہلی اور تیسری سطریں ہو جاتی ہیں۔ آخری بند میں پہلے بند کی دوسری اور چوتھی سطریں پہلی اور تیسری سطریں ہو جاتی ہیں۔ اسی طرح جس سطر سے نظم شروع ہوتی ہے اسی سے ختم بھی ہوتی ہے۔

Parabasis

یونانی طربیہ میں وہ لمبی تقریر جو کورس یا اس کا لیڈر کرتا ہے۔ اس میں ڈراما نگار سامعین کو اپنی رائے اور اپنا مشورہ براہ راست دیتا ہے۔

Parable

مثالیہ۔ مجازیہ۔ وہ قصہ یا حکایت جس میں کوئی اخلاقی یا روحانی حقیقت بیان کی جائے۔ اخلاقی حکایت۔

Parachronism

زمانی غلطی۔ تاریخی غلطی۔ کسی واقعے کا زمانہ یا تاریخ سال وقوع کے بعد بتانا۔

Paradiastole

نرم و ملائم الفاظ خصوصاً مرادف کی صورت میں۔ SHREWD کی بجائے CLEVER، NIGGARDLY کی بجائے THRIFTY۔

Paradigm

نمونہ۔ مشابہت کو مثالوں کے ذریعہ واضح کرنا۔

Paradox

قول محال۔ قول متناقض۔ بیان جو بظاہر مہمل معلوم ہو لیکن درحقیقت صحیح ہو۔

(1) Cowards die many times before their death.
(2) "The child is father of the Man"

Paragoge

ازدیادِ حرفی۔ کسی لفظ میں حرف یا ہجا کا اضافہ۔ جیسے:

Paragram

لفظی کھیل۔ کوئی حرف یا لفظ بدل کر جیسے:

THE DRUGGIST IS THE PILLAR OF SOCIETY

Paragraph

مضمون کی بنیادی اکائی جس میں مضمون کے ارتقا میں ایک مخصوص نکتے کا بیان ہو۔

Paralepsis

کسی چیز سے بظاہر چشم پوشی کرنا لیکن حقیقت میں اس پر زور دینا۔

Paralipomena

جو چیزیں کتاب کے متن میں حذف کر دی گئی ہوں اور آخر میں جوڑ دی گئی ہوں۔

Parallelism

ایک قسم کی تکرار۔ متوازن ساخت کی طرف لوٹنا۔ متوازیت۔

All Nature is but Art unknown to thee;
All chance direction, which thou canst not see,
All discord harmony not understood;
All partial evil, universal good. (Pope)

Paranoia

وہم منظم۔

Paraphrase

عبارت کا مطلب دوسرے لفظوں میں۔ توضیح۔ تشریح۔

Para Rhyme

وہ قوافی جن میں حروف علت مختلف ہوں لیکن حروف علت کے پہلے اور بعد حروف صحیح ایک ہی ہوں:

It seemed that out of battle I escaped
Down some profound dull tunnel, long since scooped
Through granites which titanic wars had groined
Yet also there encumbered sleepers groaned.

Parasiopesis

دیکھو APOPHASES

Parataxis

جملوں کا بغیر حروف عطف کے جوڑنا۔

Parados

یونانی ڈرامے میں ابتدائی گیت۔

Parchment

چرمی کاغذ۔

Parenthesis

جملۂ معترضہ وہ لفظ یا جملہ جو قوسین کے اندر ہو اور بقیہ عبارت سے نحوی ربط نہ رکھتا ہو۔

Parisyllabic

مساوی الاجزا۔ یونانی اور لاطینی کا وہ اسم جس کی ہجائیں جتنی حالت فاعلی میں ہوتی ہیں اتنی ہی حالت اضافی، مفعولی وغیرہ میں ہوتی ہیں۔

Parlance

کسی خاص طبقے کی زبان یا روزمرہ۔ محاورہ۔ بولی۔

Parnassian school

انیسویں صدی کے فرانسیسی شاعروں کے ایک خاص حلقے کا نام۔ ان کی نظموں کے تین مجموعوں کا نام LE PARNASSA CONTEMPORAIN تھا۔ اسی سے ان کا نام PARNASSIAN پڑا۔ ان کی شاعری خارجی تھی GAUTIER کا یہ قول LE POETE EST LE SCULPTEUR شاعر نقاش (بت گر) ہے۔ ان کا نشان تھا۔ اس گروہ کے دوسرے شعراء کے نام تھے 'CATULLE MENDIS' VERLAINE 'MALLARME' 'XEVIER DE RICARD' SULLY PRUDHOMME۔ اسی قسم اور اسی نام کا ایک گروپ انگلستان میں بھی قائم ہوا جن میں ڈابسن، گوسے اور لانگ پیش پیش تھے۔

Parnassus

یونان کا ایک پہاڑ جو فنون لطیفہ کی دیویوں کی طرف منسوب ہے۔ اس کی ایک چوٹی APOLLO اور دوسری DIONYSUS کی طرف منسوب تھی۔

Parody

دیکھو BURDESQUE ۔ مضحک نقل (کسی مصنف کے موضوع، اسلوب اور آہنگ کی)۔ ان سطروں میں سوئنبرن کی نقالی ہے:

Strange beauty, eight-limbed and eight-handed,
Whence camest thou to dazzle out eyes?
With thy bosom bespangled and banded
With the hues of the seas and the skies;
Is thy home European or Asian,
O mystical monster marine?
Part molluscous and partly crustacean,
Betwixt and between. (A.C.Hilton : Octopus)

Paronomasia

دیکھو PUN

Paronym

دو الفاظ جن کا مادہ ایک ہے، خصوصاً ایک لفظ جو دوسری زبان سے اخذ کیا جائے (تھوڑی سی تبدیلی کے ساتھ) جیسے فرانسیسی PAROXYSM اور انگریزی PAROXYSME

Paroxytone

لفظ یا سطر جس میں آخری ہجا رسے پہلے جو ہجا ہو اس پر تاکید ہو۔

Participation

شرکت۔

Particles

حرف جار، حرف عطف اور حرف فجائیہ وغیرہ جو کولرج کے مطابق زبان کی سمنٹ (THE CEMENTS OF THE LANGUAGE) ہیں۔

Partimen

دیکھو TENSON

Part-song

گیت سازکے ساتھ یا بغیر ساز کے جس کے مختلف حصے مختلف آوازوں میں گائے جاتے ہیں۔

Pasquinade

طنزیہ ہجو۔ وہ ہجو جو لکھ کر شارع عام پر لگا دی جائے۔

Paso

جلوس جس میں حضرت عیسیٰ کی کسی مصیبت کی نمائندگی ہو۔

Passion

شدید جذبہ۔ جذبات کا ہیجان یا جوش خصوصاً المیہ میں۔ براؤننگ نے کہا ہے:

Infinite passion, and the pain
of finite hearts that yearn

Passion Play

مصائب مسیح کی تمثیل۔

Passus

افسانے کا ایک باب یا فصل۔ نظم کا ایک CANTO

Pastiche

مخلوط طرزوں کا نغمہ یا تصویر۔ اگر طنزیہ ہو تو ایک قسم کی نقل ہو جاتی ہے — ایذرا پاؤنڈ کی یہ نظم ایک مشہور نظم کی نقالی ہے:

Winter is icummen in,
Lhude sing Goddamm,
Raineth drop and [illegible] slop,
And how the wind doth ramm!
Sing: Goddamm,

Pastoral

یہ لفظ بہت سی ادبی صنفوں پر حاوی ہے۔ دیہی ادب کی یہی خصوصیت ہے کہ یہ دیہی زندگی سے متعلق ہوتا ہے۔ دیہی رومان مثلاً SANNAZ ZARO اور سڈنی کی ARCADIA یا دیہی ڈرامے مثلاً TASSO کا AMINTA یا GUARINI کا IL PASTOR FIDO۔ شاعر THEOCRITUS نے دیہی دنیا کی روایتوں کی بنا ڈالی اور ورجل نے اس کی تقلید کی۔

Pastorale

دیہاتی زندگی کا نغمہ۔

Pastoral elegy

دیکھو Elegy

Pastoral Idyll

دیکھو Idyll

Pastoral Poetry

دیہی شاعری۔ وہ شاعری جس میں گڈریوں اور دیہاتی لوگوں کی زندگی کی تصویر کشی ہوتی ہے۔ یونانی شاعر BION نے MESCHUS کا مرثیہ گلہبان کے بھیس میں لکھا، ورجل نے یہی طرز BUCOLIES میں اپنایا۔ انگریزی میں ملٹن کی LYSIDAS شیلے کی ADONAIS اور آرنلڈ کی THYRSIS اسی طرز میں لکھی گئی ہے۔

Patorella, Pastourelle

عہد وسطیٰ کی غنائی نظم جس میں ایک نائٹ گڈرنی سے محبت کرتا ہے اور اپنے عشق میں ناکامیاب رہتا ہے۔

Patavinity

PADUA کی مقامی زبان کی خصوصیت جو کے اسلوب بیان میں نظر آتی ہے۔

Pathetic fallacy

عالم طبیعی کی طرف انسانی جذبات کو منسوب کرنا۔

Dark tree, still sad when others' grief is fled
The only constant mourner o'er the dead.
(Byron)

درخت نہ تو غمگین ہو سکتا ہے اور نہ مردوں کے غم میں سوگوار ہو سکتا ہے۔

Pathological lying

مرضیاتی دروغ گوئی۔

Pathopoeia

ایک صنعت، عبارت یا سین جو پڑھنے والے کے جذبات پر اثر ڈالنا چاہتا ہے۔

Pathos

دل گدازی۔ سوز و گداز۔ درد۔ یہ المیہ کا ایک عنصر ہے۔

Patriarchal, Patriarchal Society

مرقبیلی۔ پدری سماج۔

Patois

کسی خطے کے عوام کی بولی جو ادبی زبان سے مختلف ہوتی ہے۔

Patron

مربی۔ سرپرست۔

Pattern

شعری سانچہ جو نظم میں معنی، آواز اور حرکت سے بنتا ہے۔

Pattern poems

دیکھو CARMEN FIGURANTUM

Patter song

ایک لمبی مضحک غنائی نظم جو آدھی بولی اور آدھی گائی جاتی ہے

Pause

وقفہ۔ شعر کے آہنگ میں ایک خفیف سا توقف۔ یہ وقفہ اکثر سطر کے آخر میں ہوتا ہے لیکن سطر کے بیچ میں وقفوں سے شعر کا نمایاں آہنگ بوقلموں ہو جاتا ہے:

Of Man's First Disoledience,/and the Fruit
Of that Forbidden Tree,/whose mortal tast
Brought Death/into the world,/anu all our woe.

Pedantesque

عالمانہ طرز۔ یہ اسلوب REBELAIS میں ملتا ہے جو کلاسیکی الفاظ کو اپنی زبان کا جامہ پہنانا چاہتا تھا THOMAS URQUHART نے RABELAIS کی ایک عبارت کا ترجمہ کیا ہے:

If by fortune there be rarity or penury of pecune in our marsupies, and that they be exhausted of ferruginean metal for the shot, we dimit our codices, and oppignerate our vestiments, whilst we praestolate the coming of the tabellaries from the panates and patriatic lares.

اسی بات کو GEORGE LOANS نے زیادہ سادگی سے ادا کیا ہے:

If our purses lack money, we get rid of our books, pledge on clothes, and anticipate our patrimony.

Pedantic Humour

علم و فضیلت کا دکھاوا جیسے:

Therefore, you clown, abandon-which is in the vulgar leave - the society - which in the boorish is company - of this female - which in the common is woman - which together is: abandon the society of this female. . . .

(Shakespeare)

Peelers
پولس کا سپاہی۔

Penance
ریاضت کفارہ۔

Penitence
ندامت گناہ۔

Penny-a-liner
سستا اور سطحی مصنف۔

Penny Dreadful
مہم، معما اور مجرمانہ تشدد سے متعلق سستا ناولٹ۔

Pentametre
پنج رکنی سطر۔ IAMBIC وزن میں۔ انگریزی میں IAMBIC PENTAMETRA مقبول بحر ہے:

This royal throne of kings, this scepter'd is
This earth of majesty, this seat of May
This other Eden, demi-paradise,
This fortress built by Nature for herself
Against infection . . . (King Richard II)

Pentapody
پانچ ارکان یا پنج رکنی سطر

Pentastich
پانچ سطروں کی ایک نظم یا ایک بند۔ دیکھو CINQUAIN

Penthemimer
لاطینی چھ رکنی اور پنج رکنی سطروں میں تیسرے رکن کے بیچ میں وقفہ۔

Penult
ماقبل آخر ہجا۔ GEOCENTRIC دیکھو ← CLR PENULT

Percept
مدرکہ۔ شے مدرکہ

Perception
ادراک۔ احساس۔ تمیز۔

Perceptual
ادراکی۔ حسّی۔

Perfect Rhyme دیکھو RHYME

Period
ایک جملہ جس میں مختلف ٹکڑے ہوتے ہیں اور معنی جملے کے اختتام سے پہلے پورا نہیں ہوتا ہے۔

Periodic sentence دیکھو LOOSE AND PERIODIC SENTENCE

Peripeteia, Peripety
فوری تبدیلی سکوس۔ ارسطو نے اس کی مثال OEDIPUS REX اس سین سے دی ہے جس میں قاصد یہ سمجھتا ہے کہ وہ OEDIPUS کی الجھنوں کو دور کر دے گا لیکن اس کی باتوں کا نتیجہ برعکس ہوتا ہے۔

Peripety دیکھو PERIPETEIA

Peripheral
محیطی۔

Periphrasis
پھیر پھار کا طرز گفتگو۔

Peroration
خاتمہ تقریر۔ تقریر کا وہ فصیح حصّہ جو آخر میں ہوتا ہے۔

Persiflage
مذاق۔ دل لگی۔

Person
شخص۔

Persona
خیالی شخص جو دنیا یا کتاب میں کوئی پارٹ ادا کرتا ہے۔

Personality
شخصیت۔

Personification
تجسیم۔ بے جان اشیا۔ یا مجرد خیالات کو انسانی صفات عطا کرنا جیسے۔ LET THE FLOODS CLAP THEIR HANDS تجسیم ایک قسم

کا استعارہ ہے اور اس کا استعمال شاعری میں عام ہے۔

CARL SANDBERG نے لکھا ہے:

The fog comes
on little feet.

Persuasion

کسی کو عمل پر مائل کرنے کا فن۔

Perversion, Pervert

کجروی۔ کجرو۔

Pessimism

قنوطیت۔ یہ نظریہ کہ کائنات بنیادی طور پر بد ہے اور زندگی عبث ہے۔ قنوطیت کی دو قسمیں ہیں: (۱) کائناتی قنوطیت جس کے مطابق کائنات کسی ظالم یا بے پروا طاقت کے رحم و کرم پر ہے (۲) رجعتی قنوطیت۔ یہ نظریہ کہ دنیا خراب ہوتی جا رہی ہے اور اس کا کوئی علاج نہیں۔

Petrarchan sonnet

چودہ سطروں کی نظم۔ اس کے دو حصے ہوتے ہیں۔ پہلی آٹھ سطروں کو OCTAVE یا OCTET کہتے ہیں اور بقیہ چھ سطروں کو OCTAVE-SESTET میں ترتیب قوافی اب ب ا اب ب ا اور SESTET میں ج د ہ ج د ہ ہوتی ہے۔ SESTET کی ترتیب قوافی میں کبھی تبدیلی بھی ہوتی ہے لیکن نظم میں پانچ قوافی سے زیادہ نہیں ہوتے ہیں۔

پہلے حصے میں مسئلہ ہوتا ہے اور دوسرے حصے میں اس کی ترقی ہوتی ہے۔ سانٹ کی یہ شکل تیرھویں صدی میں اطالیہ میں ایجاد ہوئی اور اسے PETRARCH کے نام سے منسوب کیا گیا۔ انگریزی میں اس کی مثال کیٹس کی مشہور سانٹ ON FIRST LOOKING INTO CHAMPMAN'S HOMER ہے۔

Petrarchism

PETRARCH کا اسلوب جس میں نحوی پیچیدگی ہوتی ہے، پر تکلف نکتہ سنجی ہوتی ہے اور اسلوب روایتی ہوتا ہے۔

Phantasy

واہمہ۔ قوت واہمہ۔

Phenomenon

مظہر۔ وہ شے جس کا حواس یا دماغ بلاواسطہ ادراک کر سکے۔

Philippic

DEMOS THENES کی وہ تقریر جو اس نے PHILIP OF MACEDON کے خلاف کی تھی۔ ہجویہ، ملامت انگیز تقریر۔

Philistine

مادہ پرست، جس کی نظر مادی اشیا تک محدود ہے، جو مادیت، ترقی اور دولت کے آگے فن، حسن، کلچر اور روحانی چیزوں کو ہیچ سمجھتا ہے۔ آرنلڈ نے ان انگریزوں کو PHILISTINES کہا تھا جو سمجھتے تھے کہ دولت عظمت کا ثبوت ہے۔

Philology

علم اللسان؛ لسانیات۔

Philosophy

فلسفہ۔ ہمہ گیر اصول اور ابدی حقیقتوں کا مطالعہ۔

Phlegmatic

بلغمی مزاج۔ بلغمی۔ بلغس۔

Phoneme

زبان میں صوت کی بنیادی اکائی۔

Phonetic

صوتی۔ وہ نظام؛ جو حشو و زوائد سے پاک ہے جس میں ہر آواز کے لیے ایک ہی حرف ہے۔ PHONETICS۔ علم الاصوات؛ صوتیات؛ لسانیات کی ایک شاخ۔

Phonetic alphabet

یونانی ALPHS BETA اور PHOENICIAN WITH ALEPH علامتوں سے

Phobia

خوف۔

Photogravure

فوٹوگراف اور ترشوں سے طباعت کے لیے پلیٹ تیار کرنے کا طریقہ۔

Phrasal verb

فقرہ زا فعل ایک متعلق فعل سے مل کر مکمل ہوتا ہے جیسے JAMPUP
'FALLIN' RUNOUT

Phylactery
چمڑے کی ڈبیا جس میں عبرانی کا نسخہ توریت چمڑے پر لکھا ہوا ہوتا ہے۔ یہودی اسے اس لیے پہنے رہتے ہیں کہ احکام ربانی کی یاد دلاتا رہے۔ تعویذی توریت۔

Picaresque
ناول کی وہ قسم جس کا ہیرو ایک بدمعاش ہوتا ہے اور مطلق بدلتا نہیں۔ اس کی ایجاد سپانیہ میں سولھویں صدی میں ہوئی۔ اس طرز کی پہلی انگریزی کتاب NASH کا ناول THE UNFORTUNATE TRAVELLER ہے LESAGE کی GIL BLAS اس صنف کی سب سے مشہور کتاب ہے۔ انگریزی میں SMOTTETT نے بھی اس قسم کے ناول لکھے جیسے RODERICK RANDAM

Picaroon
بدمعاش، چور، ڈاکو، بحری قزاق CAPTAIN SINGLETON اور COLONOL JASK اس قسم کے DEFOE کے دو کردار ہیں۔

Pictorial method
دیکھو PANORAMIC METHOD

Pidgin English
بگڑی ہوئی انگریزی جو چینی اپنے محاورے اور لہجے کے مطابق بولتے ہیں۔ یہ ایک قسم کی کاروباری زبان ہے جو چینیوں اور فرنگیوں کے درمیان رائج ہے۔

Piece a' these
دیکھو THESIS PLAY

Piece Bien Faite
دیکھو WELL-MADE PLAY

Pierrot
ایک چلتا پھرتا گویا، فرانسیسی چپ سوانگ کا ایک جانا بوجھا کردار۔

Pindaric Ode
اس کا موجد PINDAR کو سمجھا جاتا ہے۔ ابتداً ODES میں تین تین کر کے نظم ہوتے تھے۔ پہلے STROPHE ہوتا تھا جو اس وقت گایا جاتا تھا جب کورس ایک جانب حرکت کرتا تھا پھر ANTISTROPHE ہوتا تھا جس کی بحر وہی ہوتی تھی جو STROPHE کی ہوتی تھی اور یہ اس وقت گایا جاتا تھا جب کورس دوسری جانب جاتا تھا۔ پھر EPODE ہوتا تھا جس کی ترتیب دوسری ہوتی تھی اور یہ اس وقت گایا جاتا تھا۔ انگریزی میں اس کی مثال کم ہے جیسے GRAY کی THE PROGRESS OF POESY

Piracy
حق تالیف و تصنیف کی خلاف ورزی۔

Pitch
دیکھو METRE

Pity
ترس، رحم، ہمدردی، دردمندی۔

Pivot word
لفظ یا فقرہ جو آگے اور پیچھے جو الفاظ یا فقرے ہوں ان پر اثر ڈالے۔

Plagiarism
سرقہ۔ کسی دوسرے مصنف کی تحریر یا خیال کو اپنانا۔ ملٹن نے لکھا ہے:

If it be not bettered by the borrower, among good authors is accounted plagiaric.

مشہور مصنفوں میں مولیئر STERNE اور DUMAS اس کے مرتکب ہوئے ہیں۔

Plainsong
ایک قسم کی مذہبی موسیقی جو اصول اور قواعد کی شدید پابند نہیں ہوتی ہے۔

Plain style
تین قدیم اسلوبوں میں سب سے سادہ اسلوب۔

Plaint
دیکھو COMPLAINT

Planh
مرثیہ کا نوحہ۔

Planography
چکنی سطح پر طباعت جیسے آفسیٹ طباعت۔

Plastic graphy
فنون شکل تراشی، وہ فن جس میں ڈھالنے اور سانچے سے کام لیا جاتا ہے مثلاً بت سازی، سفال گری۔

Plasticity
صورت پذیری، شکل پذیری۔

Platitude
پرانی دھرائی بات یا قول۔ ایک عام یا پرانی بات خصوصاً جو بڑے یقین اور سنجیدگی سے کہی جائے۔

Neither a borrower nor a lender be,
For loan oft loses both itself and friend,
And borrowing dulls the edge of husbandry.
(Shakespeare)

Platonic love

روحانی محبت جس میں جنسی خواہشات کا شائبہ نہیں ہوتا۔ MARSILIO FICINO نے پہلی بار AMOR PLATONICUS کا استعمال کیا تھا۔

Platonism

فلاطونیت۔ پال ارور سے کے مطابق افلاطون کا مرکزی خیال یہ ہے:

خیالات کی ایک دنیا کا وجود، ربانی مظاہر یا مادی چیزوں کی صورتیں۔ صرف یہی خیالات حقیقی اور دوامی ہیں۔ انفرادی اور مادی چیزیں ان کی بے ثبات اور نامکمل شکلیں ہیں۔

Play

ناٹک۔ ڈراما جو اسٹیج پر کھیلا جائے۔

Pleasure Principle

اصول شادمانی۔

Pléiade, la

عقد ثریا۔ چیت رشی۔ یہ نام پہلے سات یونانی شعرا پر منطبق ہوتا تھا جن میں THEOCRITUS، ARATUS اور LYCOPHRON تھے۔ بعد میں یہ نام سولھویں صدی میں فرانسیسی شاعروں کی ایک جماعت نے اختیار کیا جن کے نام PIERRE DE RONSARD ، DORAT اور PONTUS DE TYARD تھے۔

Pleonasm

حشو و زوائد کا استعمال جیسے : I SAW IT, 'THIS WAS THE MOST UNKINDEST CUT OF ALL' WITH MY OWN EYES'

Plot

پلاٹ۔ قصہ، نظم، ڈراما کی روداد یا خاکہ۔ E.M. FORSTER نے لکھا: قصہ واقعات کا بیان ہے بترتیب زمانی کے مطابق پلاٹ بھی واقعات کا بیان ہے لیکن زور اسباب و علل پر ہے۔ قصہ کی مثال یہ کہ بادشاہ مر گیا پھر ملکہ بھی مر گئی۔ پلاٹ کی مثال یہ ہے کہ بادشاہ مر گیا اور اس کے غم میں ملکہ نے بھی جان دی۔

Pluralism

کثرتیت۔

Podsnappery

خود پسندی اور اطمینان بالذات کا نمونہ۔ ڈکنس کے ناول OUR MUTUAL FRIEND میں ایک کردار MR. PODSNAP ہے جو خود پسند ہے [illegible]

Poem

نظم۔

Poetaster

متشاعر۔ بے مایہ شاعر، [illegible]

Poetic diction

شعری اسلوب۔ [illegible] کا قول ہے کہ شعری اسلوب صاف لیکن عام سطح سے بلند ہونا چاہیے۔ شاعر غیر معمولی الفاظ، استعاروں اور اسلوبی نقش و نگار کا استعمال کرتا ہے۔ اس طرح اس کا اسلوب ممتاز ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹر جانسن کے مطابق انگریزی میں ماقبل ڈرائڈن کوئی شعری اسلوب نہ تھا حالانکہ سپنسر نے پرتکلف شعری اسلوب استعمال کیا تھا۔ اٹھارھویں صدی میں ڈرائڈن، پوپ وغیرہ نے بہت مرصع اسلوب اختیار کیا۔ ورڈزورتھ نے اس مرصع طرز کے خلاف احتجاج کیا اور کہا کہ نثر اور شعر کی زبان میں کوئی مخصوص فرق نہیں ہوتا ہے۔ اس کا قول تھا کہ شاعر کو A SELECTION OF THE [illegible] [illegible] استعمال کرنا چاہیے۔

Poetic Justice

انصاف شاعرانہ۔ [illegible] نظم، ڈراما وغیرہ میں بدی کی سرزنش [illegible] [illegible] سے کہا ہے:

Poetic justice, with her [illegible]
Where, in nice balance, truth with gold she weighs,
And solid pudding against empty praise.

Poetic licence

تصرف شاعرانہ نیز بلند پایہ شاعروں کا زبان وغیرہ کی معمولی قید و بند سے آزاد ہونا۔ شعر میں بہت سی صورتیں اور ترکیبیں ممکن ہیں جو نثر میں متروک ہیں جیسے INVERSIONS 'CONTRACTED FORMS' ARCHAISMS وغیرہ۔

Poetic prose

شاعرانہ نثر۔ نثر جس میں بہت سی شاعرانہ صنعتوں اور صفات کا استعمال ہو:

There is a gloom in deep love, as in deep water: there is a silence in it which suspends the foot, and the folded arms and the dejected head are the images it reflects. No voice shakes its surface: the Muses themselves approach it with a tardy and timid step, and with a low and tremulous and melancholy song.

(W.S.Landor)

Poet Laureate

ملک الشعراء۔ بین جانسن پہلا ملک الشعراء تھا لیکن سرکاری طور پر یہ خطاب سب سے پہلے ڈرائڈن کو ملا تھا۔

Poetry

شاعری۔ شاعری سے متعلق بہت کچھ لکھا گیا ہے۔ ارسطو نے کہا ہے کہ یہ نقالی ہے۔ ورڈز ورتھ نے کہا ہے کہ یہ SPONTANEOUS OVERFLOW OF POWERFUL FEELINGS ہے۔ شیلے نے کہا: 'POETRY AWAKENS AND ENLARGES THE MIND BY A THOUSAND UNAPPREHENDED COMBINATIONS OF THOUGHT

Poetry and experience

شاعری اور تجربہ۔ شاعری بہت باریکی اور تعین کے ساتھ تجربے کی اصلی کیفیت کی ترسیل کرتی ہے (LEAVIS)

Poetry and Prose

شاعری اور نثر۔ شاعری کا جوہر بالکل جداگانہ ہے۔ یہ صحیح نہیں کہ ہم ایک تجربے کو حسب خواہش نظم یا نثر میں بیان کر سکتے ہیں۔ شعری تجربہ صرف شعر میں بیان ہو سکتا ہے۔ نثر میں کم تناؤ اور دوسری قسم کی ذہنیت کی ضرورت ہوتی ہے۔

Poetry and Truth

شاعری اور سچائی۔ زیادہ نقادوں کا خیال ہے کہ فن برائے فن کا نظریہ غلط ہے۔ ان کا خیال ہے کہ شاعری اور سچائی میں بہت اہم رشتہ ہے اگرچہ اس رشتے کی توضیح مشکل ہے۔

Poetry, oral

زبانی شاعری۔ قدیم زمانے میں ہر جگہ پائی جاتی تھی اور اب بھی بعض قبیلوں اور عوام میں پائی جاتی ہے۔

Poiema

دیکھو۔ LOGOS

Point

: ٹیپ کو ناپنے کی اکائی۔

Point of attack

ڈراما میں وہ نقطہ جہاں سے مرکزی عمل شروع ہوتا ہے۔ یہ شروع میں بھی ہو سکتا ہے اور انجام ڈراما کے پہلے بھی۔

Point of honour

کوئی لفظ یا کام جس سے عزت پر دھبا لگتا ہے اور اس لیے ہر خطروں کے باوجود اس دھبے کو دھونا ضروری ہو جاتا ہے۔

Point of reference

یہ خیال کہ شاہکاروں میں کوئی صورت ایسی ضرور ہوتی ہے۔ جو سامعین کو معقولیت اور توازن کا احساس دلاتی ہے۔ جذبات کی شدت اور ہیجان ناقابل برداشت کیوں نہ ہو۔

Point of rest

وقفہ۔ ٹھہراؤ۔

Point of sanity

دیکھو۔ NORM

Point of view

نقطۂ نظر۔ E.M. FORSTER نے لکھا ہے:

ناول نگار کرداروں کا خارجی بیان کر سکتا ہے گویا ایک طرفدار یا غیر جانبدار تماشائی کی طرح یا وہ عالم کل کی طرح ان کی اندرونی عکاسی کر سکتا ہے یا وہ ایک کردار بن کر دوسروں کے حرکات سے بے خبری ظاہر کر سکتا ہے اور بھی درمیانی رویے ہو سکتے ہیں۔

Point, Turning

المیہ میں وہ نقطہ جب عمل کا رخ عروج پر پہنچ کر بدل جاتا ہے۔

Poised expentancy
دیکھو SUSPENSE

Polarity
تضاد قطبین - اجتماع ضدین -

Polemic
حجت - بحث - مناظرہ

Policy
دیکھو QUESTION

Political novel
سیاسی ناول - STENDHAL نے لکھا ہے:
ادب میں سیاست گویا ایسی لگتی ہے جیسے مجلس سرود و ساز میں پستول کی آواز یعنی کوئی تیز اور ناشائستہ چیز لیکن پھر یہ ایسی چیز بھی ہے کہ جس سے اپنی توجہ کو بالکل ہٹا لینا ناممکن ہے -

Polyglot Bible, the
اس کو BRIAN WALTON اور دوسرے عالموں نے [illegible]

Polyphonic prose
نثر جس میں بعض شعری [illegible] ہوتی ہیں جیسے مسجع نثر - ہم صوتی اور قوافی مثلاً AMY LOWELL کی CAN GRANADE'S CASTLE

Polyptoton
صنعت لفظی جس میں ایک الفاظ کی مختلف نحوی اور صرفی صورتوں میں تکرار ہوتی ہے جیسے:

Thou art of blood, joy not to make things bleed
Thou fearest death, think they are loath to die.
(Sidney)

Polyrhythmic
ایسی نظم سے متعلق جس میں سطریں مختلف بحروں میں ہوں جیسے COWLEY کی

Polyschematic
یونانی اور لاطینی میں CHORIAMB اور TROCHEE سطروں کی مختلف ترکیبیں۔

Polysyllabic humour
مختصر لفظوں کی بجائے کثیر الاجزاء لفظوں کا استعمال ظرافت کی غرض سے TERMINOLOGICAL CONJUROR = PRESTIDIGITATOR LIE

Polysyllabic rhymes
تین ہجاؤں سے زیادہ کے قوافی جن کا استعمال ظرافت کی غرض سے ہوتا ہے خصوصاً MUSICAL COMEDY میں مثلاً EMPHATICALLY اور ESTATICALLY ایسے قوافی لفظوں کی تکرار سے بھی بنائے جاتے ہیں۔
جیسے: THROW ME A KISS اور BLOW ME A KISS

Polysyndeton
حروف عطف کی تکرار۔

He has out-soared the shadow of our might,
Envy and calumny and hate and pain,
And that unrest which men miscall delight.
(Shelley)

Polytheism
نظریہ کثرت معبود - اصنام پرستی - کثرت پرستی -

Pomposity
طمطراق۔

Pons Asinorum
اقلیدس کے پہلے مقالے کی پانچویں شکل۔

Popular antiquities
FOLKLORE کا پہلا نام - (لوک گیت)

Pornography
فاحشہ عورتوں سے متعلق تحریر یا فحش موضوعات پر تصنیف - ایسی تصنیف جو خواہش نفسانی کو تحریک کرے۔

Portmanteau word
گھڑا ہوا لفظ جو دو لفظوں کی ترخیم سے بنایا جائے اور دونوں کے معنوں پر حاوی ہو جیسے SLITHY جو LITHE اور SLIMY سے بنا ہے یا SNORT + CHUCKLE = CHORTLE

Positivism
ثبوتیت AUGUSTE COMTE کا نظام فلسفہ جس کی رو سے صرف ان چیزوں کا وجود تسلیم کیا جاتا ہے جو قابل مشاہدہ اور ثبوت ہوں۔

Pot boiler
اس ادب اور آرٹ کا نام جو محض کمانے کے لیے کیا جائے۔ وہ انشا پرداز یا صناع جسے محض روٹی کی فکر ہو۔

Potency

قوت۔ تیزی۔ اثر۔

Poulter's measure

وہ بحر جس میں باری باری سے بارہ ہجائی اور چودہ ہجائی سطریں ہوں GEORGE GASCOIGNE نے THE STEELE GLASS میں لکھا ہے:

Poulter's measure, which giveth xii for one dozen and xiiii for another;

Power, Literature of

DE QUINCEY نے ادب کی دو قسمیں بتائی ہیں: LITERATURE OF KNOWLEDGE (۱) LITERATURE OF POWER (۲) دوسرا ہمیں سکھاتا ہے، ایک ایک قدم آگے لے جاتا ہے۔ پہلی قسم کا ادب ہمیں متاثر کرتا ہے اور اوپر اٹھاتا ہے۔ دوسرا فانی ہے، پہلا باقی ہے جب تک کہ زبان باقی ہے۔

Pragmatism

نظریہ عملیت۔ یہ نظریہ کہ کسی شے کا معیار حقیقت صرف یہ ہے کہ اس کا انسانی اغراض و مقاصد سے کیا تعلق ہے۔

Praxis

عمل۔ المیہ کا پہلا اصول اور اس کی روح۔ لوگوں کے ساتھ کیسی گزرتی ہے، وہ کیا کرتے ہیں، ان کی اندرونی زندگی کیا ہے [illegible] یہ سب چیزیں اس میں شامل ہیں۔

Precious

پرتصنع۔ بناوٹی۔ حد سے زیادہ شستہ و شائستہ، حد سے زیادہ نازک یا نفاست پسند۔

Precision

صحت۔ درستی۔

Preciosite

اطوار اور طرز گفتگو کی حد سے زیادہ شائستگی، مضحک حد تک۔

Precis

تلخیص۔ خلاصہ، اختصار۔

Preconception

پیشیں تصور۔ تعصب۔ طرفداری

Preconscious

قبل شعور۔

Precursor

پیش رو۔

Predisposition

فطری میلان۔

Preface

دیباچہ، تمہید، افتتاحیہ، مقدمہ۔

Prejudice

تعصب۔

**Prelims:
Preliminary matter**

ابتدائی چیزیں جو متن سے پہلے ہوں۔ ان کی روایتی ترتیب یہ ہے: نصف عنوان، مصنف کی دوسری تصانیف کی فہرست، وہ با تصویر حصہ جو سرورق کے مقابل ہوتا ہے۔ کتاب کے بائیں ہاتھ (اردو کتاب کی صورت میں دائیں) کا صفحہ جس میں جملہ حقوق وغیرہ کا اندراج ہوتا ہے۔ انتساب، دیباچہ، فہرست، تصاویر کی فہرست، مقدمہ۔

Premeditation

پہلے سے سوچنا۔

Preperception

آمادگی ادراک۔

Pre-Rephaelite movement.

۱۸۴۸ء میں کچھ نوجوان فنکاروں اور مصنفوں کی ایک جماعت نے فن اور ادب میں معاصرانہ روایتوں کے خلاف جدوجہد کی اور انہوں نے RAPHAEL سے پہلے جو فنی طرز رائج تھے انہیں استعمال کرنا چاہا۔ انہوں نے اپنے خیالات کا اظہار THE GERM میں کیا۔ اس گروپ کے ارکان DANTE GABRIEAL ROSSETTI، HOLMAN HUNT، JOHN MILLAIS وغیرہ تھے۔ ادبی اس گروپ کے نمائندے D.G.ROSSETTI، اس کی بہن CHRISTIHA اور ولیم موریس تھے۔ لفظ PRE RAPHACLITISM سے ہمارے ذہن میں مصوریت، علامت نگاری، عہد وسطیٰ کی نقالی، قدیم طرز کا اسلوب اور حسیت کا خیال آتا ہے۔

Prestige

سطوت، اثر، شہرت۔

Priamel

ایک قسم کی مختصر جرمن عوامی نظم جو بارھویں صدی سے پندرھویں صدی تک رائج تھی۔ پہلے بند میں خیال پیش ہوتا تھا پھر دوسرے بند میں اسے مثال سے واضح کیا جاتا تھا اور اس کی توضیح آخری مصرعوں میں ہوتی تھی

Priapean

ایک کلاسیکی بحر، دیکھو [illegible]

Primacy

فضیلت، فوقیت، برتری۔

Primal

ابتدائی، اولین -

Primary and secondary stress

اصلی اور ضمنی تاکید۔ دو یا زیادہ تاکیدوں میں کسی لفظ کی جو بڑی تاکید ہوتی ہے اسے اصلی تاکید کہتے ہیں اور دوسری معمولی تاکید جو اسی لفظ کی دوسری جگہ پڑتی ہے اسے ضمنی تاکید کہتے ہیں۔

Primeval

ابتدائی، اصلی، قبل تاریخی۔

Primitive accumulation/Primitive culture/Primitive mentality

Primitive poetry, Primitive society, Primitive world

قدیم سرمایہ، ابتدائی ذخیرہ، قدیم کلچر، ابتدائی ثقافت، غیر مہذب دماغ، وحشی ذہن، وحشی شاعری، غیر مہذب یا وحشی سماج، غیر مہذب یا قدیم دنیا۔

PRIMITIVE, THE

بعض علما کا خیال ہے کہ سارا ادب وحشی دور کی طرف رجعت ہے

تشبیہ سے متعلق ادب کے لیے PSYCHICAL [illegible]

ب

Primitivism

قدیمیت، انسانی ارتقا کی ایک گزشتہ حالت کو آسمان پر چڑھانا۔

Primordial

اولین، ابتدائی، آغازی، جو ابتدا میں یا ابتدا سے موجود ہو۔

Printing

طباعت، دیکھو [illegible]

Private property

نجی جائداد۔

Problem play

دیکھو THESIS PLAY

Proceleusmatic

ایک رکن ----۔

Prochronism

تاریخی غلطی، کسی شخص یا واقعے کو زمانے سے پہلے پیش کرنا۔

Process

عمل۔

Procrustean

جبر و تشدد سے یکسانی پیدا کرنے والا طریقہ PROCRUSTES ایک قزاق ڈاکو تھا جو اپنے اسیروں کو ایک چارپائی پر لٹاتا تھا اگر وہ چھوٹے ہوتے تو ان کو کھینچ کر لمبا کر دیتا تھا اور بڑے ہوتے تھے تو پاؤں کاٹ ڈالتا تھا۔

Proem

تمہید، آغاز۔

Profile

چہرہ خاکہ، یک رخی تصویر، نقش شخصیت۔

Progressive

ترقی پسند، ترقی پذیر۔

Projection

ظلال، تظلیل۔

Prolegomenon

دیکھو [illegible]

Prolepsis

صفت کا مستقبل بطور پیش قیاس کسی صفت کو متوقع طور پر استعمال

کرنا۔

So the two brothers and their murder'd man
Rode past fair Florence. (Keats)

Proletariat

ادنیٰ ترین طبقہ۔ طبقہ مزدوراں۔

Proletariat art

پرولتاری آرٹ۔

Proletariat Class

پرولتاری طبقہ۔ طبقہ مزدوراں۔

Proletariat Consciousness

پرولتاری شعور۔

Proletariat Novel

دیکھو THESIS NOVEL

Proletariat Resolution

پرولتاری انقلاب۔

Proletariat Society

پرولتاری سماج۔

Prolixity

طول کلام۔ طوالت۔ طوالت پسندی جیسے ہیملٹ میں POLONIUS کی تقریر۔

My liege, and madam, to expostulate
What majesty should be, what duty is,
Why day is day, night night, and time is time
Were nothing but to waste night, day, and time.
Therefore, since brevity is the soul of wit,
And tediousness the limbs and outward flourished,
I will be brief

Prologue-Prologos

کسی تقریر یا تماشے کی تمہید۔ خصوصاً وہ نظم جس سے یونانی ڈرامے کا افتتاح ہوتا ہے:

Prologues precade the piece - in mournful verse
And undertakes - walk before the hearse.
(David Carrick)

Promise

آنے والی چیزوں یا واقعات سے آگاہ کرنا۔ یہ طریقہ ناول میں مستعمل ہے جیسے ڈرامے میں FORESHADOWING

Promythium

حکیمانہ مقولہ خصوصاً کسی حکایت کا سبق۔

Proof

پروف۔ مطبوعہ کاغذات جو بغرض تصحیح مشین سے نکالے جاتے ہیں۔ کسی چیز کا ثبوت پیش کرنا۔ کسی دلیل کے پانچ حصے ہوتے ہیں (۱) STATEMENT (بیان) (۲) (ادعا) (۳) (تصدیق) (۴) EVIDENCE (شہادت) (۵) PROOF (ثبوت)

Propaganda

(۱) کسی خاص خیال کو پھیلانا یا وہ سرگرمی جو کسی خاص عقیدے کو پھیلانے کے لیے عمل میں لائی جائے۔ (۲) نقطۂ نظر کو پیش کرنا یعنی مصنف کی شخصیت اور زندگی سے متعلق اس کے نظریے کا بیان۔ اس معنی میں سارا آرٹ پروپگنڈا ہے (۳) کسی خاص نظریے کو طرفدارانہ طور پر پھیلانا۔ یہ خیال کہ سارے فنون طبقاتی کشمکش میں ایک ہتھیار ہیں۔

Propaganda Novel

دیکھو۔ THESIS NOVEL

Propaganda Play

دیکھو THESIS PLAY

Properties

اوصاف مشترک۔ اندرونی خصوصیتیں۔ لباس یا فرنیچر وغیرہ جو اسٹیج پر استعمال کیے جائیں۔

Prophecy

پیشن گوئی۔

Proportion

تناسب۔

Propos

مختصر مقالہ جس میں کسی زرّین خیال کو جلا دے کر پیش کیا جائے۔

Proposition

تعبیر۔

Prosaic

ناثرانہ۔غیر شاعرانہ۔غیر ادبیانہ۔بے لطف۔بے کیف

Proscenium

(قدیم یونانی تھیٹر) اسٹیج (موجودہ تھیٹر) پردے اور روشن چوکی (ORCHESTRA) کی درمیانی جگہ۔

Prose

نثر۔ تحریر یا گفتگو کی زبان۔ کولرج کے مطابق "نثر کی تعریف یہ ہے WORDS IN THEIR BEST ORDER" اور شاعری کی تعریف یہ ہے: THE BEST WORDS IN THE BEST ORDER" ڈرائیڈن نے THE OTHER HARMONY OF PROSE کہا ہے۔ اوسکر وائلڈ نے لکھا ہے:

"Meredith is a prose Browning, and so is Browning. He used poetry as a medium for writing prose."

Prose poem

نثر جس کا اسلوب شاعرانہ ہو۔ جیسے LITTLE POEMS IN PROSE جس کا مصنف بودلیئر ہے۔

Prose Rhythm

نثری آہنگ۔

Prosodic symbols

عروضی علامتیں۔

Prosody

عروض۔علم العروض۔

Prosonomasia

مذاقیہ نام کا استعمال جو اصلی نام سے مشابہہ ہو جیسے CALDIUS BIBERIUS MERO (بے حد شراب پینے والا) بجائے CLAUDIUS TIBERINS MERO اصوات کی تکرار کا متوازن استعمال: PROVE ME ERE YOU REPROVE ME

Prosopopoeia

ایک خطیبانہ صنعت جس سے گزشتہ چیزوں کو اس طرح بیان کرتے ہیں کہ گویا وہ ابھی واقع ہو رہی ہیں۔ یا مردہ اشخاص کو زندہ تقریر کرتے ہوئے دکھانا یا مادی اشیاء کو جاندار کی طرح پیش کرنا۔

Protagonist

کسی افسانے یا ڈرامے کا خاص شخص۔ ہیرو۔

Protasis

یونانی ڈرامے کا پہلا حصہ جس میں کرداروں کو پیش کیا جاتا ہے اور موقع و محل کی تشریح کی جاتی ہے۔ پہلا فقرۂ شرطیہ۔

Protatic character

لاطینی ڈرامے میں ایک کردار کا اضافہ جس کا مقصد تھا کہ بیان و تشریح کا حصہ محض طویل خودکلامی نہ بن جائے۔

Prothalamion

ابتدائی سہاگ راگ۔

Prothesis

کسی لفظ کی ابتدا میں کسی حرف یا کسی جزو کا اضافہ جیسے BEMOCK 'YELAD'

Prothetical

اس صنعت سے متعلق جس میں خارجی پیکر روحانی حقیقت کی ترجمانی نہیں کرتا بلکہ روحانی حقیقت بن جاتا ہے۔ جیسے:

the water that is wine that is blood of the Christ

Prototype

اولین ٹائپ۔ ابتدائی نمونہ۔ اصلی نمونہ۔

Protozeugma

دیکھو ZEUGMA

Protreptic

خطیبانہ تقریر۔

Provencal verse forms

دیکھو OLD FRENCH FORMS

Proverb

ضرب المثل۔ کہاوت۔

Proverbe.

Proverbe dramatique

ALFRED DE MUSSET نے یہ اصطلاح اپنے بعض ڈراموں کے لیے گھڑی ہے جن میں موضوع چبھتے ہوئے عنوان سے واضح ہو جاتا ہے جیسے ON NEBADINE PAS AVEC L'AMOUR جس کا انگریزی ترجمہ ہے ONE DOES NOT JEST WITH LOVE

Pruning form

JOSEPH H. SUMMERS نے جارج ہربرٹ کی نظم کو جس کا عنوان PARADISE PRUNING POEM ہے کہا ہے۔ اس کا پہلا بند ہے:

I bless thee, lord, because I grow
Among thy trees, which in a row
To thee both fruit and order ow

اس بند میں دوسری اور تیسری سطروں کے قوافی پہلے قافیے کو کاٹ چھانٹ کر بنائے گئے ہیں۔ اس طرح دوسرے بندوں میں حسب ذیل قوافی ہیں: ARE - PARE - SPARE
ART - TART - START 'END - REND - FREND'

Psalm

بھجن، مناجات۔

Psalter

کتاب زبور۔ اس کا کوئی نسخہ۔

Pseudo epigrapha

جعلی تصنیف۔

Pseudonym

فرضی نام خصوصاً وہ نام جو کوئی مصنف اختیار کرے۔

Pseudo-statement

یہ لفظ I.A. RICHARDS نے اختراع کیا ہے جس سے وہ SCIENTIFIC TRUTH اور POETIC TRUTH کا فرق ظاہر کرتا ہے۔

Psittacism

گفتگو جو بے معنی بھی ہے اور جس میں ضرورت سے زیادہ تکرار بھی ہے۔

Psyche

روح۔ نفس۔

Psychic distance

دیکھو AESTHETIC DISTANCE

Psycho analysis

تحلیل نفسی۔ فرائڈ نے بتایا کہ لاشعور میں نسل کی بنیادی انگیزشیں اور وہ انفرادی خواہشیں جو پوری نہیں ہو سکتی ہیں چھپی ہوتی ہیں اور یہ بھی بتایا کہ ایک اندرونی محتسب جو جانتا ہے کہ سماج میں بعض خواہشات کی تسکین ممنوع ہے ان خواہشوں کو روکتا ہے اور دوسری صورتوں میں ظاہر ہونے کی اجازت دیتا ہے جو ممنوع نہیں ہیں۔ ایک صورت آرٹ ہے۔ اور اس نے یہ بھی بتایا کہ زندگی کی بنیاد جنسیت ہے اور جنسی خواہشات کو روکنے سے بہت سی ذہنی گتھیاں پیدا ہو جاتی ہیں اور ہماری زندگی مسخ اور شکستہ ہو جاتی ہے۔ اس طرح سے انسانی عمل کی جڑ عشق، محبت، جنسی خواہش (اب اسے جو کہیے) ہے ایڈلر نے احساس کمتری اور احساس برتری جیسے نئے خیالات کردار کے تجزیے کے لیے مہیا کیے اور جنگ نے INTROVERT اور EXTROVERT کی اصطلاحیں دیں اور سب سے اہم بات اس نے اجتماعی لاشعور کی اٹھائی جو SURREALIST مصنفین کی چراگاہ ہے۔

Psychography

یہ سوانح عمری کام آتی ہے اور کسی فنی کارنامے میں مصنف کی زندگی کی اہمیت پر زور دیتی ہے۔
یہی نہیں معمولی عناصر کو بھی اہمیت دیتی ہے کیونکہ کوئی عنصر غیر اہم نہیں ہے۔

Psychosis; Psychotic

دماغی عارضہ، نفسی عارضہ۔ دماغی عارضے میں مبتلا

Psychological moment

وہ لمحہ جس وقت پڑھنے والا کسی واقعے کا متوقع رہتا ہے۔

Pudder

دیکھو GOBBLEDEGOOD

Puff, Puffery

اشتہار۔ دوستوں کی تنقید جس میں تصنیف کی تعریف کی جاتی ہے (صلے کی امید میں)۔ SHERIDAN نے اپنے ڈرامے THE CRITIC میں چھوٹے نقاد کا نام MR. PUFF رکھا ہے:

"Yes, Sir, puffing is of various sorts; the principal are, the puff direct, the puff preliminary, the puff colleteral, the puff collusive, and the puff oblique, or puff by implication."

Pun

ذو معنی لفظ کا مزاحیہ استعمال، ابہام؛ تجنیس؛ ضلع جگت۔
شیکسپیئر سے چند مثالیں یہ ہیں MERCUTIO مرتے وقت کہتا ہے:

Ask for one tomorrow and you shall find one a grave man.

CASSIUS کہتا ہے:

Now it is Rome indeed and room enough,
When there is in it but one only man.

CYMBELINE میں ایک گیت:

Golden lads and girls all must
Like chimney sweepers come to dust.

Punctuation

اوقاف و اعراب۔

Pure poetry

خالص شاعری۔ شاعری کا جوہر۔ اس کے مختلف معنی ہیں: مواد اور شکل کا اس طرح گھل مل جانا کہ ان میں فرق مشکل ہو۔ دوسرا معنی ہے: ایسی شاعری جو خیالات سے عاری ہو۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ شاعری ایک قسم کی عبادت ہے۔

Purism

زبان کو اس کی خالص حالت میں محفوظ رکھنا۔ بیان کے قواعد کو سختی سے برتنا۔ کبھی کبھی اسے PRECIOCITE کے معنی میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

Puritan, puritanism

انگلستانی پروٹسٹنٹ فرقے کا رکن جو اصلاح کلیسا کو کافی نہ جانتا تھا بلکہ غیر صحیفی اور تحریف شدہ رسوم کی تنسیخ کا طالب تھا۔

Purity, purity of pleasure

پاکیزگی۔ خالصیت لذت۔

Purplepatch

پُرتکلف اور مرصع عبارت جیسے:

"Facing the window stood a curiously wrought cabine with lacquer panels of powdered and mosaiced gold, on which were placed some delicate goblets of Venetian glass, and a cup of dark-veined onyx. Pale poppies were broidered on the silk coverlet of the bed, as though they had fallen from the tired hands of sleep, and tall reeds of fluted ivory bare up the velvet canopy, from which great tufts of ostrich plumes sprang, like white foam, to the pallid silver of the fretted ceiling."

(Oscar Wilde)

Purpose

غرض۔ غایت۔ مدعا۔ مطلب۔ مقصد۔ نیت۔

Pursuit, pursuit of pleasure

تعاقب؛ تلاش؛ کھوج۔ تعاقب مسرت۔

Putrid

متعفن۔ گندہ۔ ناپاک۔

Pyrrhic

ایک رکن جس کی دونوں بجائیں بے تاکید ہوتی ہیں۔

Oh weep for Adon/is the/quick dreams.

Pyrrhic victory

فتح عظیم۔ فتح گراں بہا یعنی وہ فتح جو بہت کشت و خون اور قربانی کے بعد حاصل ہو جیسی PYRRHAS کے میدان میں ASCULUM رومیوں پر حاصل ہوئی تھی۔

Pythiambic verse

وہ بحر جس میں چھ رکنی DACTYLLIC کے بعد دو رکنی یا تین رکنی IAMBIC ہو چھ رکنی DACTYLLIC کو کہتے ہیں۔

Pythian metre

Q

Quadrivium

دیکھو THE SEVEN ARTS

Quality

اچھائی کا درجہ۔ کسی فنی کارنامے کی خاص خصوصیت۔ کیفیت۔

Quantitative verse

کلاسیکی وزن جس کی بنیاد تاکید پر نہیں بلکہ بڑی اور چھوٹی بجاؤں کی ترتیب پر ہوتی ہے۔

Quantity

کمیت۔

Quart d'heure

ایک مختصر ناٹک۔

Quartet

چار آہنگ۔ نظم کی چار سطریں۔ چار سطروں کا بند۔

Quarto

کاغذ کے ایک تختے کو دو دفعہ موڑنے کے بعد جو صفحہ بنتا ہے اس کی تقطیع۔ وہ کتاب جس میں اس تقطیع کے اوراق ہوں۔

Quaternarius

ایک سطر جس میں چار IAMBIC یا TROACHIC ارکان ہوں جیسے ٹینی سن کی یہ سطریں:

The year/is go/ing, let/him go;
Ring out/the false, ring in/the true

Quatorzain

چودہ سطروں کی وہ نظم جس میں سانٹ کے قواعد کی پابندی نہ ہو۔

Quatrain

رباعی۔ مربع۔ چار سطروں کا بند جس کی ترتیب قوافی مختلف قسموں کی ہو سکتی ہے جیسے لینڈر کی یہ نظم:

I strove with none, for none was worth my strife;
Nature I loved, and next to Nature Art;
I warmed both hands before the fire of life;
It sinks, and I am ready to depart.

Question

سوال جو جواب کا متقاضی ہے۔ خطیبانہ سوال جس کا جواب ظاہر ہے۔ رزمیہ سوال۔ ابتدائی رزمیہ نظموں میں موضوع کو بیان کرنے کے بعد دیوی سے سوال ہوتا ہے کہ عمل کس طرح شروع ہوا۔ اس کے جواب سے قصّے کا آغاز ہوتا ہے۔ سقراط نے کہا کہ کسی چیز کو بغیر چھان بین کے ماننا نہ چاہیے۔ یہ چھان بین سوالات کے ذریعہ ممکن ہے۔ سوالات تین چیزوں سے متعلق ہو سکتے ہیں (۱) بنیادی مقاصد انسانی زندگی کی معنی خیزی کا مسئلہ، انسانی تقدیر کا مسئلہ وغیرہ۔ (۲) مقاصد اور ذرائع (۳) ذرائع۔ واقعاتی اور منطقی سوالات بھی ہوتے ہیں۔ کوئی خاص واقعہ کیا ہے؛ کوئی خاص منظر کیا ہے؛ پالیسی یا مصلحت کا کیا تقاضا ہے۔ منطقی سوال متعین بھی ہو سکتا ہے اور غیر متعین بھی۔

Questions, for narrative

PIERRE ABELARD کے زمانے سے کسی واقعے کے بیان کو سات سوالات کا جواب دینا چاہیے: کون؟ کیا؟ کہاں؟ کیوں؟ کس طرح؟ کس ذریعے سے؟ کس طریقے سے؟ آخری دونوں سوالات "کس طرح" کے ضمنی سوالات ہیں۔

Quibbling

لفظ بازی۔ فقرہ بازی۔ سخن سازی۔ جگت بازی۔

Quinarius

وہ سطر جس میں پانچ IAMBIC ارکان ہوں جیسے بلینک ورس BLANK VERSE

For you/and I/are/past/our dan/cing days

Quinary

پانچ ہجاؤں کی سطر جو دوسری لمبی سطروں کے ساتھ ترکیب دی جاتی ہے۔

Quintain

پانچ سطروں کا بند جس کی ترتیب قوافی مختلف قسموں کی ہو سکتی ہے اور جس کی سطریں بڑی اور چھوٹی ہو سکتی ہیں:

Tell her, that wastes her time and me,
That now she knows,
When I resemble her to thee,
How sweet and fair she seems to be.

(Edmund Waller)

Quintessential words

چیدہ الفاظ جن میں نظموں کے معانی، شاعروں کی حیثیتیں اور ان کے عصر کی روح۔ یہ سب چیزیں بیک وقت مجتمع ہوتی ہیں:

Quintet

۵ سطروں کا بند۔ ترتیب قوافی اب اب ب ہوتی ہے۔

Quinzain

پندرہ سطروں کا بند۔

Quip

طنز۔ جملہ یا فقرہ جو کسی پر کسا جائے ۔ زبانی چوٹ۔

Quod semper quod ubique

QUOD SEMPER, QUOD UBIQUE. بزرگ ادب کی کسوٹی QUOD ABOMNIBUS جس کا انگریزی ترجمہ یہ ہے LONGINUS WHAT ALWAYS, WHAT EVERYWHERE کہا ہے کہ آرٹ کی بلند اور صحیح بزرگی تمام انسانوں کو ہر عہد میں لطف اندوز کرتی ہیں۔

Quotation

اقتباس۔ حوالہ۔

Q.V.

QUOD VIDE کا مخفف۔ ملاحظہ ہو۔ کسی دوسری کتاب کا حوالہ دینے کے لیے لکھتے ہیں۔

Quiproquo

التباس۔ مغالطہ۔ لاطینی QUID PROQUE ایک چیز کی جگہ کسی دوسری چیز کا غلط استعمال۔ خصوصاً وہ مغالطہ جو دو یا زیادہ کرداروں کو ہوتا ہے۔

R

Rabelaisian

رابلوی۔ بوستان خیالی۔ اسلوب یا تحریر جس میں خیال آرائی اور لفاظی کا زور اور عامیانہ قسم کی ظرافت پائی جائے۔

Race experience

نسلی تجربہ۔

Race memory

نسلی حافظہ۔

Raisonneur دیکھو CONFIDANT

Random

اٹکل پچو؛ بے تکا؛ بادہوائی؛ بے جوڑ؛ بے ترتیب۔

Range

وسعت۔ میدان۔ حدود۔

Rapport

رابطہ۔ تعلق۔

Rapture

سرخوشی۔ وجد۔ کمال مسرت۔

Rationalism

یہ نظریہ کہ عقل سے ہمیں براہ راست علم حاصل ہو سکتا ہے۔ حواس خمسہ کے جمع کیے ہوئے مواد سے نتیجہ نکالنے کی ضرورت نہیں۔ یہ عقیدہ کہ عقل آزادانہ طور پر حقیقت کی برائے حقیقت تلاش کر سکتی ہے اور یہ تلاش بے غرض ہو گی۔ یہ عقیدہ کہ حقیقت کی فطری اور عقلی تنظیم ہے جو سمجھ میں آ جا سکتی RATIONALIST سے اکثر مراد آزاد خیال ہوتا ہے جو مذہبی عقائد پر بے سوچے سمجھے آمنّا صدقنا نہیں کہتا۔

Rationalization

عقلی دلائل سے اپنی صفائی پیش کرنا؛ عقلیت پسندی۔

Rauberroman

وہ ناول جس کا ہیرو وطن پرست قزاق، ڈاکو یا بد معاش ہو۔

Reaction

ردّ عمل۔

Reactionary

رجعت پسند۔ لکیر کا فقیر۔

Readable

قابل مطالعہ۔ خواندگی پذیر۔

Reader, Ideal

کسی تصنیف میں ایک کردار جو مصنف کا نمائندہ ہے اور جو انہیں جذبات کا تجربہ کرتا ہے۔ تعجب، ہیجان اور تعریف۔ جو مصنف کی امید کے مطابق کسی تصنیف کے پڑھنے والوں کو ہو گا۔ ایک خیالی شخص جو مصنف کی ساری خوبیوں کو سمجھتا ہے۔

Readjustment

باز مطابقت۔

Realism

حقیقت طرازی؛ حقیقت نگاری؛ اصلیت نگاری۔ زندگی کے مشاہدات کو ان کی اصلیت میں پیش کرنا، وہ ناگوار یا تاریک کیوں نہ ہوں۔

Realism of presentation

C.S. LEWIS نے اس کی ان لفظوں میں تعریف و تشریح کی ہے:

"Age of Reason ...the art of beinging something close to us, making it palpable and vivid, by sharply observed or sharply imagined detail."

[دیکھی ہوئی یا تصور کی ہوئی جزئیات سے کسی چیز کو قاری سے قریب کرنے ، اسے مرئی اور محسوس بنانے کا فن]

Reality

حقیقت۔

Reality Principle

اصول حقیقت۔

Realm of ends

دیکھو AGE OF REASON

Received pronunciation

رِیا معیاری تلفظ۔

Recension

تصحیح۔ متن پر نظر ثانی۔ نسخہ مصححہ۔

Reception, Receptivity

قبولیت۔ تاثر پذیری۔ صلاحیت قبول۔

Receptor

وہ شخص جو کسی فنی کارنامے پر دھیان دے۔ وہ سننے والا، دیکھنے والا یا پڑھنے والا ہو۔

Recessive accent, stress

پس گرداں تاکید۔ کبھی کبھار شعر میں جس ہجا پر تاکید ہونی چاہیے اس پر نہیں ہوتی ہے بلکہ ما قبل ...

The extreme parts of time extremely forms
All causes to the purpose of his speed
(Shakespeare)

Recidivism

مجرمانہ زندگی کی طرف عود۔

Reciprocity

باہم دگری۔ عمل و رد عمل

Recognition

المیہ میں وہ لمحہ جس وقت ہیرو آگاہ ہو جاتا ہے کہ آفت سر پر کھیل رہی ہے۔ OEDIPUS کی یہ جانکاری کہ اس نے اپنے باپ کو قتل کیا ہے اور اپنی ماں سے شادی کر لی ہے۔

Recoil, Tragedy of

وہ المیہ جس میں ہیرو کی کمزوری یا خامی اس کی مصیبت کا سبب ہوتی ہے:

The gods are just, and of our pleasant vices
Make instruments to plague us. (King Lear)

Reconciliation

توافق۔ تطبیق۔

Recondite

عسیر الفہم۔

Recto and verso

کھلی کتاب کی سیدھی طرف کا صفحہ۔ صفحہ راست VERSO، صفحہ چپ

Redaction

تدوین۔ ترتیب (کتاب وغیرہ کی)

Reductio ad absurdum

کسی اصول کے غلط ثابت ہونے کا ثبوت اس کے منطقی نتائج کو مہمل ثابت کرنے سے

Redundant verse

دیکھو ACTALECTIC VERSE

Reduplication

حرف یا ہجا کی تکرار (کچھ تبدیلی کے ساتھ) 'ROLY-POLY' 'SHILLY-SHALLY' 'NAMBY-PAMBY'

Reference Marks

حواشی کو بتانے کی علامتیں (DOUBLEDAGGER) ‡ (DAGGER) † (ASTERISK) * (PARAGRAPH MARK) ¶ (PARALLEL) ‖ (SECTION MARK) §

Reference, Point of POINT دیکھو

Referential Language EMOTIVE LANGUAGE دیکھو

Reflection

تفکر۔ دھیان۔ غور و فکر۔ شاعری میں اس کی بہت اہمیت ہے
ورڈز ورتھ نے لکھا ہے:
تفکر شاعر کو اعمال، نقوش، خیالات اور جذبات کی اہمیت
سے آگاہ کرتا ہے اور یہ قوت حاسہ کو ان میں جو ربط ہے اس کا
ادراک کرنے میں مدد کرتا ہے۔

Referential

اشاری۔

Reflex action

اضطراری عمل۔

Refocillate

زندہ کرنا۔ تازہ کرنا۔

Refrain

ٹیپ۔ ترجیع (جو ہر بند کے آخر میں آئے) کبھی کبھار بیچ میں بھی آتے
پرانی BALLADS میں REFRAIN اکثر پایا جاتا ہے:

This ae nighte, this ae nighte,
Every nighte and alle,
Fire and fleet and candle-lighte,
And Christe receive thy saule.

When thou from hence away art past,
Every nighte and alle,
To Whinny muir thou com'st at last:
And Christe receive they saude

Regionalism

ادب میں کسی خاص خطے کی خصوصیات کو منعکس کرنا جن سے
کردار متاثر ہوتے ہیں جیسے ہارڈی کے ناولوں میں۔

Regression

رجعت۔

Rejet

جب ایک سطر کے معنی دوسری سطر میں مکمل ہوں تو جو حصہ دوسری
سطر میں جا پڑتا ہے اسے REJET کہتے ہیں:

It neigait, it neigait toujours! Le froide
bise sifflait.

یہاں SIFFLAIT کو REJET کہیں گے

Relativism

جمالیات میں اس کا مطلب یہ ہے کہ دو متضاد رائیں درست
ہو سکتی ہیں جیسے کوئی کہے کہ یہ نظم اچھی ہے تو اس کا مطلب
صرف یہ ہے کہ اس نظم سے وہ لوگ محظوظ ہوں گے جو میرے
ہم مذاق ہیں۔ دوسرا شخص اسی نظم سے متعلق کہتا ہے کہ یہ نظم بری
ہے تو اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ اس نظم سے وہ لوگ لطف
اندوز نہ ہوں گے جو میرے ہم مذاق ہیں۔ بظاہر دونوں نقاد اپنی
اپنی جگہ پر درست ہیں۔

Relevance

تعلق؛ برمحل ہونا؛ چسپانی؛ جھلک

Relief COME RELIEF دیکھو

Reminiscence

یاد، یادداشت۔ (جمع میں) سوانح؛ وقائع۔

Renaissance, Renascence

نشاۃ ثانیہ۔ علوم و فنون کے احیا کا زمانہ (تیرھویں صدی سے
سولھویں صدی تک) جو یورپ کی جدید ترقیوں کی ابتدا مانا
جاتا ہے۔

Renunciation

تیاگ۔ ترک۔ ترک علائق۔ نفس کشی۔

Repentance

پشیمانی۔ انفعال۔ پچھتاوا۔

Repetend

جملۂ متوالی۔ بار بار آنے والا جملہ، ترجیع بندکی ٹیپ، سطریں۔

Repetition

تکرار۔ موسیقی، مصوری اور شاعری میں اس سے فنی کام لیا

جاتا ہے، شاعری میں یہ تکرار RHYTHM 'ASSONANCE METRICAL اور ALLITERATION 'REPETAND REFRAIN PATTERN ... کی صورتوں میں ہوتی ہے۔

Replevin

یہ قانونی اصطلاح ہے۔ اس کے معنی تحقیقات کے ہیں جس کے ذریعہ ضبط کیے ہوئے مال اس کے جائز مالک کو مل جاتے ہیں۔ ادب میں یہ معنی ہوتے ہیں کہ یہ ایک تنقیدی جائزہ ہے جس کے ذریعہ مصنف کی تصانیف کی جائز قدر و قیمت دریافت کی جاتی ہے۔

Reportage

رپورتاژ۔ کسی واقعے کا بیان جو گپ شپ کے طرز میں لکھا گیا ہو۔

Reported speech

دیکھو INDIRECT SPEECH

Representation, representationism

شبیہہ۔ شبیہت۔

Representative fiction

نمائندہ افسانہ۔

Repression

احتساس۔ کسی ناجائز خواہش یا یاد کو دبانا، بھلانے کی کوشش کرنا۔ خواہشوں کو اس طرح دبانے سے بہت سی گتھیاں پڑ جاتی ہیں۔

Repugnance

تنفر۔ کراہت۔

Repulsion

احساس یا جذبات کا شدید فوری تغیر۔

Reputation

دیکھو FAME

Requiem

نوحہ۔ مرثیہ۔ یہ REQUIEM AETERANAM DONA EIS, DOMINE کا پہلا لفظ ہے جو ایک دعا ہے جو مُردوں کی مغفرت کے لیے پڑھی جاتی ہے۔

Resemblance

مشابہت۔

Resistance

مزاحمت۔

Resolution

دو چھوٹی بجاؤں کی بجائے ایک بڑی بجات سے کام لینا۔ رویے کی گتھیوں کو سلجھانا۔ متضاد انگیزشوں کا توازن جو ایک فنی کارنامے میں ملتا ہے۔

Response

ردِّعمل۔ جوابی عمل۔

Restoration

عودِ شاہی ۱۶۶۰ء۔ جب چارلس دوم کی واپس کے بعد انگلستان میں پھر شاہی حکومت قائم ہو گئی تھی۔ اس دور کے لکھنے والوں میں ممتاز شخصیتوں کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) Repys (۲) Dryden (۳) Lock (۴) Wycherley (۵) Congreve (۶) Vanbourgh (۷) Forquhar۔

Restoration comedy

عودِ شاہی کے بعد جو کامیڈیاں لکھی گئیں وہ نفاست، پُرتکلف نکتہ سنجی اور شہوانیت کے لیے ممتاز ہیں۔

Restraint

ضبط۔ بندش۔

Resume

لبِ لباب۔ خلاصہ۔

Retardotion

تعویق۔ ابطار۔

Retrograde, Retrogression Retrogressive

رجعتِ قہقری کرنا۔ پس روی۔ پس رو۔

Retrospection

یادِ ماضی۔ خیالِ ماضی۔ بازبینی۔

Retroencha

مغنی شاعر (عہدِ وسطیٰ کے) کا گیت۔

Revaluation

بازسنجش قدر۔

Revelation

کروسے نے کہا ہے کہ اگر آرٹ اظہار (EXPRESSION)

سے کچھ زیادہ ہے تو کسی نے ابھی تک یہ نہیں بتایا کہ یہ کچھ زیادہ کیا ہے۔ کچھ زیادہ REVELATION (وحی) ہے کیونکہ کسی نے کہا ہے
ART DOES NOT MERELY EXPRESS, IT REVEALS'

Revenge, Tragedy of

انتقامی المیہ۔ ملکہ الیزبتھ کے عہد میں ایک قسم کا ڈراما ملتا ہے جس میں مرکزی محرک جذبہ انتقام ہوتا ہے۔ تھامس کڈ کا ڈراما THE SPANISH TRAGEDY اس قسم کا ایک نمونہ ہے۔

Reverberation

بازگشت (آواز کی)۔ گونج۔ رد عمل

Reverdi

پرانا فرانسیسی رقص گیت جس میں بہار کے حسن کا بیان ہوتا ہے۔

Reverie

محویت۔ ادھیڑبن۔ خیالی پلاؤ۔

Review

تبصرہ۔ تنقید۔ یا رسالہ۔ مجلہ جیسے THE PARTISAN 'THE EDINBURGH REVIEW- REVIEW

Revision

دیکھو EMENDATION

Revivalism

احیائیت۔

Revolution

انقلاب۔

Revolutionary

انقلابی۔ انقلاب پسند۔

Rhapsody

(قدیم یونان) رزمیہ نظم یا اس کا حصہ جو ایک بار میں پڑھا جائے رجز۔ غیر معتدل، مبالغہ آمیز بے ترتیب تقریر یا تحریر موسیقی کا جذباتی نغمہ۔

Rhetoric

فن خطابت۔ خطیبانہ زبان یا طرز ادا جس سے سامعین مرعوب و متاثر ہوں جیسے:

His legs bestrid the ocean; his rear'd arm
Crested the world; his voice was propertied
As all the tuned spheres, and that to his frien
But when he meant to quail and shake the orb,
He was as rattling thunder. (Antony and Cleoput)

Rhetorical accent

دیکھو ACCENT

Rhetorical figure

الفاظ کی ترتیب کسی خاص خطیبانہ تاثر کے لیے۔ ان صنعتوں کے نام ہیں: CHIASMUS APOSTROPHE, RHETORICAL QUESTION 'INVOCATION اور ZEUGMA -

Rhetorical Irony

دیکھو IRONY

Rhetorical question

خطیبانہ سوال جس سے استفہام نہیں بلکہ تاکید مقصود ہو:

Hath not a Jew eyes,? hath not a Jew hands, organs, dimensions, senses, affections, passions?. .. If you prick us do we not bleed ? if you tickle us, do we not laugh ? if you poison us, do we not die ? and if you weing us, shall we not revenge ?

یہاں: SHYLOCK ایک خطیبانہ سوال کے بدلے خطیبانہ سوالات کی بوچھار کرتا ہے۔

Rhetoric and poetic

خطابت اور شاعری۔ شاعری زندگی کی عکاسی ہے۔ یہ پڑھنے والے کی روح اور تخیل پر محرک کا کام کرتی ہے۔ یہ پر لطف ہوتی ہے، زندہ ہے اور زندگی بخشتی ہے اور مسحور کرتی ہے۔ خطابت زندگی پر اثر انداز ہونا چاہتی ہے اور سامعین کو کسی عقیدہ یا عمل کی ترغیب دیتی ہے۔ اس کا مقصد ہے سکھانا، مرعوب کرنا اور کسی بات کو منوانا۔

Rhetoriquer

پندرھویں صدی کی فرانسیسی شاعری کی ایک باضابطہ قسم جس میں پیچیدہ اوزان اور قوافی کی پیچیدہ ترتیب ہوتی ہے۔ طرز لاطینی ہوتا ہے اور پیچیدہ دشوار تخیل ہوتی ہے۔

Rhophalic verse

ایسی سطر جس میں ہر لفظ میں ماقبل لفظ سے ایک ہجاء زیادہ ہوتی ہے۔

Spes deus. acternae stationis conciliator.

Rhyme, Rime

قافیہ۔ قافیے کی مختلف قسمیں ہیں۔ END RHYME قافیہ جو سطر کے آخر میں ہو۔ INTERNAL RHYME اور LEONINE RHYME کا ذکر ہو چکا ہے۔ EYE RHYME وہ الفاظ جو دیکھنے میں قوافی نظر آئیں لیکن تلفظ میں قوافی نہ ہوں جیسے WEAK اور BREAK ایسا قافیہ جو کبھی حقیقی قافیہ تھا اور تلفظ کے بدل جانے سے اب قافیہ نہیں رہا ہے اسے HISTORICAL RHYME کہتے ہیں۔ انگریزی میں عام طور پر مستعمل قوافی کو COMPLETE 'PERFECT FULL 'TRUE یا RIME SUFFISANTE کہتے ہیں۔ اس قسم کے قوافی میں آخری تاکید دار حرف علت اور ساری اصوات دونوں قافیوں میں ایک ہوتی ہیں، صرف ماقبل کی اصوات مختلف ہوتی ہیں جیسے 'BAKE RAKE' 'HEAVEN - SEVEN'۔ جو قوافی حقیقی قوافی نہیں ان کے نام ہیں 'SLANT RHYME NEAR RHYME HALF RHYME 'APPROXIMATE RHYME 'OBLIQUE RHYME اور ANALYSED - RHYME IMPERFECT RHYME کا نام NEAR RHYME ہے کی چار سطروں میں پیچیدہ ترتیب کا جیسے RELIEF 'PASS 'LAUGH PEACE۔ قوافی ۱ اور ۳ اور ۲ اور ۴ میں CONSONANCE ہے اور قوافی ۱-۲ اور ۳-۴ میں ASSONANCE ہے APOCAPATED اس قافیے کو کہتے ہیں جس میں آخری ہجاء کا شمار نہیں ہوتا ہے جیسے 'HOPLESS ROPE' اور BROKENRHYME سے کہتے ہیں جب قافیہ ایک سطر سے دوسری سطر میں جا پڑتا ہے۔ IDENTICAL RHYMES ان قوافی کو کہتے ہیں جن میں اصوات تجنیسی ایک املا اور معانی مختلف ہیں۔ انہیں RIME RICHE بھی کہتے ہیں۔

ان سطروں میں چاسر نے IDENTICAL RHYME کا استعمال کیا ہے:

And specially from every shires ende
Of Engelond of Canterbury they wende,
The hooly holisful martir for to sake,
That tam hath holpen when that they were seek:

LINKED Rhyme قافیے کی ترکیب یہ ہے کہ سطر کی آخری ہجاء کو دوسری سطر کی پہلی ہجاء سے ملا دیتے ہیں PARA RHYME میں حروف صحیح مختلف حروف علت سے پہلے اور بعد یکساں ہوتے ہیں:

'LUCK - BACK'

قوافی کی کچھ اور بھی قسمیں ہیں یک ہجائی قوافی کو MASCULINE MALE یا SINGLE کہتے ہیں۔ دو ہجائی قوافی کو FEMININE FEMALE یا DOUBLE کہتے ہیں۔ سہ ہجائی قوافی کو TRIPLE کہتے ہیں جیسے:

Send her victorious
Happy and glorious

چار ہجائی قوافی کو QUADRUPLE کہتے ہیں۔ قوافی جو سطر کے بیچ اور آخر میں ہوں ان کو MIDDLE، MEDIAL یا INTERNAL - کہتے ہیں جیسے:

We were the first that ever burst
Into that silent sea

ALTERNATE RHYME قوافی کی وہ ترتیب ہے جب قوافی باری باری سے آتے ہیں اب اب اور ENCLOSED RHYME وہ قوافی کی ترتیب ہے جب قوافی اب با ہوتے ہیں۔ NURSERY RHYME وہ مختصر نظمیں ہیں جو بچوں کے لیے لکھی جاتی ہیں۔

Rhyme Royal

سات سطروں کا دس ہجائی بند جس میں ترتیب قوافی اب اب ب ج ج ہوتی ہے۔ چاسر نے پہلی بار اسے COMPLEYNTE UNTO PITE میں استعمال کیا ہے:

A compleynt had I, writen, in mym hord,
For to have put to Pitee as a bille;
But when I al this companye ther fond
That rather wolden, al bhy cause spille,
Then do me help, I held my pleynte stille!

For to that folk, withouten any fayle,
Withoute Pitee ther may no bille availe.

AVAIL - FAYLE', 'STILLE - SPILLE - BILLE' 'FOND - HOND'

یہی قوافی ہیں۔

Rhyme scheme

قوافی کی ترتیب۔ ترتیب قوافی۔

Rhythm

آہنگ۔ وہ متحرک پیٹرن (PATTERN) جو تاکید دار اور بے تاکید ہجاؤں سے نظم ونثر میں بنتا ہے۔ اس بدلتے ہوئے آہنگ یا متحرک پیٹرن اور معانی میں ناگزیر ربط ہوتا ہے۔ یہ آہنگ نامیاتی ہوتا ہے اور تخلیقی عمل سے اسے علاحدہ نہیں کیا جا سکتا ہے۔ سطروں کا آہنگ جذبات وخیالات کے آہنگ سے وابستہ ہوتا ہے اور یہ آہنگ یا پیٹرن اس پیٹرن سے مختلف ہوتا ہے جو کسی خاص بحر کے استعمال کی وجہ سے بنتا ہے۔ یہ آہنگ خارجی نہیں بلکہ اندرونی فرور توں کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس کی پیچیدگی شیلے کی ODE TO WESTWIND سے واضح ہوتی ہے۔ اس کا آخری بند ہے:

Make me thy lyre, even as the forest is:
What if my leaves are falling like its own.
The tumult of thy mighty harmonies
Will take from both a deep autumnal tone,
Sweet though in sadness. Be thou, spirit fierce.
My spirit. Be thou me, impetuous one
Drive my dead thoughts over the universe
Like withered leaves to quicken a new birth!
And, by the incantation of this verse,
Scatter, as from an unextinguished hearth
Ashes and sparks, my words among mankind.
Be through my life to unawakened earth
The trumpet of a prophecy! O, wind,
If winter comes, can spring be far behind?

Ribbon, edges

دیکھو CIRCUIT EDGES

Riddle

معما۔ چیستاں۔ پہیلی۔

Righteousness

راست بازی۔

Rigid

بے لوچ۔

Rime

دیکھو RHYME

Rime couée

دیکھو TAIL-RHYME STANZA

Rime Riche

PERFECT/FULL سے قافیہ بھی کہتے ہیں۔ قوافی کی اصوات یکساں ہوتی ہیں لیکن معنی مختلف ہوتے ہیں:

Have mercy, swete hute mym, Corisexde:
And if that, in the wordes that I seyde
By any wrong, I wol no more trespaee
(Chaucer)

Rising action

دیکھو FREYTAG'S PYRAMID

Rising Rhythm

جب تاکید رکن کی آخری ہجا پر ہوتی ہے جیسے

Măde weăk/by̆ tíme/ănd fáte/bŭt stróng/in will
Tŏ strive/tŏ seék/tŏ find,/ănd nót/tŏ yield
(Tennyson)

Rituals, Ritualism

رسوم۔ رسوم پرستی۔

Rivalry

رقابت۔

Rocking Rhythm

رکن میں جب تاکید دو بے تاکید ہجاؤں کے بیچ میں ہوتی ہے:

Believe me if all those endearing young charms,
Which I gaze on so fondly today,
Were to change by tomorrow, and fleet in my arms
Like fairy gifts fading away, . .
(Thomas Moore)

Rococco

ضرورت سے زیادہ آرائشی کام۔ مرصع پر تکلف طرز۔ اس کو BORNEO کی توسیع خیال کیا گیا ہے

Rodomontade

ڈینگ۔ شیخی۔ لاف وگزاف۔ ANTHONY کی رزمیہ نظم ORENDO FARM میں ایک سردار RODOMONT ہے جو بہت شیخی باز ہے۔

Romaic

جدید یونانی زبان

Roman type

رومن ٹائپ۔ چھاپے کے رومی حروف۔

Roman a clef

کلیدی ناول۔ ناول جس میں واقعی اشخاص کو فرضی ناموں کے پردے میں پیش کیا جاتا ہے۔ رابرٹ ہچنس نے اپنے ناول GREEN COUNTRY میں اوسکر وائلڈ اور لارڈ الفریڈ ڈوگلس کا مضحکہ اڑایا ہے

Roman a These

دیکھو Thesis Novel

Romance

رومان۔ حیرت انگیز جانبازی کا قصہ، رنگین اور غیر معمولی واقعات کا بیان۔ عشق سرفروشی کی داستان۔ حقیقت طراز ناول سے مختلف۔
دیکھو Mediaeval Romance

Romance-six

چھ ہجاؤں والی سطر جو پرانے فرانسیسی رومان کے آٹھ ہجائی بیت پر ختم ہوتی ہے۔

Romance versification

اس کی بنیادی خصوصیت تاکیدی آہنگ (ACCIDENTAL) ہے۔ اس کی اکائی میں ایک تاکیددار ہجا ہوتی ہے جس کے آگے یا پیچھے ایک یا دو بے تاکید ہجائیں ہوتی ہیں۔ دو یا تین اکائیوں سے یہ آہنگ بنتا ہے۔ اس لیے ہر سطر میں کم سے کم دو تاکیدیں ہوتی ہیں۔ ان میں سے آخری تاکید اہم ہے اور اس کی جگہ مقرر ہے، دوسری تاکید کی جگہ بدل سکتی ہے۔

Roman Fleuve

پشتے جیسا ناول۔ ڈوروتھی رچرڈسن کے بارہ ناول PILGRIMAGE کے نام سے شائع ہوئے۔ انہیں ناولوں کا نام LEONDEL نے ROMAN FLEUVE رکھا تھا۔

Roman Policier

فرانسیسی جاسوسی ناول۔ کلاسیکی جاسوسی ناول کا مرکز بزرگ جاسوس (THE GREAT DETECTIVE) ہے۔ GEORGES SIMENON نے اپنے ناولوں میں INSPECTOR MAIGRET کی تخلیق کی ہے۔

Romantic comedy

رومانی کامیڈی۔ اس کی ابتدا اسپانیہ میں ہوئی اور یہ صنف فرانس میں بہت کامیاب ہوئی۔ PHYLLIS نے اس کی تعریف ان لفظوں میں کی ہے: اس میں مبالغہ ہے تشدد ہے اور مقامی رنگ۔ لباس اور مناظر کا زبردست استعمال ہے۔ کسی بزرگ شاعر کے ہاتھوں میں اس پر بزرگی کا دھوکا ہوسکتا ہے۔ لیکن یہ بہت آسانی سے MELODRAMA بن جاتی ہے۔

Romantic Irony

دیکھو IRONY

Romanticism

رومانیت۔ اس کے اوصاف ہیں دوری ROMANCE IS THE DISTANCE اداسی، ربانی بے چینی، جوش اور پرزور تخیل۔ اس لفظ سے خیال حیرت انگیزی ROMANCE IS STRANGE BEAUTY نامعلوم اور ناممکن الحصول چیزوں کی طرف جاتا ہے۔ یہ نام یوروپین ادب میں اس تحریک کا ہے جو اٹھارھویں صدی کی آخری چوتھائی میں ہوئی۔ پرانے، تنگ، ذہنی رویے کی جگہ کشادہ نقطۂ نظر نے لی جس میں شدید جوش اور جذبے اور سبز زندگی کا احساس ہے، جس میں ناقدانہ نظر کی جگہ تخلیق نے لے لی اور نکتہ سنجی کی جگہ ظرافت اور دلگدازی نے۔

Rondeau

تیرہ سطروں کی نظم جس میں تین بند ہوتے ہیں اور صرف دو قافیے ہوتے ہیں اور ابتدائی الفاظ دو بار ترجیع کی طرح استعمال ہوتے ہیں۔ VOLTAIRE نے اس صنف کو مقبول بنایا۔ اس کی ایک نظم کا

انگریزی ترجمہ ہے:

You bid me try, Blue-eyes, to write
A hondeau, What! forthwith ? - Tonight ?
Reflect. Some skill I have 'tis true!
But thirteen lines ! - and rhoymed on two.
'Refrain,' as well. Ah hapless plight.
Still there are five lines - ranged aright.
These gallic bonds, I feared, would fright
My easy Muse. They did, till you -
You bid me try.

'That mekes them eight.- The port's in sight:
'Tis all because your eyes are bright.
'Now just a pair to end in oo." -
When maids command, what can't we do.
Behold. The Rondeau - tasteful, light -
you bid me try.

Rondeau Redouble

اس کی صورت RONDEAU سے زیادہ پیچیدہ ہوتی ہے۔ اس میں چھ مربع (رباعیاں) باری باری آنے والے قافیوں کے ساتھ ہوتے ہیں۔ پہلی سطر کے ابتدائی حصے کی ہر بند کے آخر میں غیر مقفی ترجیع کی طرح تکرار ہوتی ہے۔ ترتیب قوافی اب اب، ب اب ا، اب اب، اب ب ا، اب ب ا، اب اب اور ترجیع۔

Rondel

تیرہ چودہ سطروں کی نظم جس میں دو قوافی ہوتے ہیں اور پہلے مربع کی پہلی دو سطروں کی دوسرے اور تیسرے بند کے آخر میں تکرار ہوتی ہے۔ اگر آخر بند میں صرف پہلی سطر کی تکرار ہو تو نظم میں تیرہ سطریں ہوتی ہیں ترتیب قوافی اب اب، اب ب ا، اب ب ا (ب) ہے HENLEY کی ایک نظم ہے:

Beside the idle summer sea
And in the vacant summer days,
Light love came fluting down the ways,
Where you were loitering with me
Who has not welcomed, even as we,
That jocund minstrel and his lays
Beside the idle summer sea
And in the vacant summer days?
We listened, we were fancy-free;
And lo! in terror and amaze
We stood alone - alone at gaze
With an implacable memory
Beside the idle summer sea."

Rondelet

ایک مختصر سی نظم یا پانچ سطروں (ایک بند) کی۔ دوسری اور پانچویں سطروں کے بعد پہلی سطر کے ابتدائی حصے کی ترجیع کی طرح تکرار ہوتی ہے۔ ترتیب قوافی اب ج اب ب ج۔

Roofer

دیکھو COLLINS, WILLIAM

Rosicrucian

سحر و نیر نجات کی اس انجمن کا رکن جو ۱۴۸۴ء میں ایک شخص CHRISTIAN ROSENKREUZ نامی نے قائم کی تھی اور سترھویں صدی انگلستان میں اسے ROSY CROSS کہا جاتا تھا۔ اس کے ارکان سے متعلق کہا جاتا تھا کہ وہ سحر اور باطنی علم رکھتے تھے اور زندگی کی موت میں توسیع کر سکتے تھے، معدنوں کو ایک دوسرے میں بدل سکتے تھے اور انہیں عناصر پر اختیار تھا۔

Rotary

(طباعت) گرداں مشین۔

Round character

دیکھو FLAT AND ROUND CHARACTER

Roundel

ایک نو سطروں کی مختصر نظم جس میں تین بند ہوتے ہیں اور دو قافیے ہوتے ہیں اور ایک REFRAIN ہوتا ہے جو پہلی سطر کا ابتدائی حصہ ہوتا ہے اور جو دوسری سطر کا ہم قافیہ ہوتا ہے۔
سوئنبرن کی ایک نظم ہے:

A roundel is wrought as a ring or a star
bright sphere,
With craft of delight and with cunning of
sound unsought,,

That the heart of the hearer may smile of to pleasure his ear
A roundel is wrought,
Its jewel of music is carvan of all or of aught
Love, laughter, or mourning - remembrance or rapture or fear
That fancy may fashion to hang in the ear of thought
As a bird's quick song runs round, and the hearts in us hear
Pause answer to pause, and again the same strain caught,
So moves the device, whence, round as a pearl or tear,
A rounded is wrought

Roundelay

ٹیپ دار گیت۔

Rubaiyat

رباعیات۔

Rubric

سرخی۔عنوان۔سرخی سے چھپی ہوئی عبارت۔ہدایات عبارت (جو کتاب عبارت میں سرخی سے چھپی ہوئی ہوتی ہے)۔

Rule

اصول جو فطرت سے اخذ کیے گئے ہیں۔ کلاسیکی نظریے کے مطابق فطری ودلیت INGOKIUM اور اصول ترتیب (ARS) میں توازن ہونا چاہیے LONGINUS اور HORACE کسی بزرگ فنکارانہ میں اصول کی ادنا خلاف ورزی کو قابل معافی سمجھتے تھے پوپ کا بھی یہی خیال تھا:

If, where the rules not far enough extend
(Since rules are made but to promote their end)
Some lucky license answer to the full
Th' intent proposed, that license is the rule.

Rulingclass

حکمراں طبقہ۔

Ruling passion

شدید دلی ذوق جس کے تقاضے سے آدمی کوئی کام کرنے پر مجبور ہوتا ہے۔ پوپ نے یہ الفاظ پہلے استعمال کیے:

The ruling passion, be it what it will
The ruling passion conquers reason still.

اس خیال کو کہ ہر شخص کا ایک شدید دلی ذوق ہوتا ہے۔ میکالے ناقابل قبول سمجھتا ہے اور اسے SILLY NOTION کہتا ہے۔

Rune

رونی حروف۔قدیم ٹیوٹانی حروف تہجی کا کوئی حرف۔اس قسم کا کوئی پراسرار نشان۔FINNISH زبان کی نظم یا اس کا ٹکڑا۔

Running Headline

دیکھو HEADLINE

Running Rhythm

اس میں دو یا تین ہجاؤں کے توافی ہوتے ہیں۔ان کے علاوہ ناتمام ارکان سطر کے شروع یا آخر میں ہوتے ہیں۔

Run-on-line

[illegible] بغیر وقفے کے مل جاتی ہے۔اس مل [illegible] کو ENJAMBEMENT بھی کہتے ہیں اور اس کی مثالیں انگریزی [illegible] میں ہیں۔یہ مثال بائرن سے لی گئی ہے:

I say no more than hath been said in Dante's
Verse, and by Solomon and by Cervanties.

S

Saber

ساحرانہ عبارت۔منفی شاعر کا فن۔

Sadism

کسی دوسرے کو اذیت پہنچا کر جنسی آسودگی اور ہیجان حاصل کرنا۔

Saeva indignatio

یہ الفاظ سوئفٹ کے مزار پر لکھے ہیں UBI SAEVA INDIGNATIO ULTERIUS جہاں غضبناک برہمی اس کے دل کو ٹکڑے ٹکڑے نہیں کر سکتی یہ برہمی اس کی ہجو کی خصوصیت ہے۔

Saga

سویڈن، ناروے اور آئیرلینڈ کی تاریخی داستان خصوصاً ایسی داستان جس میں خاندان برفستانی یا شاہان نارو ے

کے کارنامے بیان ہوں۔ رزمیہ داستان۔ کارنامے۔

Saga novel

ناولوں کا سلسلہ جس میں کسی خاندان کی زندگی اور اس کے کارنامے بیان ہوں جیسے GALSWORTHY کا ناول THE FORSYTE SAGA

Salvation

نجات۔

Sanguine

امیدی۔ امیدی مزاج۔ جوشیلا۔ خود اعتماد۔ امیدوں بھرا۔

Sanity

سلامت عقل۔ صحت عقل۔

Sapphic ode

ODE (تشبیب) کی وہ صورت جو SAPHO استعمال کرتی تھی۔ اسے HORATIAN ODE کا مرادف سمجھا جاتا ہے۔

Sapphics

ایک مربع جس میں اس بحر کا استعمال ہو جو SAPPHO استعمال کرتی تھی۔ پہلی تین سطروں میں گیارہ ہجائیں ہوتی ہیں اور چوتھی میں پانچ۔ اس قسم کے بند انگریزی میں استعمال کیے گئے ہیں۔ یہ سوئنبرن ہے:

All the night sleep came/not upon my eyelids,
Shed not dew, nor shook/nor unclosed a feather,
Yet with lips shut close/and with eyes of iron
Stood and beheld me.

Sapphic stanza

بہت سے اوزان میں سے ایک جس کو SAPPHO نے استعمال کیا۔ اس کی صورت یہ ہے:

ا تی۔ ں۔ ں۔ ں۔ تی۔ ں۔ ا اس کی تین بار تکرار ہوتی ہے اور اس کے بعد ا تی۔ ں ں۔ ا

Sarcasm

طعن۔ چبھتی ہوئی بات۔ جلی کٹی۔ مقصد صدمہ پہنچانا ہوتا ہے۔ بائرن نے اپنی نظم THE VISION OF JUDGEMENT میں ساؤتھے کی تصویر اس ڈھنگ سے کھینچی ہے۔ چند سطریں یہ ہیں:

He first sank to the bottom - like his works,
But soon rose to the surface - like himself;
For all corrupted things are buoy'd like corks,
By their own rottennes, light as an elf,
Or wisp that flits o'er a morass

Satanic school

فرقہ شیطانی۔ شروع شروع میں اس لفظ کا اطلاق شاعروں کے اس طبقے پر ہوتا تھا جس کے سرکردہ بائرن اور شیلے تھے۔ شیلے نے پہلے اسے بائرن کے لیے ایجاد کیا تھا۔ جو مدرسہ ان لوگوں نے قایم کیا اسے ابلیسی کہا جا سکتا ہے اگرچہ ان کی تصنیفوں کے شہوانی حصوں میں BELIAL کی روح سانس لیتی ہے اور MOLOCH کی روح ان کی بے رحمیوں اور دہشت ناکیوں کی گھناونی تصویروں میں جلوہ گر ہے۔ تصویریں جنہیں پیش کرنے میں انہیں خاص مسرت محسوس ہوتی ہے۔ وہ حقیقت میں ابلیسی غرور اور بے ادبی کے مظہر ہیں جو ناامیدی کی شریک ہے۔

Satire

بائرن نے اس کا THE TWO FOSCARI کے ضمیمے میں جواب دیا اور A VISION JUDGEMENT میں اس کی مفصل ہجو لکھی۔

ہجو۔ بدی اور بے عقلی کا مضحکہ اڑاتی ہے اور طنز و طعن سے کام لیتی ہے۔ H.D. FOWTER نے لکھا ہے کہ ہجو کا محرک بدی اور بے عقلی کو دور کرنے کا جذبہ ہے۔ اس کا میدان اخلاق و اطوار ہے اور اس کا طریقہ کار بدی اور بے عقلی کو نمایاں کرنا ہے اور اس کا روئے سخن مطمئن بالذات اشخاص کی طرف ہے۔

ہوریس انسان کی کمزوریوں کی تضحیک کرتا ہے۔ وہ ہنستا ہے برہم نہیں ہوتا ہے لیکن JUVENAL اپنی خفگی کا پرجوش اظہار کرتا ہے۔ سوئفٹ کا طریقہ کار JUVENAL سے ملتا جلتا ہے اس کی غضب ناک برہمی کے سامنے دوسروں کی ہجویں پھیکی معلوم ہوتی ہیں۔ ڈرائڈن نے ہجو کے نرم و ملائم طرز کو سراہا ہے:

'Yet still the nicest and most delicate touches of satire consist in fine reillery... How easy is it to call rogue and villain and that wittily:

But how hard to make a man appear a blockhead or a knave, without using those opprobrious terms."

ہوتپ میں اسی قسم کی ہجو ملتی ہے۔یہ ایڈیسن کی تصویر ہے۔

Should such a man, too fond to rule alone,
Bear like the Turk, no brother near the throne
View him with scornful, yet with jealous eyes,
And hate for arts that caus'd himself to rise;
Damn with faint pleasure, assent with civil lear,
And without snearing, teach the rest to sneer;
Willing to wound and yet afraid to strike,
Just hint a fault, hesitate dislike;
Alike reserv'd to blame or to comment,
A tim'rous foe, and a suspicious friend.

ہجو کے نمونے DON JUAN 'DUNCIAD' GULIVER'S TRAVELS 'HUDIBRAS MAC FLECKNEE اور ERE WHON ہیں۔

Satisfaction

آسودگی۔تسکین۔سیری

Saturation

معمور ہونا۔بھرپور ہونا۔

Saturnian verse

ایک ترک شدہ لاطینی نظم جو LIVINS ANDRONICUS اور NACVINS نے استعمال کی تھی۔اس کی سطروں کے بیچ میں وقفہ ہوتا ہے اور تجنیس حرفی کی کثرت ہوتی ہے۔

Satyr Play

ساطیری ناٹک۔یونانی ڈراموں میں ایک مزاحیہ حصہ ناٹک کے بعد ہوتا تھا جس میں DIONYSIUS پنے ساطیروں کے ساتھ آتا تھا۔یہ حصہ المیہ کے بعد تفریح بخش ہوتا تھا۔اس قسم کا ایک ہی ناٹک دستبرد زمانہ سے بچ رہا ہے اور اس کا نام CYCLOPS ہے EURIPDU نے لکھا ہے:

Savoyard

SARVOY کے باشندے جو اٹھارھویں صدی میں آوارہ گرد گانے والے تھے جن کے ساتھ ایک باجا اور بندر ہوتے تھے۔ SAUOY محل لندن میں مجرموں کی پناہ گاہ تھی اب SULLIVAN سے کہتے ہیں جو GILBERT اور SAVOYARD کے اوپرا سے وابستہ ہے یا اس کا شناخوان ہے۔

Scald

قدیم SCARDINAVIA کا قصیدہ خوان شاعر۔

Scansion

تقطیع۔

Scatology

فحش ادب۔

Scazon

دیکھو CHOLIAMB

Scenario

منظر نامہ، ڈرامے کی روئداد کا مختصر خاکہ جس میں مناظر کی ترتیب، اشخاص ڈراما کی آمد و شد کی اطلاع مندرج ہوتی ہے۔

Scene

ڈرامے کا حصہ جس میں قصے کا تسلسل بغیر تغیر مقام و وقت جاری رہے۔ایکٹ کا ایک حصہ۔سین۔منظر۔

Scene a faire

دیکھو OBLICATORY SCENE

Scepticism

مسلک تشکیک۔تشکیک۔

Schism

افتراق۔تفرقہ۔پھوٹ۔

Schizophrenia

ایک قسم کی ذہنی بیماری جس میں شخصیت کے ٹکڑے ہو جاتے ہیں اور وہ ماحول سے علاحدہ ہو جاتی ہے۔اسے SPLIT-MIND بھی کہتے ہیں۔

Schlussel Roman

کلیدی ناول۔ناول جس میں جانے والے کرداروں اور واقعات کو پہچان لیتے ہیں اگرچہ زمانہ مختلف ہو۔

Scholasticism

اصول متکلمین۔ ABELARD ' ALBERTUS MAGNUS ' ACQUINAS PETER LAMBARD DUNS SCOTUS اور OCKHAM کے عقاید اور ان کی دینیات اور فلسفے سے متعلق

اور یہ قول آج بھی صحیح ہے۔ تنقید سائنس ہو سکتی ہے یا نہیں اس سے متعلق دو رائیں ہیں۔ ایک طرح BRONOWSKI کہتا ہے:

"I have tried to write criticism as reasoned as geometry:

اور دوسری جانب BROOKS کہتا ہے کہ ادبی مطالعے سائنٹفک نہیں ہو سکتے ہیں۔ تنقید بااثراتی نہیں ہوتی ہے۔ یہ تو حقیقت ہے۔ آرنلڈ کی یہ کوشش کہ کسی چیز کو اس کی اصلیت میں دیکھنا، تنقید کو سائنس سے قریب کرتی ہے لیکن اس کا یہ کہنا کہ نقاد کو، ان تمام بہترین چیزوں سے واقفیت ضروری ہے جو دنیا میں جانی اور سوچی گئی ہیں کافی نہیں کیونکہ نقاد کو یہ بھی فیصلہ کرنا ہے کہ وہ چیزیں کیوں اور کس حد تک بہترین کہی جانے کی مستحق ہیں کیونکہ کسی فنی کارنامے کی قدر و قیمت کو متعین کرنا نقاد کا اصلی فرض ہے۔

Scilicet

یعنی۔ بہ الفاظ دیگر۔ مخفف

Scoff, Scop

اینگلو سیکسن شاعر جو جانبازوں کے کارناموں کا گیت گاتا تھا۔

Scottish Chaucerians

پندرھویں صدی اسکاٹستان کی شاعری کا عہد زریں۔ جیمز دوم HANRYSON، DUNBAR اور GAVIN DOUGLAS چاسر کے اخلاف کہلاتے ہیں۔

Screen

شیشے کے دو ٹکڑے جن پر مہین لکیریں ہوتی ہیں اور جن کی مدد سے HALF-TONE تصویر بنانے میں مدد ملتی ہے۔

Scriblerus club

SWIFT، GAY، CONGREVE، ARBUTHNOT، PARNELL اور ATTERBURY اس کلب کے ممبر تھے جو ۱۷۱۳ء میں قائم ہوا تھا۔ MARTINUS SCRIBLERUS ایک جرمن تھا جس نے سب کچھ پڑھا تھا لیکن جس کو سمجھ کچھ بھی نہ تھی۔

Scriptorium

دارالانشا۔ کتاب خانہ (خصوصاً خانقاہوں میں)۔

باتیں۔ ان کی کوشش تھی کہ وہ ارسطو کی باتوں کو عیسائی عقائد سے ملا دیں۔

Scholium

شرح۔ حاشیہ خصوصاً کسی قدیم یونانی یا لاطینی کتاب پر۔

School of Night

مدرسۂ ظلمت۔ ملکہ الیزبتھ کے عہد کے کچھ دانشور جن سے متعلق یہ شبہ تھا کہ وہ دہریے ہیں اور وہ تاریک اور ممنوع موضوعات کا مطالعہ کرتے ہیں۔ ان دانشوروں میں SIR WALTER RALEIGH، MATTHEW ROYDON، GEORGE CHAMPMAN، CHRISTOPHER MARLOWE اور THOMAS HARRIOT اور دوسرے لوگ تھے۔ شیکسپیر نے اس جماعت کا حوالہ دیا ہے:

O paradox! Black is the badge of hell,
The hue of dungeons and the school of Night;
And beauty's crest becomes the heavens well!

Schwarmerei

متشددوں کا جوش۔ جذبات کا وفور۔

Science and literature

سائنس اور ادب۔ سی۔ پی۔ سنو نے کہا ہے کہ سائنس ذہن سے کام لیتا ہے اور فنون تخیل سے کام لیتے ہیں اور ان دونوں کے نتیجے دو مختلف طرح کے کلچر ہیں اور ان دونوں کے درمیان ایک خلیج حائل ہے جس کے بڑھ جانے کا اندیشہ ہے۔ لیکن عموماً سائنس اور فنون انسانی فطرت کے ایک ہی عنصر کی پیداوار ہیں۔ فنکار، مخترع، سائنٹسٹ سبھی تخیل سے کام لیتے ہیں جن کی زمام عقل کے ہاتھ میں ہے۔

Science Fiction

سائنسی افسانے۔ وہ افسانے اور ناول جن میں سائنسی معلومات کا انوکھی وضع سے کام لیا جاتا ہے جیسے ALDOUS HUXLEY کا ناول BRAVE NEW WORLD اور سی۔ ایس۔ لیوس کا ناول OUT OF THE SILENT PLANT

Scientific method in criticism

تنقید میں سائنٹفک طریقہ۔ ڈاکٹر جانسن نے کہا تھا:

"Criticism. . . has not yet attained the certainty and stability of a science.

Scrivener's Palsy

تشنج کاتب۔ ایک قسم کا اعصابی مرض جس سے انسان لکھنے کے قابل نہیں رہتا ہے۔

Secentisimo

مرصع اور رنگین طرز جو سترھویں صدی کے اطالوی شاعر اور اس کے مقلدین سے منسوب تھا۔

Secular

دنیوی۔ غیر مذہبی۔ سیکولر۔

Sedulous ape

جفاکش نقالی۔ اگر کوئی مصنف تن دہی سے نقالی کرتا ہے تو وہ انفرادی اسلوب حاصل کر لیتا ہے۔ سٹیونسن نے لکھا ہے:

"I have played the sedulous ape to Hazlitt, to Lamb, to Wordsworth, to Sir Thomas Browne, to Defoe, to Hawthorne, to Montaigne, to Baudelaire and to Obermann.

(میں نے ہیزلٹ، لیمب، ورڈز ورتھ، سر ٹامس براؤن، ڈیفو، ہوتھورن، مونٹین، بودلیر اور اوبرمین کی تن دہی سے نقالی کی ہے۔)

Segregation

علاحدگی۔

Seguidilla

چار سطروں کا فوری بنایا ہوا گیت۔ اس کے معنی ہیں مسافروں کا گانا۔

Sej

ترکی نثر کی ایک خصوصیت۔ جملے کے آخری فقروں کا مقفیٰ ہونا۔

Selective

انتخابی۔ انتخاب پسند۔

Self-expression

شخصیت کا اظہار۔ اظہار ذات۔

Self-criticism

خود تنقیدی۔ تنقید ذات۔

Self-contradiction

تناقض بالذات۔ خود تردیدی

Semantics

لسانیات کی ایک شاخ جس میں الفاظ کے معنی سے بحث ہوتی ہے۔ معنویات۔ لفظیات۔ Semiotic لسانیات (علامات) کا عام نظریہ

Semiotic

لاطینی سطر جس میں چھ IAMBIC ارکان ہوتے ہیں۔ فرانسیسی ڈراموں میں یہ ALEXANDRINE کی شکل میں ملتے ہیں:

That, like a wounded snake, drags its slow length along. (Pope)

Senecan Tragedy

المیہ جس قسم کا المیہ SENECA نے لکھا تھا۔ اس کی خصوصیتیں WILLIAM BEARE نے اپنی کتاب THE OXFORM COMPANION TO THE THEATRE میں ان لفظوں میں بیان کی ہیں:

HORACE کے ڈرامے باضابطہ طور پر ہوریس کے اصول کے مطابق پانچ ایکٹ میں ہوتے تھے۔ ان میں جذبات اور حوادث ہوتے تھے جن میں بظاہر غلو ہے لیکن جو آسانی سے سمجھ میں آجاتے ہیں۔ اس کی بلند بانگ اور خطیبانہ زبان بھی اس زمانے کے مذاق کے مطابق تھی اس کے تیز سوالی جوابی منظوم مکالمے، کورس، جابر، بھوت، جادوگرنیاں، اس کا لاشوں کے انبار سے بھرا ہوا اسٹیج — یہ سب چیزیں ملکہ الزبتھ کے ڈراموں میں عود کر تی ہیں۔

Sensation

حس۔ اثر۔ تاثر۔

Sensationalism

یہ نظریہ کہ علم انسانی محض حواس ظاہری کے تاثرات یا محسوسات سے بنا ہے۔ محسوس پرستی۔ محسوسیات۔ جذبات انگیزی۔ ہیجان پسندی۔ ہیجان آوری۔

Sense

دیکھو FOUR MEANINGS OF A POEM

Sensibility

زود حسی۔ حس کرنے کی صلاحیت۔ جذبات سے جلد متاثر ہو جانا۔ جمالیاتی حساسیت۔

Sensitive

حسّاس۔ خارجی محرکات سے جلد اثر پذیر ہونے والا۔

Sensual

نفس پرست۔ شہوت پرست۔

Sensuous

یہ لفظ ملٹن کی ایجاد ہے:

"To which Poetry would be made subsequent or indeed rather precedent, as being lesse suttle and fine, but more simple, sensuous and passionate."

حسّی تجربات سے متعلق۔ حسّی۔

Sentence

جملہ۔

Sententia

دیکھو APHORISM

Sententious

شاندار رسمی اخلاقی تلقین۔ گفتگو کا عادی۔ پرشکوہ مجمل اسلوب لکھنے والا

Sentiment

خیال۔ جذبہ۔ تاثر خصوصاً عقل یا واقعے سے زیادہ جذبے سے متاثر ہونے کا میلان

Sentimental comedy

مغلوب الجذبات کامیڈی۔ اٹھارھویں صدی کی ابتدا میں ایک نئی قسم کی کامیڈی نے جنم لیا جس میں متوسط طبقے کے کرداروں کی مصیبتوں اور تکلیفوں کو پیش کر کے سامعین کی ہمدردی حاصل کی جاتی تھی۔ اسے DRAMA OF SENSIBILITY بھی کہتے ہیں اس میں اچھے اور برے کرداروں کو انتہائی سادگی کے ساتھ پیش کیا جاتا تھا مثلاً RICHARD STEELE کی THE LYING LOVER اور COLLY CIBBER کی THE CARELESS HUSBAND۔

Sentimentalism

جذباتیت۔ جذبات کشی۔

Sentimentality

جذبات کی افراط یا نمائش۔ تنقیدی ادراک کو LITTLE NELL (ڈکنس کے ناول THE OLD CURIOSITY SHOP میں ایک کردار) کی موت پر آنسوؤں کی افراط اور غم کی نمائش بدنما معلوم ہوتی ہے حالانکہ کسی محبوب بچے کی موت پر غم کرنا یا آنسو بہانا فطری بات ہے۔ اوسکر وائلڈ نے لکھا ہے:

'The man has no soul who can read of the death of little Nell without laughing."

Sentimental Novel

جذباتی ناول لیکن جس میں جذبات کی افراط یا نمائش نہ ہو اس قسم کے ناول اٹھارھویں صدی میں لکھے گئے جن میں اچھائی کو پیش کیا گیا ہے لیکن ان کی ترجمانی میں افراط یا نمائش کا شائبہ بھی نہیں ہے۔ اس لیے نتیجہ مضحکہ نہیں بلکہ اثر ہوتا ہے جیسے۔ گولڈ سمتھ کا ناول THE VICAR OF WAKEFIELD

Septenarius, Septenary

سات ارکان کی سطر۔

Look how the loin of the sea lifts up his ancient crown. (Macaulay)

اس کو توڑ کر اگر باری باری چار ارکان اور تین ارکان کی سطریں ہوں تو یہی BALLADMETRE ہو جاتا ہے۔

Septet

نظم یا بند جس میں سات سطریں ہوتی ہیں۔ اس صنف کی سب سے مقبول صورت RHYME ROYAL ہے۔

Septuagint

ہفتادی ترجمہ۔ عہد عتیق کا یونانی ترجمہ جو حضرت مسیح کی ولادت سے ۲۷ سال پیشتر لکھا گیا تھا اور اس کے لیے ستر یا بہتر یہودی علما منتخب کیے گئے تھے۔

Sequence

واقعات یا الفاظ کی ترتیب۔ افسانے میں ضمنی قصہ۔ انجیل کے پہلے کا بھجن۔

Serbo - croatian heroic verse

یہ دو طرح کی ترتیب ہوتی ہے۔ لمبی سطروں والی اور چھوٹی سطروں والی۔ لمبی سطروں والی میں ہر سطر میں پندرہ ہجائیں ہوتی ہیں۔ عموماً TROCHEES کے بعد وقفہ ہوتا ہے اور تین REFRAIN

ہوتا چھوٹی سطروں والی میں ہر سطر میں دس ہجائیں ہوتی ہیں، وقفہ چوتھی ہجا کے بعد ہوتا ہے۔ نہ تو قوافی ہوتے ہیں اور نہ REFRAIN

Serenade

نغمۂ شبینہ۔ وہ گیت جو رات کے وقت عاشق اپنی معشوق کی دیوار کے نیچے گائے۔ نغمۂ شبینہ کی نقل میں کوئی نظم جیسے شیلے کی نظم THE INDIAN SERENADE

Serenity

سکون، اطمینان۔ طمانیت۔

Serpentine verse

وہ سطر جو ایک ہی لفظ سے شروع اور ختم ہوتی ہے۔

May the white blossom, crown Queen of the May.

Sesquepedalion

ایسا لفظ جس میں بہت سی ہجائیں ہوتی ہیں۔

Sestet, Sextet

نظم پابند جس میں چھ سطریں ہوں۔ سانٹ کی آخری چھ سطریں۔

Sestina

فرانسیسی نظم کی ایک پیچیدہ صنف جس میں چھ بند ہوتے ہیں اور آخری تین سطریں TERCET ہوتی ہیں۔ ان کی ترتیب قوافی کا نقشہ یہ ہے۔

ا ب ج د ہ و
و ا ہ ب د ج
ج و د ا ب ہ
ہ ج ب و ا د
د ہ ا ج و ب
ب د و ہ ج
ہ ج

Setting

گیت کی موسیقیت۔ ناٹک کی ترکیب یا طراز۔ مناظر، لباس، فرنیچر وغیرہ۔

Seven Deadly sins

غرور، حرص، شہوت، غصہ، شکم پروری، حسد، کاہلی۔ یہ سات گناہ کبیرہ ہیں جن کا ذکر بائیبل میں ہے۔

Seven liberal Arts, The

عہد وسطیٰ میں سات فنون یہ تھے۔ لاطینی قواعد، منطق، خطابت (انہیں TRIVIUM کہا جاتا تھا)، علم حساب، علم ہندسہ، علم ہیئت اور موسیقی۔ (انہیں QUADRIVIUM۔ کہتے تھے)۔

Sex-energy

جنسی توانائی۔

Sextain

چھ سطروں کی نظم پابند

Sextet

دیکھو SESTET

Sexual

جنسی، شہوانی۔

Shadow show

پرچھائیں کھیل۔ پتلیوں کا تماشا ہے جس میں پتلیوں کو تیز روشنی اور شفاف پردے کے درمیان متحرک کیا جاتا ہے اور ان کے سایے پردے کی دوسری جانب نمایاں ہوتے ہیں جنہیں تماشائی دیکھتے ہیں۔

Shaggy dog story

اس خطابت کی اصلی خصوصیت اس کا غیر متوقع اختتام ہے۔ جیسے یہ قصہ:

'A pert youth, meeting an old crone driving a small berd cried, good morning, mother of asses - good morning, my son.

Shakespearean sonnet

شیکسپیئر کی سانٹوں میں تین مربع ہوتے ہیں اور آخر میں ایک بیت۔ قوافی کی ترتیب اب اب، ج د ج د، ہ و ہ و، ز ز ہوتی ہے۔

Shanty; chanty

ملاحی۔ ملاحوں کا گیت جو بوجھ اٹھاتے وقت گاتے ہیں۔

Shelta, Shelter

ایک قسم کی مخفی عامیانہ زبان جس کی بنیاد قدیم کلٹک پر ہوتی ہے اور جو خانہ بدوش لوگ بولتے ہیں۔

Shibboleth

لفظ یا کلمہ امتیازی۔

Shock

صدمہ، دھکا۔ پڑھنے والے، دیکھنے والے یا سننے والے کی حساسیت پر متواتر زبردست اور حیرت انگیز دباؤ جو عصری تحریر کی ایک خصوصیت ہے۔ لیکن اکثر اس کا اثر الٹا ہوتا ہے اور انسان اس کا عادی ہوتا ہے۔ طربیہ ڈراما LITTLE MURDERS میں ایک خاندان سڑک پر گولیوں کے دھماکوں کا اس قدر عادی ہو جاتا ہے کہ وہ ایک بندوق لے کر کھڑکی سے لوگوں کو گولی کا نشانہ بنانے لگتا ہے۔

Short couplet

چار رکنی بیت جو IAMBIC یا TROCHEE بحر میں ہو۔ اسے OCTOSYLLABIC بھی کہتے ہیں کیونکہ ہر سطر میں آٹھ ہجائیں ہوتی ہیں۔

There is a lady sweet and kind,
Was never face so pleased my mind;
I did but see her passing by,
And yet I love her till I die.

Short measure (S.M.)

اس مربع یا بند میں ترتیب قوافی اب-اب یا اب-ج ب ہوتی ہے اور جس میں پہلی دوسری اور چوتھی سطریں سہ رکنی IAMBIC ہوتی ہیں اور تیسری چار رکنی IAMBIC ہوتی ہے جیسے:

There is a dreadful Hell,
And everlasting pains;
There sinners must with devils, dwell
In darkness, fire and chains.

Short story

مختصر افسانہ۔ افسانے تو بہت پرانے ہیں AESOP کے TABLES اور الف لیلہ کے افسانے ہیں لیکن موجودہ مختصر افسانے کی ابتدا EDGAR ALLAN POE سے ہوتی ہے۔ موپاسانے نے بھی اس ادبی صنف کا کامیاب استعمال کیا، کیتھرائن مینس فیلڈ، ڈی۔ ایچ۔ لارنس اور الیزبتھ بوون نے اسے ترقی دی اور اس کے امکانات کو وسیع کیا۔ بعد کے لکھنے والوں میں سومرسٹ موگھم، ٹی۔ ا۔ ایچ۔ پوئز اور اے۔ ای۔ کوپارڈ ممتاز حیثیت رکھتے ہیں۔

Sic

کذا۔ لاطینی لفظ جس کے معنی ہیں ایسا۔ عموماً اقتباس یا مقولے میں کسی لفظ یا جملے کے بعد قوسین میں یہ لفظ لکھ دیا جاتا ہے اور اس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ اصل کے مطابق ہے اگرچہ غلط ہے یا کسی وجہ سے اس کی اصلیت میں شبہ ہے۔

Sicilian Octavo

آٹھ سطروں کی نظم یا بند۔ وزن پنج رکنی IAMBIC۔ ترتیب قوافی اب-اب-اب-اب۔

Sigmatism

س، کی نمایاں تکرار جیسے

And seat of Salamanassar, whose success..
(Milton)

انگریزی میں SIBILANTS کی کثرت ہے۔ بعض شعراء اس کا ارادی طور پر استعمال کرتے ہیں۔ کسی خاص مقصد سے۔ جیسے:

What adders came to shed their coats ?
What coiled abscene ?
Small serpents with soft stretching throats
Caressed Faustine ?

تھامس ہوڈ نے ایک نظم لکھی ہے جس کا عنوان ہے۔ SONG WITHOUT A SIBILANT اس کا پہلا بند ہے:

No not the eye of tender blue,
Though, Mary, twere the tint of thine
Or breathing lip of glowing hue
Might bid the opening bud repine,
Had long enthrall'd my mind.

Signature

صفحے کے آخر میں عدد یا لفظ جو فرمے کے شمار کے لیے چھاپا جاتا ہے۔ ترک۔

Signiticatum

دیکھو SIGNS

Sigus

علم جو علامات عمل کی مختلف شکلوں کا مطالعہ کرتا ہے۔ اس میں

SEMIOTIC 'SEMASIOLOGY' SEMOTOLOGY '

SIGNFIES بھی داخل ہیں۔ یہ علامتیں لسانی یا غیر لسانی بھی
ہوتی ہیں۔ حیوانی اور انسانی بھی، فطری اور روایتی بھی۔ SEMIOTIC
نشانات یا علامات کا عام نظریہ ہے اور SEMIOTICS اس کا ضمنی
حصہ ہے۔ ابھی تک علامتی عمل کی مکمل تشریح نہیں ہو پائی ہے۔
اگر کوئی قاری (Y) کوئی مضمون (X) جین (Z) سے متعلق
لکھتا ہے تو X = 'INTERPRETER = Y
SIGNIFICATION = Z 'SIGNS =
علامتوں کی معنی خیزی کے مختلف طریقے ہوتے ہیں۔ اگر ہم کہیں
کہ یہ بڑی کتاب ہے تو یہ محض ایک بیان ہوگا، اگر ہم کہیں کہ یہ
کتاب اچھی ہے تو یہ تحسین ہوگی اور اگر ہم کہیں کہ نہیں یہ کتاب
پڑھنی چاہیے تو یہ محرک عمل ہوگیا۔ SEMANTICS معنویات یا
لفظیات) میں علامتوں کے معانی سے بحث ہوتی ہے اور
SYNTACTICS میں علامتوں کے باہمی رشتوں سے بحث ہوتی ہے۔

Simile

تشبیہ۔ دو مختلف چیزوں میں مشابہت ظاہر کرنا جیسے:

(1) My heart is like a singing bird.

(2) And Silence, like a poultice, comes
To heal the blows of sound. (O.W.Holmes)

Similitude

مشابہت۔ مماثلت۔ تمثیل۔ اخلاقی حکایات۔

Simulation

بناوٹ۔ نقل۔

Sincerity

خلوص۔ خلوص کی تشریح مشکل ہے لیکن دو نظموں کا مقابلہ کرنے
سے یہ ظاہر ہو جائے گا کہ خلوص کیا ہے جیسے ملٹن کی سانٹ
ON HIS BLINDNESS اور COLLY CIBBER کی نظم
THE BLIND BOY پہلی میں خلوص ہے دوسری میں نہیں ہے۔

Simplicity

سادگی۔

Single Rhyme

دیکھو MASCULINE RHYME یک ہجائی قافیہ۔

Sirvente

فرانسیسی غنائی نظم کی ایک صنف جس میں سیاسی شخصیتوں یا
ذاتی دشمنوں کی ہجو ہوتی تھی یا جس میں نصائح ہوتے تھے۔ اس کی
کوئی مقررہ صورت نہیں تھی۔

Situation

اتفاقات کا اجتماع، افسانے کے کسی خاص لمحے میں۔ افسانے یا
ڈرامے میں یہ کسی وقت بھی ہو سکتا ہے لیکن بنیادی لمحہ وہ ہے
جہاں سے کشمکش کا آغاز ہوتا ہے۔

Skaldic verse

درباری شاعری جو قدیم SCUNDINAIRAN شعراء نے تصنیف
کی تھی۔

Skazka

روسی منظوم عوامی قصہ۔

Skeltonic(al) verse

کھردری، ناہموار اور تاکیدار نظمیں جو JOHN SKELTON نے لکھی
تھیں۔ وہ اپنی نظموں سے متعلق لکھتا ہے:

For though my rhyme be ragged,
Tattered and jagged,
Rudely raine beaten,
Rusty and mothe eaten,
If ye take well therwith,
It hath in it some pyth.

Sketch

خاکہ۔ مختصر مضمون۔ مقالہ یا ایک خصوصا رس، جیسے ڈکنس
کی کتاب: SKETCHES BY BOZ

Slack, The

کسی رکن میں بے تاکید ہجائیں۔ SERENADE میں پہلی دو ہجائیں
SLACK ہیں۔

Slang

عامیانہ لفظ یا محاورہ۔ عامیانہ زبان جیسے STIFF' GEEZER
CROAKER 'COVE 'BLOKE۔ OTTO JESPERSON
نے لکھا ہے:

عامیانہ الفاظ شعوری طور پر فطری اور معمولی الفاظ کے مقابل ہوتے ہیں۔ وہ بعض کیفیت مزاج اور مواقع میں سماج کے ہر طبقے میں پائے جاتے ہیں جب بولنے والا فطری اور معمولی الفاظ کو پس پشت ڈال دیتا ہے کیونکہ وہ اسے بہت ہی پھیکے اور غیر دلچسپ نظر آتے ہیں۔

Slant Rhyme

دیکھو RHYME

Slapstick

نچلی قسم کی کامیڈی۔

Slice of life

زندگی کا ٹکڑا۔ فرانسیسی میں اسے TRENCHE DE VIE کہتے ہیں۔ اس فقرے سے ZOLA اور اس قسم کی مصنفین کا بیان مقصود ہے۔ مطلب یہ ہے کہ مصنف زندگی کا صرف ایک ٹکڑا کچا، خون آلودہ پیش کرتا ہے اور اپنے مواد کا انتخاب نہیں کرتا ہے اور اسے ترتیب بھی نہیں دیتا ہے۔ بعض نقادوں کا خیال ہے کہ شعور کے چشمے کی رو، والی تکنیک بھی کچھ اسی قسم کی ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ اس قسم کی تکنیک میں دماغی (شعوری) اور جسمانی دونوں طرح کے ردعمل پیش ہوتے ہیں لیکن یہاں بھی ہر خیال کو جیسے وہ ابھرتا ہے پیش کر دیا جاتا ہے اور اس کی مطلق پروا نہیں ہوتی کہ وہ غیر متعلق ہیں اور ان میں حسن ترتیب کی کمی ہے۔

Slipslop

لفظ کا غلط اور مضحکہ استعمال فیلڈنگ کے ناول JOSEPH ANDREWS میں ایک کردار MRS SLIPSLOP ہے اس کی یہی خصوصیت ہے جیسے:

"When he's had one drink he gets all erotic".

ERRATIC = EROTIC

Slogan

اسکا چستان کے کوہستانی علاقے کا نعرۂ جنگ۔ کسی سیاسی یا دوسری پارٹی کا نعرہ۔

Slug

ٹائپ کی ٹھوس سطر۔

S.M.

SHORT MEASURE کا مخفف۔

Smectymnuus

یا PRESBYTERIANS کا فرضی نام جو انہوں نے ایک رسالے میں استعمال کیا تھا جس میں حکومت استبعفی کی مخالفت کی تھی۔ ان کے نام تھے EDMUND CALAMY 'STEPHEN MARSHALL 'THOMAS YOUNG MATHEW NEWMAN اور WILLISM SPURTOW ان کا جواب BISHOP JOSEPH HALL نے دیا لیکن ملٹن نے ان کی حمایت کی ہے۔

Smoothness

چکنا پن —

Sobriquet; soúbriquet

عرف۔ فرضی نام۔

Social

سماجی۔

Social consciousness

سماجی شعور یا آگہی

Social content

سماجی محرکات۔

Social criticism

سماجی تنقید۔ یہ محض جزو نہیں بلکہ ایک علاحدہ صنف ہے جس میں معاشی، سیاسی اور سماجی خرابیوں پر سنجیدہ تنقید ہوتی ہے۔

Social distance

سماجی دوری --

Social emotion

سماجی جذبہ --

Social heritage

سماجی میراث —

Social organisation

سماجی نظام --

Social production

سماجی پیداوار —

Social suppression
سماجی امتناع۔ سماجی دباؤ

Society for Pure English, The: S.P.E.
یہ سوسائٹی ۱۹۱۳ء میں قائم ہوئی تھی۔ اس کی بانیوں میں ALLER RALEIGH, ROBERT BRIDGES, HENRY BRADLEY اور LOGANPEARSALL SMITH تھے۔ ان کی غرض انگریزی زبان کے استعمال اور اس کی ترقی میں مدد کرنی تھی

Sociological Novel
دیکھو THESIS NOVEL

Sociology
عمرانیات، سماجیات۔

Sociometry
سماج یعنی جماعتوں کے رویوں اور دوسری خصوصیتوں کا اندازہ لگانا

Socratic Irony
دیکھو IRONY

Solecism
صرف و نحو یا قاعدے کی غلطی۔ طرز تحریر یا طرز گفتگو میں فاش غلطی۔ مذاق صحیح اور خوش اطواری کی خلاف ورزی۔ بائرن نے قواعد کی غلطی قافیے کی وجہ سے کی ہے:

And send'st him, shivering in thy playful spray
And howling, to his Gods, where haply lies
His petty hope in some near port or bay,
And dashest him again to earth:- their let him lay

Soliloquy
خود کلامی۔ وہ گفتگو جو اپنے آپ سے کی جائے۔

Solipsism
فلسفۂ خودی۔ فلسفۂ انانیت۔ یہ نظریہ کہ صرف انا اپنا وجود رکھتا ہے۔ یا صرف اس کا علم حاصل ہو سکتا ہے۔

Sonata form
تین حصوں والی شکل (افسانوں میں) جیسے موسیقی میں A B A شکل ہوتی ہے۔

Song
گیت، نغمہ۔ غنائی نظم جو گائی جا سکے۔ یہ شیکسپیئر کے ایک گیت کا آخری بند ہے:

Then to Sylvia let us sing,
That sylvia is excelling:
She excels each mortal thing
Upon the dull earth dwelling
To her let us garlands bring

Sonnet
سانٹ ایک نظم جس میں چودہ سطریں ہوتی ہیں اور بحر IAMBIC PENTAMETRE ہوتی ہے اس کی دو قسمیں ہوتی ہیں: (۱) PETRARCHAN یا اطالوی جس کے دو حصے ہوتے ہیں۔ پہلے حصے میں آٹھ سطریں ہوتی ہیں اور ترتیب قوافی ا ب ب ا ا ب ب ا ہوتی ہے۔ اسے OCTAVE یا OCTET کہتے ہیں دوسرے حصے میں جس کو SESTET کہتے ہیں دو مثلث ہوتے ہیں جن کی ترتیب قوافی ج د ج، د ج د یا ج د ہ ج د ہ ہوتی ہے (۲) شیکسپیئر یا انگریزی سانٹ میں تین مربع (رباعیاں) ہوتی ہیں اور آخر میں ایک بیت ہوتی ہے اور ترتیب قوافی ا ب ا ب، ج د ج د، ہ و ہ و، ز ز ہوتی ہے۔

Sonnet sequence
سانٹوں کا سلسلہ جن میں موضوعی ربط ہوتا ہے۔ شیکسپیئر کی مسلسل سانٹیں مشہور ہیں۔ سانٹوں کے سلسلے کی ایجاد سر فلپ سڈنی نے کی ASTROPHEL AND STELLA MRS. BROWNING نے بھی سانٹوں کا سلسلہ لکھا ہے جس کا عنوان ہے SONNETS FROM THE PORTUGUESE

Sophism
مغالطہ، استدلال۔ دلیل باطل۔ سوفسطائیت۔

Sophist
قدیم یونان کا وہ معلم جو اجرت لے کر فلسفہ اور خطابت کی تعلیم دیتا تھا سوفسطائی۔ عموماً حقارتاً استعمال ہوتا ہے:

As swift to scent the sophist as praise
The honest worker or the well-turned phrase.
(A.C.Alington)

Sophistication
تدلیس۔ تحریف۔ تصنع۔ دنیاوی عقل رکھنا۔

Soraismus

مختلف زبانوں کے الفاظ کو غیر مستقل طور پر ملا دینا۔

Sotadean

بھدی ہجو۔ لفظ یا جملہ جو دونوں جانب سے پڑھنے سے جوں کا توں رہے۔

Sotie (Sottie)

عہدِ وسطیٰ کے ہجویہ فرانسیسی ڈرامے جو مقامی موضوعات پر ہوتے تھے۔

Sound

صوت۔ آواز۔ اس کی شاعری میں بہت اہمیت ہے وہ کانوں سے سنائی دے یا اس سے صرف اندرونی کان محظوظ ہوں۔

Spanish verse

بے قافیہ چار سطروں کے بند جو چار رکنی TROCHAIC میں ہوتے تھے HEINRICK HEINE کی شاعری میں اس قسم کی مثالیں ملتی ہیں۔

Spare lyricism

RALPH GUSTAFSON نے یہ لفظ کناڈی شاعری سے متعلق استعمال کیا ہے۔ کینڈا میں موسموں میں بین تضاد ہوتا ہے۔ سخت ٹھنڈ کے بعد موسم بہار۔ گرمی کا سوال ہی نہیں۔ اس لیے ایک خاص قسم کی شاعری وہاں ملتی ہے جسے وہ SPARE LYRICISM کہتا ہے:

Fled to the green suburbs, Death
Lies scared to death under a heap of bones.
Beauty buds from mire
And I, a singer in season, observe
Death is a name for beauty not in use.

(Irving Layton)

Spasmodic school

تشنجی اسکول (شاعروں کا)۔ یہ لفظ W.E. AYTOUN نے P.J. BAILEY، S.T.DOBELL اور ALEXANDOR SMITH کے لیے گھڑا تھا اور اس نے اپنے مضحک المیہ FIRMILION, OF BADAJOZ OR THE STUDENT میں ان کی نظموں کا مذاق اڑایا ہے۔

Spectactor, The

ایک رسالہ جسے STEELE اور ایڈیسن نے پہلی مارچ ۱۷۱۱ء سے چھ دسمبر ۱۷۱۲ء تک نکالا۔ اس کا مقصد ان کے لفظوں میں یہ تھا:

(To bring)" philosophy out of closets and libraries, schools and colleges, to dwell in clubs and assemblies at tea-tables and in coffee houses."

(فلسفے کو حجروں، کتب خانوں، اسکول اور کالجوں سے نکال کر کلب اور مجلسوں، چائے خانوں اور قہوہ خانوں میں رائج کرنا)

اس میں خصوصاً جن شماروں میں SIR ROGER DE COVERLEY کا کردار پیش کیا گیا ہے ان کی مخصوص اہمیت ہے۔ کبھی کبھار انہیں ناول کا ہراول کہا گیا ہے۔

Speech, divisions of a

قدما نے عموماً باضابطہ تقریر کے چار حصے بتلائے ہیں (۱) ابتدا ENORDIWN (PREM) (۲) مسئلہ کا بیان DIEGESIS, NARRATIVE (۳) دلیل ARGON (۴) خاتمہ EPILOGOS, PERORATIO

Spenserian Stanza

یہ بند سپنسر کی ایجاد ہے۔ اسی میں اس نے اپنی مشہور نظم THE FACRIC QUEENE لکھی۔ اس میں نو سطریں ہوتی ہیں پہلی آٹھ پنج رکنی IAMBIC اور آخری چھ رکنی IAMBIC ترتیب قوافی اب اب ب ج ب ج ج ہوتی ہے۔ یہ ایک نمونہ ہے:

Yet were her words and looks but false and fayned,
To some hid and to make more easie way,
Or to allure such fondlings whom she trayned
Into her trap unto their own decay:
There to, when needed, she could weepe and pray,
And when she listed she could favone and flatter;
Now smyling smoothly like to sommers day,
Now glooming sadly, so to cloke her matter
Yet were her words but wynd, and her tears but water

بائرن کی نظم CHILDE HAROLD'S PILGRIMAGE شیلے کی نظم ADONAIS اور کیٹس کی نظم THE EVE OF ST. AGNES یہ سب نظمیں اسی بند میں لکھی گئی ہیں۔

Spirit of the Age

روحِ عصر۔ کسی عصر کے فنکاروں اور انشا پردازوں کا تاثر۔

Spiritualism

روحانیت۔ نفسیت۔

Spondee

وہ رکن جس میں دو بڑی ہجائیں ہوتی ہیں۔ انگریزی میں وہ رکن جس میں دو تاکیدوار ہجائیں ہوتی ہیں:

RŎCKS CĂVĔS| LĂKĔS
FĔNS|BŎGS DĔNS |ĂND SHĂDĔS|ŎF DEATH

اس سطر میں پہلے تین ارکان SPONDEE ہیں۔

Spontaneous

بلاقصد۔ بلاارادہ۔ بے ساختہ۔ بلاآورد۔ خود بخود۔

Spontaneity

بغیر پہلے سے سوچے ہوئے یکایک ذہن میں آجانا۔ اس صفت کی رومانی شعراء خاص طور سے قدر کرتے تھے۔ بائرن نے کہا ہے کہ میں نظرثانی کرنے سے نظم کو پھاڑ کر پھینک دینا زیادہ پسند کرتا ہوں حالانکہ اس نے بار بار نظرثانی کی SURREALIST مفکرین خاص طور سے اس صفت کی قدر کرتے ہیں اور غور و فکر کو بالکل پس پشت ڈال دیتے ہیں۔

Spoof

تحریر یا بیان وغیرہ جو بظاہر سنجیدہ اور واقعی اور لفظاً بہ لفظ درست دکھائی دے لیکن جس کا مقصد مذاق اڑانا ہو۔

Spoonerism

دو یا زیادہ لفظوں میں پہلے حروف کا اتفاقی طور پر بدل جانا جیسے:

(1) Kingquering congs their titles take

(Conquering kings)

(2) ... (Roared with pain)

(3) ... (a well-oiled bicycle)

Sprung Rhythm

ایسا وزن جس کی بنیاد ہجاؤں کی تعداد یا باضابطہ ارکان پر نہیں بلکہ تاکید پر ہے۔ اگر تصور کیا جائے کہ ایک سطر ارکان میں منقسم ہے تو ایک ہجا پر ہر رکن میں آکر مد ہوگی لیکن تنہا بھی ہو سکتی ہے یا اس کے ساتھ بے تاکید ہجائیں بھی ہو سکتی ہیں جن کی تعداد چار سے زیادہ نہیں ہوتی ہے۔ اس لیے سطریں بڑی چھوٹی ہو سکتی ہیں۔

Thou hást bóund bónes and véines in me fástened me flésh
And áfter it álmost unmáde, whát with dréad....
(Hopkins)

ان سطروں کی وزن کے لحاظ سے وہی نوعیت یا قدر ہے جو اس معمولی ہجائی IAMBIC سطر کی:

But soft methinks I scént the mórning aír.

Stage Directions

ایکٹروں کی ہدایت کے لیے چھپے ہوئے اشارات جیسے EXIT,- SHAW-PURSUED BY A BAR نے اپنے ڈراموں میں تفصیل سے ہدایتیں دی ہیں۔

Stage time

ارسطو نے وحدت زمان پر زور دیا تھا۔ اسے فرانسیسی ڈراما نگاروں نے تو مانا لیکن شیکسپیئر نے نہ مانا۔ ارسطو سے اخذ کیے گئے اصول کے مطابق وقت کی وہ مدت ہونی چاہیے جو SINGLE REVOLUTION THE SUN (آفتاب کی ایک گردش) میں ہوتی ہے۔ مثلاً ہیملٹ میں شیکسپیئر کہتا تو ہے لیکن واقعی کافی مدت گزر جاتی ہے۔ اسٹیج کا وقت حقیقی وقت سے مختلف ہوتا ہے۔

S tand

EPODE کا مرادف

Standard

معیار جس سے موازنہ کیا جا سکے یا قدر و قیمت کا اندازہ لگایا جا سکے۔ معیار کے پانچ ذرائع کی بات اٹھائی گئی ہے (۱) پڑھنے والا (ب) WHAT PLEASES ALL MEN, AT ALL TIMES (ج) FIT AUDIENCE THOUGH FEW THE ADVENTURES OF A SOUL (۲) سلسلۂ شاہکار۔ ان کی نقل کی جا سکتی ہے۔ اپنی کسوٹی سمجھا جا سکتا ہے۔ ان سے فنی اصول اخذ کیے جا سکتے ہیں۔ (۳) باضابطہ صفات جیسے TECHNIQUE اور FORM یا نفوس صفت جیسے تین اور تین۔ (۴) نفسیاتی اثر TEST OF THE WORK IS THAT IT REPEATS ITS THRILL (۵) مختلف کا فلسفہ۔ ہنری جیمس کا قول تھا کہ ہر شاہکار میں ہم اس فلسفے کی سب سے زیادہ جستجو کرتے ہیں۔ بہت سے نقاد یہ بھی کہتے ہیں کہ معیار ایک دھوکا ہے لیکن جو

قدروں اور معیاروں کو توڑ پھوڑ کرتے ہیں وہ بھی بغیر قدروں اور معیاروں کے نہیں رہ سکتے ہیں۔

Standard English

معیاری انگریزی۔

Stanza

بند؛ شیئنزا یہ مختلف طرح کا ہوتا ہے۔ اس میں سطروں کی تعداد، ارکان کی تعداد، تاکیدوں کی تعداد مختلف نقشے بناتی ہے۔ اسے STAVE بھی کہتے ہیں۔

Stasimon

کورس کا گیت۔ PARADOS کے بعد

Statement

بیان جس کی صحت سائنٹفک طریقے پر جانچی جا سکے

Stationers' company

لندن کی ایک کمپنی جہاں کتابیں بغرض تحفظ حق تصنیف رجسٹر ہوتی ہیں

Stave

دیکھو STANZA

..ereotype, stereo

چھپائی کی پلیٹ یعنی تختی پر کاغذ کی کٹنی یا کسی اور قالب سے ٹائپ سے چھاپ کر بنائی جاتی ہے۔

Stet

ایک علامت جس کے معنی ہیں کہ جو تصحیح کی گئی ہے اسے منسوخ سمجھ کر مسودے کو پہلی صورت پر رہنے دو۔

Stichomythia

سوالی جوابی منظوم مکالمہ ایک سطر میں سوال دوسری سطر میں جواب جو یونانی ڈرامے میں عموماً پایا جاتا ہے:

```
Hamlet: Now, mother, what's the matter?
Queen : Hamlet, thou hast thy father mach
Hamlet: Mother, you have my father much
                                offended
Queen : come, come, you answer with an idle
                                 tongue.
Hamlet: Go, go you question with a wicked
                                 tongue.
```

Stichos

نظم کی ایک سطر۔

Stigma

داغ۔ تہمت۔ بدنامی۔

Stilnovism

دیکھو DOLCE STIL NUOVO اطالوی نیا اسلوب۔

Stimulus

محرک۔ ہیجان۔

Stock and Type character

ایک جانا بوجھا کردار جیسے انیسویں صدی کے MELODRAMA میں ہیرو اور ہیروئن، ظالم اور بدمعاش۔ دوسری مثالیں یہ ہیں: شیخی باز سپاہی MILES GLORIESUS یا BOBADILL یا شیکسپیئر میں 'FALSTAFF JULIET'S NURSE (یہ دونوں خود بھی ظریف ہیں اور دوسروں کی ظرافت کا باعث بھی ہیں) اکثر TYPE CHARACTER کو STOCK CHARACTER کا مرادف سمجھا جاتا ہے لیکن یہ درست نہیں کیونکہ TYPE CHARACTER کسی طبقے یا گروہ کا نمائندہ ہوتا ہے۔

Stock response

جانا بوجھا جوابی تاثر (ردعمل)۔ قارئین یا دیکھنے والے کا ردعمل جو جانے بوجھے طرز پر ہوتا ہے جیسے ماں کے نام سے عزت کا جذبہ ابھرتا ہے حالانکہ وہ عزت کے قابل نہ ہو۔ یہ تنقیدی قوت فیصلہ اور سوجھ بوجھ کی کمی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ I.A. RICHARDS لکھتا ہے:

"These have their opportunity when ever a poem seems to, or does, involve views and emotions already fully prepared in the reader's mind.. the button is pressed, and then the author's work is done, for immediately the record starts playing in quasi - (or total) independence of the poem of which is supposed to be its origin or instrument."

Stock situation

جانے بوجھے مواقع جو ڈراموں اور ناولوں میں بار بار پیش آتے ہیں۔ جیسے غلط پہچان، مثلث عشق جس میں دو مرد ایک عورت پر عاشق ہوتے ہیں۔

Storm and stress

دیکھو STURM AND DRANG

Storm of Association

ورڈز ورتھ نے یہ فقرہ وجدان کے زور کا بیان کرتے ہوئے استعمال کیا ہے۔ یہ ایک قسم کی خارجی طاقت ہے جو شاعر کو شعر کہنے پر مجبور کرتی ہے۔ ولیم بلیک نے بھی قوت تخلیق کا تجربہ کرتے ہوئے لکھا تھا: ENERGY IS ETERNAL DELIGHT توانائی ابدی مسرت ہے،

Stornello

ایک مختصر مقبول غنائی نظم جس میں دو تین الفاظ کی تکرار ہوتی ہے۔

Story

قصہ۔ افسانہ۔ سٹیونسن نے قصہ لکھنے کے تین طریقے بتائے ہیں:

"There are only three ways of writing a story you may take a plot and fit characters; or you may take a character and choose incidents and situations to develope it, or. . . you may take a certain atmosphere and get action and persons to express and realise it.

[قصے لکھنے کے تین طریقے ہیں، کوئی پلاٹ تیار کر کے اس میں کرداروں کو بٹھا دیا جائے۔ یا ایک کردار لے کر ایسے واقعات کا انتخاب جس سے اس کی ترقی ہو سکے۔ یا کوئی فضا تجویز کر کے ایسے کردار اور واقعات کا انتخاب کیا جائے جن سے اس فضا کی تخلیق اور اظہار ہو سکے]

Story within a story

دیکھو FRAME STORY

Stream of consciousness

چشمۂ شعور۔ یہ ایک تکنیک ہے جس کے ذریعہ کردار کے خیالات اور جذبات کے بہاؤ کو دوامی خود کلامی کے ذریعہ پیش کیا جاتا ہے۔ DOROTHY RICHARDSON نے یہ تکنیک استعمال کی ہے پھر VIRGINIA WOOLF، JAMES JOYCE اور WILLIAM FAULKNER نے بھی۔ اسے ہنری جیمز نے INTERIOR MONOLOGUE کہا ہے۔ DONNF نے شکایت کی تھی کہ عبادت کے وقت کل کی مسرتوں کی یاد، مستقبل کے خطروں کا خوف، گھٹنے کے نیچے ایک پیال، کان میں کوئی آواز، آنکھ میں کسی روشنی کا چمکنا، کوئی چیز یا کچھ بھی نہیں، ایک واہمہ — یہ سب چیزیں عبادت میں خلل ڈالتی ہیں۔ ناول نگار بہت سے بظاہر غیر متعین خیالات اور یادوں کو چشمۂ خیال کی سطح پر ابھرنے دیتا ہے یہاں تک کہ وہ ایک چشمہ نہیں ایک سمندر SARGASSOSEA ہو جاتا ہے۔ بعض نقادوں کا خیال ہے کہ تکنیک کے ذریعہ ناول نگار ہمارے شعور کے غیر منظم عناصر سے کام لے سکتا ہے۔ زمان و مکان کی حدود سے آزادی حاصل کر سکتا ہے۔ محرکات اور خواہشات کا اندرونی تجزیہ کر سکتا ہے اور خصوصاً حسی تاثرات پر خصوصی طور سے زور دے سکتا ہے۔

Stress

تاکید۔ تکیہ۔ زور۔ دباؤ۔ بل۔

Stringency

کسی لفظ یا عبارت کو ایک معنی تک محدود رکھنا۔

Strophe

یونانی کورس کے گیت کا ایک بند جب کورس ایک جانب حرکت کرتا ہے اس کے بعد دوسرا بند ARTISTROPHE ہوتا ہے جو کورس دوسری جانب جاتے ہوئے گاتا ہے۔

Sturm und drang (storms and stress)

طوفان اور دباؤ۔ یہ FRIEDRICH KLINGER کے طربیہ ڈرامے سے لیا گیا ہے۔ WIRR-WARR, ODER STORM AND DRANG اٹھارویں صدی کے اواخر میں جو ادبی ہیجان جرمنی میں تھا اسے اس نام سے پکارا گیا۔ یہ تحریک قومی تھی، روایات کی حدود کے خلاف بغاوت تھی اور فطرت کی طرف واپسی تھی۔ یہ تحریک SCHILLER'S DIE RAMBER' اور GOETHE'S FAUST میں ملتی ہے۔

Structure

نظم کا خلاصہ یا دوسرے لفظوں میں بیان جو TEXTURE سے مختلف ہوتا ہے۔ TEXTURE وہ صوتی نظام، وہ نقوش کا سلسلہ، وہ معانی جو الفاظ کے اضافی معنوں سے وابستہ ہیں ان سبھوں کو TEXTURE کہتے ہیں۔ جہاں تک وزن کا سوال ہے TEXTURE سے مراد وہ اختلافات ہیں جو بنیادی وزن میں پائے جاتے ہیں۔ TEXTURE کا ایک مفہوم یہ بھی ہے: کسی فنی کارنامے کے عناصر کا اندرونی رشتہ STRUCTURE نظم کے تمام عناصر کا مجموعہ ہے۔

Struggle for existence

تنازع البقا

Structural linguistics

ساختانی لسانیات۔

Style

اسلوب۔ اس کے معنی ہیں مقصد اور ذرائع میں کامل اتحاد یعنی انشا پرداز نے وہ بے مثل لفظی سانچہ (PATTERN) پالیا ہے جس سے اس کے معانی پوری پوری طرح واضح ہوتے ہیں۔ دوسرے معنی میں اسلوب مختلف قسموں کا ہو سکتا ہے جیسے طنزیہ اسلوب، طالوی اسلوب۔ اسلوب کا تجزیہ کیا جائے تو ناقد کی رسائی انشا پرداز کی شخصیت تک ہو سکتی ہے۔ کسی مصنف کے انفرادی اسلوب کی صفتیں اس کی ادبی شخصیت کی ضامن ہیں اور اس کی نفسیاتی شخصیت کو منعکس کر سکتی ہیں۔ اسی لیے BUFFON نے کہا ہے 'THE STYLE IS THE MAN'

Style, stylus

قدیم زمانے کا آلہ جس کا ایک سرا نوکدار ہوتا تھا اور اس سے تختی پر موم لگا کر لکھتے تھے دوسرا سرا کند ہوتا تھا اور اس سے مٹانے کا کام لیا جاتا تھا۔ لکھنے کی سلائی۔

Stylize

کسی تصنیف میں وہ صفت جسے اسلوب کہتے ہیں پیدا کرنا۔ کسی خاص عہد یا مصنف یا گروپ کے اسلوب میں لکھنا۔

Subconscious

تحت الشعور۔ نفس کا وہ طبقہ جو توجہ اور مشاہدے کی سرحد سے باہر ہے اور جس میں نفسی عمل واقع ہوتا ہے مگر اس کا پورا شعور نہیں ہوتا۔

Subject

موضوع اور بیان کی باہمی اہمیت کے بارے میں بہت کچھ لکھا گیا ہے۔ لیکن کیا اور کیسے ایک فنی کارنامے میں دو نہیں ایک ہیں۔

Subjectivism

داخلیت۔

Subjective writing

وہ تحریر جس میں ذاتی خیالات، انگیزشوں اور تاثرات پر زور دیا گیا ہے۔ درجینا وولف اور DYLEN THOMAS کے ناول اور RIMBAND اور DOS PASSOS کی شاعری داخلی ہیں۔

Subjectivity

داخلیت۔ داخلی رنگ۔

Sublimation

ارتفاع۔ جو انگیزش یا خواہش کسی رکاوٹ کی وجہ سے پوری نہیں ہو سکتی ہے اسے کسی دوسری بلند تر سرگرمی میں لگا دینا۔

Sublime, The

رفیع۔ وہ رفعت جو مصنف کے وجدان کا نتیجہ ہے نہ کہ تعقل کا اور جو قارئین کو باور کرانے کی بجائے ان میں اہتزاز پیدا کرتی ہے اور ان کے دل میں شدید جذبات کو ابھارتی ہے LONGINUS کا ایک مشہور رسالہ ہے۔ IN THE SUBLIME

Subplot

ضمنی قصہ۔

Substitution

ایک رکن کی بجائے دوسرے رکن کا استعمال۔ کلاسیکی عروض میں دو چھوٹی ہجائیں ایک بڑی یا لمبی ہجا کے برابر ہوتی ہیں اس AMPHIBRACHS، SPONDEAS، AMAPAESTE، DACTYLS ایک دوسرے کی جگہ بدل دیے جا سکتے تھے۔ انگریزی میں IAMB کے بدلے TROOHEE کا استعمال ہو سکتا ہے۔

Lord of/my love/to whom/in vass/alage

Subtopia

بدنما نواح، جو دیہات کو بدصورت بنا دیتا ہے۔

Succés de scandale

وہ شہرت جو کسی تصنیف کی عریانی پر منحصر ہو۔

Succés d'estime

تعظیمی تعریف۔ کامیابی لیکن سودمند نہیں۔

Succés fou

زور شور کی تعریف۔ پرجوش تعریف۔

Suggestion

فن کار صرف الفاظ کے معنی اور ان کی اصوات سے کام نہیں لیتا بلکہ ان خیالات، تاثرات، انگیزشوں سے بھی کام لیتا ہے جو الفاظ ابھارتے یا کھینچ لاتے ہیں۔ وہ صرف ان کے معانی پر دھیان نہیں دیتا بلکہ ان کے ادبی ایلاف پر بھی۔

Summary

خلاصہ، تلخیص۔

Super-ego

فوق انا۔

Superiority complex

احساسِ برتری۔

Supernatural

زندگی کے مرکزی اسرار (مابعد الطبیعات۔ مذہب۔ تصوف)۔ دیوتاؤں، بھوتوں، طلسمات وغیرہ فوق فطرت طاقتوں کا احساس

Superstition

قدیم باطل عقیدہ۔ اوہام پرستی۔

Suppersssion

اجبار۔ امتناع۔

Supra-conscious

ورائے شعور۔

Supra-intellectual

ورائے خرد۔

Surprise

غیر متوقع اثر۔ مزاحیہ اثر جو کسی بیان یا اقتباس کو غیر معمولی طور پر ختم کرنے سے پیدا ہوتا ہے، پلاٹ کی ایک ترکیب جس میں غیر متوقع واقعات سے کام لیا جاتا ہے۔

Surprise ending

غیر متوقع خاتمہ۔ یہ خصوصاً او۔ہنری کے افسانوں میں ملتا ہے۔

Surrealism

یہ تحریک فرانس میں ۱۹۲۴ء میں شروع ہوئی۔ اس کا مقصد تھا کہ فن خصوصاً ادب اور مصوری میں لاشعور کے طریقِ عمل کو دکھایا جائے۔ یہ لفظ GUILLAUME APOLLINAIRE کی ایجاد ہے لیکن اس تحریک کا بانی ANDRE' BRETON تھا جس نے ۱۹۲۴ء میں پہلا SURREALIST مینفسٹو نکالا جس میں اس نے بتایا کہ صحیح حقیقت تک اسی وقت رسائی ہو سکتی ہے جب ہم اپنے دماغ کو منطق اور تعقل کی لگام سے آزاد کر دیں۔ اس نے فرائڈ سے متاثر ہو کر AUTOMATIC WRITING کا بھی تجربہ کیا تھا HERBERT READ اس تحریک کو بھی رومانیت کی روایت کی ایک شاخ سمجھتا ہے کیونکہ یہاں بھی مرکزی مقصد دماغ کی جستجو ہے۔ مصوروں نے بھی اس اصول پر عمل کیا ہے CLINICO، PICASSO، TANGUY اور SALVADOR DALI کا اس ضمن میں نام لیا جاتا ہے۔ شاعروں میں ELONARD ARAGON کے نام قابلِ ذکر ہیں JAMES JOYCE اور DYLAN THOMAS کو بھی اکثر SURREALISTS میں شمار کیا جاتا ہے لیکن یہ درست نہیں۔

Surrogate

قائم مقام۔

Survival of the fittest

بقائے اصلح

Suspended Rhyme

دیکھو CONSONANCE

Suspense

انتظار کی تشویش۔ ادب میں اسے فنکارانہ کام لیا جاتا ہے - SOPHOCLES کے ڈرامے OEDIPUS REX میں یہ بات نہیں بتائی جاتی ہے کہ خود OEDIPUS ہی اپنے باپ کا قاتل ہے۔ سامعین جانتے ہیں کہ آخر کار OEDIPUS کو اس بات کی واقفیت ہوگی۔ وہ اس کی امید و بیم کا ساتھ دیتے ہیں۔

Suspension of disbelief

بے اعتقادی کا تعطل۔ کولرج نے کہا ہے:

'That willing suspension of disbelief which for the moment cons poetic faith.'

شاید اس کو بین جانسن کا یہ قول یاد تھا۔

'To many things a man should owe temporary belief, and suspension of his own judgement.'

یہی بے اعتقادی کا التوا ہے کہ ہم تخیل کی تخلیقات کو واقعی سمجھتے ہیں۔

Swash letters

وہ حروف جن کے گرد دائرے اس طرح کھینچ کر بنائے جائیں کہ وہ خوبصورت معلوم ہوں۔

Sweetness and light

شیرینی اور روشنی۔ آرنلڈ کا قول ہے کہ تکمیل کی جستجو شیرینی اور روشنی

کی جستجو ہے۔ جو شیرینی اور روشنی کے اتحاد کے لیے کام کرتا ہے وہ عقل اور خدا کی رضا کے تسلط کے لیے کام کرتا ہے۔

Syllaba ancepa

ایک مشتبہ ہجا، خصوصاً کلاسیکی سطر کے آخر میں جو وزن کے تقاضے کے مطابق چھوٹی یا بڑی شمار ہو سکتی ہے۔

Syllabic verse

اس قسم کی نظموں میں ہجاؤں کی تعداد پر وزن کی بنیاد ہوتی ہے تاکید پر نہیں۔

Syllabus

نصاب۔

Syllepsis

استخدام۔ ایک لفظ کا جمع میں دو مختلف الفاظ سے دو متضاد معنوں میں متعلق ہونا جیسے:

(1) Hotchkiss spied on his wife with interest and a telescope.

(2) Miss Bolo went home in a flood of tears, and in a sedan chair.

Syllogism

قیاس منطقی۔ صغریٰ اور کبریٰ سے نتیجہ نکالنا:

All men are mortal: all soldiers are men:
Therefore all soldiers are mortal

Symbol

علامت۔ یہ Sign (نشان) سے مختلف ہے۔ Sign کا ایک معنی ہوتا ہے SYMBOL زیادہ پیچیدہ ہے۔ یہ ایک چیز ہے جو دوسری چیز کی طرف اشارہ کرتی ہے جیسے صلیب عیسائیت کی علامت ہے۔ ہتھوڑا اور درانتی کمیونزم کی علامتیں ہیں۔ ادب میں پیچیدہ علامتوں کا استعمال ہوتا ہے۔ یہ علامتیں کسی خاص علم سے لی جا سکتی ہیں، جیسے تحلیل نفسی سے یا یہ مصنف کی ذاتی اختراع ہو سکتی ہیں۔ لیکن بااثر علامتیں وہ ہیں جو کسی فن پارے کے مرکزی خیال کو نمایاں کرتی ہیں جیسے سفید وھیل MELVILLA کے ناول MOBY DICK میں یا کولرج کے ANCIENT MARINER کا پورا سفر گویا عالمگیر سفر کی علامت ہے پہلے ناامیدی و یاس کی گہرائیوں میں پھر نفسیاتی اور روحانی استحکام کی۔

Symbolic action

KENNETH BURKE نے اپنی تنقیدوں میں یہ لفظ استعمال کیا ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ ہر مصنف کسی تخلیق میں شعوری یا غیر شعوری طور پر کچھ رسوم RITUAL کا مرتکب ہوتا ہے جسے وہ اپنی تخلیق میں برتتا ہے۔ یہ علامتی عمل، اس کے الفاظ میں INITIATION, REBIRTH, PURIFICATION AND OTHER CEREMONIES پر مرکوز ہوتا ہے اسی طرح ایلیٹ کی نظم MURDER IN THE CATHERAL میں تطہیر کی رسم ہے اور وہ THOMAS MANN کے DEATH IN VENICE میں بھینٹ کی رسم ہے۔

Symbolism

علامت نگاری ایک ادبی ترکیب ہے جس میں اظہار کی چار سطحیں ہیں (۱) مظاہر پرستی (ANIMISM) جیسے THE SEA RAGES (۲) استعارہ جس میں عقیدے کی جگہ علامت نے لے لی ہے (۳) تشبیہ جیسے 'THE SEA IS LIKE A MONSTER' (۴) ٹھوس تصویر یا پیکر، صفت کی جگہ واقعہ THE SEA RAGES کی بجائے THE STORMY SEA علامت محض کسی خیال یا چیز کا نشان ہو سکتی ہے لیکن یہ اس سے آگے بڑھتی ہے اور روح، انسان، کائنات اور انسانی تقدیر کو اپنی آغوش میں کھینچ لیتی ہے علامت نگاری کے یہی معنی ہیں۔ RUGER FRY نے کہا ہے کہ خالص فن کار علامت نگاری کا مخالف ہے لیکن براؤننگ نے لکھا ہے:

Art-where man nowise speaks to men,
Only to mankind-Art may tell a truth
Obliquely, do the thing shall breed the thought
Nor wrong the thought, missing the mediate word

علامت نگاری (اشاریت) ایک ادبی تحریک تھی جو فرانس میں انیسویں صدی کے اواخر میں شروع ہوئی۔ اس تحریک کے باضابطہ اعلان سے پہلے بہت سے مصنفین نے شعوری طور پر علامتوں کا استعمال کیا تھا۔ بودلیئر نے اپنی سانیٹ CORRESPONDENCE میں کہا کہ دنیا علامتوں کا جنگل ہے پیرس کی زندگی کی مریضانہ تصویریں جن سے اس نے اپنی نظموں کو بھر دیا ہے۔ ان میں اس کی اپنی روحانی حالت کا بیان ہے۔ علامت نگاروں کے پیش

ردوں میں VERLAINE، RIMBAND اور MALERME تھے۔ ۱۸۸۵ء کے قریب ان شعراء کا کچھ نوجوان شاعروں نے کھوج لگایا اور وہ اپنے کو SYMBOLISTS کہنے لگے جن کی تعریف JEAN MOREAS نے ایک مینی فسٹو میں کی جس کی اشاعت ۱۸۸۶ء میں ہوئی۔ اس کا کہنا تھا کہ وہ اوّلین خیال PRIMORDIAL IDEA کو بیان کرنا چاہتے تھے، مجرد خیال کو نہیں بلکہ اس کے ٹھوس مظاہر کے ذریعہ جو اس اوّلین خیال سے مخفی رشتہ رکھتے تھے JEAN MOREAS کے علاوہ اس گروپ میں STUART MERRILL 'GUSTAV KHAN' RENE GHIL اور EMILE VERHAEREN شریک تھے۔ دوسرے شرکا میں VILLIERSDE L' ISK ADAM, MASTERLINCK تھے انگلستان میں علامت نگاروں کے ثنا خواں SYMONS، GEORGE MOORE اور YEATS تھے۔ اس تحریک سے موجودہ دور کے شعراء ایلیٹ، پال ویری اور ڈائلن تھامس متاثر ہوئے۔

Symmetry

متناسب۔ حصوں کی ایک دوسرے سے اور حصوں کی کل سے ہم آہنگی۔

Sympathy

ہمدردی۔ دلسوزی۔ غمگساری۔

Sympton

علامت مرض۔ نشانی۔

Symploce

ایک صفت جس میں جملے کے شروع اور آخر میں ایک لفظ یا فقرے کی تکرار ہوتی ہے یہ ANAPHORA اور EPISTROPHE سے مرکب ہے:

Such was as then the estate of this Duke, as
it was no time by direct means to seek her,
and such was the estate of his captive wit,
as he could delay no time of speaking her."
(Sidney)

Symposium

فلسفیانہ مذاکرہ۔ کسی قسم کا مذاکرہ یا مباحثہ۔ مختلف لوگوں کے ان مضامین کا مجموعہ جو ایک ہی موضوع پر ہوں۔ گلدستہ مضامین۔

Synaeresis

حروف علت یا ہجاؤں کی ترخیم یا تخفیف جیسے MOULDERING ' AMONOUS 'FLOWER

Synaesthesia

مختلف قسم کے احساسات کا ایک دوسرے سے مل جانا جیسے اصوات کو رنگوں یا خوشبو کے ذریعہ بیان کرنا۔ بودلیئر نے اپنی سانٹ CORRESPONDENCES میں بعض خوشبوؤں کا بیان کیا ہے کہ وہ 'SOFT ASOBOES, GREEN AS MEADOWS' تھیں RIMBAND نے اپنی سانٹ VOYELLES میں خاص خاص رنگوں کو خاص خاص حروف علت کا مستلزم قرار دیا ہے EDITH SITWELL نے اس ترکیب کا اکثر استعمال کیا ہے:

Jane, Jane
Tall as a crane,
The morning light cracks down again.

Synaesthesis

ہم آہنگی اور توازن جو آرٹ کا نتیجہ ہے۔ مختلف اور متضاد چیزیں، تیز خیال اور شدید جذبہ، خوف اور سکون بیک وقت آرٹ میں مجتمع ہوتے ہیں لیکن توازن برقرار رہتا ہے کیونکہ کوئی چیز محرک عمل نہیں، صرف ایک متوازن آگہی اور شعور کی گہرائی ہے۔

Synal(o)cpha

دیکھو ELISION

Synchoresis

منظوری۔ رضامندی

Syncopate

حذف کرنا (لفظ کے کسی حرف یا رکن کو)۔ جیسے SYMBOLOGY سے SYMBOLOGY اور GLAUCESTER سے GLOSTER تخفیف۔ موسیقی کے کسی نئے سُر کو اٹھانے کا خاص طرز۔

Syncopation

کسی ایک سطر میں دو مختلف تاکیدی پیٹرن کا استعمال جیسے THE WIFE OF USHER'S WELL میں بنیادی وزن IAMBIC ہے لیکن دوسرے بند کی آخری سطر۔

Thǎt hér threē sóns wēre gáne

کی بجائے

Thǎt hér threē sóns wēre gáne

پڑھی جائے گی۔

Syncope

تلفظ میں کسی درمیانی حرف یا رکن کو حذف کر دینا جیسے OVER کے بدلے OER - TAKEN کے بدلے TA'EN

Syncrisis

موازنہ، تشبیہ۔

Synecdoche

ایک صنعت جس میں کسی چیز یا تصور کا حصہ پوری چیز یا تصور کی جگہ پر ہوتا ہے جیسے: GIVE US THIS DAY OUR DAILY BREAD یا ALL HANDS TO THE PUMP

Syneciosis

مختلف یا متضاد چیزوں کو ایک دوسرے سے وابستہ کرنا۔

Niggard and unthrift are as one,
Neither knows how to use his own,

Synizesis

دو حروف علت کا الگ رہتے ہوئے بھی ان کا ایسا تلفظ کہ گویا وہ ایک ہیں۔

Synonym

مرادف، مترادف۔ جیسے:

Good-will': desire'wish': conceal'Hide':
Commence-begin''

Synonymous parallelism

ایک شعر جس میں ہر سطر میں ایک ہی خیال کو دوسرے لفظوں میں بیان کیا جاتا ہے:

There is nothing hid that shall not be made manifest,
Nor secret that shall not come to light.

Synopsis

خلاصہ، ملخص، تلخیص۔

Synoptic

ملخص۔ ST. LUKE 'ST. MARK : THE SYNOPTIC GOSPELS اور ST. MATTHEW کی انجیلیں جن کی ترتیب یکساں ہے بخلاف سینٹ جان کی انجیل کے جو ان سے قدرے مختلف ہے۔

Syntactics

دیکھو SIGNS

Syntax

علم نحو۔ نحوی ترکیب، ترتیب یا ساخت۔

Synthasis

علاحدہ لیکن تعلق عناصر کو ایک مکمل وحدت بنانا۔ جدلیاتی عمل اسی قسم کی وحدت سے عبارت ہے۔

Synthetic Rhyme

عموماً مزاحیہ نظم میں ایک لفظ کو بدل کر یا مسخ کر کے۔ CONUNDRUM CLEAN OUT FROM UNDRUM'SYNTHETIC RHYTHM (جو BALLADS اور عوامی گیتوں میں پائی جاتی ہے، لفظ کی تکرار یا اس میں ہجاؤں کو ختم کر کے یا بے معنی الفاظ کا استعمال کر کے مائی جاتی ہے جیسے: "AS I HAVE DONE BEFORE, O"

Systrophe

کسی چیز کی تعریف مختلف طور پر کرنا اور اس طرح بہت سی تعریفوں کو اکٹھا کرنا:

Sleep that kints up the revell'd sleave of care
The death of each day's life, sore labour's bath.
(Shakespeare)

Syzygy

یونانی عروض میں دو ارکان کو ملا دینا جیسے IAMBITRIMETRE بجائے IAMBIC HEXAMETRE

T

Tableau

زندہ مرقع جس میں تماشا کرنے والوں کا گروہ خاموش اور بے حس و حرکت سامنے آتا ہے اور کسی تاریخی واقعہ وغیرہ کی تصویر پیش کرتا ہے۔ اسے TABLEAU VIVANT بھی کہتے ہیں۔

Tabloid

اخبار جو خبریں اختصار کے ساتھ ایک ہی جگہ دے دیتا ہے۔

Taboo

تحریم۔ امتناع۔ ممنوع۔ حرام۔ قابلِ احترام۔ آسٹریلیا کے مشرق کے جزیروں میں کسی شخص یا چیز کو قابلِ حرمت یا قابلِ لعنت قرار دینے کی رسم۔

Tabula rasa

کوری تختی۔ لوحِ سادہ۔ LOCKE کا قول ہے کہ پیدائش کے وقت انسان کا دماغ ایک خالی الماری کی طرح ہوتا ہے جس میں دو خانے ہوتے ہیں زندگی ایک خانے کو ہمارے PERCEPTIONS سے بھرتی ہے اور دوسرے خانے کو ہمارے SENSATIONS سے اور دونوں مل کر خیال بناتے ہیں۔

Tact

سلیقہ۔ شعور۔ محل شناسی۔ موقع شناسی۔

Tactile

لمسی۔ جو لامسہ سے محسوس یا متعلق ہو۔

Tag

اضافہ کیا ہوا آرائش یا زور کے لیے جیسے کوئی جانی بوجھی مثل یا کوئی اقتباس۔ ترجیع یا بے معنی الفاظ بطور ترجیع۔ تقریر کا آخری حصہ جو جاذبِ توجہ ہو۔

Tagmeme

قواعد کی سب سے چھوٹی اکائی۔

Tail-Rhyme, stanza - Rime, couée

نظم کی ایک اکائی جس میں ایک مختصر سطر کے بعد لمبی سطریں ہوتی ہیں اور پھر ایک ایک مختصر سطر جو پہلی سطر کی ہم قافیہ ہوتی ہے۔ ترتیب قوافی اا ب ج ج ب ہوتی ہے۔

Tale

قصہ۔ کہانی۔ ناول پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے جیسے A TALE OF TWO CITIES اور مختصر افسانوں پر بھی۔

Talent

ذکاوت۔ اعلا درجے کی ذہنی قابلیت (کسی خاص کام کے لیے)۔ ذکی۔ ولیم ہیزلٹ نے لکھا ہے: ذکاوت ایسی چیزوں کو کرنے کی صلاحیت ہے جن میں کاوش اور محنت کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ ارادی قوت ہے۔ نابغہ غیر ارادی ہے۔

Tall Tale

مبالغہ آمیز ناقابلِ یقین قصہ۔

Tanka

جاپانی نظم جس میں اسو ہجائیں ہوتی ہیں اور پانچ سطریں ہوتی ہیں ۵-۷-۵-۷-۷۔

Tapinosis

نامناسب لفظ جو کسی چیز کو چھوٹا یا خراب کرتی ہے۔ جیسے:

A WART OF A MANSION
ON THE MOUNTAIN SIDE

Taste

ذوق۔ ذوقِ صحیح۔ کولرج لکھتا ہے کہ سب اچھی چیزوں کی طرح ذوقِ صحیح کو بھی حاصل کرنا ہوتا ہے۔ یہ بہترین نمونوں (ادب یا فن کے) پر غور و فکر اور مطالعہ کا نتیجہ ہے۔

Tautology

تکرارِ معنی۔ ایک ہی بات کو مختلف الفاظ میں دہرانا۔ ہم معنی الفاظ کی بھرتی:

My friends spoke all at once together

Taxis

لفظوں کی ترتیب۔

Technique

تکنیک۔

Telescope Word

ایک نیا لفظ جو دو لفظوں کے ملانے سے بنے جیسے FANTICIPATING

Telestich

دیکھو ACROSTIES

Tema con variazioni

یہ اصطلاح موسیقی سے لی گئی ہے۔ ایک قسم کی ظرافت آمیز یا مضحک نقالی۔

Temperament

مزاج۔ افتادِ طبیعت۔

Tendency

رجحان ۔ میلان ۔

Tenor

رچرڈز نے استعارے کے دو حصوں کو TENOR اور VEHICLE کہا ہے ۔ استعارہ دو چیزوں کی مماثلت ہے ۔ ایک TENOR ہے اور دوسری VEHICLE ۔ MACBETH کہتا ہے LIFE'S BUT: A WALKING SHADOW اس میں LIFE کو TENOR کہیں گے ۔ اور WALKING SHADOW کو VEHICLE ۔

Tension

تناؤ یونانی فلسفی HERACLITUS نے کہا تھا کہ کائنات متضاد چیزوں کی کشمکش ہے جس پر ابدی عدل کا اقتدار ہے ۔ اس کا قول ہے :

"Men do not know how what is at variance agrees with itself. It is an attunement of opposite tensions, like that of the bow the lyre."

موجودہ نقادوں کا کہنا ہے کہ یہ ذہنی اور جذباتی کشمکشوں کی ہم آہنگی ہے جو فن پارے کو اس کی وحدت اور مخصوص صورت عطا کرتی ہے ۔ یہ تناؤ مختلف قسم کے ہوتے ہیں نظم کے آہنگ اور بول چال کے آہنگ کا تناؤ ۔ عام اور خاص کا تناؤ ، ٹھوس اور مجرد کا تناؤ خوبصورتی اور بدصورتی کا تناؤ وغیرہ ۔

Tenson

منظوم مناظرہ (دو شاعروں کے درمیان)

Tercet

مثلث ۔ تین سطروں کا بند خصوصاً TRIMETRE کو کہتے ہیں وہ مثلث جس میں سطریں ہم قافیہ ہوتی ہیں اس کو TRIPLET کہتے ہیں جیسے ،

A still small voice spake unto me.

Thou art so full of misery,

Were it not better not to be.' (Tennyson)

Term

ایک لفظ یا لفظوں کا مجموعہ جو ذریعۂ ترسیل ہے ۔ سمجھ میں آنے والی بات کی اکائی ۔ خراب تنقید اور خراب فلسفہ TERMS کے غلط استعمال کا نتیجہ ہیں ۔ اسی لیے لوگ کہتے ہیں: LET US DEFINE OUR TERMS:

Terminology, technical

تکنیکی اصطلاحات ۔

Tern

تین بندوں کا ایک گروپ خصوصاً BALLACH میں ۔

Terror

دہشت ۔

Terza ima

سہ قافیہ ترتیب (مثلث کی) جس میں قافیوں کی ترتیب یہ ہوتی ہے:
اب اب ج ب ج د ج ۔ سہ قافیہ مثلث ۔

Terzina

تین سطروں کا بند ۔

Test

جانچ ۔ آزمائش ۔ معیار ۔ کسوٹی ۔

Tetralogy

چار تصنیفیں (ڈرامے) جو ایک گروپ بناتی ہیں ۔

Tetrametre

چار ارکان کی سطر:

There Hon/our comes/a pil/grim grey/

To bless/the turf/that wraps/their clay/

And Free/dom shall/awhile/repair,

To dwell/ a weep/ing her/mit there/

Tetramétre

بارہ ہجائی فرانسیسی ALEXANDRINE کی چار ہجائی حصوں میں تقسیم ۔
un soir,/t'en souvient-il ?/nous voguions/an silence

Tetrapody

چار ارکان کی سطر ۔

Tetrastich

چار سطروں کا بند QUATRAIN

Texture

دیکھو STRUCTURE

Theatre
تھیٹر۔

Theatre of cruelty
ANTONIN ART AND نے اصطلاح ۱۹۳۸ء میں ایجاد کی۔ اس کے معنی تھے وہ ڈراما جس میں یہ دکھلایا جاتا تھا کہ انسان واقعات اور حالات اور اشیاء کا غلام ہے۔ یہ اخلاقی ڈراما نہیں جو کوئی سبق سکھاتا ہے بلکہ اس میں سامعین (ناظرین) بھی حصہ لیتے ہیں کیونکہ اس کا موضوع انسانیت کی تقدیر ہے۔ یعنی وہ صرف دیکھتے اور سنتے ہی نہیں بلکہ عمل میں بھی حصہ لیتے ہیں۔ پیٹر بروک اور CHARLES MAURITZ نے ملکر NEW LAMDA کو 'THEATRE OF CRUELTY' میں THEATRE CLUB جنوری ۱۹۶۴ء میں پیش کیا۔
اس میں خاموش اشارے تھے، دلچسپ برجستہ باتیں تھیں اور ان سے دماغ کا پریشان رویہ ظاہر ہوتا تھا جو الفاظ سے بدگمانی کا نتیجہ تھا۔

DAVID RUDKIN کے ڈرامے AFORE NIGHT CAME کو ایک نقاد نے پہلا پورا پورا کارنامہ بتایا جس میں رسمی تشدد دکھا اور انفرادی خیالی عمل کا فقدان تھا۔

Theatre of silence
خموش تھیٹر JEAN-JACQUES BERNARD نے ۱۹۲۰ء میں پیرس میں مکالمے کے بیچ میں سکوت کے ڈرامائی امکانات دکھلائے لیکن اب لوگ اسے بھول گئے ہیں۔

Theatre of absurd
MARTIN ESSLIN نے یہ نام عبدِ حاضر کے ایک نئے قسم کے ڈراموں کو دیا۔ ڈراما نگار ENGENE LONESCO، JEAN GENET، BECKET SAMUEL اور HAROLD PINTER تھے جو WELL MADE PLAY کی پرانی روایت سے روگرداں تھے۔ کردار مختلف بھیسوں میں ظاہر ہوتے ہیں۔ ان کی شخصیتیں بدل جاتی ہیں، اور سین اور جنس بھی۔ ڈرامے میں سین کا کوئی مقررہ مقام نہیں، وقت کا تسلسل اور طبیعیات کے قوانین سے کوئی واسطہ نہیں۔ پہلی نظر میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مختلف انمل مناظر ہیں جن میں کوئی ربط نہیں۔ شاید یہ بھی SURREALISM کا اثر تھا۔

Theme
موضوع۔ مرکزی خیال۔

Theogeny
دیوتاؤں کی آفرینش اور سلسلۂ غیب کا بیان۔

Theory, theoretical
نظریہ، نظریاتی۔

Thesaurus
قاموس۔ جامع اور بسیط لغت کی کتاب۔

Thesis
دعوا۔ نظریہ۔ مقالہ جو کسی علمی سند کا امیدوار لکھتا ہے۔

Thesis novel - Roman a these.
وہ ناول جس کا موضوع سیاسی یا سماجی مسئلہ ہوتا ہے جیسے: HARRIET BEECHER STOWE کا ناول UNCLE TOM'S CABIN، UPTON SINCLAIR کا ناول THE JUNGLE اور JOHN STEINBECK کا ناول THE GRAPES OF WRATH

Thesis Play
وہ ڈراما جس میں سماجی یا سیاسی مسئلہ پیش کیا جاتا ہے اور اس کا حل بھی بتایا جاتا ہے۔ اس کی ابتدا فرانس میں DUMAS FILS نے LE FILS NATURED سے کی۔ دوسری مثالیں شا کے ڈرامے WIDOWER'S HAUSES اور MRS. WARREN'S PROFESSION میں اس قسم کے ڈراموں کو PROBLEM PLAY اور PROPAGANDA PLAY بھی کہا جاتا ہے اور اس قسم کے ڈراموں کو DRAMA OF IDEANS بھی کہتے ہیں۔

Thinking
فکر۔

Three unities دیکھو UNITIES

Threnody
نوحہ۔ ماتمی گیت۔

Thriller
ہیجان خیز ناول، ناٹک یا فلم۔

Tilde
یہ نشان ہسپانوی زبان میں ~ کے اوپر لگایا جاتا ہے اور اس

(CAN ON) CANON (SENOR) : کا تلفظ ہوتا ہے جیسے SENOR

Time Novel

یہ چشمۂ شعور اسکول کے ناول ہیں جو کرداروں کی زندگیوں کے معنی خیز لمحوں کا بیان کرتے ہیں۔ یہ وقت کا تسلسل VIRGINIA WOOLF ،JAMES JOYCE ،DOROTHY RICHARDSON اور MARCEL PROUST جیسے ناول نگاروں کے لیے خاص اہمیت رکھتا ہے۔

Tirade

لمبی پُرجوش تقریر یا نظم ہو۔

Tmesis

ایک لفظ کے اجزا کو کوئی اور لفظ یا الفاظ کے بیچ میں داخل کرکے جدا کر دینا جیسے WHATSOEVER THINGS کو WHAT THINGS SOWER کہنا۔

Tone

مصنف اور اس کے مواد میں جو رشتہ ہے یا اس کا قارئین سے جو رشتہ ہے اسے رویہ (ATTITUDE) کہتے ہیں اور یہ رویہ جس طرح تصنیف میں ظاہر ہوتا ہے اسے لہجہ TONE کہتے ہیں۔ مقرر اپنا لہجہ آواز یا طرز بدل کر واضح کر سکتا ہے لیکن لکھنے والے کو تو لفظی ترکیبوں پر بھروسا کرنا پڑتا ہے۔ ایک ہی موضوع پر دو مثالیں ہیں ایک ANDREW MARVELL اور دوسری ROBERT HERRICK کی لیکن MARVELL کا لہجہ زیادہ پُرجوش ہے، HERRICK کا زیادہ دھیما، نرم اور معتدل ہے۔

(1) Let us roll our strength and all
Our sweetness up into one ball,
And tear our pleasures with rough strife
Through the iron gates of life. (Marvell)

(2) Gather ye rosebuds, while ye may
Old Time is still a flying :
And this same flower that blooms today
To-morrow will be dying. (Herrick)

Topic

موضوع۔

Tornada

کسی غنائی نظم کا ENVOI جس میں سطروں کی تعداد بند کی سطروں کی تعداد سے آدھی ہوتی ہے۔

Totem, totemism

ٹوٹم۔ مظاہر فطرت میں سے کوئی چیز خصوصاً کوئی جانور یا پودا جسے شمالی افریقہ کے دیسیوں کے کسی قبیلے نے باطنی اعتقاد کی بنا پر اپنا نشان قرار دیا ہو۔ ٹوٹم کی شبیہ بات؛ ٹوٹم پرستی۔

Touch

لمس۔

Touchstone

کسوٹی۔ محک۔ معیار۔ آرنلڈ نے کہا تھا کہ بزرگ شعرا کی سطروں اور نظموں کو ہم TOUCHSTONE بنا سکتے ہیں:

کون سی شاعری اعلا درجے کی ہے یہ جاننے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ہم دماغ میں بزرگ شاعروں کی سطریں اور بیانات محفوظ رکھیں اور انہیں دوسری شالوں کے محک کے طور پر استعمال کریں۔ مختصر اقتباسات، مفرد سطریں بھی اس مقصد کے لیے کافی ہیں۔

Tour de force

ایک تصنیف جس سے مصنف کا زورِ قلم اور مہارت ظاہر ہو۔

Tract

چھوٹی کتاب۔ رسالہ (خصوصاً مذہبی یا سیاسی موضوع پر)۔

Tractarion movement

دیکھو OXFORD MOVEMENT

Tradition

روایت۔ (۱) اونا سے اونا انشا پرداز کسی روایت سے ابتدا کرتا ہے۔ (۲) کوئی مصنف (وہ نقال ہی کیوں نہ ہو) روایت کی حدود میں نہیں رہ سکتا ہے۔ روایت ماضی کا ناگزیر احساس ہے اور ماضی کو حال سے جوڑنے کی ضرورت کا احساس بھی ہے۔ ایلیٹ نے لکھا ہے:

روایت وراثت میں نہیں مل سکتی ہے۔ اگر تمھیں اس کی تمنا ہے تو تمھیں محنت شاقہ سے اسے حاصل کرنا ہوگا۔

Traditionism

روایت پرستی۔

Tragedy

المیہ۔ ارسطو نے کہا ہے کہ ٹریجڈی عمل کی نقل ہے۔ ایسا عمل جو سنجیدہ اور مکمل ہوتا ہے اور کچھ وسعت رکھتا ہے۔ اس عمل سے ہمدردی اور خوف کے جذبات ابھرتے ہیں اور پھر ان جذبوں کا تنقیہ ہوتا ہے۔ اس کا ہیرو نہ تو بدمعاش ہوتا ہے اور نہ غیر معمولی طور پر پارسا ہوتا ہے اور وہ خوشی سے مصیبت میں (کسی کمزوری یا قوت فیصلہ کی غلطی کی وجہ سے) جا پڑتا ہے۔ یہ باتیں اس عہد کے المیہ پر صادق آتی ہے لیکن عہد مابعد میں بہت سے ایسے اور ایسی قسموں کے المیے لکھے گئے جن پر یہ سب باتیں پوری نہیں اترتی ہیں۔ ملکہ الیزبتھ کے عہد میں ٹریجڈی میں سنجیدہ اور مضحک عناصر اکٹھا ہو جاتے ہیں جس کو ارسطو روا نہیں رکھتا۔ یا MACBETH جیسا کردار جو ابدی کے ہاتھوں میں کٹھ پتلی ہے ہیرو بن جاتا ہے۔ اٹھارھویں صدی میں ڈراموں میں بادشاہوں اور امراء کے بدلے معمولی متوسط طبقے کے لوگ ہیرو کی شکل میں نمودار ہوئے اور موجودہ ڈراموں میں پرولتاری ہیرو ہوتا ہے جس کی ناکامیابی کا سبب سماج کی برائیاں ہیں نہ کہ اس کی کوئی کمزوری۔

Tragedy of Blood

دیکھو REVENGE TREGEDY

Tragic flaw

ٹریجڈی میں ہیرو کی کمزوری یا غلطی جو اس کی مصیبت کا سبب بن جاتی ہے۔

Tragic Irony

دیکھو IRONY

Tragi-comedy

وہ ڈراما جس میں بظاہر المیہ کے آثار نظر آتے ہیں لیکن جس کا خاتمہ بالخیر ہوتا ہے جیسے BEAMONT اور FLETCHER کی PHILASTER یا CORNEILLE کی CID

Trance

وہ حالت جس میں روح جسم سے جدا ہو کر عالم ملکوت کی سیر کرتی ہے اور اس پر روحانی حقایق منکشف ہوتے ہیں۔ وجد۔ روحانی اہتزاز۔ اثر پذیر حالت بے خودی۔

Tranche de vie

دیکھو SLICE OF LIFE

Transcendentalism

ماورائیت۔ موضوعیت۔ موضوعی فلسفہ۔ SCHELLING اور اس کے پیرواں مثلاً ایمرسن کا نظریہ جس کی رو سے خارجی اشیاء حقیقت میں وجود نہیں رکھتی ہیں بلکہ نفس مدرکہ کی پیدا کی ہوئی ہوتی ہے۔ ایمرسن کا قول ہے:

'Nature is the incarnation of thought. The world is the mind precipitated.'

Transference

انتقال جذبہ۔

Transferred epithat

صفت کا اس اسم کے ساتھ استعمال جس سے اس کا تعلق نہیں جیسے کیٹس کی اس سطر میں،

Noiseless as fear in a wide wilderness.

Transition

ایک موضوع سے دوسرے موضوع کی طرف رجوع یا کتاب کے ایک رخ سے دوسرے رخ کی طرف رجوع۔ گریز۔

Translation

ترجمہ۔ ترجمے سے متعلق تین اقوال یہ ہیں:

(1) 'Translations increase the faults of a work and spoil its beauties.' (Voltaire)

(2) A translation is no translation unless it will give you the music of a poem along with the words of it. (Synge)

(3) Translation is at best an echo (Barrow)

لیکن ان سب اقوال کے باوجود بائبل کا ترجمہ THE ANTHORIZED VERSION ترجمہ بھی ہے اور ادب بھی ہے۔

Trauma

دماغی صدمہ۔ ایک تشویش ناک تجربہ جس سے کسی شخص کا دماغ یا اس کے اعصاب ایسے متاثر ہو جاتے ہیں کہ اس میں مریضانہ نفی کوائف پیدا ہو جاتے ہیں۔

Traumatism

مجروحیت۔

Travesty

دیکھو BURLLESQUE

Treatise

باضابطہ رسالہ جو کسی موضوع پر لکھا جائے۔

Trend

عام رجحان۔ میلان؛ رخ۔

Triad

(یونانی زبان میں) تین غنائی بند۔

Tribrach

ایسا رکن جس میں تین چھوٹی ہجائیں یا تین بے تاکید ہجائیں ہوتی ہیں

Trilogoy

(قدیم یونان) سہ المیہ۔ تین ڈرامے جو ایک سلسلے میں دکھائے جاتے ہیں۔ سہ نظم، سہ نثر، سہ افسانہ (ناول) جو ایک ہی موضوع ہوں اور ساتھ ساتھ شایع کیے جائیں۔

Trimetre

سہ رکنی سطر:

A mon/arch saw/and shook
And bade/no more/rejoice;
All blood/less waxed/his look
And trem/ulous/his voice
(Victor Huge)

Trimetre

فرانسیسی بارہ ہجائی سطر جو تین آہنگی حصوں میں منقسم ہو:

It ful heros/it ful geant/it ful genic

Triolet

آٹھ سطروں کی نظم جس میں دو قافیے ہوتے ہیں۔ پہلی سطر کی تکرار چوتھی اور ساتویں سطروں میں اور پانچویں اس سطر کی ہم قافیہ ہوتی ہے۔ اسی طرح دوسری سطر کی تکرار آٹھویں سطر میں اور چھٹی سطر ہم قافیہ ہوتی ہے:

How great my grief, my joys how few,
Since first it was my fate to know thee.
Have the slow years not brought to view
How great my grief, my joys how few,
Nor memory shaped old times a new,
Nor loving-kindness helped to show thee
How great my grief, my joys how few,
Since first it was my fate to know thee ?
(Hardy)

Triple metre (measure)

وہ رکن جس میں تین ہجائیں ہوں۔

In the Name/of the Em/press, the O/verland
Mail. (Kipling)

Triple Rhyme

قافیہ جس میں ایک تاکید دار ہجا کے بعد دو بے تاکید ہجائیں ہوں۔ اکثر ظریفانہ اثر کے لیے استعمال ہوتی ہے:

Having reached the summit, and managed to cross it he
Rolled down the hill with uncommon velocity
(R.H.Barham)

Triplet

مثلث۔ تین ہم قافیہ سطریں جو ایک اکائی ہوں:

There Shakespeare, on whose forehead climb
The crowns of the world. Oh, eyes sublime,
With tears and laughters all the time.
(Mrs.Browning)

Tripody

تین سطریں جو ایک اکائی ہوں۔ عموماً ایک سطر جس میں تین ارکان ہوں۔

Tristich

مثلث تین سطروں کا بند۔

Tritagonist

یونانی ڈرامے میں تیسرا ایکٹر جس کو SOPHOCLES اسٹیج پر لایا۔

Trite

پیش پا افتادہ۔

Trivia

معمولی۔ گھٹیا؛ ادنا قسم کی۔

Trivium

قرون وسطی کے نصاب تعلیم میں پہلے تین فنون شریفہ: صرف ونحو، خطابت اور فلسفہ۔

Trobar

شعر لکھنے کا عمل یا پیشہ یا فن۔

Trober clus

بارھویں صدی کے PROVENCAL شعرا GIRANT میں
MARCABOU اور PIERRED 'AUVERGNE DE BORNELH
ہیں جنہوں نے مختلف موضوعات پر نظمیں لکھیں جن میں ایک موضوع
صلیبی جنگ تھی۔

Trochee

دو ہجائی رکن جس میں تاکید پہلی ہجا پر ہوتی ہے جیسے:

Hópe ĭs/bánĭshed
Jóys ăre/vánĭshed
Dámŏn/, mý bĕlóved' ĭs/góne

Trope

صفت معنوی جیسے استعارہ، تشبیہ وغیرہ۔

Tropisms

مختصر نثری عبارت جس میں ایک مخصوص واقعے کو اس جزئی تفصیل سے بیان کیا جائے کہ قاری حالت نوم میں ہو جائے

Troubarour

عہد وسطی کا PROVENCAL کا غزل گو شاعر

Trouvere

شمالی فرانس کا درباری رزمیہ نگار اور غنائی شاعر۔

Truncated line دیکھو ACTALEDIC

Truism

بدیہی امر؛ مسلمہ حقیقت پیش پا افتادہ بات۔ فرسودہ مقولہ۔

Truth in art

فن میں سچائی۔ کیا سچائی کا سوال متعلق ہے؟ کیا سچائی کا فن میں
وہی مفہوم ہے جو زندگی میں ہے؟

Tudor

۱۴۸۵ء سے ۱۶۰۳ء کا انگلستان میں عہد۔

Tumbling verse

دیکھو SKETTOMIC VERSE

Turning point

نزول۔ نقطۂ عروج پر پہنچ کر جب عمل یا پلاٹ کی طرف مائل ہوتا ہے

Twelve-line stanza

۱۲ سطروں کا بند۔ یہ بند ٹینی سن، براؤننگ اور پرو ڈ نے
مختلف ترتیب قوافی کے ساتھ استعمال کیا ہے۔

Twisting

ڈرامائی کشمکش کے واقعات کے دھاگوں کو ملا کر ایک کرنا۔

Two cultures, The

سی پی سنو نے یہ مباحثہ شروع کیا کہ ہر تعلیم یافتہ شخص کو SECOND LAW OF
THERMODYNAMICS جاننا ضروری ہے اور شیکسپیئر کو سمجھنے
کی صلاحیت بھی ضروری ہے۔ ورنہ TECHNOLOGY اور HUMANITIES
کے درمیان ایک خلیج حائل ہو جائے گی جو خطرناک ہے۔

Type

نمونہ۔ قسم۔ ٹائپ۔

Type character

دیکھو STOCK AND TYPE CHARACTER

Type-face

ٹائپ کا طرز

Typography

فن طباعت۔

U

Ubisunt theme

بہت سی عہد وسطی کی لاطینی نظمیں جو الفاظ UBI SUNT (کہاں ہیں)
سے شروع ہوتی ہیں۔ ان کا موضوع دنیاوی چیزوں کی
ناپائیداری ہے FRANCOIS VILLON کی ایک نظم کی مشہور سطر ہے:

MAIS OU SONT LES NEIGES D' ANTAN'

"لیکن گزرے ہوئے سال کی برف کہاں ہے؟"

Ugaritic poetry

ساسانی زبانوں کی ایک شاخ UGARISTIC بھی ہے جس کا ابھی حال میں پتا چلا ہے۔ اس کی شاعری میں بھی کنعانی شاعری کی خصوصیتیں ہیں۔

Ugliness

بدصورتی۔ جو زندگی میں بدصورتی ہے وہ آرٹ میں حسن کا ایک عنصر بن جاتی ہے۔ جو فن کاری کی ترکیبوں سے زندگی کے فیصلے کو بدل دیتا ہے یا ایک نئی روح پھونک دیتا ہے جس سے سطحی بدصورتی کے نیچے ایک زریں جھلک دکھائی دینے لگتی ہے: جیسے REMBRANDT کی تصویر OLD WOMAN PARING HER NAILS بدصورتی کبھی مقابلے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ یہ ایلیٹ کی تکنیک کا ایک اہم طریقہ ہے دیکھو SWEENEY ERECT یا THE WASTE LAND

Ulster Theatre

دیکھو IRISH DRAMATIC MOVEMENT

Ultraism

بہت سی نئی تحریکوں کا بنیادی رویہ۔ یہ انسان دوستی (HUMANISM) سے مختلف ہے۔ انسانی دوستی میں تین سطحیں ہیں فطری، انسانی اور ربانی اور یہ انسان کی آزاد فکر اور اچھائی کے عام شعور سے انسان کو اپنی تقدیر بنانے دیتی ہیں لیکن ULTRAISM انسانی اور ساری اشیاء کو ایک بہاؤ میں دیکھتی ہے اور ایک قانون کا پابند پاتی ہے۔ یہ جوہر کو ڈھونڈتی ہے، عالمگیر چیزوں کو ڈھونڈتی ہے، یکتا یا انفرادی چیزوں سے اسے واسطہ نہیں ہے۔ یہ SURREALISM، EXPRESSIONISM اور ABSTRACT ART کا عام رویہ ہے۔

Unanism

دنیا کا تصور جو اس آگہی کی پیداوار ہے کہ انسان ایک فرد نہیں بلکہ ایک گروپ کا رکن ہے اور ہر گروپ زندگی کی ساری خصوصیتوں کے ساتھ ارتقاء پذیر ہے جن میں بیماری اور موت بھی شامل ہیں۔ اس طرح انسانیت کا قصہ مختلف گروپوں اور ان کے باہمی رشتوں اور افراد کے باہمی رشتوں اور افراد اور گروپوں کے باہمی رشتوں کا قصہ ہے۔ WALT WHITMEN، بودلیئر اور VERHAEREN میں اس تصور کی جڑیں موجود ہے جو بڑے بڑے شہروں سے پھیلی۔ انسان اور کائنات کا یہ رشتہ JULES ROMAINS نے ادب میں پھیلایا مثلاً LA VIE UNANIME

Uncial

ایک انچ اونچے حروف۔

Unconscious, the

لاشعور۔ وہ دماغی تحریکیں جو شعور میں نہیں ابھرتیں۔

Understanding

قوت ادراک۔ تفکر۔ فکر۔ سمجھ

Undifferentiated

بے تفریق۔ متحدالنوع۔

Uniform, uniformity

یکساں۔ یکسانی۔

Unique

بے مثال۔ واحد۔

Unities, the

وحدتیں، زمان، مکان اور عمل کی وحدتیں۔ ایف ایل لکاس نے لکھا ہے کہ ارسطو نے صرف اس بات پر زور دیا تھا کہ عمل میں فنی وحدت ہونی چاہیے۔ اسے غیر متعلق چیزوں سے آزاد ہونا چاہیے۔ اس نے یہ بھی کہا تھا۔ اگرچہ اس نے کوئی نظریہ نہیں پیش کیا تھا کہ ڈراموں میں وقت کی مدت چوبیس گھنٹوں یا اس سے کچھ زیادہ میں محدود رہتی ہے وحدت مکان کا وہ ذکر نہیں کرتا۔ یونانی تھیٹر، کورس کے ساتھ واقعتاً زمانی اور مکانی وحدتوں پر عمل کرتا تھا۔ بغیر پردے کے ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ممکن نہیں تھا اور یہ قابل یقین نہیں تھا کہ بارہ بوڑھے آدمیوں کا ایک ہی گروپ ابھی ایتھنس، ابھی اسپارٹا اور ابھی تھیبس میں ملے گا۔

Universal complex

عالمگیر دماغی ہیجان یا الجھن، گرہ

Universality

عالمگیر ہونا۔ وہ صفت جس کی وجہ سے کسی ادب پارے کی معنی خیزی کسی خاص وقت اور جگہ تک محدود نہیں رہتی جیسے۔

SOPHODE کے ڈرامے ANTIGONE کی معنی خیزی صرف یونانی کلچر کے لیے نہیں ہے کیونکہ یہ یونانی ڈراما ہے جس کی بنیاد قدیم اسطور پر ہے۔ ڈرامائی مہارت۔ اس کی وسعت قوت بیان اور وہ سکتے جو صرف ڈرامے کے کرداروں کے مسائل نہیں ہیں بلکہ وہ انسان کے لیے اہمیت رکھتے ہیں۔ یہ سب خوبیاں اسے عالمگیر بنادیتی ہیں۔

University wits, the

یہ نام نوجوانوں کے ایک گروہ کا ہے جو آکسفرڈ اور کیمبرج سے لندن ۱۵۸۰ء کے لگ بھگ آئے اور جو اس عہد کے ڈراما اور ادب پر اثر انداز ہوئے۔ ان کے نام GEORGE PEELE ،JOHN LYLY، CHRISTOPHER MARLOWE ،THOMAS LODGE اور ROBERT GREENE، تھامس کڈ ہیں۔

Unmetrical

بحر سے خارج، ناموزوں۔ بے وزن۔

Urge

قوی محرک۔ لگن۔

Usage

وہ طرز بیان جو عام طور پر مسلمہ ہے۔ الفاظ اور الفاظ کے رشتوں کا نظام سالہا سال کے بعد ترکیب پاتا ہے اور عام طور پر مستعمل ہو جاتا ہے۔

Useful

کارآمد۔ سودمند۔

Utiliterianism

افادیت پسندی۔ یہ اصول کہ جو کام اپنے لیے مفید ہے وہی اچھا ہے۔ افادیت اجتماعی۔ وہ نظریہ اخلاق جس کی رو سے فعل اخلاقی کا مقصد پوری جماعت یا معاشرے کو فائدہ پہنچانا ہوتا ہے۔

Utopian literature

خیال پرست ادب جس میں ایک مثالی دنیا یا سماج کی تصویر کشی ہوتی ہے UTOPIA ایک کتاب کا نام ہے جس کا مصنف SIR THOMAS MOORE تھا اور ۱۵۱۶ء میں شائع ہوئی تھی۔ اس میں ایک فرضی جزیرے کا ذکر ہے جس میں ایک مکمل مثالی تمدن اور سیاسی نظام رائج تھا۔ BACON نے NEW ATLANTIS لکھی SAMUEL BUTLER نے EREWHON لکھی WILLIAM MORRIS نے NEWS FROM NOWHERE لکھی اور H.G. WELLS نے A MODERN UTOPIA لکھی۔

Utility

افادہ۔ افادیت۔

V

Vacillation

تذبذب۔

Vade Mecum

کوئی کتاب (مثلاً دستور العمل) جو ہمیشہ ساتھ رہتی ہے۔

Vagueness

غیر واضح ہونا۔ بہت سے الفاظ غیر متعین ہیں کیونکہ ان کی حدود مقرر نہیں جیسے SIMPLE ،COLD ،STRONG ،MIDDLE AGED یہ الفاظ آرٹ اور ڈپلومیسی میں مفید ہیں۔ ان میں اور محض غیر متعین الفاظ میں فرق ہے جیسے جب کسی خاص طرز عمل کا ذکر نہیں ہو۔

Validity

صحت۔

Values

قدریں۔ ایک قدر لذت پرستی ہو سکتی ہے کیونکہ فنی کارنامہ فوری مسرت بخشتا ہے۔ یہ فنی ہو سکتی ہے کیونکہ اس میں صناعت کا حسن ہے۔ یہ کلچرل ہو سکتی ہے کیونکہ سماج یا تمدن کے لیے معنی خیز ہے۔ یہ اخلاقی یا مذہبی ہو سکتی ہے اور یہ عملی ہو سکتی ہے۔

Variable syllables

وہ ہجا، جو چھوٹی یا بڑی ہو سکتی ہے، تاکید دار یا بے تاکید دار ہو سکتی ہے۔ اسے DISTRIBUTED STRESS اور HOVERING ACCENT بھی کہتے ہیں۔

Now came still Evening on, and twilight gray

Variation

دیکھو ELEGANT VARIATION

Varied response

متنوع ردعمل۔ متنوع جوابی عمل۔

Variety

متنوع، بوقلمونی۔

Variorum edition

جامع اڈیشن جس میں مختلف شارحوں کے حاشیے جمع کر دیے گئے ہوں۔

Vates

پیغمبر۔ شاعر خصوصاً وہ جو ربانی وجدان کا حامل ہے۔ ورجل نے FOURTH ECLOGUE میں پیش گوئی کی تھی کہ OCTAVIAN اور SCRIBONIA کو ایک لڑکا ہوگا جس کی حکومت کے دوران میں دنیا میں امن و امان ہو جائے گا۔ لیکن لڑکے کے عوض میں لڑکی پیدا ہوئی پھر اس پیش گوئی کو حضرت عیسیٰ کی آمد سے متعلق سمجھا گیا اس لیے دانتے نے DIVINE COMEDY میں ورجل کو اپنا رہنما بنایا۔

Vaudeville

غنائی ناٹک۔ بیچ میل تماشا۔ ٹپ دار گیت جو عوام گاتے ہیں۔

Vehicle

دیکھو TENOR

Vellum

لکھنے کی باریک جھلی جو بچھڑے کے چمڑے سے بنتی ہے۔ تحریر جو اس پر لکھی جائے۔

Vengeance

انتقام۔ بدلہ۔

Verbal Irony

دیکھو IRONY

Verbalism

الفاظ کی حد سے زیادہ چھان بین۔ تنقید لفظی۔ VERTALIST لفظی تنقید کرنے والا۔

Verbiage

الفاظ کی بھرمار۔ بیجا طول

Verbatim

لفظ بہ لفظ۔ حرف بحرف۔

Verbosity

طول نویسی۔ طول گوئی۔ طوالت پسندی۔ ڈاکٹر جانسن نے اپنی ڈکشنری میں NETWORK کی تعریف کی ہے،

"Anything reticulated or decussated with interstices between the intersections.'

اور کھانسی کی یہ تعریف ہے:

'a convulsion of lungs, vellicated by some sharp serosity.'

Verisimulitude

شائبہ اصلیت۔ قرین قیاس ہونا۔ فرانسیسی میں اسے VRAISEMBLANCE کہتے ہیں۔

Verism

یہ نظریہ کہ ادب یا فنون میں صرف حقیقت کا بیان ہونا چاہیے اگرچہ وہ گھناونی ہو۔ VERIST اس نظریے کا حامی۔

Vernacular

ملکی۔ دیسی زبان۔ محاورہ وغیرہ۔

Vers de societe

تفریحی شاعری۔ ہلکی پھلکی شاعری جو شستہ سماج اور اس کی سرگرمیوں کو سلیس طرز میں بیان کرتی ہے۔ اس میں نکتہ سنجی، ہلکی طنز، نفیس عشقبازی ملتی ہے۔ GRAY کی ایک نظم کے آخری دو بند ہیں:

Eight times emerging from the flood
She mew'd to ev'ry watry God,
Some speedy aid to send.
No Dolphin came, no Nereid stirr'd.
Nor cruel Tom or Susan heard.
A Fav'rite has no friend
From hence, ye Beauties, undeceiv'd,
Know, one false step is ne'er retrievd

And be with caution bold.

Not all that tempts your wand'ring eyes

And heedles hearts, is lawful prize;

Nor all, that glisters, gold.

Verse

نظم سطر جو کسی بحر میں ہو۔ایک بند جس میں سطروں کی تعداد مختلف ہو سکتی ہے۔ان چھوٹے حصّوں میں سے ایک حصّہ جن میں بائبل کے ابواب کی تقسیم کی گئی ہے۔

Verse paragraph

جب بہت سی سطریں مل کر مکمل معنی کو واضح کرتی ہیں۔خصوصاً بلینک ورس (BLANK VERSE) کی کئی سطریں جو مل کر ایک اکائی بناتی ہیں۔ ملٹن اور ورڈزورتھ نے VERSE PARAGRAPH کا استعمال کیا ہے۔

Versification

ہر زبان میں نظم لکھنے کی ترکیب جدا ہوتی ہے۔اس کے قوانین جدا ہوتے ہیں۔

Verslibre

آزاد نظم۔اس میں مختلف اوزان اور مختلف آہنگ ہوتے ہیں اور عروض کے قواعد کو پس پشت ڈال دیا جاتا ہے۔ایذرا پاؤنڈ کی چھوٹی سی نظم ہے:

Go, little naked and impudent songs,

Go with a light foot!

Or with two light feet, if it please you

Go dance shamelessly!

Go with impertinent frolic

Verso

دیکھو۔ RECTO AND VERSO

Verso sciolto

بے قافیہ گیارہ ہجاؤں کی اطالوی سطر جسے TRISSINO نے رزمیہ اور المیہ میں استعمال کیا اور جس پر انگریزی BLANK VERSE کی بنیاد پڑی۔

Vertigo

چکر۔دوران سر۔

Vested interest

مستقل مفاد۔

Vestige

نشان۔آثار۔علامت۔شائبہ۔

Vesture

پوشاک۔لباس۔جامہ۔کارلائل نے اس لفظ کی شاعرانہ معنی خیزی بیان کی ہے:

وہ ربانی اسرار جو ہر جگہ ہر مخلوق میں پائے جاتے ہیں۔ربانی تصور جو ہر مظہر کی بنیاد ہے اور جیسا کہ نطشے نے کہا ہے،جس کے سارے مظاہر ستارے بھرے آکاش سے میدان کی گھاس تک لیکن خصوصاً انسان اور اس کی تخلیقات کی صورتیں اس کا لباس ہیں،اس کی تجسیم ہیں جن میں وہ ظہور پذیر ہوتا ہے۔

Vibration

اہتزاز۔ارتعاش۔

Victorian

کوئی روحانی یا مادی چیز یا کوئی شخص (شاعر،فنکار،سیاستداں) جو ملکہ وکٹوریہ کے عہد کا نمائندہ ہو۔ PAUL HARVEY نے اس کی خصوصیتیں گنائی ہیں:

شائستگی اور اخلاق کا ترقی یافتہ معیار،دولت کی فراوانی کی بدولت خود اطمینانی،پوری قوم کی فلاح و بہبودی اور عظیم صنعتی اور سائنسی ترقی،شعوری راست روی اور ظرافت کی کمی اقتدار اور راسخ الاعتقادی کی بے جست منظوری۔

Victorian compromise

وکٹورین مصالحت یا اعتدال۔ٹینی سن اس کا نمائندہ ہے

ان سطروں میں سائنس اور مذہب کی مصالحت ہے:

Let knowledge grow from more to more
But more of reference in us dwell
That mind and soul according well
May make one music.....

Vide ante

(لاطینی) دیکھو پہلے۔

Vide infra

ملاحظہ ہو نیچے یا آیندہ کے صفحات۔

Videlicet

یعنی۔ جس کے نام یہ ہیں۔

Vide post

دیکھو نیچے۔

Vide supra

دیکھو اوپر۔ مخفف V.S.

Viewpoint

دیکھو POINT OF VIEW

Vignette

بڑے حروف کی آرایش کشش اور دائرے۔ سرورق کی بے حاشیے کی کندہ تصویر۔ سیرت کا خاکہ یا تصویر جو الفاظ میں کھینچی جائے۔

Villain

بدمعاش۔ ایک بد کردار جو ہیرو کی مخالفت کرتا ہے۔

Villanelle

انیس سطروں کی فرانسیسی نظم پانچ مثلثوں کے بعد ایک مربع ہوتا ہے صرف دو قافیے ہوتے ہیں۔ دوسرے اور تیسرے مثلثوں کے آخر میں ابتدائی سطر کی تکرار ہوتی ہے اور پہلے مثلث کی آخری سطر سے نظم کا اختتام ہوتا ہے۔ یہ W.E.HENLEY کی نظم ہے جس کا عنوان ہے VILLANELLE

A dainty things villanelle,
Shy, musical, a jewel in rhyme,
It serves its purpose passing well.

A double-clappered silver bell,
That must be made to clink in chime,
A dainty thing's the villanelle;

And if you wish to flute a spell,
Or ask a meeting neath the lime,
It serves its purpose passing well.

You must not ask of it the swell
Of organs grandiose and sublime
A dainty thing's the villanelle;

And filled with sweetness, as a shell
Is filled with sound, and launched in time,
It serves its purpose passing well.

Still fair to see and good to smell
As in the quaintness of its prime,
A dainty thing's the villanelle,
It serves its purpose passing well.

Virelay, vireli

قافیہ بند۔ ایک قسم کی فرانسیسی نظم جس کے ہر بند میں صرف دو سطروں کا قافیہ ایک ہو۔ اس میں لمبی اور چھوٹی سطریں ہوتی ہیں لمبی سطریں ہم قافیہ ہوتی ہیں اور چھوٹی سطریں ہم قافیہ ہوتی ہیں اور ایک بند کی چھوٹی سطریں دوسرے بند کی لمبی سطروں کی ہم قافیہ ہوتی ہیں۔

Virgule

ایک مہین کج یا سیدھی سطر جو عہد وسطی کے مخطوطوں میں ملتی ہیں۔ یہ وقفے کی نشان دہی کرتی ہے اور COMME کے برابر ہے۔

Visa

OLD NORSE شاعری کی آدھی سطر کی اکائی۔

Vision

رویا۔ خیالی صورت۔ بصیرت۔

Vocabulary

دیکھو DICTION خزانۂ الفاظ۔

Vocalic assonance

یہ ایک قسم کی NEAR RHYME ہے جس میں قوافی میں تاکیدوار حروف علت ایک ہوتے ہیں لیکن حروف صحیح بدل جاتے ہیں:

O it fell once upon a day
Burd Isbel fell asleep
And up it starts the Billy Blind
And stood at her bed-feet (Young Bekie)

Volapuk

دنیائی زبان۔ عالمگیر زبان۔ ایک مصنوعی بین الاقوامی زبان جسے J.M. SCHLEYER نے ۱۸۷۹ء میں ایجاد کیا تھا۔ اس کی جگہ ESPERANTO، IDO اور دوسری ایجادوں نے لے لی۔

Volta

خیال و تاثر میں تغیر جو OCTAVE سے SESTET میں ہوتا ہے۔ یہ شیکسپیئر کی سانٹ کا ایک حصہ ہے جس میں وہ بیان کرتا ہے کہ آفتاب اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ برآمد ہوتا ہے اور پھر بادلوں میں چھپ جاتا ہے:

Anon permit the basest cloud to ride
With ugly rack on his celestial face,

And from the forlorn world his visage hide,
Stealing unseen to west with this disgrace:
(Volta)
Even so my sun one early morn did shine,
With all triumphant splendour on my brow;
But, out! alack! he was but, one hour mine,
The region cloud hath mask'd him from me now.

Voodocism

سفلی جادو کا عقیدہ۔ سفلی جادو کا عمل

Vorticism

ایک مختصر ادبی تحریک جو BLAST کے دو شماروں تک محدود رہی جو ۱۹۱۴ء اور ۱۹۱۵ء میں شایع ہوئے تھے۔ اس کا اڈیٹر WYNDHAM LEWIS تھا۔ اس میں ایلیٹ اور پاؤنڈ کی کچھ ابتدائی نظمیں شایع ہوئی تھیں۔ یہ لوگ انگریزی شاعری کی بھری روایت کے خلاف تھے اور ایک ٹھنڈے متین اور کلاسیکی اسلوب کے خواہاں تھے۔ اس میگزین کو کسی نے سنجیدگی سے نہیں لیا اور اس کے بند ہونے کے بعد اس کے لکھنے والے الگ ہوگئے۔

فن کی دنیا میں اس کی تعریف REGINALD G.HAGGER نے یوں کی ہے کہ یہ فنی تحریک WYNDHAM LEWIS نے ۱۹۱۲ء میں چلائی تھی اور یہ CUBISM اور FUTURISM سے نکلی تھی اور اس تحریک اور ان دونوں تحریکوں میں بہت سی باتیں مشترک تھیں۔ اس سے بہت کچھ فنی ہنگامہ اٹھا۔ اس کی ترکیبوں میں پرشور مینی فسٹو، گروپ سرگرمی اور صدمہ پہنچانے والی ترکیبیں تھیں۔ اس تحریک نے مشین کی تحسین کی جو 'HARD, ANGULAR AND SHARPEDGES' ہوتی ہیں۔

Vowel Rhyme

ایک قسم کا قافیہ جس میں کسی قسم کے حرف علت کی صورت کو دوسرے حرف علت کی صورت سے مانا سمجھا جاتا ہے۔ اس کا استعمال انگریزی میں کم ہوتا ہے۔ ایملی ڈکنسن کا ایک بند ہے:

We passed the school, where children strove
At recess, in the ring;
We passed the fields of gazing grain
We passed the setting sun.

Vraisemblance

دیکھو VERISMILITUDE

Vulgarism

سوقیانہ ترکیب یا محاورہ جیسے (۱) HE BASHED THE OLD GEEZER (۲) THE YOB NICKED A PACKET OF FAGS

Vulgate

انجیل کا لاطینی ترجمہ جو ST JEROME اور دوسروں نے چوتھی صدی میں تیار کیا تھا اور جس پر بعدہ دوبارہ نظرثانی کی گئی۔ یہ ترجمہ رومن کیتھولک کلیسا میں استعمال ہوتا ہے۔

W

Wanderlust

سیر کا چسکا

Wandour street English

قدیم طرز کی انگریزی جو پرتکلف لکھی یا بولی جائے۔ ایسا اسلوب جس میں چھوٹے متروکات کا استعمال ہو جیسے :

'VOUCHSAFE' 'PERCHANCE' 'VERILY'

Water-lines

شفاف عمودی اندرونی لکیریں جو کاغذ پر ہوتی ہیں جن سے پرانی کتابوں کی سائز آسانی سے معلوم ہو سکتی ہے۔

Watermark

کاغذ کا اندرونی نشان جس میں بنانے والے کا نام، کاغذ کی سائز وغیرہ لکھی ہوتی ہے۔

Wax engraving

پلیٹ بنانے کا طریقہ جس سے کسی تصویر کو تانبے کی موم سے بنی پلیٹ پر بناتے ہیں اور اس سے ELECTROTYPE بناتے ہیں۔

Wazygoose, waygoose

WAKEGOOSE کی بگاڑی ہوئی شکل۔ چھاپے کے ملازموں کا سالانہ جشن۔

Weak-ending

وہ لفظ جس سے سطر کا اختتام ہوتا ہے اور جو معمولی بول چال میں بے تاکید ہوتا ہے۔ بے تاکیدی دسویں ہجا پر جو BLANK VERSE میں ہو :

Say that I wish he never find more cause
To change a master. O, my fortunes have
Corrupted honest men. (Antony and Cleopatra)

Nor set
A mark so bloody on the business; but
With colours faire/painted their foul eads.
(The Tempest)

Welleresque
Wellerian: Wellerism

ڈکنس کے ایک کردار SAM WELLER یا اس کے باپ کا طرز:

'Vell, govner, we must all come to it, one day or another.'
'So we must, sammy.', said Maweller the elder.
'There's a Providence in it all, said Same.
'Of course there is, replied his father with a nod of grave approval.
'Wot'ud become of the undertakers without it.

Well-made Play

اسے فرانسیسی میں PIECE BIEN FAITA کہتے ہیں۔ اس قسم کے ڈرامے کی ابتدا فرانس میں ہوئی۔ اس کی ساخت ایک خاص فارمولا کے مطابق ہوتی تھی۔ اس کا ایجاد کرنے والا EUGINE SCRIBE ہے۔ اس کا پلاٹ کسی بھید (راز) کے گرد بنایا جاتا ہے جسے صرف چند کردار جانتے ہیں اور اسے عروج کے موقع پر ظاہر کیا جاتا ہے اور اس سے بدمعاشوں کی شکست اور ہیرو کی فتح ہوتی ہے یا یہ کہ ایک کشمکش ہوتی ہے جو ہیرو اور اس کے مخالف کے درمیان ہوتی ہے اور اس کشمکش کی شدت بڑھتی جاتی ہے جس میں ہیرو کو شکست ہوتی ہے لیکن اس کا خاتمہ اس منتہائی انکشاف کے ساتھ ہوتا ہے۔ غلط فہمیاں مشتبہ خطوط، متعین وقت پر آنا جانا اور دوسری ترکیبیں شدت انتظار کو قائم رکھتی ہیں۔ انکشاف ہمیشہ ہوشیاری سے تیار کیا جاتا ہے اور قابل یقین ہوتا ہے۔

Weltanschauung

تصور کائنات۔

Weltschmerz

قنوطانہ افسردگی۔ زندگی سے بیزاری۔ دنیا کی حالت سے متعلق بے اطمینانی۔

Wessex Novels

ہارڈی کی اپنے ناولوں میں WESSEX سے مراد جنوبی مغربی صنعتوں خصوصاً DORSET سے ہے، جہاں اس کے ناول کے سین پیش کیے

جاتے ہیں۔

Western

وہ فلم یا ناول جس میں امریکہ کی مغربی ریاستوں کے کو بان (COWBOY) قزاق BANDIT پولس کا اعلا افسر (SHERRIEF) چوپے اور جھونپڑوں کے شہر ہوتے ہیں۔ کبھی کبھار انہیں تقریباً HORSEOPERA بھی کہتے ہیں:

Wheel of things, the

عالمگیر تغیر کا قانون۔ SOPHOCLES کے ڈرامے THE WOMEN OF TRACHIS کے پہلے گیت میں امید کی شعاع دکھائی دیتی ہے اور

کا پرانا نظریہ پیش کیا جاتا ہے کہ غم کے بعد مسرت ہے اور مسرت کے بعد غم:

To all they come, sorrow and joy,
In circling round, like the turning
Paths of the Bear.

Whodunit

یعنی WHO DONE IT یا WHO DID IT کی بگڑی ہوئی شکل ہے۔ جاسوسی قصہ، جرم خصوصاً خون سے متعلق جس میں قاتل کی تلاش کی جاتی ہے۔ یہ ROMAN POLICIER کی مخصوص شکل ہے جو خون پر موقوف نہیں بلکہ ہر جرم سے متعلق ہو سکتا ہے۔

Widow

کسی عبارت کی آخری مختصر سطر جو دوسرے صفحہ کی پہلی سطر کی طرح نمایاں ہوتی ہے۔ اچھی طباعت میں WIDOWS سے پرہیز کیا جاتا ہے۔

Will

قوت ارادی جو عقل اور جذبات میں توازن کو قائم رکھتی ہے۔

Willing suspension of disbelief

یہ فقرہ کولرج نے استعمال کیا ہے۔ اس کا مطلب ہے کسی فن پارے کو پڑھتے وقت ہم اپنے عقیدے کو خوشی سے معرض التوا میں ڈال دیتے ہیں۔

Wish fulfilment

جو خواہشیں تحت الشعور میں رہتی ہیں ان کا وہم کی دنیا میں پورا ہو جانا

Wishful thinking

آرزومند طرز خیال۔ دماغی کیفیت جس میں مستقبل اپنی خواہشوں کے رنگ میں رنگا ہوا دکھائی دیتا ہے۔

Wit

نکتہ سنجی۔ بذلہ سنجی۔ یہ ظرافت سے زیادہ دانشورانہ چیز ہے اور یہ تناسب اور بے میل چیزوں کا تیز ادراک ہے۔ اس لفظ کے معنی بدلتے رہے ہیں۔ نشاۃ ثانیہ میں اس سے مراد عقل یا ادراک تھی۔ سترھویں صدی میں یہ FANCY کے معنی میں استعمال ہوتا تھا۔ خیال کی تیزی اور نقوش کی نو آفرینی۔ ہوبس کی نظر میں یہ قوت فیصلہ تھی۔ شاعرانہ حیثیت سے صحیح نکتہ سنجی شاعر کی وہ صلاحیت تھی جس سے وہ غیر مشابہ چیزوں میں مشابہت دیکھتا تھا۔ یہ الفاظ کا کھیل ہوتا تھا نہ کہ خیال کا جیسے ACROSTICS پوپ نے یوں تعریف کی ہے:

True wit is Nature to advantage dressed
What oft was thought but ne'er so well expressed.

بیسویں صدی میں WIT کو ایسی باتوں تک محدود رکھا جاتا ہے جو ذہنی طور پر تفریح کا سبب ہیں جو بیک وقت مسرت اور حیرت بخشتی ہیں۔

Wit-writing

DRYDEN نے WIT کی تعریف کی ہے:
خیالات و الفاظ کی موزونیت، خیالات و الفاظ کی شستگی۔
خیالات کے مناسب اور WIT WRITING کی یہ تعریف کی ہے:
WIT WRITING وہی چیز ہے جسے قوت تخیل کہتے ہیں۔

Word

لفظ۔ دیکھو DICTION، ETYMOLOGY، LANGUAGE

Word Accent

دیکھو ACCENT

Word analysis

کسی مصنف کے الفاظ کا تفصیلی مطالعہ۔ تنقید کا نیا طریقہ۔ لفظی تجزیہ۔

Word order

الفاظ کی ترتیب جو معانی کے اظہار کے لیے ضروری ہے۔

Word play

لفظی کھیل، لفظی بازیگری جیسے PUNS ، PARADOXES وغیرہ

Work

فنی کارنامہ۔

Wrenched accent دیکھو ACCENT

Writer

مصنف۔ وہ جو کسی افسانے یا کسی تجربے کو قاری تک پہنچانا چاہتا ہے اور اس کے لیے الفاظ کا استعمال کرتا ہے۔ مصنف جیسے الفاظ ابھارتے ہیں اور جو ایک قصہ گھڑتا ہے تاکہ انہیں الفاظ کا جامہ پہنا سکے۔ مصنفوں کی اور بھی بہت سی قسمیں ہو سکتی ہیں:

(۱) Trailbearers (۲) Masters (۳) Diluters

یا (۴) Imitators (۵) Starters of crazes

(۶) Bellesletttaists Representatives

Writer's Block

کسی تصنیف کو ختم کرنے سے معذوری۔ مصنف کا ناشر یا طابع اس لفظ کا استعمال کرتا ہے جب مصنف تصنیف وقت پر نہیں دے سکتا ہے:

Writer's cramp

رعشہ، جو زیادہ لکھنے سے ہاتھ میں پیدا ہو جاتا ہے۔

X

Xerography

مخطوطوں کی نقل اتارنے کا ایک غیر کیمیائی فوٹو گرافک عمل۔

X-Height

چھوٹے ٹائپ کی اونچائی۔

Xylograph

لکڑی پر نقاشی کا کام۔ مرصع نقش جو لکڑی کی اندرونی دھاریاں کا میکانیکی طور پر چربہ اتارنے سے حاصل ہوتا ہے۔

Xylography

لکڑی پر چھپائی۔

Y

Yellow-backs

زرد جلدوں کے سستے ناول۔

Yellow Book, The

باتصویر سہ ماہی رسالہ جو ۱۸۹۴ء اور ۱۸۹۷ء میں شایع ہوا۔ اس کے ممتاز لکھنے والوں اور فنکاروں میں 'ANBREY BEARDSLEY EDMUND GOSSE 'HENRY JAMES 'MAX BEERBOHM اور WALTERT SICKERT تھے۔

Yellow Journalism

اشتعال انگیز امریکی صحافت جو JOSEPH PLELITZA کے زیر اثر ۱۸۸۰ء کے قریب شروع ہوئی۔ ۱۸۹۵ء میں NEW YORK WORLD کے ایک شمارے میں ایک زرد لباس پہنے ہوئے بچہ (THE YELLOW KID) ایک کارٹون کا مرکز تھا۔ یہ رنگین طباعت کا تجربہ تھا جس سے امید تھی کہ خریدار بڑھیں گے۔ اس تصویر سے نام YELLOW JOURNALISM پڑا۔

Yellow Press

انگلستان میں یہ نام اشتعال انگیز اخبارات کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

Z

Zany

تماشے کا چھوٹا مسخرا جو بڑے مسخرے کی بھدی نقل کرتا ہے۔ بیوقوف۔ مسخرا۔

Zeitgeist

روح عصری۔ وہ ذہنیت جو کسی مخصوص عہد یا زمانے کے مخصوص خیالات اور احساسات کی مظہر ہو۔ اقتضائے عہد۔

Zeugma

صنوت حذفِ صفت یا حذفِ فعل جس میں دو اسموں کے لیے ایک ہی اسم صفت یا فعل استعمال ہوتا ہے۔ حالانکہ وہ ایک ہی اسم سے مناسبت رکھتا ہے اور دوسرے کے لیے جو مناسب لفظ ہے وہ محذوف ہوتا ہے۔

Kill the boys and the luggage (Henry V)

See/Pan with flocks, with Fruits Pomona crown'd.